بَدِیۡعُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ اِذَا قَضٰۤی اَمۡرًا فَاِنَّمَا یَقُوۡلُ لَهٗ کُنۡ

پیدا کرنے والا آسمانوں کا اور زمین کا اور جب مقرر کرتا ہے کچھ کام پس سوائے اسکے نہیں کہ کہتا ہے واسطے اسکے ہو

فَیَکُوۡنُ ﴿۱۱۷﴾ وَ قَالَ الَّذِیۡنَ لَا یَعۡلَمُوۡنَ لَوۡ لَا یُکَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوۡ تَاۡتِیۡنَاۤ

پس ہو جاتا ہے اور کہا ان لوگوں نے جو نہیں جانتے کیوں نہیں کلام کرتا ہم سے اللہ تعالیٰ یا کیوں نہیں آتی ہمارے پاس

اٰیَةٌ ؕ کَذٰلِکَ قَالَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّثۡلَ قَوۡلِهِمۡ ؕ تَشَابَهَتۡ

نشانی اسی طرح کہا تھا ان لوگوں نے جو پہلے ان سے تھے مانند بات انکی کے یکساں ہوئے

قُلُوۡبُهُمۡ ؕ قَدۡ بَیَّنَّا الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ یُّوۡقِنُوۡنَ ﴿۱۱۸﴾ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ

دل ان کے تحقیق بیان کیں ہم نے نشانیاں واسطے اس قوم کے کہ یقین لاتے ہیں ف۳ تحقیق بھیجا ہم نے تجھ کو

بِالۡحَقِّ بَشِیۡرًا وَّ نَذِیۡرًا ۙ وَّ لَا تُسۡئَلُ عَنۡ اَصۡحٰبِ الۡجَحِیۡمِ ﴿۱۱۹﴾

ساتھ حق کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور نہیں پوچھا جاویگا تو رہنے والوں دوزخ کے سے ف۴

وَ لَنۡ تَرۡضٰی عَنۡکَ الۡیَهُوۡدُ وَ لَا النَّصٰرٰی حَتّٰی تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمۡ ؕ قُلۡ

اور ہرگز نہ راضی ہونگے تجھ سے یہود اور نہ نصاریٰ یہانتک کہ پیروی کرے تو دین اُنکے کی کہہ

اِنَّ هُدَی اللّٰهِ هُوَ الۡهُدٰی ؕ وَ لَئِنِ اتَّبَعۡتَ اَهۡوَآءَهُمۡ بَعۡدَ الَّذِیۡ

تحقیق ہدایت اللہ کی وہی ہے ہدایت اور اگر پیروی کریگا تو خواہشوں اُن کی کی پیچھے اس چیز سے کہ

جَآءَکَ مِنَ الۡعِلۡمِ ۙ مَا لَکَ مِنَ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِیٍّ وَّ لَا نَصِیۡرٍ ﴿۱۲۰﴾ اَلَّذِیۡنَ

آئی تیرے پاس علم سے نہیں واسطے تیرے اللہ سے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار جو لوگ کہ

اٰتَیۡنٰهُمُ الۡکِتٰبَ یَتۡلُوۡنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِکَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِهٖ ؕ وَ مَنۡ

دی ہم نے اُن کو کتاب پڑھتے ہیں اس کو حق پڑھنے اس کے کا یہ لوگ ایمان لاتے ہیں ساتھ اس کے اور جو کوئی

ف۱ نصاریٰ آپ کو منصف جانتے تھے اور یہود کو ظالم کہ انہوں نے حضرت عیسےٰ سے دشمنی کی اور ہم نے ان کو مانا۔ اللہ فرماتا ہے کہ جب نصاریٰ نے غلبہ پایا تو مسجد بیت المقدس کو ویران کیا اور یہود کی مسجدیں اجاڑیں اور یہود کی ضد سے۔ یہ کیا انصاف ہے کہ آدمیوں کی ضد سے اللہ کی مسجدیں ویران کریں اور فرماتا ہے کہ یہ بھی لائق نہیں کہ اس ملک میں حاکم رہیں آخر اللہ تعالےٰ نے وہ ملک شام مسلمانوں کے ہاتھ لگایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ بھی یہود اور نصاریٰ کا جھگڑا تھا کہ ہر کوئی اپنے قبیلے کو بہتر بتاتا اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ اللہ مخصوص ایک طرف نہیں اس کے حکم سے جس طرف منہ کرو وہ متوجہ ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اگلی امّت جو یہود تھے وہ بھی اپنے نبی سے یہی کہتے تھے جو اب کے لوگ کہنے لگے ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی تجھ پر الزام نہیں کہ ان کو مسلمان کیوں نہ کیا۔ ۱۲۔ منہ رح

وقف منزل

يَكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٢١﴾ ع يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا
کفر کرے ساتھ اسکے پس یہ لوگ وہ ہیں زیان پانے والے ؎۱ اے بیٹو یعقوب کے یاد کرو

نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢٢﴾
نعمت میری جو انعام کی میں نے اُوپر تمہارے اور یہ کہ بزرگی دی میں نے تم کو اُوپر عالموں کے

وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔـا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا
اور ڈرو اس دن سے کہ نہ کفایت کرے گا کوئی جی کسی جی سے کچھ اور نہ قبول کیا جاویگا اس سے

عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿١٢٣﴾ وَاِذِ ابْتَلٰٓى
بدلہ اور نہ فائدہ دے گی اس کو شفاعت اور نہ وہ مدد دیئے جاوینگے اور جس وقت آزمایا

اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ۭ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۭ
ابراہیم کو رب اسکے نے ساتھ کئی باتوں کے پس پورا کیا ان کو کہا تحقیق میں کرنیوالا ہوں تجھ کو واسطے لوگوں کے امام

قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۭ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٢٤﴾ وَاِذْ
کہا اور اولاد میری سے کہا نہیں پہنچے گا عہد میرا ظالموں کو ؎۲ اور جب

جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۭ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ
کیا ہم نے کعبے کو جائے ثواب واسطے لوگوں کے اور امن والا اور پکڑو تم مقام

اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ۭ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ
ابراہیم کو جائے نماز اور عہد کیا ہم نے طرف ابراہیم کے اور اسماعیل کے یہ کہ پاک کرو گھر میرے کو

لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿١٢٥﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ
واسطے طواف کرنیوالوں کے اور اعتکاف کرنیوالوں کے اور رکوع سجود کرنیوالوں کے اور جب کہا ابراہیم نے

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ
اے رب میرے کر اس جگہ کو شہر امن والا اور رزق دے رہنے والوں اسکے کو میووں سے جو کوئی ایمان لاوے

مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ
ان میں سے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے کہا اور جو کوئی کفر کرے پس فائدہ دونگا اس کو تھوڑا پھر

اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٢٦﴾ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ
بے بس کرونگا اس کو طرف عذاب آگ کے اور بُری ہے جگہ پھر جانے کی اور جب اٹھاتا تھا ابراہیم

الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ۭ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ
نیویں یعنی بنیاد گھر کی اور اسماعیل اے رب ہمارے قبول کر ہم سے تحقیق تو ہی ہے

ع ۱۴ ۹ ۱۴

؎۱ یعنی یہود میں کم لوگ با انصاف بھی تھے کہ اپنی کتاب کو پڑھتے تھے سمجھ کر وہ اس قرآن پر ایمان لائے ایک ان کے عالم تھے عبداللہ بن سلام اُن کے ساتھ کئی اور بھی مسلمان ہوئے۔ ۱۲ منہ رح

؎۲ بنی اسرائیل بہت مغرور اس پر تھے کہ ہم اولاد ابراہیم میں ہیں، اور اللہ تعالےٰ نے ابراہیم کو وعدہ دیا کہ نبوّت اور بزرگی تیرے گھر میں رہے گی اور ہم ابراہیم کے دین پر ہیں اور اس کا دین ہر کوئی مانتا ہے۔ اب اللہ تعالیٰ ان کو سمجھاتا ہے۔ اللہ کا وعدہ ابراہیم کی اولاد کو ہے جو نیک راہ پر چلیں اور اس کے دو بیٹے تھے پیغمبر ایک مدت اسحٰق کی اولاد میں بزرگی رہی اب اسماعیل کی اولاد میں پہنچی اور اس کی دعا ہے دونوں کے حق میں اور فرماتا ہے کہ دین، اسلام ہمیشہ ایک ہے سب پیغمبر اور سب امتیں اسی پر گذریں وہ یہ کہ جو حکم اللہ تم بھیجے پیغمبر کے ہاتھ سو قبول کرنا۔ اب مسلمان ہیں اُسی راہ پر اور تم اس سے پھرے ہو۔ ۱۲ منہ رح

السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا
سننے والا جاننے والا اے رب ہمارے اور کر ہم دونوں کو مطیع واسطے اپنے اور اولاد ہماری سے

أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّكَ أَنتَ
ایک جماعت فرمانبردار واسطے اپنے اور دکھا ہم کو طرح عبادت کی اور پھر آ اوپر ہمارے تحقیق تو ہے

التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ
پھر آنے والا مہربان اے رب ہمارے اور بھیج بیچ اُن کے پیغمبر انہیں میں سے پڑھے اوپر اُن کے

آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنتَ
آیتیں تیری اور سکھلاوے ان کو کتاب اور حکمت اور پاک کرے اُن کو تحقیق تو ہی ہے

الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۱۲۹﴾ ع وَمَن يَرْغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا مَن سَفِهَ
غالب حکمت والا اور کون پھرتا ہے دین ابراہیم کے سے مگر جس نے بیوقوف کیا

نَفْسَهُ ۚ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا ۖ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿۱۳۰﴾
جان اپنی کو اور تحقیق پسند کیا ہم نے اسکو بیچ دنیا کے یعنی ابراہیم کو اور تحقیق وہ بیچ آخرت کے البتہ صالحوں سے ہے

إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ ۖ قَالَ أَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿۱۳۱﴾ وَوَصَّىٰ
جب کہا اس کو رب اس کے نے کہ مطیع ہو کہا مطیع ہوا میں واسطے پروردگار عالموں کے اور نصیحت کی

بِهَا إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ يَا بَنِيَّ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ لَكُمُ الدِّينَ
ساتھ اسکے ابراہیم نے بیٹوں اپنوں کو اور یعقوب نے اے بیٹو میرے تحقیق اللہ نے پسند کیا ہے واسطے تمہارے دین

فَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿۱۳۲﴾ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ
پس نہ مرو تم مگر اور تم مطیع ہو کیا تم تھے حاضر جس وقت آئی یعقوب کو

الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِن بَعْدِي ۖ قَالُوا نَعْبُدُ إِلَٰهَكَ
موت جس وقت کہا اس نے واسطے بیٹوں اپنے کے کس چیز کو عبادت کرو گے تم پیچھے میرے سے کہا انہوں نے عبادت کرینگے ہم معبود

وَإِلَٰهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَٰهًا وَاحِدًا وَنَحْنُ
تیرے کو اور معبود باپوں تیرے کو ابراہیم اور اسماعیل اور اسحٰق کے کو معبود ایک کو اور ہم

لَهُ مُسْلِمُونَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۖ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا
واسطے اسکے مطیع ہیں یہ تھی ایک اُمت تحقیق گذر گئی واسطے انکے تھا جو کچھ کمایا انہوں نے اور واسطے تمہارے ہے

كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۳۴﴾ وَقَالُوا كُونُوا
جو کچھ کمایا تم نے اور نہ پوچھے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ تھے وہ کرتے اور کہا انہوں نے ہو جاؤ

(بقیہ صفحہ ۱۹ سے آگے)
یعنی ہماری طرف بھی متوجہ ہو۔ ان سے مسلمان بھی سیکھ کر کسی وقت یہ لفظ کہتے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا کہ یہ لفظ نہ کہو اگر کہنا ہو تو انظرنا کہو اور اس کے بھی معنی یہی ہیں اور آگے سے سنتے رہو کہ پوچھنا ہی نہ پڑے۔ یہود کو
۱۵ ع ۸ ۱۵
اس لفظ کہنے میں دغا تھی اسکو زبان دبا کر کہتے تو راعینا ہو جاتا یعنی ہمارا چرواہا اور ان کی زبان میں راعنا احمق کو بھی کہتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف یہ بھی یہود کا طعن تھا کہ تمہاری کتاب میں بعضی آیت نسخ ہوتی ہے اگر اللہ کی طرف سے تھی تو پھر کیا عیب دیکھا کہ موقوف کی اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ عیب نہ پہلی میں تھا نہ پچھلی میں پر حکم ہر وقت جو چاہے سو حکم کرے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف یعنی یہود کے بہکائے سے تم اپنے نبی پاس شبہے نہ لاؤ جیسے وہ اپنے نبی پاس لاتے تھے شبہے نکالنے گویا یقین چھوڑ کر انکار پکڑنا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ
موسائی یا عیسائی راہ پاؤ گے تم کہہ بلکہ پیروی کرتے ہیں ہم دین ابراہیم کی جو ایک طرف کا تھا اور نہ تھا
مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى
مشرکوں سے کہو ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور جو کچھ اتاری گئی طرف ہماری اور جو کچھ اتاری گئی طرف
اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى
ابراہیم کی اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور اولاد اس کی کی اور جو کچھ دی گئی موسے
وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ
اور عیسے کو اور جو کچھ دی گئی پیغمبروں کو پروردگار اپنے سے نہیں جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے ان میں سے
وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ
اور ہم واسطے اس کے مطیع ہیں پس اگر ایمان لاویں ساتھ اس چیز کے کہ ایمان لائے ہو تم ساتھ اسکے پس تحقیق راہ پائی
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ
اور اگر پھر جاویں پس سوائے اسکے نہیں کہ وہ بیچ خلاف کے ہیں پس شتاب کفایت کریگا تجھ کو ان سے اللہ اور وہ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫
سننے والا جاننے والا ہے رنگ دیا ہے اللہ نے اور کون ہے بہتر خدا سے رنگ میں
وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ
اور ہم اسی کو عبادت کرنیوالے ہیں ف کہہ کیا جھگڑتے ہو تم ہم سے بیچ اللہ کے اور وہ ہے پروردگار ہمارا اور پروردگار تمہارا اور واسطے
اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ
ہمارے ہیں عمل ہمارے اور واسطے تمہارے ہیں عمل تمہارے اور ہم واسطے اسکے اخلاص کرنیوالے ہیں کیا کہتے ہو تم تحقیق
اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ
ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور اولاد اس کی تھے یہودی یا
نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً
نصارے کہہ کیا تم بہت جاننے والے ہو یا اللہ اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ چھپاتا ہے گواہی
عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ
جو پاس اسکے ہے اللہ کی طرف سے اور نہیں اللہ بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہو یہ ایک اُمّت تھی کہ گذر گئی
لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ ع ۱۶ ۱۲ ۱۶
واسطے ان کے تھا جو کمایا انہوں نے اور واسطے تمہارے ہے جو کمایا تم نے اور نہ پوچھے جاؤ گے اس چیز سے کہ تھے وہ کرتے

ف نصاریٰ کے پاس دستور تھا کہ جس کو اپنے دین میں داخل کرتے ایک زرد رنگ بناتے اور اس کے کپڑے بھی رنگ دیتے اور اس پر ڈال بھی دیتے یہ ان کے مقابل فرمایا۔ ۱۲ منہ رح

سَيَقُولُ السُّفَهَاۤءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ
شتاب ہے کہ کہیں بیوقوف لوگوں میں سے کس چیز نے پھیر دیا ان کو قبلے انکے سے
الَّتِیْ كَانُوْا عَلَیْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ یَهْدِیْ مَنْ
جو تھے وہ اوپر اس کے کہہ واسطے اللہ کے ہے مشرق اور مغرب راہ دکھاتا ہے جس کو
یَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۱۴۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا
چاہتا ہے طرف راہ سیدھی کے ف۱ اور اسی طرح کیا ہم نے تم کو اُمت بیچ کی یعنی بہتر
لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَیَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْكُمْ شَهِیْدًا ؕ
تا کہ ہو تم گواہ اوپر لوگوں کے اور ہووے پیغمبر اوپر تمہارے گواہ ف۲
وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِیْ كُنْتَ عَلَیْهَاۤ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یَّتَّبِعُ
اور نہیں کیا تھا ہم نے قبلہ جو تھا تو اوپر اس کے مگر تا کہ جانیں ہم اس شخص کو کہ پیروی کرتا ہے
الرَّسُوْلَ مِمَّنْ یَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَیْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِیْرَةً
رسول کی اس شخص سے جو پھر جاتا ہے اوپر دونوں ایڑیوں اپنی کے اور یہ ہے البتہ بڑی بات
اِلَّا عَلَى الَّذِیْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیُضِیْعَ اِیْمَانَكُمْ ؕ
مگر اوپر ان لوگوں کے کہ راہ دکھائی اللہ نے اور نہیں ہے اللہ کہ ضائع کرے ایمان تمہارا
اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴۳﴾ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ
تحقیق اللہ ساتھ لوگوں کے البتہ شفقت کرنے والا مہربان ہے ف۳ تحقیق دیکھتے ہیں ہم پھرنا منہ تیرے کا
فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ
بیچ آسمان کے پس البتہ پھیریں گے ہم تجھ کو اس قبلہ کی طرف کہ پسند کرے تو اس کو پس پھیر منہ اپنے کو
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَیْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ
طرف مسجد حرام کے اور جہاں کہیں کہ ہو تم پس پھیرو منہ اپنے کو طرف اس کے
وَاِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ
اور تحقیق وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں کتاب البتہ جانتے ہیں یہ کہ وہ حق ہے پروردگار انکے سے
وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَلَىِٕنْ اَتَیْتَ الَّذِیْنَ
اور نہیں اللہ بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہیں وہ ف۴ اور اگر لاوے تو ان لوگوں کو کہ
اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰیَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَاۤ اَنْتَ بِتَابِعٍ
دیئے گئے ہیں کتاب ساتھ ساری نشانیوں کے نہیں پیروی کریں گے قبلہ تیرے کی اور نہیں تو پیروی کرنے والا

ف۱ حضرت جب مکے سے مدینے میں آئے سوا برس نماز پڑھی بیت المقدس کی طرف۔ پھر حکم آیا پڑھو کعبے کی طرف تب یہود اور بعضے کچے مسلمان ان کے بہکائے سے شبہے لگے ڈالنے کہ وہ قبلہ تھا سب نبیوں کا، اس کو چھوڑنا نشان نبی کا نہیں اللہ تعالیٰ نے آگے فرمایا کہ لوگ یوں ہی کہیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی جس طرح ان دو باتوں میں دیکھا کہ تمہارے پاس ہے پوری بات اور مخالفوں کے پاس ناقص ایک یہ کہ تم سب نبیوں کو مانتے ہو اور یہود اور نصاریٰ کسی کو مانتے ہیں کسی کو نہیں۔ دوسری یہ کہ تمہارا قبلہ کعبہ ہے کہ ابراہیم کے وقت سے مقرر ہوا ہے ابراہیم پیشوا ہے سب کا اور یہود اور نصاریٰ کا قبلہ پیچھے ثابت ہوا اسی طرح ہر بات میں تم پورے ہو اور امتیں ناقص ان کو حاجت ہے کہ تم بتاؤ اور تم کو حاجت نہیں کہ کوئی اُمت بتاوے مگر تمہارا نبی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی تمہارا قبلہ ابراہیم کے وقت سے کعبہ مقرر ہے اور چند روز بیت المقدس ٹھہرایا ایمان آزمانے کو اور اس میں جو لوگ ایمان پر قائم رہے ان کو بڑا درجہ ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جب بیت المقدس کی طرف نماز تھی تو حضرت کا دل چاہتا تھا کعبے کو۔ نماز میں آسمان کی طرف نگاہ کرتے شاید فرشتہ حکم لاتا ہو کعبے کی طرف کا پھر یہ آیت اتری تب سے کعبہ مقرر ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ

قبلے ان کے کی اور نہیں بعضے ان کے پیروی کرنے والے قبلے بعضے کی اور البتہ اگر پیروی کرے گا تو

أَهْوَاءَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ

خواہشوں ان کے کی پیچھے اس چیز کے جو کہ آئی تیرے پاس علم سے تحقیق تو اس وقت البتہ

الظَّالِمِينَ ﴿١٤٥﴾ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ

ظالموں سے ہے جو لوگ کہ دی ہم نے ان کو کتاب پہچانتے ہیں اس کو جیسا کہ پہچانتے ہیں

أَبْنَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٤٦﴾

بیٹوں اپنوں کو اور تحقیق ایک فرقہ ان میں سے البتہ چھپاتے ہیں حق کو اور وہ جانتے ہیں

الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿١٤٧﴾ ع وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ

حق ہے پروردگار تیرے سے پس مت ہو شک لانے والوں سے اور واسطے ہر کسی کے ایک طرف ہے

هُوَ مُوَلِّيهَا ۖ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ۚ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ

وہ منہ پھیرتا ہے اُدھر پس دوڑو بھلائیوں کو جہاں کہیں کہ ہو تم لے آئے گا تم کو

اللَّهُ جَمِيعًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٤٨﴾ وَمِنْ حَيْثُ

اللہ سب کو تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۱ اور جہاں سے

خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ

نکلے تو پس پھیرے منہ اپنے کو طرف مسجد حرام کے اور تحقیق وہ البتہ حق ہے

مِنْ رَبِّكَ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿١٤٩﴾ وَمِنْ حَيْثُ

پروردگار تیرے کی طرف سے اور نہیں اللہ غافل اس چیز سے کہ کرتے ہو تم ف۲ اور جہاں سے

خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَحَيْثُ مَا

نکلے تو پس پھیر منہ اپنے کو طرف مسجد حرام کے اور جہاں کہیں

كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ

ہو تم پس پھیرلو منہ اپنے کو طرف اس کے تو کہ نہ ہو واسطے لوگوں کے اوپر تمہارے

حُجَّةٌ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي

حجت یعنی جھگڑا مگر جنہوں نے ظلم کیا ہے ان میں سے پس مت ڈرو اُن سے اور ڈرو مجھ سے

وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٥٠﴾ كَمَا أَرْسَلْنَا

اور تو کہ پوری کروں میں نعمت اپنی اوپر تمہارے اور تو کہ تم راہ پاؤ جیسا بھیجا ہم نے

وقف لازم — وقفۃ منزل — ع ١٧ — وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ف۱ یعنی یہ ضد کرنی کہ ہمارا قبلہ بہتر یا تمہارا عبث ہے۔ بہتری اسی کو جو نیکیوں میں زیادہ ہے امت کو ایک ایک قبلے کا حکم دیا تھا۔ آخر سب کو ایک جگہ جمع ہونا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ اور مسجد الحرام کہتے ہیں مکے کی مسجد کو۔ حرام کے معنی جس جگہ بند رہنا چاہیئے اس مکان میں کئی باتیں منع ہیں اور جانور کو ستانا اور درخت اور گھاس اکھاڑنا اور پڑا مال اٹھانا۔ ۱۲ منہ رح

فِيكُمْ رَسُولًا مِّنكُمْ يَتْلُوا عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ

بیچ تمہارے پیغمبر تم میں سے پڑھتا ہے اوپر تمہارے آیتیں ہماری اور پاک کرتا ہے تم کو اور سکھاتا ہے تم کو

الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ﴿۱۵۱﴾ ظ

کتاب اور حکمت اور سکھاتا ہے تم کو جو کچھ کہ نہیں تھے تم جانتے

معانقہ

ع ۱۸ / ۵ / ۲ — فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ﴿۱۵۲﴾ ع يَا أَيُّهَا

پس یاد کرو تم مجھ کو یاد کروں گا میں تم کو اور شکر کرو واسطے میرے اور مت کفر کرو اے

الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ

لوگو جو ایمان لائے ہو مدد چاہو ساتھ صبر کے اور نماز کے تحقیق اللہ ساتھ

الصَّابِرِينَ ﴿۱۵۳﴾ وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

صبر کرنے والوں کے ہے ف۱ اور مت کہو واسطے ان لوگوں کے کہ مارے جاتے ہیں بیچ راہ اللہ کے

أَمْوَاتٌ ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ﴿۱۵۴﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُم

کہ مُردے ہیں بلکہ زندہ ہیں اور لیکن نہیں تم سمجھتے اور البتہ آزمائیں گے ہم تم کو

بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ

ساتھ ایک چیز کے ڈر سے اور بھوک سے اور کمی مالوں سے اور جان کی سے

وَالثَّمَرَاتِ ۗ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ ﴿۱۵۵﴾ الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ

اور پھلوں کی سے اور خوشخبری دے صبر کرنیوالوں کو وہ لوگ کہ جب پہنچتی ہے ان کو مصیبت

قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ﴿۱۵۶﴾ أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ

کہتے ہیں تحقیق ہم واسطے اللہ کے ہیں اور تحقیق ہم طرف اُس کے پھر جانے والے ہیں یہ لوگ اوپر ان کے ہے درود

مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ ﴿۱۵۷﴾ إِنَّ الصَّفَا

پروردگار ان کے سے اور رحمت اور یہ لوگ وہی ہیں راہ پانے والے تحقیق صفا

وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ ۖ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ

اور مروہ نشانیوں اللہ کی سی ہیں پس جو کوئی حج کرے گھر کا یا عمرہ کرے پس نہیں گناہ

عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ

اوپر اس کے یہ کہ طواف کرے بیچ ان دونوں کے اور جو کوئی خوشی سے بھلائی کرے پس تحقیق اللہ قدردان ہے

عَلِيمٌ ﴿۱۵۸﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ

جاننے والا ف۲ تحقیق جو لوگ کہ چھپاتے ہیں جو کچھ کہ اتارا ہم نے دلیلوں سے اور ہدایت سے

ف۱ یہاں سے اشارت ہے کہ جہاد میں محنت اٹھاؤ اور مضبوطی اختیار کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ صفا اور مروہ دو پہاڑ ہیں مکے کے شہر میں عرب کے لوگ حضرت ابراہیم کے وقت سے ہمیشہ حج کرتے رہے ہیں لیکن کفر کے وقت میں اکثر غلطیاں پڑ گئی تھیں ان دو پہاڑوں پر دو بُت دھرے تھے، حج میں وہاں بھی طواف کرتے تھے۔ جب لوگ مسلمان ہوئے جانا کہ یہ بھی کفر کی غلطی تھی اب وہاں نہ جانا چاہیئے اس پر یہ آیت اتری۔ ۱۲۔ منہ رح

مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ
پیچھے اس کے کہ بیان کیا ہم نے اس کو واسطے لوگوں کے بیچ کتاب کے یہ لوگ لعنت کرتا ہے ان کو اللہ

وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا
اور لعنت کرتے ہیں ان کو لعنت کرنے والے ف۱ مگر جنھوں نے توبہ کی اور نیکی کی اور بیان کیا

فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
پس یہ لوگ ہیں کہ پھر آتا ہوں میں اوپر ان کے اور میں ہوں پھر آنے والا مہربان تحقیق جو لوگ کہ

كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ
کافر ہوئے اور مر گئے اور وہ کافر رہے یہ لوگ اوپر ان کے ہے لعنت خدا کی اور فرشتوں کی

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ
اور آدمیوں کی سب کی ہمیشہ رہیں گے بیچ اس کے نہیں ہلکا کیا جاوے گا ان سے

الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ
عذاب اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاویں گے اور معبود تمہارا معبود ایک ہے نہیں کوئی معبود

اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ ع اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (۱۹ ع ۱۱ ۳)
مگر وہ ہے بخشش کرنے والا مہربان تحقیق بیچ پیدائش آسمانوں کے اور زمین کے

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ
اور آنے جانے رات کے اور دن کے اور کشتیوں کے جو چلتی ہیں بیچ دریا کے

بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا
ساتھ اس چیز کے کہ نفع دیتی ہے لوگوں کو اور جو کچھ کہ اتارا اللہ نے آسمان سے پانی سے پس جلایا

بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِيْفِ
ساتھ اس کے زمین کو پیچھے موت اسکی کے اور بکھیرے بیچ اس کے ہر جانور سے۔ اور پھیرنے

الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
ہواؤں کے اور بادلوں کے جو حکم کے باندھے ہیں درمیان آسمان کے اور زمین کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم

يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا
کے کہ عقلمند ہیں اور بعضے لوگوں میں سے وہ ہے کہ پکڑتا ہے سوائے اللہ کے شریک

يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ وَلَوْ يَرَى
محبت کرتے ہیں ان سے جیسا کہ محبت خدا کی اور جو لوگ کہ ایمان لائے ہیں زیادہ ہیں محبت میں واسطے اللہ کے اور کاش کہ جانیں



ف۱ یہ ان کے حق میں ہے جن کو علم خدا کا پہنچا اور غرض دنیا کے واسطے چھپا رکھا۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۴۵ سے آگے) حکم فرمایا ایک یہ کہ مہر نہ ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے دوسرے یہ کہ مہر ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دی اور دو صورتیں باقی رہیں ایک یہ کہ مہر ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دے تو پورا مہر لازم ہوا یہ سورۂ نساء میں مذکور ہے دوسرے یہ کہ مہر نہ ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دے اس میں مہر مثل دیا چاہیئے یعنی جو اس عورت کی قوم میں رواج ہے اور جب خلوت ہو چکی تو گویا ہاتھ لگایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ بیچ والی نماز عصر ہے کہ دن اور رات کے بیچ میں ہے۔ اس کا تقید زیادہ کیا ہے اور طلاق کے حکموں میں نماز کا حکم فرما دیا کہ دنیا کے معاملت میں غرق ہو کر بندگی نہ بھول جاؤ اسی واسطے عصر کا تقید زیادہ ہے کہ وقت دنیا کا شغل ہے۔ فائدہ۔ فرمایا کہ کھڑے ہو ادب سے تو جو حرکت جس سے آدمی معلوم ہو کہ نماز میں نہیں اس سے نماز ٹوٹتی ہے۔ جیسے کھانا پینا یا کسی سے بات کرنی اور سوا اس کے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۴۰ سے آگے) اپنا اور ان کا ملا رکھو تو مضائقہ نہیں کہ ایک وقت ان کی چیز آپ خرچ کی تو دوسرے وقت اپنی چیز انکے کام لگائی لیکن نیت چاہیئے سنوارنے کی۔ اللہ نیت دیکھتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

الَّذِينَ ظَلَمُوٓا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا

وہ لوگ کہ ظالم ہیں جب دیکھیں گے عذاب یہ کہ قوت واسطے اللہ کے ہے ساری

وَأَنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِينَ اتُّبِعُوا

اور یہ کہ اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے۔ جس وقت کہ بیزار ہوگئے وہ لوگ کہ پیشوا تھے

مِنَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا وَرَأَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ

ان لوگوں سے کہ پیروی کرتے تھے اُن کی اور دیکھیں گے عذاب کو اور کٹ جاویں گے اُن کے

الْأَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً

علاقے اور کہیں گے وہ لوگ کہ پیروی کرتے تھے کاش کہ ہو واسطے ہمارے پھر جانا

فَنَتَبَرَّأَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوا مِنَّا ط كَذٰلِكَ يُرِيهِمُ اللّٰهُ

طرف دنیا کے پس بیزاری کریں ہم ان سے جیسا بیزار ہوئے وہ ہم سے اسی طرح دکھلاوے ان کو اللہ

أَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَيْهِمْ ط وَمَا هُمْ بِخَارِجِينَ مِنَ

عمل ان کے واسطے افسوس کے اوپر ان کے اور نہیں وہ نکلنے والے

النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ ع يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا

آگ سے ف۱ اے لوگو کھاؤ اس چیز سے کہ بیچ زمین کے ہے حلال

طَيِّبًا ز وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ط إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ

پاکیزہ اور مت پیروی کرو قدموں شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے دشمن ہے

مُبِينٌ ﴿۱۶۸﴾ إِنَّمَا يَأْمُرُكُمْ بِالسُّوٓءِ وَالْفَحْشَاءِ وَأَنْ

ظاہر ف۲ سوائے اس کے نہیں کہ حکم کرتا ہے تم کو ساتھ برائی کے اور بے حیائی کے اور یہ کہ

تَقُولُوا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۱۶۹﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ

کہو تم اوپر اللہ کے جو کچھ کہ نہیں جانتے تم ف۳ اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے

اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ

پیروی کرو اس چیز کی کہ اتارا اللہ نے کہتے ہیں بلکہ پیروی کریں گے ہم اس چیز کی کہ پایا ہم نے اوپر

آبَاءَنَا ط أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا

اس کے باپوں اپنوں کو کیا اگرچہ ہوں باپ اُن کے نہ سمجھتے کچھ اور نہ

يَهْتَدُونَ ﴿۱۷۰﴾ وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي

راہ پاتے تھے ف۴ اور مثال ان لوگوں کی جو کافر ہوئے مانند مثال اس شخص کے کہ

ف۱ جن کو لوگ پوجتے ہیں سوا اللہ کے اس روز پوجنے والوں کو جواب دیں گے اور ان کی امید سب طرف سے ٹوٹے گی اور افسوس کھاویں گے اس وقت کچھ فائدہ نہیں افسوس کا یہاں سے بت پرستوں کا احوال ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ عرب کے لوگوں نے دین ابراہیم کئی طرح بگاڑا تھا۔ اوّل سوائے خدا کے پوجنے لگے تھے اور ان کی نیاز جانور ذبح کرنے لگے کہ وہ مردار ہوتا ہے اور کفر ہے اور مواشی میں سے کئی چیزیں حرام ٹھہرا لیں جو سورۂ مائدہ اور انعام میں بیان ہے اور گوشت خوک حلال سمجھا۔ ان باتوں پر اللہ تعالےٰ ان کو الزام دیتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

۲۰ ع ۴

ف۳ یعنی مسئلے اپنی طرف سے بنالو، جیسے اب بھی بہت غلط العام ٹھہر رہے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی جب معلوم ہوا کہ باپ دادوں کی رسم خلاف حکم خدا کے ہے پھر اس پر نہ چلیے۔ ۱۲۔ منہ رح

يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ
چلاتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ نہیں سنتا مگر بلانا اور پکارنا بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں
فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ
پس وہ نہیں سمجھتے ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو کھاؤ پاکیزہ سے
مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾
اس چیز کو کہ دیا ہم نے تم کو اور شکر کرو واسطے اللہ کے اگر ہو تم اسی کو عبادت کرتے
اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَاۤ اُهِلَّ
سوائے اس کے نہیں کہ حرام کیا ہے اوپر تمہارے مردار اور لہو اور گوشت سؤر کا اور جو کچھ پکارا جاوے اوپر
بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ
اس کے واسطے غیر اللہ کے پس جو کوئی بے بس ہو نہ حد سے نکل جانے والا اور نہ زیادتی کرنیوالا بس گناہ نہیں اوپر اسکے
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَاۤ اَنْزَلَ
تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف۲ تحقیق وہ لوگ کہ چھپاتے ہیں جو کچھ کہ اتارا
اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا
اللہ نے کتاب سے اور مول لیتے ہیں بدلے اس کے مول تھوڑا یہ لوگ نہیں
يَاْكُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
کھاتے بیچ پیٹوں اپنے کے مگر آگ اور نہ بات کریگا ان سے اللہ دن قیامت کے
وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۖۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
اور نہ پاک کرے گا ان کو اور واسطے اُن کے عذاب ہے درد دینے والا یہ لوگ وہ ہیں
اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَاۤ
جنہوں نے مول لیا گمراہی کو بدلے ہدایت کے اور عذاب کو بدلے بخشش کے پس کیا
اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ
صبر کرتے ہیں وہ اوپر آگ کے یہ اس واسطے ہے کہ اللہ نے اتارا کتاب کو
بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِی الْكِتٰبِ لَفِیْ شِقَاقٍۭ
ساتھ حق کے اور تحقیق جنہوں نے اختلاف کیا بیچ کتاب کے البتہ بیچ خلاف
ع ۲۱ ۹ ۵ بَعِيْدٍ ع ﴿۱۷۶﴾ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ
دور کے ہیں ف۳ نہیں بھلائی یہ کہ پھیرو تم منہ اپنے کو طرف مشرق کے

ف۱ یعنی ان کافروں کو سمجھانا ویسا ہے جیسا کوئی جنگل کے جانوروں کو بلاوے سو وہ سوائے آواز کچھ نہیں سمجھتے یہ حال ہے جو شخص کہ آپ علم نہ رکھے اور علم والے کی بات قبول نہ کرے۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ یعنی مواشی میں اتنی ہی چیزیں حرام ہیں سؤر بھی جب آدمی بھوک سے مرنے لگے تو یہ بھی معاف ہے بشرطیکہ بے حکمی نہ کرے یعنی نوبت اضطرار کی نہیں پہنچی اور کھانے لگے اور زیادتی بھی نہ کرے قدر ضرورت کھاوے۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ یہود نے اپنی کتاب میں سے پیغمبر آخر الزمان ؐ کی صفت چھپا ڈالی اور بہت آیتوں کے معنے بدل ڈالے غرض دنیا کے واسطے۔ ۱۲-منہ رح

وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور مغرب کے اور لیکن بھلائی اس کو ہے جو ایمان لایا ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور
وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ
فرشتوں کے اور کتاب کے اور پیغمبروں کے اور دیا مال اوپر محبت اس کی کے
ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ
قرابت والوں کو اور یتیموں کو اور فقیروں کو اور مسافروں کو
وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ
اور سوال کرنے والوں کو اور بیچ چھڑانے گردن کے اور قائم کیا نماز کو اور دیا زکوٰۃ کو
وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ
اور پورا کرنے والے ساتھ عہد اپنے کے جب عہد کریں اور صبر کرنے والے بیچ فقر کے
وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ
اور بیماری کے اور وقت لڑائی کے یہ لوگ ہیں جنہوں نے سچ بولا
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ
اور یہ لوگ وہ ہیں پرہیزگار اے لوگو جو ایمان لائے ہو لکھا گیا ہے
عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ۗ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ
اوپر تمہارے برابری کرنا بیچ مارے گیوں کے آزاد بدلے آزاد کے اور غلام بدلے غلام کے
وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ۗ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ
اور عورت بدلے عورت کے پس جو کوئی معاف کیا جاوے واسطے اس کے خون بہا اسکے سے کچھ پس پیروی کرنا ہے
بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ۗ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ
ساتھ اچھی طرح کے اور ادا کرنا ہے طرف اس کے ساتھ نیکی کے یہ آسانی ہے
رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ
پروردگار تمہارے کی طرف سے اور رحمت پس جو کوئی زیادتی کرے پیچھے اس کے پس واسطے اس کے عذاب ہے
اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ
درد دینے والا اور واسطے تمہارے بیچ برابری کے زندگی ہے اے عقل والو
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ
تو کہ تم بچو ف۲ لکھا گیا اوپر تمہارے جس وقت حاضر ہو ایک تمہارے کو

ف۱ صاحب کے بدلے صاحب اور غلام کے بدلے غلام اسی طرح عورت یعنی ہر صاحب دوسرے صاحب کے برابر ہے۔ ہر غلام دوسرے غلام کے برابر ہے۔ اشراف اور کم ذات کا فرق نہیں، دولتمند اور فقیر کا فرق نہیں جیسے کفر میں معمول ہو رہا تھا۔ فائدہ جس کو معاف ہوا یعنی مقتول کے وارث اگر قصاص موقوف کر کر مال پر راضی ہوں تو قاتل کو چاہیئے کہ ان کو راضی کرے اور منت اٹھا کر خون بہا پہنچا دے فائدہ یہ آسانی ہوئی یعنی اگلی اُمّت پر قصاص ہی مقرر تھا اس امّت پر معاف کرنا اور مال پر صلح کرنی بھی ٹھہری۔ فائدہ پھر جو کوئی زیادتی کرے یعنی صلح کر کر مبلغ خون بہا لے کر پھر مارنے کا قصد کرے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی حاکموں کو چاہیئے کہ قصاص دلانے میں قصور نہ کریں تاکہ آئندہ خون بند ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖۚ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ

موت اگر چھوڑ جاوے مال وصیت کرنا واسطے ماں باپ کے اور قرابت والوں کے

بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا

ساتھ اچھی طرح کے حق ہوا اوپر پرہیزگاروں کے ف۱ پس جو کوئی بدل ڈالے اس کو پیچھے اس کے کہ

سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

سنا اس کو پس سوائے اس کے نہیں کہ گناہ اس کا اوپر ان لوگوں کے ہے جو بدل ڈالتے ہیں اس کو تحقیق اللہ سننے والا

عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ

جاننے والا ہے ف۲ پس جو کوئی ڈرے وصیت کرنے والے سے کجی کو یا گناہ کو پس اصلاح کر دے

بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾ ع يٰٓاَيُّهَا

درمیان ان کے پس نہیں گناہ اوپر اس کے تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف۳ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ

لوگو جو ایمان لائے ہو لکھا گیا اوپر تمہارے روزہ جیسا لکھا گیا تھا اوپر ان لوگوں کے جو

مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ

پہلے تم سے تھے تو کہ تم پرہیزگاری کرو ف۴ روزے دن گنتی کے پس جو کوئی

كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰي سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ

ہو تم میں سے مریض یا اوپر سفر کے پس گنتی ہے دنوں اور سے

وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ۭ فَمَنْ

اور اوپر ان لوگوں کے طاقت رکھتے ہیں اس کی بدلا ہے کھانا ایک فقیر کا پس جو کوئی

تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ۭ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

کرے زیادہ نیکی پس وہ بہتر ہے واسطے اسکے اور یہ کہ روزہ رکھو تم بہتر ہے واسطے تمہارے اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ

ہو تم جانتے ف۵ مہینہ رمضان کا وہ جو اتارا گیا ہے بیچ اس کے قرآن مجید

هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ

ہدایت واسطے لوگوں کے اور دلیلیں ہدایت کی سے اور معجزے۔ پس جو کوئی

شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ

حاضر ہو تم میں سے اس مہینے میں پس چاہیئے کہ روزہ رکھے اس کو اور جو کوئی بیمار ہو یا

ف۱ کفر کی رسم میں مُردے کے وارث اولاد کے سوا کوئی نہ تھے، اولاد میں بھی فقط بیٹا سو اوّل اللہ صاحب نے اولاد ہی وارث رکھی۔ پر مُردے کو ضرور ہوا کہ ماں باپ کو اور ناتے والوں کو موافق حاجت اپنے رُوبرو دلوا جاوے۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یعنی اگر مُردہ کہہ مرا تھا پر دینے والوں نے نہ دیا تو مُردے پر گناہ نہیں وہی ہیں گنہگار۔ ۱۲ منہ

ف۳ یعنی کسی نے دیکھا کہ مُردہ بے انصافی سے دلوا گیا اولاد کو بہت تھوڑا بچا تو اوروں کو سمجھا کر صلح کرا دے ایسا بدلنا گناہ نہیں۔ فائدہ اوّل اللہ صاحب نے یہ حکم فرمایا تھا بعد اس کے سورۂ نساء میں آیت ہے، وہ بھیجے کہ وارثوں کے حصّے آپ ہی ٹھہرا دیئے اب مُردے کا دلوانا موقوف ہوا۔ ۱۲۔ منہ

ع ۲۲/۶/۶

ف۴ یعنی روزے سے سلیقہ آجاوے جی روکنے کا تو ہر جگہ روک سکو۔ ۱۲۔ منہ

ف۵ اوّل یہی حکم تھا کہ مریض و مسافر چاہیں تو پھر قضا کرلیں اور جن کو طاقت ہے یعنی بے عذر ہیں وہ چاہیں کہ پھر قضا کریں تو بالفعل ہر روزے کے بدلے ایک فقیر کو کھلائیں تو بھی بہتر ہے روزہ ہی رکھیں پھر اس کے بعد جو آیت اُتری اس میں فقط مریض و مسافر کو رخصت ملی قضا کی اور کسی کو نہیں۔ ۱۲۔ منہ

عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ
اوپر سفر کے پس گنتی ہے دنوں اور سے ارادہ کرتا ہے اللہ تمہارے ساتھ آسانی کا

وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۫ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ
اور نہیں ارادہ کرتا ساتھ تمہارے دشواری کو اور تو کہ پورا کرو گنتی کو اور تو کہ بڑائی کرو اللہ کی

عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ
اوپر اس کے کہ ہدایت کیا تم کو اور تو کہ تم شکر کرو ف۱ اور جب سوال کریں تجھ کو

عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا
بندے میرے مجھ سے پس تحقیق میں نزدیک ہوں جواب دیتا ہوں پکارنے کا پکارنے والے کو جب

دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾
پکارتا ہے مجھ کو پس چاہیئے کہ قبول کریں حکم میرے کو اور ایمان لاویں ساتھ میرے تو کہ وہ بھلائی پاویں ف۲

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ ؕ هُنَّ لِبَاسٌ
حلال کی گئی واسطے تمہارے رات روزے کی رغبت کرنا طرف بی بیوں اپنی کے وہ پردہ ہیں

لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ
واسطے تمہارے اور تم پردہ ہو واسطے اُن کے جانا اللہ نے یہ کہ تم تھے خیانت کرتے

اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ
جانوں اپنی کو پس پھر آیا اوپر تمہارے اور معاف کیا تم سے پس اب ملا کرو ان سے

وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۪ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ
اور ڈھونڈو جو لکھ دیا ہے اللہ نے واسطے تمہارے یعنی اولاد اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ ظاہر ہو

لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۪ ثُمَّ
واسطے تمہارے تاگا سفید تاگے کالے سے فجر سے پھر

اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ
پورا کرو روزے کو رات تک اور مت ملو اُن سے اور تم اعتکاف کرنے والے ہو

فِي الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ
بیچ مسجدوں کے یہ ہیں حدیں اللہ کی پس مت نزدیک جاؤ ان کے اسی طرح

يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ وَلَا تَاْكُلُوْٓا
بیان کرتا ہے اللہ نشانیاں اپنی واسطے لوگوں کے تو کہ وہ بچیں ف۳ اور مت کھاؤ

ف۱ اس سے معلوم ہوا کہ رمضان کا مہینہ اسی سے ٹھہرا کہ اس میں اترا قرآن پس قرآن کی خدمت اس مہینے میں اوّل چاہیئے۔ اسی سبب سے رسولِ خدا نے تقید کیا تراویح کا اور آپ چند روز جماعت کر کر پھر نہ کروائی کہ قرآن میں اشارات ہیں صریح فرض نہ ہو جاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اوپر کی آیت میں فرمایا کہ بڑائی کرو اللہ کی یعنی عید کے دن جو تکبیر کہتے ہیں باآوازِ بلند اس واسطے دوسری آیت میں فرمایا کہ اللہ دور نہیں اور بلند آواز اور فائدے کے واسطے ہے ایک شخص نے حضرت سے پوچھا کہ ہمارا ربّ دُور ہے تو ہم اس کو پکاریں یا نزدیک تو ہم آہستہ بات کہیں اس پر یہ آیت اتری۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ جب روزہ فرض ہوا، تو مسلمان سارے رمضان میں عورت کے پاس نہ جاتے اور پہلی امّت کی طرح رات کو سو کر پھر نہ کھاتے اس بیچ میں بعضے شخص نہ رہ سکے پھر حضرت کے پاس عرض کیا تب یہ آیت اتری یعنی تم اپنی چوری کرتے تھے اللہ نے منع نہ کیا اور کھانا صبح تک رخصت ہے، جب دھاری سفید پڑے وہی صبح صادق ہے اور جب تک روشنی اونچی نہ رہے ستون سی وہ صبح کاذب ہے مگر اعتکاف میں رات دن عورت کے پاس نہ جائے۔ ۱۲۔ منہ رح

أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا
مال اپنے درمیان اپنے ساتھ باطل کے اور مت کھینچ لے جاؤ ان کو طرف حاکموں کے تو کہ کھاؤ
فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١٨٨﴾ ع
ایک ایک ٹکڑا مال لوگوں سے ساتھ گناہ کے اور تم جانتے ہو ف١
يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ ۖ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ
پوچھتے ہیں تجھ کو چاندوں سے کہہ کہ وہ وقت ہیں واسطے لوگوں کے
وَالْحَجِّ ۗ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَن تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِن ظُهُورِهَا
اور حج کے اور نہیں بھلائی بیچ اس کے کہ آؤ تم گھروں میں پیٹھ ان کی سے
وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ ۗ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا ۚ وَاتَّقُوا
اور لیکن بھلائی واسطے اس شخص کے ہے کہ پرہیزگاری کرے اور آؤ گھروں میں دروازوں ان کے سے اور ڈرو
اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٨٩﴾ وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ
اللہ سے تو کہ تم فلاح پاؤ ف٢ اور لڑو بیچ راہ اللہ کے ان لوگوں سے جو
يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ﴿١٩٠﴾
لڑتے ہیں تم سے اور مت زیادتی کرو تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا زیادتی کرنے والوں کو ف٣
وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ
اور مار ڈالو تم جہاں پاؤ ان کو اور نکال دو ان کو جہاں سے
أَخْرَجُوكُمْ ۚ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ
نکال دیا تم کو اور کفر سخت تر ہے قتل سے اور مت لڑو ان سے
عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ ۖ فَإِن
نزدیک مسجد حرام کے یہاں تک لڑیں تم سے بیچ اس کے پس اگر
قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ ۗ كَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ﴿١٩١﴾ فَإِنِ
لڑیں تم سے پس مارو ان کو اسی طرح ہے سزا کافروں کی ف٤ پس اگر
انتَهَوْا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٩٢﴾ وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ
باز رہیں پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف٥ اور لڑو ان سے یہاں تلک کہ
لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ ۖ فَإِنِ انتَهَوْا فَلَا
نہ رہے کفر اور ہووے دین واسطے اللہ کے پس اگر باز رہیں پس نہیں

ف١ نہ پہنچاؤ حاکموں تک یعنی کسی کے مال کی خبر نہ دو حاکموں کو یا اپنے مال نہ پہنچاؤ رشوت کہ حاکم کو رفیق کر کر کسی کا مال کھا جاؤ۔ ١٢۔ منہ رح

ع ٢٣ ٦ ٧

ف٢ لوگوں نے حضرت سے پوچھا کہ کیا سبب ہے چاند ایک حالت پر نہیں رہتا۔ اللہ صاحب نے جواب فرمایا کہ اس پر حال بدلتے رکھتے ہیں تاکہ مہینے کی حد ٹھہرے پھر مہینوں سے برس ٹھہرے اس پر خلق کی معاملت اور اللہ کی عبادت کا وقت مقرر ہو۔ عبادت پر جو برس پر مقرر ہے ایک روزہ ہے جس کا حکم مذکور ہوا دوسری حج ہے اس کا حکم آگے شروع ہوتا ہے کفر کی غلطیوں میں ایک یہ تھا کہ جب گھر سے نکل احرام باندھا حج کا پھر کچھ ضرورت ہوئی کہ گھر میں جانا چاہیئے تو دروازے سے نہ جاتے چھت پر چڑھ کر آتے اس کو اللہ نے غلط کیا۔ ١٢۔ منہ رح

ف٣ حج کے ساتھ میں یہ مذکور بھی ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم کے وقت سے شہر مکہ جائے امان ہے اگر یہاں دشمن کو دشمن پاتا تو بھی کچھ نہ کہتا اور حج کے اوّل اور آخر تین مہینے ذیقعدہ اور ذی الحج اور محرم اور چوتھا رجب کہ وہ بھی وقتِ زیارت تھا۔ یہ چار مہینے وقت امان تھے کہ تمام ملک عرب میں راہیں جاری ہوتیں اور لڑائی موقوف رہتی اللہ تعالٰے حکم فرماتا ہے۔

(باقی بر صـ٤٣)

عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ

زیادتی کرنا مگر اوپر ظالموں کے ف۱ مہینہ حرمت والا بدلے مہینے

الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ

حرمت والے کے ہے اور حرمتوں کا بدلہ ہے پس جو کوئی زیادتی کرے اوپر تمہارے

فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا

پس زیادتی کرو تم اوپر اس کے مانند اس کے کہ زیادتی کی اوپر تمہارے اور ڈرو

اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ

اللہ سے اور جانو یہ کہ تحقیق اللہ ساتھ پرہیزگاروں کے ہے ف۲ اور خرچ کرو بیچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ ۚ

راہ اللہ کے اور مت ڈالو ہاتھوں اپنے کو طرف ہلاکت کے

وَاَحْسِنُوْا ۛ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ

اور نیکی کرو تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے نیکی کرنے والوں کو ف۳ اور پورا کرو حج کو

وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ

اور عمرہ کو واسطے اللہ کے پس اگر گھیرے جاؤ تم پس جو کچھ میسر ہو قربانی سے

وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ

اور مت منڈاؤ سروں اپنوں کو یہاں تک کہ پہنچے قربانی جگہ حلال ہونے اپنے کی پس جو کوئی

كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ

ہو تم میں سے بیمار یا اس کو ایذا ہو سر اس کے سے پس بدلا ہے

مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۟ فَمَنْ

روزوں سے یا خیرات سے یا ذبح سے پس جب امن میں ہو تم پس جو کوئی

تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ

فائدہ اٹھاوے عمرہ سے ساتھ حج کے پس جو کچھ میسر ہو قربانی سے

فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِى الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ

پس جو کوئی نہ پاوے پس روزے تین دن کے بیچ حج کے اور سات روزے

اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ

جب پھر جاؤ تم یہ دس ہوئے پورے یہ واسطے اس شخص کے ہے کہ نہ ہوں

ف۱ یعنی لڑائی کافروں سے اسی واسطے ہے کہ ظلم موقوف ہو اور دین سے گمراہ نہ کر سکیں اور حکم اللہ کا جاری رہے اگر تابع ہو کر رہیں تو لڑائی کی حاجت ہی نہیں اور ایمان تو دل پر موقوف ہے زور سے مسلمان کرنے سے کیا حاصل۔ ۱۲۔ منہ رح

مع

ف۲ یعنی اگر کوئی کافر ماہ حرام کو مانے کہ اس مہینے میں وہ تم سے نہ لڑے تو تم بھی اس سے نہ لڑو اور مکے کے لوگ اسی ماہ میں ظلم کرتے رہے مسلمانوں پر پھر مسلمان ان سے کیوں قصور کریں بلکہ سفر حدیبیہ میں ماہ ذیقعدہ تھا عمرے کو حضرت گئے اور کافر لڑنے کو موجود ہوئے۔ یہ آیت اس واسطے اتری کہ مسلمان خطرہ کرتے تھے کہ اگر ماہ حرام میں کافر لگیں لڑنے تو ہم کیا کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی چھوڑ کر جہاد نہ بیٹھو۔ اسی میں تمہارا ہلاک ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

اَهْلُهٗ حَاضِرِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا
اہل اس کے رہنے والے مسجد حرام کے اور ڈرو اللہ سے اور جانو

اَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ
تحقیق اللہ سخت عذاب والا ہے ف حج کے مہینے ہیں معلوم

فَمَنْ فَرَضَ فِیْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ
پس جو کوئی مقرر کرے بیچ ان کے حج پس نہ رغبت کرنا اور نہ گناہ کرنا

وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ یَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ
اور نہ جھگڑنا بیچ حج کے اور جو کرو گے تم بھلائی سے جانتا ہے اس کو اللہ

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی ۫ وَاتَّقُوْنِ یٰٓاُولِی
اور خرچ راہ لیا کرو پس تحقیق بہتر فائدہ خرچ کا بچنا ہے سوال سے اور ڈرو مجھ سے اے صاحبو

الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا
عقل کے ف نہیں اوپر تمہارے گناہ یہ کہ ڈھونڈو فضل

مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ
پروردگار اپنے سے پس جب پھرو تم عرفات سے پس یاد کرو اللہ کو

عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۪ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ
نزدیک مشعر الحرام کے اور یاد کرو اس کو جیسا کہ ہدایت کیا تم کو اور تحقیق

كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّیْنَ ﴿۱۹۸﴾ ثُمَّ اَفِیْضُوْا مِنْ
تھے تم پہلے اس سے البتہ گمراہوں سے ف پھر پھرو

حَیْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
جہاں سے پھرتے ہیں لوگ اور بخشش مانگو اللہ سے تحقیق اللہ بخشنے والا

رَّحِیْمٌ ﴿۱۹۹﴾ فَاِذَا قَضَیْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ
مہربان ہے ف پس جب کر چکو تم عبادتیں اپنی پس یاد کرو اللہ کو جیسا یاد کرتے تھے تم

اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ رَبَّنَآ
باپوں اپنے کو یا زیادہ تر یاد کرنا پس بعضے لوگوں میں سے وہ شخص ہے کہ کہتا ہے اے رب

اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا وَمَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾ وَمِنْهُمْ
ہمارے دے ہم کو بیچ دنیا کے اور نہیں واسطے اس کے بیچ آخرت کے کچھ حصہ۔ اور بعضے ان میں سے

ع ٢٤ / ٨

(وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

ف یہاں سے حکم حج کے ہیں۔ حج کے طریق یہ کہ احرام باندھے پھر عرفہ کے دن عرفات میں حاضر ہو پھر وہاں سے چلے تو رات رہے مشعر الحرام میں پھر صبح عید منا میں پہنچ کر کنکر پھینکے اور حجامت کرا کر احرام اتارے پھر مکے میں جا کر طواف کعبہ کرے پھر صفا اور مروہ کے بیچ دوڑے پھر منا میں آوے تین دن رہے ہر روز کنکر پھینکے پھر مکے جا کر طواف رخصت کرے اور چلا جائے اور عمرے کے طریق یہ کہ احرام باندھے جن دنوں چاہے طواف کعبہ کرے اور صفا اور مروہ کے بیچ دوڑے پھر حجامت کرا کر احرام اتارے اور حج اور عمرہ میں قربانی ضرور نہیں مگر کسی سبب سے۔ یہاں حق تعالیٰ نے تین سبب فرمائے ایک یہ کہ احرام کر کے شخص روکا گیا مرض سے یا دشمن سے تو کسی کے ہاتھ قربانی بھیج دیوے، جب مکے میں قربانی ذبح ہو چکے تب احرام سے نکلے پہلے حجامت نہ کرے، دوسرا یہ کہ آزار سے یا سر کے بالوں سے عاجز ہو کر احرام میں حجامت کرے تو اس کا بدلہ ہے یا تو قربانی پہنچاوے یا تین روزے رکھے یا چھ محتاجوں کو کھلاوے تیسرا یہ کہ حج اور عمرہ جدا جدا نہ کرے ایک ہی سفر میں دونوں ادا کرے تو قربانی ضرور ہے۔ پھر قربانی پیدا نہ ہو تو دس

(باقی ص۳۷ پر)

مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ
وہ شخص ہے کہ کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہم کو بیچ دنیا کے نیکی اور بیچ آخرت کے

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا
نیکی اور بچا ہم کو عذاب آگ سے یہ لوگ واسطے ان کے حصہ ہے اس چیز سے

كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٢٠٢﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ
جو کمایا انہوں نے اور اللہ جلد لینے والا ہے حساب کا اور یاد کرو اللہ کو بیچ دنوں

مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ
گنے ہوئے کے پس جو کوئی جلدی کرے بیچ دو دن کے پس نہیں گناہ اوپر اس کے اور جو کوئی

تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ
پیچھے رہے پس نہیں گناہ اوپر اس کے یہ واسطے اس شخص کے ہے کہ پرہیزگاری کرے اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہ کہ تم

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي
طرف اسی کے اکٹھے کیے جاؤ گے ف۱ اور بعض لوگوں میں سے وہ شخص ہے کہ خوش لگتی ہے تجھ کو بات اس کی بیچ

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰي مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَھُوَ اَلَدُّ
زندگانی دنیا کے اور گواہ کرتا ہے اللہ کو اوپر اس چیز کے کہ بیچ دل اس کے کے ہے اور وہ بہت

الْخِصَامِ ﴿٢٠٤﴾ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا
جھگڑالو ہے۔ اور جب حاکم ہوتا ہے کوشش کرتا ہے بیچ زمین کے تو کہ فساد کرے بیچ اس کے

وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿٢٠٥﴾ وَاِذَا
اور ہلاک کرے کھیتی کو اور جانوروں کو اور اللہ نہیں دوست رکھتا فساد کرنا اور جب

قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ
کہا جاتا واسطے اس کے ڈر اللہ سے پکڑتی ہے اس کو عزت ساتھ گناہ کے پس کفایت ہے اسکو دوزخ

وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٢٠٦﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاۗءَ
اور البتہ برا ہے بچھونا ف۲ اور بعضے لوگوں میں سے وہ ہے کہ بیچتا ہے جان اپنی کو واسطے چاہنے

مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٢٠٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
رضامندی اللہ کے اور اللہ شفقت کرنے والا ہے ساتھ بندوں کے ف۳ اے لوگو جو

اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَاۗفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ
ایمان لائے ہو داخل ہو بیچ اسلام کے سارے اور مت پیروی کرو قدموں

ف۱ ان آیتوں میں یہ فرمایا کہ کفر کے وقت دستور تھا کہ حج سے فارغ ہو کر تین روز عید کے بعد خوشی کرتے اور بازار لگاتے اور اپنے باپ دادوں کے ساکے بیان کرتے اب اللہ صاحب نے اس کے بدلے تین روز ٹھہرنا مقرر کیا کہ اللہ کو یاد کرو ان دنوں میں دوپہر کو کنکر پھینکتے ہیں اور ہر نماز کے بعد تکبیر کہتے ہیں اور سوائے نماز ہر وقت اور کوئی چاہے تو دو ہی دن رہ کر رخصت ہو اور تین دن رہے تو بہتر اور یہ فرمایا کہ جن کو رغبت نری دنیا سے ہے وہ آخرت سے محروم ہیں اب حج کا مذکور ہو چکا ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ حال ہے منافق کا کہ ظاہر میں خوشامد کرے اور اللہ کو گواہ کرے کہ میرے دل میں تمہاری محبت ہے اور جھگڑے کے وقت کچھ کمی نہ کرے اور قابو پاوے تو لوٹ اور مار مچاوے اور منع کرنے سے اور ضد چڑھے زیادہ گناہ کرے۔ ایک شخص اخنس بن شریق تھا اس نے حضرت سے یہی سلوک کیے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یہ حال صاحب ایمان کا کہ اللہ کی رضا پر جان دیوے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ ص۳۶ سے آگے) روزے تین حج کے دنوں میں اور سات پیچھے اور قربانی کم سے کم ایک بکری ایک شخص کو اور ایک اونٹ یا گائے سات شخص کو حج اور عمرہ ملنے سے جو (باقی ص۳۸ پر)

الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا
شیطان کی تحقیق وہ واسطے تمہارے دشمن ہے ظاہر پس اگر ڈگ جاؤ تم پیچھے اس کے کہ

جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾
آویں تمہارے پاس دلیلیں پس جانو یہ کہ اللہ غالب حکمت والا ہے

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ
نہیں انتظار کرتے مگر یہ کہ آوے ان کے پاس اللہ بیچ سایوں کے بادلوں سے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ ع سَلْ
اور فرشتے اور تمام کیا جاوے کام اور طرف اللہ کے پھیرے جاتے ہیں سب کام ف سوال کر

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ
بنی اسرائیل سے کتنی دیں ہم نے ان کو نشانیاں ظاہر اور جو کوئی بدل ڈالے

نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾
نعمت اللہ کی پیچھے اس کے کہ آئی اس کے پاس پس تحقیق اللہ سخت عذاب والا ہے

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ
زینت دی گئی واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے زندگانی دنیا کی اور ٹھٹھا کرتے ہیں ان لوگوں سے جو

اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ
ایمان لائے ہیں اور جو لوگ کہ پرہیزگار ہیں اوپر ان کے ہیں دن قیامت کے اور اللہ رزق دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۣ قف
جس کو چاہتا ہے بے شمار تھے لوگ امت ایک

فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ
پس بھیجا اللہ نے پیغمبروں کو خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے اور اتاری ساتھ ان کے

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧٨﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ
ہو تم ایمان والے ف۳ پس اگر نہ کرو تم پس خبردار ہو جاؤ ساتھ لڑائی کے اللہ سے

وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ
اور رسول اس کے سے اور اگر توبہ کرو تم پس واسطے تمہارے ہیں اصل مال تمہارے نہ ظلم کرو تم

وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٩﴾ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۭ
اور نہ ظلم کیے جاؤ تم ف۴ اور اگر ہو قرض دار تنگی والا پس ڈھیل دینا ہے فراغت تک

وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨٠﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا
اور یہ کہ خیرات کرو بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ف۵ اور ڈرو اس دن سے

تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۼ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ
کہ پھیرے جاؤ گے بیچ اس کے طرف اللہ کے پھر پورا دیا جاویگا ہر جی کو جو کچھ کمایا ہے

وَھُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٨١﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ
اور وہ نہیں ظلم کیے جاویں گے اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب معاملت کرو تم ساتھ قرض کے

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ۭ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ
ایک وقت مقرر تک پس لکھ رکھو اس کو اور چاہیے کہ لکھے درمیان تمہارے لکھنے والا

ف۱ یعنی منع سے پہلے جو لیا دنیا میں پھروانا نہیں پہنچتا اور آخرت میں اللہ کا اختیار ہے چاہے تو بخشے باقی بعد منع کے جو لیوے وہ دوزخی ہے اور خدا کے حکم کے سامنے عقل کی دلیل لانی اس کی یہی سزا ہے جو فرمائی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مال دار ہوکر محتاج کو قرض بھی مفت نہ دے جبتک سود نہ رکھ لے یہ نعمت کی ناشکری ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی منع آنے سے پہلے لے چکے سو لے چکے اور اگلا چڑھا ہوا اب نہ مانگو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی اگلا سود لیا ہوا تمہارے اصل مال میں حساب کرے تو تم پر ظلم ہے۔ اور منع کے بعد اگلا چڑھا سود تم مانگو تو تمہارا ظلم ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی جب دیکھا سود موقوف ہوا، اب لگو مفلس سے تقاضا کرنے یہ نہ چاہیے بلکہ فرصت دو اور اگر توفیق ہو تو بخش دو۔ ۱۲۔ منہ رح

۳۸ ع ۸ ۶

بِالْعَدْلِ ۠ وَلَا يَأْبَ كَاتِبٌ أَنْ يَكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ

ساتھ انصاف کے اور نہ انکار کرے لکھنے والا یہ کہ لکھے جیسا سکھایا اس کو اللہ نے

فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهُ

پس چاہیئے کہ لکھ دے اور مطلب کہے وہ شخص کہ اوپر اس کے ہے حق اور چاہیئے کہ ڈرے اللہ پروردگار اپنے

وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْئًا ۚ فَإِنْ كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا

سے اور نہ کم کرے اس میں سے کچھ پس اگر ہو وہ شخص کہ اوپر اس کے ہے حق بیوقوف

أَوْ ضَعِيفًا أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهُ

یا ناتوان یا نہیں سکتا یہ کہ مطلب کہے وہ پس چاہیئے کہ مطلب کہے والی اُس کا

بِالْعَدْلِ ۚ وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِنْ رِجَالِكُمْ ۚ فَإِنْ

ساتھ انصاف کے اور شاہد کر لو دو شاہدوں کو مردوں اپنے سے پس اگر

لَمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ

نہ ہوں دو مرد پس ایک مرد اور دو عورتیں ان میں سے کہ پسند کرتے ہو تم

الشُّهَدَاءِ أَنْ تَضِلَّ إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَىٰ ۚ

شاہدوں میں سے اگر ہو یہ کہ بھول جاوے ایک ان میں سے پس یاد دلاوے ایک ان دو میں سے دوسری کو

وَلَا يَأْبَ الشُّهَدَاءُ إِذَا مَا دُعُوا ۚ وَلَا تَسْأَمُوا أَنْ تَكْتُبُوهُ

اور نہ انکار کریں شاہد جب بلائے جاویں اور مت کاہلی کرو یہ کہ لکھو اس کو

صَغِيرًا أَوْ كَبِيرًا إِلَىٰ أَجَلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَأَقْوَمُ

چھوٹا یا بڑا وقت اس کے تک یہ بہت انصاف ہے نزدیک اللہ کے اور سیدھا کرنیوالا

لِلشَّهَادَةِ وَأَدْنَىٰ أَلَّا تَرْتَابُوا ۖ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً حَاضِرَةً

واسطے شہادت کے اور بہت نزدیک ہے اس سے کہ نہ شک میں پڑو مگر یہ کہ ہو سوداگری ہاتھوں ہاتھ

تُدِيرُونَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَلَّا تَكْتُبُوهَا ۗ

کہ پھراتے ہو اس کو درمیان اپنے پس نہیں اوپر تمہارے گناہ یہ کہ نہ لکھو اس کو

وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ ۚ وَلَا يُضَارَّ كَاتِبٌ وَلَا شَهِيدٌ ۚ

اور شاہد کر لو جب سودا کرو تم اور نہ ایذا پہنچایا جاوے لکھنے والا اور نہ گواہ

وَإِنْ تَفْعَلُوا فَإِنَّهُ فُسُوقٌ بِكُمْ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۖ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۗ

اور اگر کرو تم یہ پس تحقیق وہ گنہگاری ہے ساتھ تمہارے اور ڈرو اللہ سے اور سکھاتا ہے تم کو اللہ

(بقیہ ص۵۵ سے آگے) ہر کہ اللہ آپ ہدایت کرنے والا ہے جس کو چاہے اگر شبہ پڑے تو ساتھ ہی جواب بھیجے اب آگے پھر جہاد کا مذکور ہے اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کا۔ ۱۲- منہ رح

(بقیہ ص۵۳ سے آگے) کسی کی نہ چاہیئے مگر یہ کہے کہ اللہ کے واسطے فلانے شخص کو دونگا تو مختار ہے۔ ۱۲- منہ رح

ف اگر نیت دکھاوے کی نہ ہو تو خیرات کھلی بھی بہتر ہے کہ اوروں کو شوق آوے اور چھپی بھی بہتر ہے کہ لینے والا نہ شرماوے۔ ۱۲- منہ رح

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا
اور اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ف اور اگر ہو تم اوپر سفر کے اور نہ پاؤ تم

كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۭ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ
لکھنے والا پس گرو ہے قبضہ کی ہوئی پس اگر امین جانے بعضے تمہارے بعضے کو پس چاہیئے کہ ادا کرے

الَّذِي اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ۭ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ
وہ شخص کہ امین جانا گیا ہے امانت اس کی کو اور چاہیئے کہ ڈرے اللہ پروردگار اپنے سے اور مت چھپاؤ گواہی کو

وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾ ع
اور جو کوئی چھپاوے گا اسکو پس تحقیق وہ گنہگار ہے دل اس کا اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو جاننے والا ہے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ
واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور اگر ظاہر کرو جو کچھ بیچ

اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ
جی تمہارے کے ہے یا چھپاؤ اس کو حساب لیوے گا تم سے ساتھ اس کے اللہ پس بخشے گا جس کو چاہے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ
اور عذاب کرے گا جس کو چاہے اور اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۲ ایمان لایا

الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ
پیغمبر ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف اسکے پروردگار اسکے سے اور مسلمان ہر ایک ایمان لایا

بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ
ساتھ اللہ کے اور فرشتوں اسکے کے اور کتابوں اسکی کے اور رسولوں اسکے کے نہیں جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے

رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ڭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ
پیغمبروں اس کے سے اور کہا انہوں نے سنا ہم نے اور مانا ہم نے بخشش مانگتے ہیں ہم تیری اے رب ہمارے اور طرف

الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا
تیرے ہے پھر آنا نہیں تکلیف دیتا اللہ کسی جی کو مگر طاقت اس کی پر واسطے اسکے ہے جو

كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ
کمایا اس نے اور اوپر اس کے ہے جو کمایا اس نے اے رب ہمارے مت پکڑ ہم کو اگر

نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
بھول گئے ہم یا خطا کی ہم نے اے رب ہمارے اور مت رکھ اوپر ہمارے بوجھ جیسا رکھا

ف اس آیت میں دو چیز کا تقید فرمایا ایک تو عدے کے معاملہ کو لکھنا کہ اس میں پھر قضیہ نہ ہو اور اپنے تئیں شبہ نہ پڑے اور شاہد کو دیکھ کر یاد آوے دوسرے شاہد کر لینا ہر معاملہ پر دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں جن کو ہر کوئی پسند رکھے اور تقید فرمایا کہ نویسندہ اور شاہد نقصان کسی کا نہ کریں جو حق واجبی ہے سو ہی ادا کریں اور لکھنے میں جو دینے والا اپنی زبان سے کہے سو لکھیں یا اس کا کوئی بزرگ کہے، اگر اس کو کوئی عقل نہ ہو۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

۳۹ ع ۲ ۷

ف۲ یہاں سے معلوم ہوا کہ دل کے خیال پر بھی حساب ہوگا۔ یہ سن کر اصحاب نے حضرت سے عرض کیا یہ حکم سخت مشکل ہے۔ فرمایا کہ بنی اسرائیل کی طرح انکار مت کرو بلکہ قبول رکھو اور اللہ سے مدد چاہو پھر لوگوں نے کہا کہ ہم ایمان لائے اور قبول کیا اللہ کے ہاں یہ بات پسند ہوئی تب اگلی دو آیتیں اتریں، ان میں حکم آیا کہ مقدور سے باہر چیز کی تکلیف نہیں۔ اب جو کوئی دل میں خیال گناہ کا کرے اور عمل میں نہ لاوے اس کو گناہ نہیں لکھتے۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ
تو نے اس کو اوپر ان لوگوں کے کہ پہلے ہم سے تھے اے رب ہمارے اور مت اٹھوا ہم سے وہ چیز کہ نہیں طاقت

لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وقفة وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وقفة وَارْحَمْنَا ۥ وقفة اَنْتَ
واسطے ہمارے ساتھ اس کے اور معاف کر ہم سے اور بخش ہم کو اور رحم کر ہم کو تو ہے

مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ ع ۴۰ ۸
دوستدار ہمارا پس مدد دے ہم کو اوپر قوم کافروں کے ف

| سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۲۰۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲۰ |
|---|---|---|
| سورۂ آل عمران مدینہ میں نازل ہوئی اس میں | شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے | دوسو آیتیں اور بیس رکوع ہیں |

الٓمّٓ ﴿١﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿٢﴾ نَزَّلَ
اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ ہے قائم رہنے والا اتاری

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ
اوپر تیرے کتاب ساتھ حق کے سچا کرنے والی واسطے اس چیز کے کہ آگے اس کے ہے

وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿٣﴾ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ
اور اتاری توریت اور انجیل پہلے اس سے راہ دکھانے والی واسطے لوگوں

وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ
کے اور اتارے معجزے تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ نشانیوں اللہ کے واسطے اُنکے

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿٤﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا
ہے عذاب سخت اور اللہ غالب ہے بدلہ لینے والا تحقیق اللہ نہیں

يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ؕ ﴿٥﴾ هُوَ
چھپی اوپر اس کے کوئی چیز بیچ زمین کے اور نہ بیچ آسمان کے وہی

الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
ہے جو صورتیں بناتا ہے تمہاری بیچ رحموں کے جیسی چاہے نہیں کوئی معبود مگر وہ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
غالب ہے حکمت والا وہی ہے جس نے اتاری اوپر تیرے کتاب

مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ
بعضی اس کی آیتیں محکم ہیں یعنی ظاہر معنوں کی وہ جڑ ہیں کتاب کی اور اور ہیں متشابہ معنی کئی طرف ملتے

ف یہ دعا اللہ نے پسند فرمائی تو قبول کے حکم بھی ہم پر بھاری نہیں رکھے اور دل کا خیال بھی نہیں پکڑا اور بھول چوک بھی معاف کی۔ ۱۲-منہ رح

فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ

پس آیا وہ لوگ کہ بیچ دلوں ان کے کے کجی ہے پس پیروی کرتے ہیں اس چیز کی کہ شبہ ڈالتی ہے اس میں

ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ

سے واسطے چاہنے گمراہی کے اور واسطے چاہنے حقیقت اس کی کے اور نہیں جانتا حقیقت اس کی کو

اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ

مگر اللہ اور مضبوط لوگ بیچ علم کے کہتے ہیں ایمان لائے ہم ساتھ اس کے

كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۞ ۷

ہر ایک نزدیک رب ہمارے کے سے ہے اور نہیں نصیحت پکڑتے مگر صاحب عقل کے ف

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

اے پروردگار ہمارے نہ کج کر دلوں ہمارے کو پیچھے اس کے کہ راہ دکھائی تو نے ہم کو اور دے ڈال ہم کو پاس

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۞ ۸ رَبَّنَآ اِنَّكَ

اپنے سے رحمت تحقیق تو ہی ہے دے ڈالنے والا اے رب ہمارے تحقیق تو

جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ

اکٹھا کرنے والا ہے لوگوں کو اس دن کہ نہیں شک بیچ اس کے تحقیق اللہ نہیں خلاف کرتا

الْمِيْعَادَ ۞ ۹ ع اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ

وعدہ کو تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے ہرگز نہ کفایت کریں گے اُن سے مال ان کے

وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْــًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۞ ۱۰ ۙ

اور نہ اولاد ان کی اللہ سے کچھ اور یہ لوگ وہی ہیں ایندھن آگ کے

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

جیسی عادت لوگوں فرعون کی اور جو لوگ کہ پہلے ان سے تھے جھٹلایا انہوں نے نشانیوں ہماری کو

فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۞ ۱۱ قُلْ

پس پکڑا ان کو اللہ نے ساتھ گناہوں ان کے کے اور اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے کہہ

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ

واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے شتاب مغلوب ہوگے تم اور اکٹھے کیے جاؤگے طرف دوزخ کے اور برا ہے

الْمِهَادُ ۞ ۱۲ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ

بچھونا تحقیق ہے واسطے تمہارے نشانی بیچ دو جماعت کے آپس میں کہ ملیں ایک جماعت

وقفه النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مَنزِلٌ

ف اس صورت میں نصارےٰ کو سمجھانا منظور ہے کہ حضرت مریم کو خدا کی عورت کہتے اور حضرت عیسےٰ کو خدا کا بیٹا اور وہ بکتے تھے اس پر کہ اللہ کی مہربانی کے الفاظ ان کے حق میں سنے تھے ایسے کہ بندگی سے زیادہ مرتبہ چاہیں اس واسطے اللہ صاحب فرماتا ہے کہ ہر کلام میں اللہ نے بعضی باتیں رکھی ہیں جن کے معنی صاف نہیں کھلتے تو جو گمراہ ہوا ان کے معنی عقل سے لگے پکڑنے اور جو مضبوط علم رکھے وہ ان کے معنی اور آیتوں سے ملا کر سمجھے جو جڑ کتاب کی ہے اس کے موافق سمجھ پاوے تو سمجھے اور اگر نہ پاوے تو اللہ پر چھوڑے کہ وہی بہتر جانے ہم کو ایمان سے کام ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

منزل ابدائے منزل ع ۹/۱ ۹

تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ
لڑتی ہے بیچ راہ اللہ کے اور دوسری کافر تھی دیکھتے تھے وہ کافر مسلمانوں کو دو برابر اپنے

رَاْيَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ
دیکھنا آنکھ کا اور اللہ قوت دیتا ہے ساتھ مدد اپنی کے جس کو چاہے تحقیق بیچ

ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ
اس کے البتہ نصیحت ہے واسطے آنکھوں والوں کے ف زینت دی گئی واسطے لوگوں کے محبت

الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ
خواہشوں کی عورتوں سے اور بیٹوں سے اور خزانے اکٹھے کئے ہوئے

مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ
سونے سے اور چاندی سے اور گھوڑے نشان کیے ہوئے اور چارپائے

وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ
اور کھیتی سے یہ فائدہ ہے زندگی دنیا کا اور اللہ نزدیک اس کے ہے

حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ
اچھی جگہ پھر جانے کی کہہ کیا خبر دوں میں تم کو ساتھ بہتر کے اس سے واسطے ان لوگوں کے

اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
کہ پرہیزگاری کرتے ہیں نزدیک رب ان کے کے بہشتیں ہیں چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ
ہمیش رہنے والے بیچ ان کے اور بی بیاں ہیں پاک کی ہوئیں اور رضامندی اللہ کی طرف سے

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ ۢ بِالْعِبَادِ ﴿۱۵﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا
اور اللہ دیکھنے والا ہے ساتھ بندوں کے وہ لوگ جو کہتے ہیں اے رب ہمارے تحقیق ہم ایمان لائے

فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾ ۚ اَلصّٰبِرِيْنَ وَ
پس بخش واسطے ہمارے گناہ ہمارے اور بچا ہم کو عذاب آگ کے سے وہ جو صبر کرنے والے ہیں اور

الصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ
سچے اور فرمانبرداری کرنیوالے اور خرچ کرنے والے اور بخشش مانگنے والے

بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
بیچ پچھلی رات کے گواہی دی اللہ تعالٰے نے وہ کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ اور گواہی دی فرشتوں نے

ف یعنی جنگ بدر میں جس کا قصہ سورۂ انفال میں ہے مسلمانوں سے کافر تین برابر تھے پر اللہ دو ہی برابر دکھاتا تھا کہ خوف نہ کھاویں پھر اللہ نے مسلمانوں کو فتح دی۔ اس سے چاہئے کہ سب کافر عبرت پکڑیں۔ ۱۲ منہ رح

النصف

وَأُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ط لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١٨﴾

اور صاحب علموں نے حال یہ کہ اللہ قائم ہے ساتھ انصاف کے نہیں کوئی معبود مگر وہ غالب ہے حکمت والا

إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ قف وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوتُوا

تحقیق دین نزدیک اللہ کے اسلام ہے اور نہیں اختلاف کیا ان لوگوں نے کہ دیئے گئے

الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ط

کتاب مگر پیچھے اس کے کہ آیا ان کے پاس علم سرکشی سے درمیان اپنے

وَمَنْ يَكْفُرْ بِآيٰتِ اللّٰهِ فَإِنَّ اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿١٩﴾ فَإِنْ

اور جو کوئی کفر کرے ساتھ نشانیوں اللہ کے پس تحقیق اللہ جلد لینے والا ہے حساب پس اگر

حَآجُّوكَ فَقُلْ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ط وَقُلْ

جھگڑیں تجھ سے پس کہہ مطیع کیا میں نے منہ اپنا واسطے اللہ کے اور جس نے پیروی کی میری اور کہہ

لِلَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ وَالْأُمِّيّٖنَ ءَأَسْلَمْتُمْ ط فَإِنْ أَسْلَمُوا

واسطے ان لوگوں کے کہ دیئے گئے کتاب اور ان پڑھوں کو کیا تم نے بھی مطیع کیا پس اگر مطیع کریں

فَقَدِ اهْتَدَوْا ج وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ط وَاللّٰهُ

پس تحقیق راہ پاویں اور اگر پھر جاویں پس سوائے اس کے نہیں کہ اوپر تیرے پہنچا دینا ہے اور اللہ

ع ١١ ٢ ١٠ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ع ﴿٢٠﴾ إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُونَ

دیکھنے والا ہے ساتھ بندوں کے ف۱ تحقیق جو لوگ کہ کفر کرتے ہیں ساتھ نشانیوں اللہ کے اور مار ڈالتے ہیں

النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ لا وَيَقْتُلُونَ الَّذِينَ يَأْمُرُونَ بِالْقِسْطِ

پیغمبروں کو ناحق اور مار ڈالتے ہیں ان لوگوں کو جو حکم کرتے ہیں ساتھ انصاف کے

مِنَ النَّاسِ لا فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢١﴾ أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ

لوگوں میں سے پس خبر دے اُن کو ساتھ عذاب درد دینے والے کے یہ لوگ وہ ہیں کہ

حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ز وَمَا لَهُمْ مِنْ

ناپید ہوئے عمل اُن کے بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور نہیں واسطے ان کے کوئی

نّٰصِرِينَ ﴿٢٢﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِنَ الْكِتٰبِ

مدد دینے والا کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کے کہ دیئے گئے ہیں ایک حصہ کتاب سے

يُدْعَوْنَ إِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيقٌ

بلائے جاتے ہیں طرف کتاب اللہ کے تو کہ حکم کرے درمیان ان کے پھر پھر جاتا ہے ایک فرقہ

ف۱ ان پڑھ کہتے تھے عرب کے لوگوں کو کہ ان کے پاس پہلے پیغمبروں کا علم نہ تھا۔ ۱۲ منہ رح

مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا

ان میں سے اور وہ منہ پھیرنے والے ہیں یہ اس واسطے ہے کہ کہا انہوں نے ہرگز نہ لگے گی ہم کو

النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۠ وَغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا

آگ مگر دن گنے ہوئے اور فریب دیا ہے ان کو بیچ دین ان کے کے ان باتوں نے

يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۣ

کہ تھے باندھ لیتے ف۱ پس کیونکر ہوگا جب اکٹھا کریں گے ہم ان کو اس دن کہ نہیں شک بیچ اس کے

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٥﴾ قُلِ

اور پورا دیا جاوے گا ہر جی کو جو کچھ کمایا ہے اور وہ نہ ظلم کیے جاویں گے کہہ

اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ

یا اللہ مالک ملک کے دیتا ہے تو ملک جس کو چاہے اور چھین لیتا ہے ملک

مِمَّنْ تَشَاۗءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ بِيَدِكَ

جس سے چاہے اور عزت دیتا ہے جس کو چاہے اور ذلت دیتا ہے جس کو چاہے بیچ ہاتھ تیرے کے ہے

الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٦﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

خیر تحقیق تو اوپر ہر چیز کے قادر ہے پیٹھاتا ہے رات کو بیچ دن کے

وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ

اور پیٹھاتا ہے دن کو بیچ رات کے اور نکالتا ہے زندے کو مردے سے اور نکالتا ہے

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ لَا

مردے کو زندے سے اور رزق دیتا ہے جس کو چاہے بے شمار ف۲ نہ

يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ

پکڑیں مسلمان کافروں کو دوست سوائے مسلمانوں کے

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا

اور جو کوئی کرے یہ پس نہیں اللہ سے بیچ کسی چیز کے مگر یہ کہ بچو تم

مِنْهُمْ تُقٰىةً ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨﴾

ان سے بچنے کر اور ڈراتا ہے تم کو اللہ ذات اپنی سے اور طرف اللہ کے ہے پھر جانا

قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ۭ

کہہ اگر چھپاؤ تم جو کچھ بیچ سینوں تمہارے کے ہے یا ظاہر کرو اس کو جانتا ہے اس کو اللہ

ف۱ یہ ذکر یہود کا ہے کہ فضیحے ہیں اپنی کتاب پر بھی عمل نہیں کرتے اور گناہ پر دلیر ہیں اس غرہ پر کہ ان کے پہلے جھوٹ بنا کر کہہ گئے ہیں کہ ہم میں اگر کوئی بہت گنہگار ہوگا تو سات دن سے زیادہ عذاب نہ پاوے گا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی یہود جانتے تھے کہ جو اوّل ہم میں بزرگی تھی وہی ہمیشہ رہے گی اللہ کی قدرت سے غافل ہیں جس کو چاہے عزیز کرے اور سلطنت دیوے اور جس سے چاہے چھین لیوے اور ذلیل کرے اور جاہلوں میں سے کامل پیدا کرے، اور کاملوں میں سے جاہل اور جس کو دیا چاہے رزق بے حساب دیوے۔ ۱۲۔منہ رح

وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ

اور جانتا ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور اللہ اوپر ہر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ

چیز کے قادر ہے جس دن کہ پاویگا ہر جی جو کچھ کیا ہے بھلائی سے

مُّحْضَرًا ۚ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْۗءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ

حاضر کیا ہوا اور جو کچھ کیا ہے برائی سے چاہے گا کاش یہ کہ درمیان اس شخص کے اور درمیان اس

اَمَدًۢا بَعِيْدًا ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ

برائی کے ہو مسافت دور اور ڈراتا ہے تم کو اللہ ذات اپنی سے اور اللہ شفقت کرنے والا ہے

بِالْعِبَادِ ﴿۳۰﴾ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ

ساتھ بندوں کے کہہ اگر ہو تم چاہتے اللہ کو پس پیروی کرو میری چاہے تم کو

اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۱﴾ قُلْ

اللہ اور بخشے واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف کہہ

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول کی پس اگر پھر جاویں پس تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓي اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ

کافروں کو ف۲ تحقیق اللہ نے برگزیدہ کیا آدم کو اور نوح کو اور کنبے ابراہیم کو

وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۳﴾ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۭ

اور کنبے عمران کے کو اوپر عالموں کے ف۳ اولاد تھے بعضے ان کے بعضوں سے

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّىْ

اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے جس وقت کہا بی بی عمران کی نے اے پروردگار میرے تحقیق میں نے

نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِىْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّىْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

نذر کیا واسطے تیرے جو کچھ بیچ پیٹ میرے کے ہے آزاد کیا ہوا پس قبول کر مجھ سے تحقیق تو ہے

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّىْ وَضَعْتُهَآ

سننے والا جاننے والا ف۴ پس جب جنا اس کو کہا اے رب میرے تحقیق میں نے جنا اس کو

اُنْثٰى ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۭ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّىْ

لڑکی اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ جنا اور نہیں مرد مانند عورت کے اور میں نے

---

نصف

ف۱ یعنی کوئی کسی کی محبت کا دعوے کرے تو اس طرح محبت کرے جس طرح محبوب چاہے نہ جس طرح اپنا جی چاہے اور اسی طرح چاہے تو محبوب اس کو چاہے اور اللہ بندوں کو چاہے تو یہی کہ ان پر مہربان ہو اور گناہ پر نہ پکڑے اور خیالات عبث ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

۳ ع ۱۰ ۱۱

ف۲ یعنی بندے کی محبت یہی کہ شوق سے اللہ کے کام پر اور حکم پر دوڑے۔ فائدہ اب آگے سے مذکور ہے کہ اللہ نے مریم کو اور حضرت عیسیٰ کو محبت کے لفظ فرمائے ہیں یا پسند کے لفظ فرمائے سو محبت اللہ کی بندوں پر تو وہی ہے جو سن چکے اور پسند کے لفظ اکثر مقربوں کو فرمائے ہیں ایسے لفظوں سے شبہ نہ کھایا چاہیے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ عمران حضرت موسیٰ کے باپ کا نام بھی ہے اور حضرت مریم کے باپ کا نام بھی ہے شاید یہاں یہی منظور ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اس امت میں دستور تھا کہ بعضے لوگوں کو ماں باپ اپنے حق سے آزاد کر اور اللہ کی نیاز کرتے پھر تمام عمر ان کو دنیا کے کام میں نہ لگاتے اور بیت المقدس مسجد میں وہ عبادت کیا کرتے عمران کی بیوی کو حمل تھا اس نے آگے سے یہی نذر کر رکھی۔ ۱۲۔ منہ رح

سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ

نام رکھا اس کا مریم اور تحقیق میں نے پناہ دی اس کو ساتھ تیرے اور اولاد اس کی کو شیطان

الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا

راندے ہوئے سے ف پس قبول کیا اس کو رب اس کے نے ساتھ قبول اچھے کے اور اوگایا اس کو اوگانا

حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا

اچھا اور سونپ دی وہ زکریا کو جب جاتا اوپر اس کے زکریا

الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ

محراب میں پاتا نزدیک اس کے رزق کہا اے مریم کہاں سے آیا واسطے تیرے

هٰذَا ۭ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ

یہ کہتی وہ نزدیک اللہ کے سے ہے تحقیق اللہ رزق دیتا ہے جس کو چاہتا ہے

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ

بے شمار ف۲ اس جگہ پکارا زکریا نے پروردگار اپنے کو کہا اے پروردگار میرے

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ﴿۳۸﴾

دے ڈال واسطے میرے نزدیک اپنے سے اولاد پاکیزہ تحقیق تو سننے والا ہے دعا کا

فَنَادَتْهُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ وَھُوَ قَاۗىِٕمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ

پس پکارا اس کو فرشتوں نے اور وہ کھڑا نماز پڑھتا تھا بیچ محراب کے تحقیق

اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا

اللہ بشارت دیتا ہے تجھ کو ساتھ یحییٰ کے ماننے والا ہے ایک بات کو اللہ سے اور سردار ہے

وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۳۹﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ

اور بند رہے عورتوں سے اور نبی ہے صالحوں سے ف۳ کہا اے رب میرے کیونکر ہوگا واسطے

لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكَ

میرے لڑکا اور تحقیق پہنچا ہے مجھ کو بڑھاپا اور بی بی میری بانجھ ہے کہا اسی طرح

اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ﴿۴۰﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ

اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے کہا اے پروردگار مقرر کر واسطے میرے نشانی کہا

اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۭ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ

نشانی تیری یہ ہے کہ نہ بول سکے لوگوں سے تین دن مگر اشارت سے اور یاد کر رب اپنے کو

ف یہ بیچ میں اللہ نے فرمایا کہ اللہ کو بہتر معلوم ہے اور بیٹا نہ ہو جیسے وہ بیٹی باقی اس کا کلام ہے وہ نا امید ہوئی کہ میری نذر پوری نہ پڑی کیونکہ دستور لڑکی نیاز کرنے کا نہ تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ ان کی ماں نے خواب دیکھا کہ اگرچہ یہ لڑکی ہے اللہ نے یہی نیاز میں قبول کی، اس کو مسجد میں لے جاوہ لے گئی مسجد کے بزرگوں نے پہلے کہا کہ لڑکی کا رکھنا دستور نہیں جب اس کا خواب سنا تب قبول کیا اور حضرت زکریا کی عورت انکی خالہ تھی وہی رکھنے لگے ان کے واسطے مسجد میں الگ حجرہ بنایا دن کو یہ وہاں عبادت کرتیں رات کو حضرت زکریا اپنے ساتھ گھر لے جاتے ان سے یہ کرامت دیکھی کہ بے موسم میوہ خدا کے ہاں سے آتا تب حضرت زکریا جو ساری عمر اولاد سے نا امید تھے اب امیدوار ہوئے کہ میوہ بے موسم شاید مجھ کو بھی ملے، اسی جگہ اولاد کی دعا کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ گواہی دے گا اللہ کے حکم کی یعنی مسیح کی جب حضرت عیسٰے پیدا ہوئے۔ حضرت یحییٰ لوگوں کو آگے سے خبر دیتے تھے۔ حضرت عیسٰے کو اللہ نے خطاب دیا ہے اپنا حکم یعنی محض حکم سے پیدا ہوئے بغیر باپ کے۔ ۱۲۔ منہ رح

كَثِيْرًا وَّ سَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۴۱﴾ ع وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ

بہت اور تسبیح کر شام اور صبح کو ف۱ اور جس وقت کہا فرشتوں نے

يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰكِ عَلٰى

اے مریم تحقیق اللہ نے برگزیدہ کیا تجھ کو اور پاک کیا تجھ کو اور برگزیدہ کیا تجھ کو اوپر

نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۲﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ

عورتوں عالموں کے اے مریم فرمانبرداری کر واسطے پروردگار اپنے کے اور سجدہ کیا کر

وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ

اور رکوع کیا کر ساتھ رکوع کرنے والوں کے یہ خبروں غیب کی سے ہے وحی کرتے ہیں ہم اسکو

اِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ

طرف تیرے اور نہ تھا تو پاس ان کے جس وقت ڈالتے تھے قلموں اپنے کو کون ان میں سے

يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ اِذْ

پالے مریم کو اور نہ تھا تو پاس ان کے جب جھگڑتے تھے ف۲ جس وقت

قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ڰ

کہا فرشتوں نے اے مریم تحقیق اللہ بشارت دیتا ہے تجھ کو ساتھ ایک بات کے اپنی طرف سے

اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا

نام اس کا ہے مسیح عیسےٰ بیٹا مریم کا آبرو والا بیچ دنیا کے

وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ

اور آخرت کے اور نزدیک کیے گیوں سے ف۳ اور باتیں کرے گا لوگوں سے بیچ جھولے کے

وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ

اور ادھیڑ اور صالحوں سے ہے ف۴ کہا اے رب میرے کیونکر ہوگا واسطے میرے بچہ

وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ

اور نہیں ہاتھ لگایا مجھ کو کسی آدمی نے کہا اسی طرح اللہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے

اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۷﴾ وَيُعَلِّمُهُ

جب مقرر کرتا ہے کچھ کام کو پس سوائے اس کے نہیں کہ کہتا ہے اس کو ہو پس ہو جاتا ہے اور سکھاوے گا اسکو

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۴۸﴾ وَرَسُوْلًا

لکھنا اور حکمت اور توراۃ اور انجیل اور کریگا اس کو پیغمبر

ع ۴ / ۱۱ / ۱۲

ف۱ پھر جب حضرت یحییٰ ماں کے پیٹ میں پڑے تو حضرت زکریا کو تین روز یہی حالت رہی کہ آدمی سے کلام نہ کر سکتے اس وقت ان کی عمر ایک سو برس کی تھی اور ان کی عورت کی عمر دو کم سو سال اور انہی دنوں حضرت مریم کے پیٹ میں حضرت عیسےٰ پیدا ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ مسجد کے بزرگوں نے جب حضرت مریم کی ماں کا خواب سنا تو سب لگے چاہنے کہ ہم پالیں مریم کو۔ فیصلہ اس بات پر ہوا کہ ہر ایک نے اپنا قلم جس سے وہ توریت لکھتے تھے، پانی بہتے میں ڈالا سب قلم بہاؤ پر بہے اور حضرت زکریا کا قلم الٹا اوپر کو بہا تب ان ہی کی طرف ان کا پالنا ٹھہرا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت عیسیٰ کی بشارت پہلے نبیوں نے دی تھی کہ مسیح پیدا ہوگا جس سے بنی اسرائیل کا عروج ہوگا۔ مسیح کے معنی جس کے ہاتھ لگانے سے بیمار اچھے ہوں یا جس کا کہیں وطن نہ ہو۔ ہمیشہ سیاحی میں رہے سو حضرت عیسےٰ پیدا ہوئے اور یہود ان کو نہیں مانتے۔ جب یہود میں دجال پیدا ہوگا، وہ آپ کو مسیح کہے گا یہود اس کو مسیح مانیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی ہدایت کی باتیں (باقی ص۲۰ پر)

إِلَىٰ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ أَنِّى قَدْ جِئْتُكُم بِـَٔايَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ
طرف بنی اسرائیل کے یہ کہ تحقیق میں آیا ہوں تمہارے پاس ساتھ ایک نشانی کے پروردگار تمہارے سے

أَنِّىٓ أَخْلُقُ لَكُم مِّنَ ٱلطِّينِ كَهَيْـَٔةِ ٱلطَّيْرِ فَأَنفُخُ فِيهِ
یہ کہ بناتا ہوں میں واسطے تمہارے مٹی سے مانند صورت جانور کے پس پھونکتا ہوں میں بیچ اس کے

فَيَكُونُ طَيْرًۢا بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۖ وَأُبْرِئُ ٱلْأَكْمَهَ وَٱلْأَبْرَصَ
پس ہو جاتا ہے جانور ساتھ حکم اللہ تعالیٰ کے اور چنگا کرتا ہوں پیٹ کے اندھے کو اور کوڑھی کو

وَأُحْىِ ٱلْمَوْتَىٰ بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۖ وَأُنَبِّئُكُم بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا
اور جلاتا ہوں مُردے کو ساتھ حکم اللہ کے اور خبر دیتا ہوں تم کو ساتھ اس چیز کے کہ کھاتے ہو تم اور جو کچھ

تَدَّخِرُونَ فِى بُيُوتِكُمْ ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم
ذخیرہ کرتے ہو تم بیچ گھروں اپنوں کے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم

مُّؤْمِنِينَ ﴿۴۹﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ مِنَ ٱلتَّوْرَىٰةِ
ایمان والے ف۱ اور سچا کرنے والا اس چیز کو کہ آگے میرے ہے توریت سے

وَلِأُحِلَّ لَكُم بَعْضَ ٱلَّذِى حُرِّمَ عَلَيْكُمْ ۚ وَجِئْتُكُم بِـَٔايَةٍ
اور تو کہ حلال کروں میں واسطے تمہارے بعضی وہ چیز کہ حرام کی گئی ہے اوپر تمہارے اور لایا ہوں میں پاس تمہارے نشانی

مِّن رَّبِّكُمْ فَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿۵۰﴾ إِنَّ ٱللَّهَ رَبِّى
رب تمہارے سے پس ڈرو اللہ تعالیٰ سے اور کہا مانو میرا تحقیق اللہ پروردگار ہے میرا

وَرَبُّكُمْ فَٱعْبُدُوهُ ۗ هَٰذَا صِرَٰطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿۵۱﴾ فَلَمَّآ
اور پروردگار تمہارا پس عبادت کرو اس کی یہ ہے راہ سیدھی ف۲ پس جب

أَحَسَّ عِيسَىٰ مِنْهُمُ ٱلْكُفْرَ قَالَ مَنْ أَنصَارِىٓ إِلَى
دیکھا عیسےٰ نے اُن سے کفر کہا کون ہیں مدد دینے والے مجھ کو طرف

ٱللَّهِ ۖ قَالَ ٱلْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ ٱللَّهِ ءَامَنَّا بِٱللَّهِ وَٱشْهَدْ
اللہ کے کہا حواریوں نے کہ ہم ہیں مدد دینے والے اللہ کے ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور تو گواہ رہ

بِأَنَّا مُسْلِمُونَ ﴿۵۲﴾ رَبَّنَآ ءَامَنَّا بِمَآ أَنزَلْتَ وَٱتَّبَعْنَا ٱلرَّسُولَ
ساتھ اس کے کہ ہم مطیع ہیں ف۳ اے پروردگار ہمارے ہم ایمان لائے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری تو نے اور پیروی کی ہم نے رسول کی

فَٱكْتُبْنَا مَعَ ٱلشَّٰهِدِينَ ﴿۵۳﴾ وَمَكَرُوا۟ وَمَكَرَ ٱللَّهُ ۖ وَٱللَّهُ خَيْرُ
پس لکھ ہم کو ساتھ شاہدوں کے اور مکر کیا انہوں نے اور مکر کیا اللہ نے اور اللہ بہتر ہے

ف۱ حضرت عیسےٰ کو توریت اور ہر کتاب بغیر پڑھے آتی تھی اور سب معجزے ہوتے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت عیسےٰ کے وقت توریت میں سے کئی حکم جو مشکل تھے موقوف ہوئے باقی وہی توریت کا حکم تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت عیسےٰ کے بارہ یار کا خطاب تھا، حواری۔ حواری اصل میں کہتے ہیں دھوبی کو۔ ان میں پہلے جو دو شخص ان کے تابع ہوئے دھوبی تھے۔ حضرت عیسےٰ نے ان سے کہا کہ کپڑے کیا دھویا کرتے ہو میں تم کو دل دھونے سکھا دوں۔ وہ ان کے ساتھ ہو لیے اس طرح سب کو یہی خطاب ٹھہر گیا۔ فائدہ اس آیت کے معنی یہ کہ حضرت عیسےٰ اصل رسول تھے واسطے بنی اسرائیل کے جب یہ معلوم کیا کہ یہ میرا دین قبول نہ کریں گے چاہا کہ اور کوئی میرے دین کو رواج دے، حواریوں کے ہاتھ سے غیروں کو دین پہنچا جواب تک بنی اسرائیل ان کے دین میں کم ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

الْمٰكِرِيْنَ ﴿٥٤﴾ ع إِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰى إِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ ع ٥ ١٤ ١٣
مکر کرنے والوں کا ف۱ جس وقت کہا اللہ تعالیٰ نے اے عیسےٰ تحقیق میں لینے والا ہوں تجھ کو اور اٹھانے والا ہوں تجھ کو

اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ
طرف اپنی اور پاک کرنے والا ہوں تجھ کو لوگوں سے کہ کافر ہوئے اور کرنے والا ہوں ان لوگوں کو کہ

اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ
پیروی کریں گے تیری اوپر ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے قیامت کے دن تک پھر

اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ
طرف میری ہے پھر آنا تمہارا پھر حکم کروں گا درمیان تمہارے بیچ اس چیز کے کہ تھے تم بیچ اس کے

تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا
اختلاف کرتے ف۲ پس جو لوگ کہ کافر ہوئے پس عذاب کروں گا ان کو عذاب

شَدِيْدًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٥٦﴾
سخت بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور نہیں واسطے اُن کے مددگار

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ط
اور جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس پورا دے گا ان کو ثواب اُن کا

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٧﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ
اور اللہ نہیں دوست رکھتا ظالموں کو یہ پڑھتے ہیں ہم اُس کو اُوپر تیرے

الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿٥٨﴾ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ
آیتوں سے اور نصیحت حکمت والی سے تحقیق مثال عیسےٰ کی نزدیک اللہ کے

كَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٥٩﴾
مانند مثال آدم کے ہے پیدا کیا اس کو مٹی سے پھر کہا اس کو ہو پس ہو گیا ف۳

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَمَنْ حَاۗجَّكَ
حق پروردگار تیرے سے ہے پس مت ہو شک لانے والوں سے پس جو کوئی جھگڑے تجھ سے

فِيْهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ
بیچ اس کے پیچھے اس کے کہ آیا تیرے پاس علم سے پس کہہ آؤ بلاویں ہم

اَبْنَاۗءَنَا وَاَبْنَاۗءَكُمْ وَنِسَاۗءَنَا وَنِسَاۗءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا
بیٹوں اپنوں کو اور بیٹوں تمہارے کو اور بی بیاں اپنی کو اور بی بیاں تمہاری کو اور جانوں اپنی کو

ف۱ یہود کے عالموں نے اس وقت کے بادشاہ کو بہکایا کہ یہ شخص ملحد ہے توریت کے حکم سے خلاف بتاتا ہے اس نے لوگ بھیجے کہ ان کو پکڑ کر لاویں جب وہ پہنچے تو حضرت عیسےٰ کے یار کھسک گئے اس شتابی میں حق تعالیٰ نے حضرت عیسےٰ کو آسمان پر اٹھا لیا اور ایک صورت ان کی رہ گئی اسی کو پکڑ لائے، پھر سولی پر چڑھایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت عیسےٰ کے تابع اوّل نصاریٰ تھے پیچھے مسلمان ہیں سو ہمیشہ غالب رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ نصاریٰ اس بات پر حضرت سے بہت جھگڑے کہ عیسےٰ بندہ نہیں اللہ کا بیٹا ہے آخر کہنے لگے کہ وہ اللہ کا بیٹا نہیں تو تم بتاؤ کہ کس کا بیٹا ہے اس کے جواب میں یہ آیت اتری کہ آدم کو تو ماں نہ باپ عیسےٰ کو باپ نہ ہو تو کیا عیب ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦١﴾

اور جانوں تمہاری کو پھر التجا کریں پس کریں ہم لعنت اللہ تعالیٰ کی اوپر جھوٹوں کے ف۱

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ

تحقیق یہ البتہ وہ ہے بیان سچا اور نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق

اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٢﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ

اللہ البتہ وہی ہے غالب حکمت والا پس اگر پھر جاویں پس تحقیق اللہ جاننے والا ہے

بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٣﴾ ع قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ

ساتھ مفسدوں کے کہہ اے اہل کتاب آؤ طرف ایک بات کے کہ برابر ہے

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا وَّلَا

درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے یہ کہ نہ عبادت کریں ہم مگر اللہ کو اور نہ شریک لاویں ساتھ اس کے کچھ اور نہ

يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا

پکڑے بعض ہمارا بعض کو پروردگار سوائے اللہ کے پس اگر پھر جاویں

فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

پس کہو گواہ رہو تم ساتھ اس کے کہ ہم فرمانبردار ہیں اے اہل کتاب کے کیوں

تُحَآجُّوْنَ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَمَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ

جھگڑتے ہو تم بیچ ابراہیم کے اور نہ اتاری گئی توریت اور انجیل

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٥﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ

مگر پیچھے اس کے کیا پس نہیں سمجھتے ف۲ ہاں تم وہ لوگ ہو کہ جھگڑے تم

فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ

بیچ اس چیز کے کہ تھا واسطے تمہارے ساتھ اس کے علم پس کیوں جھگڑتے ہو بیچ اس کے کہ نہیں واسطے تمہارے ساتھ اس کے علم

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے نہ تھا ابراہیم یہودی

وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ

اور نہ نصرانی اور لیکن تھا حنیف فرمانبردار اور نہ تھا

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦٧﴾ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

شرک کرنے والوں سے تحقیق نزدیک تر لوگوں کے ساتھ ابراہیم کے البتہ وہ لوگ ہیں کہ پیروی کرتے ہیں

ف۱ اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا کہ نصاریٰ اس قدر سمجھائے پر بھی اگر نہ قائل ہوں تو ان کے ساتھ قسم کرو یہ بھی ایک صورت فیصلہ کی ہے کہ دونوں طرف اپنی جان سے اور اولاد سے حاضر ہوں، اور دعا کریں کہ جو کوئی ہم میں جھوٹا ہے اس پر لعنت اور عذاب پڑے پھر حضرت آپ ؐ اور حضرت فاطمہ ؓ اور امام حسن ؓ اور امام حسین ؓ اور حضرت علی ؓ کو لے کر گئے ان نصاریٰ میں جو دانا تھے انہوں نے مقابلہ نہ کیا اور جزیہ دینا قبول رکھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ٦ ٩ ١٤

ف۲ ایک یہود اور نصاریٰ کا جھگڑا یہ تھا کہ ہر کوئی کہتا تھا کہ ابراہیم ؑ ہمارے دین پر تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۗ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَدَّتْ
اس کی اور یہ نبی اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور اللہ دوست ہے ایمان والوں کا ف۱ دوست رکھتی

طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ۗ وَمَا يُضِلُّوْنَ
ہے ایک جماعت اہل کتاب سے کاش کہ گمراہ کردیں تم کو اور نہیں گمراہ کرتے

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ
مگر جانوں اپنی کو اور نہیں سمجھتے اے اہل کتاب کے کیوں

تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ
کفر کرتے ہو ساتھ نشانیوں اللہ کے اور تم گواہ ہو ف۲ اے اہل کتاب

لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ
کیوں ملاتے ہو سچ کو ساتھ جھوٹ کے اور چھپاتے ہو حق کو اور تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا
جانتے ہو ف۳ اور کہا ایک جماعت نے اہل کتاب سے ایمان لاؤ

بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا
ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے اوپر ان لوگوں کے کہ ایمان والے ہیں اول دن کے اور کافر ہوجاؤ

اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ
آخر دن کے شاید کہ وہی پھر جاویں اور مت مانو مگر واسطے اس شخص کے کہ پیروی کرے

دِيْنَكُمْ ۗ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ
دین تمہارے کی کہہ تحقیق ہدایت ہدایت اللہ کی ہے یہ کہ دیا جاوے کوئی شخص

مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۗ قُلْ اِنَّ
جیسا دیئے گئے ہو تم یا یہ کہ جھگڑا کریں تم سے نزدیک رب تمہارے کے کہہ تحقیق

الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾
فضل بیچ ہاتھ اللہ کے ہے دیتا ہے جس کو چاہے اور اللہ کشائش والا جاننے والا ہے

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾
خاص کرتا ہے ساتھ رحمت اپنی کے جسے چاہے اور اللہ صاحب فضل بڑے کا ہے ف۴

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ
اور بعض اہل کتاب میں سے وہ ہے کہ اگر امانت دے اس کو خزانہ ادا کردے اس کو طرف تیری

ف۱ اللہ صاحب نے فرمایا کہ ابراہیم کو یہودی یا نصرانی اگر اس معنی سے کہتے ہو کہ توریت اور انجیل پر عمل کرتا تھا یہ تو صریح بے عقلی ہے۔ توریت اور انجیل اس سے بعد نازل ہوئیں ہیں اور اگر یہ غرض ہے کہ اس وقت بھی اہل ہدایت کا نام تھا یہود اور نصاریٰ تو بھی غلط ہے بلکہ ابراہیم نے اپنے تئیں حنیف کہا ہے یا مسلم حنیف کے معنی جو کوئی ایک راہ حق پکڑے اور سب راہ باطل چھوڑ کے
ع ۸ ۱۵ اور مسلم کے معنی حکمبردار۔ اور اگر یہ غرض ہے کہ دینوں میں یہود کے دین کو یا نصاریٰ کے دین کو زیادہ مناسبت ہے ابراہیم کے دین سے سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ زیادہ مناسبت ابراہیم سے اس وقت کی امت کو تھی یا پچھلی اُمتوں میں اس نبی کی اُمت کو ہے تو یہ اُمت نام میں بھی اور راہ میں بھی ابراہیم سے مناسبت زیادہ رکھتی ہے پھر فرمایا کہ اپنی راہ کے حق ہونے پر کسی کی موافقت سے دلیل جب پکڑے کہ اپنے اوپر وحی نہ آئی ہو سو اللہ والی ہے مسلمانوں کا یہ کہ اسکے حکم پر چلتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۲ یعنی توریت کے قائل ہو پھر اسی کے خلاف کہتے ہو۔ ۱۲ منہ رح
(باقی صفحہ ۔۔ پر)

وَمِنْهُمْ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا
اور بعضا ان میں سے وہ شخص ہے کہ اگر امانت دے اس کو ایک دینار نہ ادا کرے اس کو طرف تیری مگر جب تک کہ

دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي
رہے تو اوپر اس کے کھڑا یہ اس واسطے کہ کہا انہوں نے نہیں اوپر ہمارے بیچ

الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ وَھُمْ
ان پڑھوں کے کچھ راہ اور کہتے ہیں اوپر اللہ کے جھوٹ اور وہ

يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰي مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
جانتے ہیں نہ بلکہ جو کوئی پورا کرے عہد اپنے کو اور پرہیزگاری کرے پس تحقیق اللہ دوست

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ
رکھتا ہے پرہیزگاروں کو ف۱ تحقیق جو لوگ کہ مول لیتے ہیں بدلے عہد اللہ کے اور قسموں اپنی کے

ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰۗىِٕكَ لَا خَلَاقَ لَھُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُھُمُ
مول تھوڑا یہ لوگ نہیں حصہ واسطے ان کے بیچ آخرت کے اور نہ بولے گا ان سے

اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَلَھُمْ
اللہ اور نہ دیکھے گا طرف ان کی دن قیامت کے اور نہ پاک کرے گا ان کو اور واسطے انکے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَھُمْ
عذاب ہے درد دینے والا ف۲ اور تحقیق بعضے ان میں سے البتہ ایک فرقہ ہے کہ موڑتے ہیں زبانوں اپنی کو

بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا ھُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ
ساتھ کتاب کے تو کہ جانو تم اس کو کتاب سے اور نہیں وہ کتاب سے

وَيَقُوْلُوْنَ ھُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا ھُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ
اور کہتے ہیں وہ نزدیک اللہ کے سے ہے اور نہیں وہ نزدیک اللہ کے سے

وَيَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ وَھُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾ مَا كَانَ
اور کہتے ہیں اوپر اللہ تعالٰے کے جھوٹ اور وہ جانتے ہیں ف۳ نہیں لائق واسطے

لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ
کسی آدمی کے یہ کہ دیوے اس کو اللہ کتاب اور حکمت اور پیغمبری پھر کہے واسطے

لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا
لوگوں کے ہو جاؤ تم بندے واسطے میرے سوائے خدا کے اور لیکن ہو جاؤ تم

ف۱ یہ اللہ صاحب مسلمانوں کو سناتا ہے کہ جن کی یہ نیت ہے کہ پرایا حق کھانے کو یہ مسئلہ بنا لیا کہ ہم کو غیر دین والوں کی امانت میں خیانت کرنی روا ہے ان کی بات دین کے مقدمہ میں کیا سند ہو سکے ہمارے ہاں بھی کافر حربی کا مال زور سے بینا روا ہے لیکن امانت میں خیانت روا نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ یہود میں صفت تھی کہ ان سے اللہ نے قرار لیا تھا اور قسمیں دی تھیں کہ ہر نبی کے مددگار رہیو پھر غرض دنیا کے واسطے پھر گئے اور جو کوئی جھوٹی قسم کھاوے دنیا ملنے کے واسطے اس کا یہی حال ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی بن پڑھوں کو دغا دیتے ہیں اپنی عبارت بنا کر قرآن کی طرح پڑھنے لگے کہ اللہ نے یوں فرمایا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صـ۶۹ سے آگے)

ف۳ توریت کے بعضے حکم تو موقوف ہی کر ڈالے تھے غرض کے واسطے اور بعضی آیتوں کے معنی پھیر ڈالے تھے اور بعضی چیز چھپا رکھی تھی ہر کسی کو خبر نہ کرتے تھے جیسے بیان پیغمبر آخری کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ بعضے یہود نے آپس میں مشورت کی کہ تم صبح کو جا کر ظاہر میں مسلمان ہو جاؤ اور شام کو پھر جاؤ تو شاید مسلمان بھی پھر جاویں جانیں کہ یہ لوگ منصف تھے کہ

(باقی صـ۷۱ پر)

رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ
اللہ کے لوگ اس واسطے کہ ہو تم سکھاتے کتاب اور اس واسطے کہ ہو تم

تَدْرُسُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ
پڑھتے اور نہیں لائق کہ حکم کرے تم کو یہ کہ پکڑو تم فرشتوں کو

وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ
اور پیغمبروں کو پروردگار کیا حکم کرے گا تم کو ساتھ کفر کے پیچھے اس کے کہ ہو تم

مُّسْلِمُوْنَ ﴿٨٠﴾ ع وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ
مسلمان ف۲ اور جس وقت لیا اللہ نے عہد پیغمبروں کا البتہ جو کچھ دوں میں تم کو

مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا
کتاب سے اور حکمت سے پھر آوے تمہارے پاس پیغمبر سچا کرنے والا اس چیز کو

مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ
کہ ساتھ تمہارے ہے البتہ ایمان لائیو ساتھ اس کے اور البتہ مدد دیجیو اس کو کہا کیا اقرار کیا تم نے

وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا
اور لیا تم نے اوپر اس کے بھاری عہد میرا کہا انہوں نے اقرار کیا ہم نے کہا پس شاہد رہو

وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨١﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ
اور میں ساتھ تمہارے شاہدوں سے ہوں ف۳ پس جو کوئی پھر جاوے پیچھے اس کے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ
پس یہ لوگ وہی ہیں بدکار کیا پس غیر دین خدا کے چاہتے ہیں

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا
اور واسطے اس کے مطیع ہوئے ہیں جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے خوشی سے اور ناخوشی سے

وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا
اور طرف اسی کے پھیرے جاویں گے ف۴ کہہ ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور اس چیز کے کہ اتاری گئی اوپر ہمارے

وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ
اور اس چیز کے کہ اتاری گئی اوپر ابراہیم کے اور اسماعیل کے اور اسحاق کے اور یعقوب کے

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ
اور اولاد اس کی کے اور جو دی گئی موسےٰ کو اور عیسےٰ کو اور نبیوں کو

ف۱ یہود مسلمانوں سے کہتے کہ تمہارا نبی ہم کو کہتا ہے کہ بندگی کرو اللہ کی ہم تو آگے سے اسی کی بندگی کرتے ہیں مگر وہ چاہتا ہے کہ میری بندگی کرو سو اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ جس کو اللہ نبی کرے اور وہ لوگوں کو کفر سے نکال کر مسلمانی میں لاوے
٨ ع ٩ ١٦ پھر کیونکر ان کو کفر سکھاوے مگر تم کو یہ کہتا ہے کہ تم میں جو آگے دینداری تھی، کتاب کا پڑھنا اور سکھانا وہ نہیں رہی اب میری صحبت میں وہی کمال حاصل کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اللہ نے اقرار لیا نبیوں کا یعنی نبیوں کے مقدمہ میں بنی اسرائیل سے اقرار لیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی ہر عہد کا جو حکم فرمایا اس کے سوا اور دین قبول نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ ص۶۹ کا ف۷ سے آگے)
اپنا دین چھوڑ کر ہمارے دین میں آئے تھے پھر کچھ ایسی غلطی پائی کہ پھر گئے اور آپس میں کہا کہ دل سے ہرگز یقین نہ کریو مگر اپنے دین والوں کی بات تا کسی کے دل میں سچ اسلام نہ آجاوے سو اللہ تعالیٰ نے ان کا فریب کھول دیا فرمایا تو کہہ ہدایت وہی جو اللہ دے تمہارے فریب سے کوئی گمراہ نہ ہوگا مگر تم یہ حسد کرتے ہو کہ آگے نبوت اور بزرگی بنی اسرائیل میں تھی اب اور فرقے میں کیوں ہوئی یا دین کی،
(باقی ص۷۲ پر)

رَّبِّهِمْ ۖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ﴿٨٤﴾
پروردگار ان کے سے نہیں جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے ان میں سے اور ہم واسطے اس کے فرمانبردار ہیں
وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِينًا فَلَن يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ
اور جو کوئی چاہے سوائے اسلام کے دین پس ہرگز نہ قبول کیا جاوے گا اس سے اور وہ
فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٨٥﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللَّهُ قَوْمًا
بیچ آخرت کے ٹوٹا پانے والوں سے ہے کیونکر ہدایت کرے اللہ اس قوم کو کہ
كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ وَشَهِدُوا أَنَّ الرَّسُولَ حَقٌّ
کافر ہوئے پیچھے ایمان اپنے کے اور گواہی دی یہ کہ رسول سچ ہے
وَجَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ ۚ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٨٦﴾
اور آئیں ان کے پاس دلیلیں اور اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم ظالموں کو
أُولَٰئِكَ جَزَاؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ
یہ لوگ سزا ان کی یہ ہے کہ اوپر ان کے لعنت ہے اللہ کی اور فرشتوں کی
وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿٨٧﴾ خَالِدِينَ فِيهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ
اور لوگوں کی سب کی ہمیشہ رہیں گے بیچ اس کے نہ ہلکا کیا جاوے گا ان سے
الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ﴿٨٨﴾ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن بَعْدِ
عذاب اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاوینگے مگر وہ لوگ کہ جنہوں نے توبہ کی پیچھے
ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٨٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ
اس سے اور نیکی کی پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے تحقیق جو لوگ کہ
كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ
کافر ہوئے پیچھے ایمان اپنے کے پھر زیادہ ہوئے کفر میں ہرگز نہ قبول کی جاویگی توبہ اُن کی
وَأُولَٰئِكَ هُمُ الضَّالُّونَ ﴿٩٠﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ
اور یہ لوگ وہی ہیں گمراہ ف تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور مرگئے اور وہ
كُفَّارٌ فَلَن يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِم مِّلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ افْتَدَىٰ
کافر ہے پس ہرگز نہ قبول کیا جاوے گا کسی ان میں سے بھر کر زمین سونا اور اگرچہ بدلا دے
بِهِ ۗ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿٩١﴾ ع ٩ ع ١١ ١٧
ساتھ اس کے یہ لوگ واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا اور نہیں واسطے ان کے کوئی مدد دینے والا

ف یعنی یہود پہلے اقرار کرتے تھے کہ یہ نبی تحقیق ہے۔ جب ان سے مقابلہ ہوا تو منکر ہوگئے اور بڑھتے گئے انکار میں یعنی لڑائی کو مستعد ہوئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی یعنی ان کو توبہ کرنی ہی نصیب نہ ہوگا۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ ص۶۵ سے آگے) سکھائے گا لوگوں کو سو وہ باتیں حضرت عیسےٰ نے ماں کی گود میں کہیں یا نبی ہو کر کہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ ص۶۹ کا ف سے آگے) مددگار ہی ہیں ہمارے مقابل اور کوئی کیوں ہوا سو یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہا دیا۔ کسی کا حق نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۥ وَمَا

ہرگز نہ پہنچو گے تم بھلائی کو یہاں تک کہ خرچ کرو تم اس چیز سے کہ دوست رکھتے ہو اور جو کچھ

تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝۹۲ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا

خرچ کرو تم کسی چیز سے پس تحقیق اللہ ساتھ اس کے جاننے والا ہے تمام کھانا تھا حلال

لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ

واسطے بنی اسرائیل کے مگر جو حرام کیا تھا یعقوب نے اوپر جان اپنی کے

قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ

پہلے اس سے کہ اتاری جاوے توریت کہہ پس لاؤ تم توریت کو پس پڑھو اس کو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۹۳ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

اگر ہو تم سچے پس جو کوئی باندھ لیوے اوپر اللہ کے جھوٹ

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۹۴ قُلْ صَدَقَ

پیچھے اس کے پس یہ لوگ وہی ہیں ظالم ۲ کہہ سچ کہا

اللّٰهُ ۫ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ

اللہ نے پس پیروی کرو دین ابراہیم حنیف کی اور نہ تھا

الْمُشْرِكِيْنَ ۝۹۵ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ

مشرکوں سے تحقیق پہلا گھر مقرر کیا گیا واسطے لوگوں کے وہ ہے جو بیچ مکہ کے ہے

مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۹۶ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ

برکت والا اور ہدایت واسطے عالموں کے بیچ اس کے نشانیاں ہیں ظاہر مقام

اِبْرٰهِيْمَ ۥ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ

ابراہیم کا اور جو کوئی داخل ہو اس میں ہوتا ہے امن میں اور واسطے اللہ کے اوپر لوگوں کے

حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ

حج کرنا اس گھر کا (یعنی کعبہ کا) جو کوئی پا سکے طرف اس کے راہ اور جو کوئی کافر ہو

فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝۹۷ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

پس تحقیق اللہ بے پروا ہے عالموں سے ۳ کہہ اے اہل کتاب کیوں

تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ۝۹۸

کفر کرتے ہو تم ساتھ نشانیوں اللہ کے اور اللہ گواہ ہے اوپر اس چیز کے کہ کرتے ہو تم

۱ یعنی جو چیز سے دل بہت لگا ہوں کا خرچ کرنا بڑا درجہ ہے اور ثواب ہر چیز میں ہے شاید یہود کے ذکر میں یہ آیت اس واسطے فرمائی کہ ان کو اپنی ریاست بہت عزیز تھی جس کے تھامنے کو نبی ص کے تابع نہ ہوتے تھے تو جب وہ نہ چھوڑیں اللہ کی راہ میں درجہ ایمان نہ پاویں ۱۲۔ منہ رح

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۗ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ﴿۳﴾

یا جس کے مالک ہوئے داہنے ہاتھ تمہارے یہ بہت نزدیک ہے اس سے کہ نہ بے انصافی کرو

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۚ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ

اور دو عورتوں کو مہر ان کے خوشی سے پس اگر خوشی سے دیں واسطے تمہارے

ف۱ ثابت رہو یعنی دین پر اور مقابلے میں یعنی جہاد میں اور لگے رہو یعنی کافروں کے سامنے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی ایک آدم سے حوا بنائی پھر ان سے سارے لوگ۔ اور خبردار ہو ناتوں سے یعنی بدسلوکی مت کرو آپس میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ جس لڑکے کا باپ مرجائے تو اس کے بڑوں کو تقید ہے کہ اس کے مال میں ہاتھ نہ ڈالیں اور بدل نہ لیں اور احتیاط سے رکھیں جب بالغ ہو تو حوالہ کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ④ وَلَا تُؤْتُوا

کچھ چیز سے اس میں سے جی سے پس کھاؤ اس کو سہتا پچتا ف۱ اور مت دو

السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ

بے وقوفوں کو مال ان کے جو کی ہے اللہ نے واسطے تمہارے معیشت قائم رہنا اور کھلاؤ ان کو

فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ⑤ وَابْتَلُوا

اس میں سے اور پہناؤ اور کہو واسطے ان کے بات اچھی ف۲ اور آزمایا کرو

الْيَتٰمٰى حَتّٰىٓ اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ

یتیموں کو یہاں تک کہ جب پہنچیں نکاح کو پس اگر پاؤ تم ان میں سے

رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا

ہوشیاری پس حوالے کرو طرف ان کے مال ان کے اور مت کھاؤ ان کو زیادتی سے

وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ

اور جلدی سے اس سے کہ بڑے ہو جاویں اور جو کوئی ہو بے احتیاج پس چاہیے کہ بچے

وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ فَاِذَا دَفَعْتُمْ

اور جو کوئی ہو فقیر پس کھاوے ساتھ انصاف کے پس جب حوالے کرو

اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ⑥

طرف ان کے مال ان کے پس شاہد پکڑو اوپر ان کے اور کفایت ہے اللہ حساب لینے والا ف۳

لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ وَلِلنِّسَآءِ

واسطے مردوں کے حصہ ہے اس چیز سے کہ چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابتی اور واسطے عورتوں

نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ

کے حصہ ہے اس چیز سے کہ چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابتی تھوڑا ہو اس میں سے

اَوْ كَثُرَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ⑦ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا

یا بہت ہو حصہ ہے مقرر کیا ہوا ف۴ اور جب حاضر ہوں بانٹنے میں

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ

قرابت والے اور یتیم اور فقراء پس کچھ دو ان کو اس میں

وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ⑧ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ

سے اور کہو ان کو بات اچھی ف۵ اور چاہیے کہ ڈریں وہ لوگ کہ اگر

ف۱ یعنی اگر جانو کہ یتیم لڑکی کو ہم نکاح کریں گے تو اس کا حق نہ ادا کریں گے کیونکہ اس کا حق مانگنے والا نہیں تو عورتیں بہت ہیں کچھ کمی نہیں۔ ایک مرد کو دو بھی اور تین بھی اور چار بھی روا ہیں۔ اس سے زیادہ جمع کرنی روا نہیں۔ کیونکر اتنے میں بھی انصاف کرنا مشکل ہے زیادہ میں کب ہو سکا سو اس قدر بھی جب کرو کہ جانو انصاف سے رہو گے نہیں تو ایک ہی بس ہے یا اپنی لونڈی کفایت ہے جس کو کئی عورتیں ہوں تو واجب ہے کھانے پہننے میں اور دینے لینے میں برابر رکھے اور رات رہنے میں باری برابر باندھے اگر نہ کرے گا تو قیامت میں اس کا آدھا جسم گھسٹتا چلے گا اور تقید فرمایا کہ عورت مومن کا مہر پورا خوشی سے ادا کرو۔ اگر وہ خوشی سے کچھ چھوڑ دے تو روا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی لڑکا بے عقل ہے اس کا مال اس کے ہاتھ میں نہ دو اس کا خرچ اس میں چلاؤ جب بالغ ہو اور عقل پیدا کرے تب مال حوالے کرو۔ لیکن بات معقول کہو یعنی تسلی کرو کہ مال تیرا ہے ہمارا نہیں ہم تیری خیر خواہی کرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی یتیم کا مال اپنے خرچ میں نہ لاؤ مگر اس (باقی صفحہ ۹۳ پر)

تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠

چھوڑ جاویں پیچھے اپنے اولاد ناتوان ڈریں اوپر ان کے

فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

پس چاہیے کہ ڈریں اللہ سے اور چاہیے کہ کہیں بات محکم وا تحقیق وہ لوگ جو

يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ

کھاتے ہیں مال یتیموں کے ظلم سے سوائے اس کے نہیں کہ کھاتے ہیں بیچ پیٹوں اپنے کے

نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۰﴾ ع يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ق

آگ اور البتہ جاویں گے آگ میں وصیت کرتا ہے تم کو اللہ بیچ اولاد تمہاری کے

لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَاۗءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ

واسطے مرد کے ہے مانند حصہ دو عورتوں کے پس اگر ہودیں عورتیں زیادہ دو سے

فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۭ

پس واسطے ان کے ہے دو تہائی اس چیز سے کہ چھوڑ گیا اور اگر ہو عورت ایک ہی پس واسطے اس کے ہے آدھا

وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ

اور واسطے ماں باپ اس کے کے ہر ایک کو ان دونوں میں سے چھٹا حصہ اس چیز سے کہ چھوڑ گیا ہے اگر

كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ

ہو واسطے اس کے اولاد پس اگر نہ ہو واسطے اس کے اولاد اور وارث ہوئے ماں باپ اس کے پس واسطے

الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ

ماں اس کی کے ہے تیسرا حصہ پس اگر ہوں واسطے اس کے بھائی پس واسطے ماں اس کی کے چھٹا حصہ پیچھے

وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ

وصیت کے کہ وصیت کر جاوے ساتھ اس کے یا قرض کے باپ تمہارے یا بیٹے تمہارے نہیں جانتے تم

اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

کون ان میں سے بہت نزدیک ہے واسطے تمہارے نفع میں مقرر کیا ہوا ہے اللہ کی طرف سے تحقیق اللہ تعالیٰ ہے

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ

جاننے والا حکمت والا وا اور واسطے تمہارے ہے آدھا اس چیز سے کہ چھوڑ گئی ہیں بی بیاں تمہاری اگر نہ ہو

يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا

واسطے ان کے اولاد پس اگر ہو واسطے ان کے اولاد پس واسطے تمہارے چوتھائی اس چیز کی کہ

وا یعنی میت کے پیچھے اس کی اولاد کے حق میں قصور نہ کریں اپنے اوپر قیاس کریں کہ ہماری اولاد رہ جاوے پیچھے تو ہم کو کیا فکر ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

وا۲ اس آیت میں دو امر فرمائیں اولاد کی اور ماں باپ کی۔ ع ۱۰ ۱۲ اولاد اگر ملے ہیں مرد اور عورت تو مرد کا دوہرا حصہ عورت کا اکہرا اور اگر فقط عورتیں ہیں تو ایک کو آدھا مال اور زیادہ ہوں تو دو تہائی برابر بانٹ لیویں اور ماں کا حصہ اگر میت کو اولاد ہے یا بہن بھائی ہیں ایک سے زیادہ تو چھٹا حصہ اور اگر دونوں نہیں تو تہائی اور باپ کا حصہ اگر میت کو اولاد ہے تو چھٹا حصہ اور اگر اولاد نہیں تو عصبہ ہوا اور میت کا مال اول اس کے دفن اور کفن کو لگا دیجئے جو کچھ بچے وہ اس کے قرض میں دیجئے جو کچھ بچے تو اس کی وصیت میں ایک تہائی تک لگا دیجئے اس کے بعد میراث کے حصے ہیں اور ان حصوں میں عقل کا دخل نہیں اللہ صاحب نے مقرر فرمائے وہ سب سے دانا تر ہے۔

۱۲۔ منہ رح

تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ

چھوڑ گئی ہیں پیچھے وصیت کے کہ وصیت کر جاویں ساتھ اس کے یا قرض کے اور واسطے

الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ

ان کے ہے چوتھائی اس چیز کی کہ چھوڑ جاؤ تم پیچھے اگر نہ ہو واسطے تمہارے اولاد پس اگر ہو واسطے تمہارے اولاد

فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ

پس واسطے ان کے آٹھواں حصہ ہے اس چیز کا کہ چھوڑ جاؤ تم پیچھے وصیت کے کہ وصیت کر جاؤ تم ساتھ

اَوْ دَيْنٍ ؕ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ

اس کے یا قرض کے ۱؎ اور اگر ہو وہ مرد کہ میراث لی جاتی ہے اس کی کلالہ یا وہ عورت ہو اور واسطے اس کے

اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا

ہے ایک بھائی یا ایک بہن پس واسطے ہر ایک کے ان دونوں میں سے چھٹا حصہ ہے پس اگر ہوں

اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

زیادہ اس سے پس وہ ساجھی برابر ہیں بیچ تہائی کے پیچھے وصیت کے کہ

يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

وصیت کی جاتی ہے ساتھ اس کے یا قرض کے نہیں ضرر پہنچانے والا کسی کو مقرر کیا گیا اللہ کی طرف سے اور اللہ

عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ؕ ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

جاننے والا تحمل والا ہے ۲؎ یہ ہیں حدیں اللہ کی اور جو کوئی کہا مانے اللہ تعالیٰ کا اور رسول اس کے

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

کا داخل کرے گا اس کو بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیش رہنے والی بیچ اس کے

وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور یہ ہے مراد پانا بڑا اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ کی اور رسول اس کے کی

وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ

اور گذر جاوے حدوں اس کی سے داخل کرے گا اس کو آگ میں ہمیش رہنے والے بیچ اس کے اور واسطے اس کے عذاب

مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ ع وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ

ہے ذلیل کرنے والا اور وہ عورتیں کہ آتی ہیں بے حیائی کو عورتوں تمہاری سے

فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا

پس گواہ مانگو اوپر ان کے چار گواہ اپنے میں سے پس اگر گواہی دیں



۱؎ یہاں تک مرد اور عورت کی میراث فرمائی عورت کے مال میں مرد کو آدھا ہے اگر عورت کو اولاد نہیں اور اگر اولاد ہے اس مرد سے یا اور سے تو مرد کو چوتھائی اور اسی طرح مرد کے مال میں عورت کو چوتھائی اگر مرد کو اولاد نہیں اور اگر اولاد ہے تو عورت کو آٹھواں حصہ ہر جنس مال میں نقد یا جنس سلاح یا زیور یا حویلی یا باغ باقی عورت کا مہر میراث سے جدا ہے قرض میں داخل ہے۔ ۱۲ منہ رح

۲؎ یعنی میراث فرمائی بھائی بہن کی سو باپ کے اور بیٹے کے ساتھ بھائی بہن کو کچھ نہیں جب باپ بیٹا نہ ہو تب بھائی بہن کو پہنچے بھائی بہن تین طرح ہیں یا سگے جو ماں باپ میں شریک ہوں یا سوتیلے جو باپ میں شریک ہیں یا اخیافی جو ماں میں شریک یہ میراث ان تیسروں کی ہے ایک کو چھٹا حصہ اور زیادہ کو تہائی ان میں مرد اور عورت کو برابر اور وہ دو قسم کے بھائی بہن مثل اولاد کے ہیں جب باپ بیٹا نہ ہو پہلے سگے وہ نہ ہو تو سوتیلے اس سورت کے آخر ان کی میراث ہے اور یہ فرمایا کہ وصیت پہلے ہے جب اوروں کا نقصان نہ کیا ہو نقصان کی دو طرح ہیں ایک یہ کہ مال کی تہائی سے زیادہ دلوا مراد وہ تہائی تک جاری ہے۔ (باقی صفحہ ۹۶ پر)

ع ۴/۱۳

فَأَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيُوتِ حَتَّىٰ يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ
پس بند رکھو ان کو بیچ گھروں کے یہاں تک کہ اٹھالے ان کو موت یا

يَجْعَلَ اللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلًا ﴿١٥﴾ وَاللَّذَانِ يَأْتِيَانِهَا مِنْكُمْ
کرے اللہ واسطے ان کے کچھ راہ ف۱ اور جو دو مرد آویں اس بے حیائی کو تم میں سے

فَآذُوهُمَا ۖ فَإِنْ تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُوا عَنْهُمَا ۗ إِنَّ
پس ایذا دو ان کو پس اگر توبہ کریں اور نیکی پر آویں پس منہ پھیر لو ان سے تحقیق

اللَّهَ كَانَ تَوَّابًا رَحِيمًا ﴿١٦﴾ إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللَّهِ لِلَّذِينَ
اللہ ہے پھر آنے والا مہربان ف۲ سوائے اس کے نہیں کہ توبہ قبول کرنا اوپر اللہ کے واسطے ان لوگوں کے

يَعْمَلُونَ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِنْ قَرِيبٍ فَأُولَٰئِكَ
ہے کہ کرتے ہیں برائی ساتھ نادانی کے پھر توبہ کرتے ہیں جلدی سے پس یہ لوگ ہیں

يَتُوبُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧﴾ وَلَيْسَتِ
کہ رجوع کرتا ہے اللہ اوپر ان کے اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا اور نہیں

التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ حَتَّىٰ إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ
توبہ واسطے ان لوگوں کے کہ کرتے ہیں برائیاں یہاں تک کہ جب حاضر ہوتی ہے ایک ان کے کو

الْمَوْتُ قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ وَلَا الَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمْ
موت کہتا ہے تحقیق توبہ کی میں نے اب اور نہ واسطے ان لوگوں کے جو مرجاتے ہیں اور وہ

كُفَّارٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
کافر ہیں یہ لوگ تیار کیا ہے ہم نے واسطے ان کے عذاب درد دینے والا ف۳ اے لوگو جو

آمَنُوا لَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُوا النِّسَاءَ كَرْهًا ۖ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ
ایمان لائے ہو نہیں حلال واسطے تمہارے یہ کہ وارث ہو جاؤ عورتوں کے زبردستی اور مت منع کرو ان کو

لِتَذْهَبُوا بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوهُنَّ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ
تو کہ لے لو بعضی وہ چیز کہ دی ہے تم نے ان کو مگر یہ کہ لاویں بے حیائی

مُبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ
ظاہر اور صحبت رکھو ان کے ساتھ اچھی طرح کی پس اگر ناپسند رکھو ان کو پس شاید

أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا ﴿١٩﴾ وَإِنْ
کہ مکروہ رکھو تم کچھ چیز کو اور کرے اللہ بیچ اس کے بھلائی بہت ف۴ اور اگر

ف۱ یہ حکم زنا کا فرمایا کہ چار مرد مسلمان شاہد چاہئیں پھر ابھی حد نازل نہ فرمائی وعدہ رکھا آخر حد نازل ہوئی سورۂ نور میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اگر دو مرد فعل بد کریں ان کا حکم بھی اس وقت مجمل ایذا دینی فرمائی اور اگر توبہ کریں تو ایذا نہ دو پھر جب حد نازل ہوئی تو اس کی حد جدا نہ فرمائی۔ اس میں علماء کو اختلاف رہا کہ وہی حد ہے اس کی بھی یا شمشیر سے قتل کرنا یا کچھ اور طور سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ جب موت یقین ہو چکی اور آخرت نظر آنے لگی تب توبہ قبول نہیں اور اس سے پہلے قبول ہے مسلمان کی توبہ اور کافر اگر گناہ سے توبہ کرے وہ گناہ نہیں اترتا مگر جو مسلمان ہو کر مرے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اس آیت میں دو حکم ہیں میت مر جاوے تو اس کی عورت اپنی نکاح کی مختار ہے میت کے بھائیوں کو زور آوری اپنے نکاح میں لینا نہیں پہنچتا اور نہ ان کو روکنا پہنچے نکاح سے کہ عاجز ہو کر کچھ جو میت نے دیا تھا وہ پھیر جاوے مگر بے شرع بات سے روکنا البتہ چاہیئے دوسرا حکم یہ کہ عورتوں سے گزران کرے تحمل کے ساتھ اگر اس میں بعضی چیز ناپسند ہو تو شاید کچھ خوبی بھی ہو۔ بدخو کے ساتھ بدخوئی نہ چاہیئے۔ ۱۲۔ منہ رح

أَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ
چاہو تم بدل لینا ایک جورو کا جگہ ایک جورو کے اور دیا ہے تم نے ایک کو ان میں سے
قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا وَّإِثْمًا
خزانہ پس مت لو اس میں سے کچھ کیا لوگے تم اس کو بہتان کر اور گناہ
مُّبِينًا ﴿٢٠﴾ وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَىٰ بَعْضُكُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ
ظاہر اور کیونکر لوگے اس کو اور تحقیق ملے ہیں بعضے تمہارے طرف بعض کی
وَّأَخَذْنَ مِنكُم مِّيثَاقًا غَلِيظًا ﴿٢١﴾ وَلَا تَنكِحُوا مَا نَكَحَ
اور لیا ہے انہوں نے تم سے قول گاڑھا ؂۱ اور مت نکاح کرو اس کو جو نکاح کیا ہے
آبَاؤُكُم مِّنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً
باپوں تمہارے نے عورتوں سے مگر جو گذرا تحقیق یہ ہے بے حیائی
وَّمَقْتًا وَسَاءَ سَبِيلًا ﴿٢٢﴾ ع حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ
اور ناخوشی اللہ کی اور بری ہے راہ ؂۲ حرام کی گئیں اوپر تمہارے مائیں تمہاری اور بیٹیاں تمہاری
وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ
اور بہنیں تمہاری اور پھوپھیاں تمہاری اور خالائیں تمہاری اور بیٹیاں بھائیوں کی اور بیٹیاں
الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ
بہنوں کی اور مائیں تمہاری جنہوں نے دودھ پلایا تم کو اور بہنیں تمہاری
الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي
دودھ سے اور مائیں بی بیوں تمہاری کی اور اولاد جوروؤں تمہاری کی جو بیچ
حُجُورِكُم مِّن نِّسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ
گودیوں تمہاری کے ہیں بی بیوں تمہاری سے جو صحبت کی ہے تم نے ان سے پس اگر نہیں
تَكُونُوا دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَائِلُ
صحبت کی تم نے ساتھ ان کے پس نہیں گناہ اوپر تمہارے اور جوروئیں
أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ وَأَن تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ
بیٹوں تمہارے کی جو صلب تمہاری سے ہیں اور یہ کہ اکٹھا کرو تم درمیان دو بہنوں کے
إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٣﴾
مگر جو گذرا تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان

؂۱ یعنی جب مرد عورت تک پہنچا تو اس کا تمام مہر لازم ہوا اب بغیر اس کے چھوڑے نہیں چھوٹتا اور عہد گاڑھا یہی کہ حکم شرع سے عورت مرد کے قبضہ میں آئی والا اس کا مالک نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

؂۲ مگر جو ہو چکا یعنی کفر میں اس کا پرہیز نہ کرتے تھے۔ سو اسلام کے بعد وہ گناہ نہ رہا۔ آگے سے پرہیز چاہیئے۔ ۱۲۔منہ رح

(صـ۹۴ـ سے آگے)
زیادہ نہیں۔ دوسرے یہ کہ جس کو میراث کا حصہ ملے گا اس کو اپنی طرف سے رعایت کر کر کچھ اور دلوا
ع ۳ ۸ ۱۲
مراد معتبر نہیں۔ اگر سب وارث راضی ہوں تو یہ دونوں وصیتیں قبول رکھیں نہیں تو نہ رکھیں۔ فائدہ یہ پانچ میراثیں جو فرمائیں یہ حصہ داروں کی ہیں اور ان کے سوا اور قسم کے وارث ہیں جن کو عصبہ کہتے ہیں ان کو حصہ نہیں اگر عصبہ ہو اور حصہ دار نہ ہو تو سب مال عصبہ لیوے اور جو دونوں ہوں تو حصہ داروں سے جو بچے وہ عصبہ لیوے اور جو کچھ نہ بچے تو کچھ نہ لیوے وہ عصبہ اصل تو وہ ہے جو مرد ہو عورت نہ ہو اور عورت کا واسطہ نہ رکھے اس کے چار درجے ہیں اوّل درجے میں بیٹا اور پوتا ہے دوسرے درجے میں باپ اور دادا تیسرے درجے میں بھائی اور بھتیجا
(باقی صـ۹۸ـ پر)

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ
اور حرام کی گئیں بیاہی ہوئی عورتوں میں سے مگر جن کے مالک ہوگئے ہیں داہنے ہاتھ تمہارے

كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا
لکھ دیا اللہ نے اوپر تمہارے ف اور حلال کیا گیا واسطے تمہارے جو کچھ سوائے اس کے ہے یہ کہ طلب کرو بدلے

بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ
مالوں اپنے کے قید میں رکھنے والے نہ پانی ڈالنے والے یعنی بدکار پس جو مال کہ فائدہ اٹھایا ہے تم نے بدلے اس کے

فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا
ان میں سے پس دو ان کو جو مقرر کیا ہے واسطے ان کے موافق مقرر کے اور نہیں گناہ اوپر تمہارے بیچ اس چیز کے

تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا
کہ رضامند ہو تم ساتھ اس کے پیچھے مقرر کرنے کے تحقیق اللہ ہے جاننے والا

حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ
حکمت والا ٢ اور جو کوئی نہ رکھے تم میں سے مقدور یہ کہ نکاح کرے بی بیوں

الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ
ایمان والیوں کو پس اس چیز سے کہ مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ تمہارے لونڈیوں تمہاری ایمان والیوں سے

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ فَانْكِحُوْهُنَّ
اور اللہ خوب جانتا ہے ایمان تمہارے کو بعض تمہارے بعض سے ہیں پس نکاح کرو ان کو

بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ
ساتھ حکم مالکوں ان کے کے اور دو ان کو مقرر ان کا ساتھ اچھی طرح کے قید میں رکھی ہوئیں

غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ
نہ بدکاری کرنے والیں اور نہ پکڑنے والیں یار چھپے پس جب نکاح میں آویں پس اگر

اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ
کریں بے حیائی پس اوپر ان کے ہے آدھا اس چیز کا کہ اوپر بی بیوں کے ہے

مِنَ الْعَذَابِ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ وَاَنْ
عذاب سے یہ واسطے اس شخص کے ہے کہ ڈرے بدکاری سے تم میں سے اور یہ کہ

تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ
صبر کرو تم بہتر ہے واسطے تمہارے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ٣ ارادہ کرتا ہے اللہ

۵ نصف
ف سات ناتے حرام فرمائے ایک ماں اس میں داخل ہے نانی اور دادی... جو عورت کہ اس شخص کی جڑ ہے۔ دوسری بیٹی اس میں داخل ہے نواسی اور پوتی یعنی جو اس کی شاخ ہے۔ تیسری بہن چوتھی بھتیجی پانچویں بھانجی یعنی جو اس کے ماں باپ میں ملتی ہے چھٹی پھوپھی ساتویں خالہ یعنی جو ماں باپ سے اوپر ملتی ہے بشرطیکہ بے واسطہ ملتی ہو اور جو واسطے سے ملے وہ حلال ہے جیسے پھوپھی کی بیٹی۔ فائدہ اور دودھ کے دو ناتے فرمائے ماں اور بہن اشارت ہے کہ ساتوں ناتے اس میں حرام ہیں۔ فائدہ اور سسرال کے چار ناتے فرمائے عورت کو مرد کی جڑ اور شاخ اور مرد کو عورت کی جڑ اور شاخ مگر شاخ جب حرام ہے کہ نکاح کے بعد صحبت بھی ہوئی ہو اور جڑ فقط نکاح سے حرام ہے۔ فائدہ دودھ سے بھی یہ چار ناتے حرام ہوئے لیکن دودھ پینا وہ معتبر ہے کہ اسی عمر میں پئے بڑی عمر میں پینا معتبر نہیں فائدہ اس جگہ ناتا سگا اور سوتیلا اور اخیافی سب برابر ہے اور دودھ میں بھی سوتیلا ناتا معتبر ہے۔ فائدہ بعد اس کے
۲ منع فرمایا جمع کرنا دو بہنوں کا اس
ع ۳ اشارت سے
۱ معلوم ہوا ساتوں (باقی ص۹۸ پر)

لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ
توکہ بیان کرے واسطے تمہارے اور ہدایت کرے تم کو راہیں ان لوگوں کی جو پہلے تم سے تھے

وَيَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٢٦﴾ وَاللَّهُ يُرِيدُ أَنْ
اور پھر آوے اوپر تمہارے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور اللہ ارادہ کرتا ہے یہ کہ

يَتُوبَ عَلَيْكُمْ قف وَيُرِيدُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوَاتِ أَنْ تَمِيلُوا
پھر آوے اوپر تمہارے اور ارادہ کرتے ہیں وہ لوگ کہ پیروی کرتے ہیں خواہشوں کی یہ کہ جھک جاؤ تم

مَيْلًا عَظِيمًا ﴿٢٧﴾ يُرِيدُ اللَّهُ أَنْ يُخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ
جھک جانا بڑا ۱ ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ ہلکا کرے تم سے اور پیدا کیا گیا

الْإِنْسَانُ ضَعِيفًا ﴿٢٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا
آدمی ناتواں ۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت کھاؤ

أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ
مال اپنے آپس میں ساتھ ناحق کے مگر یہ کہ ہووے سوداگری

تَرَاضٍ مِنْكُمْ قف وَلَا تَقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُمْ
رضامندی تمہاری سے اور مت مارو آپس اپنے کو تحقیق اللہ ہے ساتھ تمہارے

رَحِيمًا ﴿٢٩﴾ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ عُدْوَانًا وَظُلْمًا فَسَوْفَ
مہربان اور جو کوئی کرے یہ تعدی سے اور ظلم سے پس البتہ داخل

نُصْلِيهِ نَارًا ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾ إِنْ
کریں گے ہم اس کو آگ میں اور ہے یہ اوپر اللہ کے آسان ۳ اگر

تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ
بچو گے تم بڑے گناہوں سے جو منع کیے جاتے ہو اس سے دور کریں گے ہم تم سے برائیاں تمہاری

وَنُدْخِلْكُمْ مُدْخَلًا كَرِيمًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللَّهُ
اور داخل کریں گے تم کو جگہ عزت کی میں اور مت آرزو کرو اس چیز کی کہ بزرگی دی ہے اللہ نے

بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِمَّا اكْتَسَبُوا
ساتھ اس کے بعضے تمہارے کو اوپر بعض کے واسطے مردوں کے ہے حصہ اس چیز سے کہ کماتے ہیں

وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِمَّا اكْتَسَبْنَ ۚ وَاسْأَلُوا اللَّهَ مِنْ فَضْلِهِ
اور واسطے عورتوں کے حصہ ہے اس چیز سے کہ کمائیاں ہیں اور سوال کرو اللہ سے فضل اس کے سے

ف۱ یعنی بُری صحبت جو آدمی کا دل دوڑا دے بُرے کام پر اور شرع پر مقید نہ رہنے دے۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۲ یعنی شرع میں کسی چیز کی تنگی نہیں کہ کوئی حلال چھوڑے اور حرام کو ڈھونڈے ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۳ یعنی مغرور نہ ہو کہ ہم مسلمان دوزخ میں کیونکر جاویں گے اللہ پر یہ بھی آسان ہے۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

(ص۹۷ سے آگے)

ناتوں کا جمع کرنا حرام ہے اور سسرال کے ناتوں میں جمع کرنا حرام نہیں۔ فائدہ آخر کو حرام فرمائی نکاح بندھی عورت یعنی ایک نکاح میں ہے تو پھر ہر کسی کو اس کا نکاح حرام ہے مگر یہ کہ اپنی ملک ہو جائے۔ اس کی صورت یہ کہ کافر مرد اور عورت میں نکاح تھا وہ عورت قید میں آئی جس کو پہنچی اس کو حلال ہے فائدہ اور دودھ کا ناتا یا سسرال کا مرد کو اپنی لونڈی سے ہے تو اس کی صحبت حرام ہے اور ملک میں رہا کرے۔ فائدہ اور یہ جو فرمایا کہ عورتیں تمہارے بیٹوں کی جو تمہاری پشت سے ہیں یعنی لے پالک کو بیٹا نہ جانو۔ کسی حکم میں وہ بیٹا نہیں۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۲ یعنی جو عورتیں حرام فرما دیں ان کے سوا سب حلال ہیں چار شرط سے۔ اوّل یہ کہ (باقی ص۹۹)

إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٣٢﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا

تحقیق اللہ ہے ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ۱ اور واسطے ہر شخص کے مقرر کیے ہیں ہم نے وارث اس چیز سے کہ

تَرَكَ ٱلْوَالِدَانِ وَٱلْأَقْرَبُونَ ۚ وَٱلَّذِينَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ

چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابتی اور جن کو کہ گرہ باندھی داہنے ہاتھ تمہارے نے

فَـَٔاتُوهُمْ نَصِيبَهُمْ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿٣٣﴾ ع

پس دو تم ان کو حصہ ان کا تحقیق اللہ ہے اوپر ہر چیز کے حاضر ۲

ٱلرِّجَالُ قَوَّٰمُونَ عَلَى ٱلنِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ ٱللَّهُ بَعْضَهُمْ عَلَىٰ

مرد قائم رہنے والے ہیں یعنی حاکم ہیں اوپر عورتوں کے بسبب اس کے کہ بزرگی دی اللہ نے بعضے ان کے کو اوپر

بَعْضٍ وَبِمَآ أَنفَقُوا۟ مِنْ أَمْوَٰلِهِمْ ۚ فَٱلصَّٰلِحَٰتُ قَٰنِتَٰتٌ

بعض کے اور بسبب اس کے کہ خرچ کرتے ہیں مالوں اپنے سے پس نیک بخت عورتیں فرمانبردار ہیں نگہبانی کرنے والی

حَٰفِظَٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ ٱللَّهُ ۚ وَٱلَّٰتِى تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ

ہیں بیچ غائب کے ساتھ محافظت اللہ کے اور جو عورتیں کہ ڈرتے ہو تم چڑھائی ان کی سے

فَعِظُوهُنَّ وَٱهْجُرُوهُنَّ فِى ٱلْمَضَاجِعِ وَٱضْرِبُوهُنَّ ۖ فَإِنْ

پس نصیحت کرو ان کو اور چھوڑ دو ان کو بیچ خواب گاہ کے اور مارو ان کو پس اگر کہا

أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوا۟ عَلَيْهِنَّ سَبِيلًا ۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلِيًّا

مانیں تمہارا پس مت ڈھونڈو اوپر ان کے راہ تحقیق اللہ ہے بلند

كَبِيرًا ﴿٣٤﴾ وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَٱبْعَثُوا۟ حَكَمًا

بڑا ۳ اور اگر ڈرو تم خلاف سے درمیان ان دونوں کے پس مقرر کرو ایک منصف مرد

مِّنْ أَهْلِهِۦ وَحَكَمًا مِّنْ أَهْلِهَآ إِن يُرِيدَآ إِصْلَٰحًا

کے لوگوں میں سے اور ایک منصف عورت کے لوگوں میں سے اگر ارادہ کریں یعنی دو منصف صلح کروانا

يُوَفِّقِ ٱللَّهُ بَيْنَهُمَآ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلِيمًا خَبِيرًا ﴿٣٥﴾

توفیق دے گا اللہ درمیان ان دونوں کے تحقیق اللہ ہے جاننے والا خبردار

وَٱعْبُدُوا۟ ٱللَّهَ وَلَا تُشْرِكُوا۟ بِهِۦ شَيْـًٔا ۖ وَبِٱلْوَٰلِدَيْنِ إِحْسَٰنًا

اور عبادت کرو اللہ کی اور مت شریک لاؤ ساتھ اس کے کسی چیز کو اور ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا

وَبِذِى ٱلْقُرْبَىٰ وَٱلْيَتَٰمَىٰ وَٱلْمَسَٰكِينِ وَٱلْجَارِ ذِى ٱلْقُرْبَىٰ

اور ساتھ قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور فقیروں کے اور ہمسائے قرابت والے

---

ف۱ عورتوں نے حضرت سے پوچھا کہ کیا سبب ہے حق تعالےٰ ہر جگہ مردوں پر حکم فرماتا ہے عورتوں کا نام نہیں لیتا اور میراث میں مرد کو حصہ دوہرا ملتا ہے اس پر یہ آیت اُتری۔ ۱۲-منہ رح

ع ۵ / ۸ / ۲

ف۲ اکثر لوگ حضرت کے ساتھ اکیلے مسلمان ہوئے تھے ان کے اقربا کافر رہے تو حضرت نے دو دو مسلمانوں کو آپس میں بھائی کر دیا وہی ایک دوسرے کے وارث ہوتے جب ان کے اقربا مسلمان ہوئے تب یہ آیت اتری کہ میراث ہے قرابت ہی پر اور قول کے بھائیوں سے زندگی میں سلوک ہے یا مرتے وقت کچھ وصیّت کر دو۔ ۱۲-منہ رح

ف۳ یعنی اللہ نے مرد کا درجہ اوپر بنایا تو عورت کو حکمبرداری چاہیئے اور اگر ایک عورت بدخوئی کرے تو مرد پہلے درجے سمجھائے دوسرے درجے جدا سوئے لیکن اسی گھر میں پھر آخر درجے مارے بھی لیکن نہ ایسا کہ ضرب پہنچے پھر اگر بظاہر مطیع ہو جاویں تو کرید نہ کرے تقصیروں پر اللہ سب پر حاکم ہے باقی ہر تقصیر کی ایک حد ہے اور مارنا آخر کا درجہ ہے۔ ۱۲-منہ رح

(صـ۹۷ کا بقیہ صـ۹۸ سے آگے)

طلب کرو یعنی زبان سے ایجاب وقبول درمیان آوے دوسرے یہ کہ مال دینا قبول کرو یعنی مہر تیسرے یہ کہ قید میں لانے کی طرح ہو مستی نکالنے کی نہ ہو یعنی ہمیشہ

(باقی صـ۱۰۰ پر)

وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا
اور ہمسائے اجنبی کے اور صحبت رکھنے والے کے کروٹ پر اور مسافر کے اور جن کے

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا
مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ تمہارے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا اس شخص کو کہ ہے تکبر کرنے والا

فَخُوْرَا ۙ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ
شیخی کرنے والا ف۱ وہ لوگ جو بخیلی کرتے ہیں اور حکم کرتے ہیں لوگوں کو ساتھ بخیلی کے

وَيَكْتُمُوْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ
اور چھپاتے ہیں وہ چیز کہ دی ہے ان کو اللہ نے فضل اپنے سے اور تیار کیا ہے ہم نے واسطے کافروں

عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ
کے عذاب ذلیل کرنے والا اور جو لوگ کہ خرچ کرتے ہیں مال اپنے دکھانے کو

النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ
لوگوں کے اور نہیں ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور نہ ساتھ دن پچھلے کے اور جو کوئی

يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ
ہووے شیطان واسطے اس کے ہم نشیں پس برا ہے ہم نشین ف۲ اور کیا ہے اوپر ان کے

لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ
اگر ایمان لاویں ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور خرچ کریں اس چیز سے کہ دیا ان کو

اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ
اللہ نے اور ہے اللہ ساتھ ان کے جاننے والا تحقیق اللہ نہیں ظلم کرتا برابر ایک

ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ
بھنگے کے اور اگر ہووے نیکی دوگنا کرے گا اس کو اور دیوے گا اپنے پاس سے

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۢ بِشَهِيْدٍ
ثواب بڑا ف۳ پس کیونکر ہوگا جس وقت لاویں گے ہم ہر امت سے ایک گواہی دینے والا

وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا ؕ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ
اور لاویں گے ہم تجھ کو اوپر ان کے گواہ اس دن آرزو کریں گے وہ لوگ کہ

كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ
کافر ہوئے اور نافرمانی کی پیغمبر کی کاش کہ برابر کی جاوے ساتھ ان کے زمین

ف۱ یعنی اوّل اللہ کا حق ادا کرو۔ پھر ماں باپ کا۔ پھر ان سب کا درجہ بدرجہ ہمسایہ قریب کا حق زیادہ ہے اور ہمسایہ اجنبی کا اس سے پیچھے قریب یعنی قرابتی اور برابر کا رفیق جو ایک کام میں ساتھ شریک ہو جیسے ایک استاد کے دو شاگرد یا ایک خاوند کے دو نوکر۔ اور فرمایا کہ ان کے حق ادا نہ کرنے والا وہی ہے جس کے مزاج میں تکبّر اور خود پسندی ہے کہ کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مال دینے میں بخل کرنا جیسا اللہ کے کے نزدیک بُرا ہے ویسا ہی خلق کے دکھانے کو دینا اور قبول وہ ہے جو حق داروں کو دے جن کا اوّل مذکور ہوا۔ خدا کے یقین سے اور آخرت کی توقع سے دے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اللہ کی راہ میں خرچ کرنا کسی طرح نقصان نہیں آخرت کا ثواب بیشمار ہے اور دنیا میں بھی عوض پاتا ہے۔ اس پر رسول خدا نے قسم کھائی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(ص۹۶ کا بقیہ ۹۹ سے آگے)
کو وہ عورت اس مرد کی ہو جاوے کہ چھوڑے بغیر نہ چھوٹے یعنی مدّت کا ذکر نہ آوے کہ مہینے تک یا برس تک۔ اس سے متعہ حرام ٹھہرا چوتھی شرط سورۂ مائدہ میں فرمائی اور یہاں بھی لونڈیوں کے نکاح میں آگے فرمائی ہے کہ چھپی یاری نہ ہو یعنی
(باقی صفحہ ۱۰۱ پر)

وقف النبی علیہ السلام

وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿٤٢﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا
اور نہ چھپاویں گے اللہ سے کچھ بات اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت نزدیک جاؤ
الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا
نماز کے اور ہو تم مست یہاں تک کہ جانو کیا کہتے ہو اور نہ
جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ
جنابت سے مگر گزرنے والے راہ کے یہاں تک کہ نہا لو اور اگر ہو تم
مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ
بیمار یا اوپر سفر کے یا آوے کوئی تم میں سے جائے ضرور سے یا
لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا
صحبت کرو عورتوں سے پس نہ پاؤ تم پانی پس قصد کرو تم مٹی پاک کا
فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا
پس پونچھ لو ساتھ منہ اپنے کے اور ہاتھوں اپنے کے تحقیق اللہ ہے معاف کرنے والا
غَفُوْرًا ﴿٤٣﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ
بخشنے والا ف۲ کیا نہ دیکھا تونے طرف ان لوگوں کے کہ دیئے گئے ایک حصہ کتاب سے
يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿٤٤﴾
مول لیتے ہیں گمراہی کو اور ارادہ کرتے ہیں یہ کہ بھٹک جاؤ تم راہ سے
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَاۗىِٕكُمْ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ڎ وَّكَفٰى
اور اللہ خوب جانتا ہے دشمنوں تمہاروں کو اور کفایت ہے اللہ دوست اور کفایت ہے
بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿٤٥﴾ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ
اللہ مدد دینے والا ف۳ بعضے وہ لوگ جو یہودی ہیں بدل ڈالتے ہیں باتوں کو جگہ
مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ
اس کی سے اور کہتے ہیں سنا ہم نے اور نہ مانا ہم نے اور سن نہ سنایا جائیو
وَّرَاعِنَا لَيًّۢا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ
اور راعنا پیچ دے کر زبان اپنی کو اور طعن کر کر بیچ دین کے اور اگر وہ
قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ
کہتے سنا ہم نے اور مانا ہم نے اور سن اور نظر کر ہم پر البتہ ہوتا بہتر واسطے ان کے

ع ۹ / ۳

ف۱ یعنی ہر امت اور ہر عہد کے لوگوں کا احوال اس وقت کے پیغمبر سے اور معتبر نیک بختوں سے بیان کروا دیں گے منکروں کا انکار اور اطاعت والوں کی اطاعت بیان ہوگی تب منکر آرزو کریں گے کہ ہم انسان نہ ہوتے مٹی میں رل کر خاک ہو جاتے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ اس آیت میں ذکر ہے تیمم کا پہلے جو مذکور ہوا کہ کافر آخرت میں آرزو کریں گے کہ خاک میں مل جاویں۔ خاک انسانوں کی پیدائش ہے اور اپنی پیدائش کی طرف جانا گناہوں سے بچاؤ ہے اس واسطے مٹی ملنے سے بھی طہارت فرمائی۔ فائدہ پہلے حکم فرمایا کہ نشہ میں نماز کے پاس نہ جاؤ۔ یہ حکم جب تھا کہ نشہ حرام نہ ہوا تھا لیکن نماز سے منع ٹھہرا تھا اور اگر اب نیند سے بیہوش ہو یا مرض سے کہ اپنے منہ کا لفظ نہ سمجھے تو اس حالت کی نماز درست نہیں پھر قضا کرے۔ فائدہ پھر فرمایا کہ جنابت میں نماز کے پاس نہ جاؤ جب تک غسل کرو مگر راہ چلتے یعنی سفر میں کہ اس کا حکم آگے ہے پھر فرمایا کہ اگر پانی کا عذر ہو اور طہارت ضرور ہو تو زمین سے تیمم کرو پانی کا عذر تین صورت سے بتایا اور طہارت کا ہونا دو صورت سے ایک صورت پانی کے عذر کی یہ کہ مریض ہو یا پانی ضرر کرتا ہے دوسری یہ کہ سفر درپیش ہے پانی پینے کو رکھا ہے آگے دور

(باقی صفحہ ۱۰۲ پر)

وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا
اور بہت سیدھا لیکن لعنت کی ہے ان کو اللہ نے ساتھ کفران کے کے پس نہیں ایمان لاتے مگر
قَلِيْلًا ۝۴۶ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا
تھوڑے وا اے لوگو جو دیئے گئے ہو کتاب ایمان لاؤ ساتھ اس چیز کے کہ اتاری ہم نے سچا کرنے
لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا
والی واسطے اس چیز کے کہ ساتھ تمہارے ہے پہلے اس سے کہ مٹا ڈالیں ہم مونہوں کو پس پھیر دیں ان کو
عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ
اوپر پیٹھ ان کی کے یا لعنت کریں ان کو جیسا کہ لعنت کیا ہم نے ہفتے والوں کو
وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝۴۷ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ
اور ہے کام اللہ کا کیا گیا وٓ تحقیق اللہ نہیں بخشتا یہ کہ شریک لایا جاوے ساتھ
وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ
اس کے اور بخشتا ہے سوائے اس کے واسطے جس کے چاہتا ہے اور جو کوئی شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق
افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝۴۸ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ
باندھ لیا اس نے گناہ بڑا کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کی کہ پاک کہتے ہیں جانوں اپنی کو
بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝۴۹ اُنْظُرْ
بلکہ اللہ ہی پاک کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور نہ ظلم کیے جاویں گے ایک تاگے برابر وٓ دیکھ
كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ۝۵۰ ع
کیونکر باندھتے ہیں اوپر اللہ کے جھوٹ اور کفایت ہے اس کو بھی گناہ ظاہر
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ
کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کی جو دیئے گئے ہیں ایک حصہ کتاب سے یقین لاتے ہیں
بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ اَهْدٰى
ساتھ بتوں کے اور شیطان کے اور کہتے ہیں واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے یہ لوگ بہت پہنچے ہوئے ہیں
مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ۝۵۱ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ
راہ ان لوگوں کی سے کہ ایمان لائے راہ کر یہ لوگ وہ ہیں کہ لعنت کی ہے ان کو اللہ نے
وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝۵۲ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ
اور جس کو لعنت کرے اللہ پس ہرگز نہ پاوے گا تو واسطے اس کے مدد دینے والا کیا واسطے ان کے حصہ ہے

ورا عنا لفظ بولتے تھے اس کا بیان ہوا سورۂ بقر میں اسی طرح حضرت بات فرماتے تو جواب میں کہتے سنا ہم نے اس کے معنی یہ ہیں کہ قبول کیا لیکن آہستہ کہتے کہ نہ مانا یعنی فقط کان سے سنا اور دل سے نہ سنا اور حضرت کو خطاب کرتے تو کہتے سن نہ سنایا جائیو ظاہر میں یہ دعا نیک ہے کہ تو ہمیشہ غالب رہے کوئی تجھ کو بری بات نہ سنا سکے اور دل میں نیت رکھتے کہ تو بہرا ہو جائیو ایسی شرارت کرتے پھر دین میں عیب دیتے کہ اگر یہ شخص نبی ہوتا تو ہمارا فریب معلوم کر لیتا ہی اللہ صاحب نے واضح کر دیا۔ ۱۲ منہ رح

وا یعنی ایمان لاؤ پہلے اس سے کہ عذاب پاؤ صورت بدلی جاوے یا جانور بن جاؤ ہفتے والوں کی طرح ان کا بیان ہے سورۂ اعراف میں ۱۲ منہ رح

وٓ یہودیوں کو حضرت سے مخالفت ہوئی تو مکے کے مشرکوں سے متفق ہوئے اور ان کی خاطر سے بتوں کی تعظیم کی اور کہا کہ تمہاری راہ بہتر ہے مسلمانوں سے اور یہ سب حسد تھا کہ نبوت اور ریاست دین ہمارے سوا اور کسی میں کیوں ہوئی اللہ صاحب اسی پر ان کو الزام دیتا ہے ان سب آیتوں میں یہی مذکور ہے۔ ۱۲ منہ رح

مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ

پادشاہی سے پس اس وقت نہ دیں گے لوگوں کو کھجور کے شگاف برابر کیا حسد کرتے ہیں

النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ

لوگوں سے اوپر اس چیز سے کہ دیا ہے ان کو اللہ نے فضل اپنے سے پس تحقیق دی ہم نے اولاد

اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾

ابراہیم کو کتاب اور حکمت اور دی ہم نے ان کو بادشاہی بڑی

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۚ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ

پس بعض ان میں سے وہ شخص ہے کہ ایمان لایا ساتھ اس کے اور بعض ان میں سے وہ ہے کہ باز رہا اس سے اور کفایت ہے

سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ

دوزخ جلانے والا ف۱ تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ نشانیوں ہماری کے البتہ داخل کریں گے ہم ان کو

نَارًا ۭ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا

آگ میں جب گل جاویں گے چمڑے ان کے بدل دیویں گے ہم ان کو چمڑے

غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾

سوائے اس کے تو کہ چکھیں عذاب تحقیق اللہ ہے غالب حکمت والا

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ

اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے البتہ داخل کریں گے ہم ان کو بہشتوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ لَهُمْ

کہ چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیش رہنے والے بیچ اس کے ہمیشہ واسطے

فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾ اِنَّ

ان کے بی بیاں پاک کی ہوئیں اور داخل کریں گے ان کو چھاؤں سایہ دار میں تحقیق

اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ

اللہ حکم کرتا ہے تم کو یہ کہ پہنچا دو امانتیں طرف صاحبوں ان کے کے اور جب حکم کرو تم

بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ

درمیان لوگوں کے یہ کہ حکم کرو ساتھ انصاف کے تحقیق اللہ خوب ہے وہ جو نصیحت کرتا ہے تم کو

بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

ساتھ اس کے تحقیق اللہ ہے سننے والا دیکھنے والا ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو



ف۱ یعنی ہمیشہ سے اللہ نے ابراہیم کے گھر میں بزرگی دی ہے اب بھی اسی کے گھر میں ہے پھر جو کوئی قبول نہ رکھے وہ بے انصاف ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی امانت میں خیانت مت کرو اور چکوتی میں خاطر مت کرو خواہ رشوت کے واسطے خواہ کسی کے واسطے یہ عادتیں یہود میں بہت تھیں اسی واسطے بعضے کچے مسلمان قضیہ چکانے کو حضرت کے پاس نہ آتے کہ یہ کسی کی خاطر نہ رکھیں گے اور یہود کے عالموں پاس جاتے کہ وہ خاطر کریں گے۔ آگے مسلمانوں کو تقید فرمایا کہ جنگ ہر قضیے میں اور ہر حکم میں رسول ہی کی طرف رجوع نہ رکھو اور دل سے اس کے حکم پر راضی نہ ہو جب تک تم کو ایمان نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ع
سیا

(ص۱۰۱ سے آگے)
تک نہ ملے گا تیسری یہ کہ پانی موجود نہیں اس تیسری کے ساتھ دو صورتیں طہارت کی ضرورت کی فرمائیں ایک یہ کہ جائے ضرور سے آیا۔ وضو کی حاجت ہے دوسری یہ کہ عورت سے لگا غسل کی حاجت ہے۔ فائدہ اب تیمم کا طریق یہ کہ زمین پاک پر دونوں ہاتھ مارے پھر منہ کو مل لیا تمام پھر دونوں ہاتھ مارے پھر ہاتھوں کو مل لیا کہنی تک۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یہود کو فرمایا کہ کچھ ملا۔ کتاب کا ایک حصہ یعنی لفظ پڑھنے کو ملے ہیں، عمل کرنا نہیں ملا۔ ۱۲ منہ رح

أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ فَإِنْ
فرمانبرداری کرو اللہ کی اور کہا مانو رسول کا اور صاحبوں حکم کے تم میں سے پس اگر
تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ
جھگڑو تم بیچ کسی چیز کے پس پھیر دو اس کو طرف اللہ کے اور رسول کے اگر ہو تم
تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ
ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے یہ بہتر ہے اور اچھا
تَأْوِيلًا ﴿٥٩﴾ ع أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُوا بِمَا
جزا میں ۔ وا کیا نہ دیکھا تو نے طرف ان لوگوں کی کہ دعویٰ کرتے ہیں یہ کہ وہ ایمان لائے ہیں ساتھ اس
أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَنْ يَتَحَاكَمُوا
چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف تیری اور جو کچھ کہ اتاری گئی ہے پہلے تجھ سے ارادہ کرتے ہیں یہ کہ حکم لے جاویں
إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُوا أَنْ يَكْفُرُوا بِهِ ۖ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ
طرف سرکش کے اور تحقیق حکم کیے گئے ہیں یہ کہ کفر کریں ساتھ اس کے اور ارادہ کرتا ہے شیطان
أَنْ يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿٦٠﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ
یہ کہ گمراہ کرے ان کو گمراہی دور اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے آؤ طرف اس چیز کے کہ
مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ يَصُدُّونَ
اتاری ہے اللہ نے اور طرف رسول کی دیکھتا ہے تو منافقوں کو کہ ہٹ رہتے ہیں
عَنْكَ صُدُودًا ﴿٦١﴾ فَكَيْفَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ بِمَا
تجھ سے ہٹ رہنے کر۔ پس کیونکر ہوگا جب پہنچے گی ان کو مصیبت بسبب اس کے جو
قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَاءُوكَ يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنْ أَرَدْنَا
آگے بھیجا ہاتھوں ان کے نے پھر آتے ہیں تیرے پاس قسمیں کھاتے ہیں ساتھ اللہ کے کہ نہ چاہا تھا ہم
إِلَّا إِحْسَانًا وَتَوْفِيقًا ﴿٦٢﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَعْلَمُ اللَّهُ مَا فِي
نے مگر احسان یعنی بھلائی اور موافقت کرنی ۲ے یہ لوگ ہیں کہ جانتا ہے اللہ جو کچھ بیچ
قُلُوبِهِمْ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَهُمْ فِي
دلوں ان کے کے ہے پس منہ پھیر لے ان سے اور نصیحت کر ان کو اور کہہ واسطے ان کے بیچ
أَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيغًا ﴿٦٣﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ
دلوں ان کے کے بات اثر کرنے والی اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی پیغمبر مگر واسطے اس کے کہ فرمانبرداری کیا جاوے

وا اختیار والے بادشاہ اور جو کسی کام پر مقرر ہو اس کے حکم پر چلنا ضرور ہے جب تک وہ خلاف خدا اور رسول حکم نہ کرے اگر صریح خلاف کرے تو وہ حکم نہ مانیے۔ اگر دو مسلمان جھگڑتے ہیں ایک نے کہا چل شرع میں رجوع کریں دوسرے نے کہا میں شرع نہیں سمجھتا یا مجھے شرع سے کام نہیں وہ بیشک کافر ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۸ ۹ ۵

۲ے مدینے میں ایک یہودی اور ایک منافق کہ ظاہر میں مسلمان تھا جھگڑنے لگے۔ یہودی نے کہا چل محمد پاس صلی اللہ علیہ وسلم منافق نے کہا چل کعب بن اشرف پاس وہ یہود کا سردار تھا۔ آخر کو حضرت پاس آئے حضرت نے یہودی کا حق ثابت کیا منافق نے باہر نکل کر کہا کہ چلو عمر کے پاس یہ حضرت کے حکم سے مدینے میں قضا کرتے تھے منافق نے جانا کہ حمیتِ اسلام کریں گے جب گئے ان کے آگے تو یہودی نے کہہ دیا کہ حضرت پاس ہم جا چکے ہیں وہ مجھ کو سچا کر چکے ہیں۔ حضرت عمر نے منافق کی گردن ماری اس کے وارث حضرت پاس دعویٰ خون کو آئے اور قسمیں کھانے لگے کہ ہم گئے تھے اس واسطے کہ شاید صلح کروا دیں۔ تب یہ آیتیں نازل ہوئیں اور ان کا نام فاروق فرمایا۔ ۱۲۔ منہ رح

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ
ساتھ حکم اللہ کے اور اگر یہ لوگ جس وقت ظلم کرتے ہیں جانوں اپنی کو آویں گے تیرے پاس
فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ
پس بخشش مانگیں اللہ سے اور بخشش مانگے واسطے ان کے رسول البتہ پاویں گے اللہ
تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۶۴ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ
کو پھر آنے والا مہربان پس قسم ہے پروردگار تیرے کی نہیں ایمان لاویں گے یہاں تک کہ حاکم بدیں تجھ کو
فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا
بیچ اس چیز کے کہ جھگڑا پڑے درمیان ان کے پھر نہ پاویں بیچ جیوں اپنے کے تنگی اس چیز سے کہ
قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۶۵ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ
حکم کرے تو اور مان لیویں مان لینے کر اور اگر ہم لکھ دیتے اوپر ان کے یہ کہ
اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ
مار ڈالو جانوں اپنی کو یا نکل جاؤ گھروں اپنے سے نہیں کرتے اس کو مگر تھوڑے
مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ
ان میں سے اور اگر یہ وہ کریں جو کچھ نصیحت دیئے جاتے ہیں ساتھ اس کے البتہ ہوتا بہتر واسطے ان کے
وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ۶۶ وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ۶۷
اور زیادہ تر ہوتا ثابت رکھنے میں ف۱ اور اس وقت البتہ دیتے ہم ان کو اپنے پاس سے ثواب بڑا
وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۶۸ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ
البتہ دکھاتے ہم ان کو راہ سیدھی اور جو کوئی فرمانبرداری کرے اللہ کی اور رسول کی
فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ
پس یہ لوگ ساتھ ان لوگوں کے ہیں کہ نعمت کی ہے اللہ نے اوپر ان کے پیغمبروں سے اور صدیقوں سے
وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۶۹ ذٰلِكَ
اور شہیدوں سے اور صالحوں سے اور اچھے ہیں یہ لوگ رفیق ف۲ یہ
الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۷۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
فضل ہے اللہ کی طرف سے اور کفایت ہے اللہ جاننے والا ف۳ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو
خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ۷۱ وَاِنَّ
لو بچاؤ اپنا پس نکلو متفرق یا نکلو اکٹھے ف۴ اور تحقیق بعض تم

ف۱ یعنی مالک کے حکم میں تو جان تک کا دریغ نہ کرنا چاہیئے اگر اللہ ویسے حکم فرماتا تو یہ منافق کب کر سکتے یہ حکم تو نصیحت کے ہیں انہیں پر چلیں تو نفاق جاتا رہے اور مومن ہو جاویں غنیمت نہیں سمجھتے ۱۲۔ منہ رح

ف۲ نبی وہ لوگ جن کو اللہ کی طرف سے وحی آوے یعنی فرشتہ ظاہر میں پیغام کہہ جاوے اور صدیق وہ جو وحی میں آوے۔ ان کا جی آپ ہی ان پر گواہی دے اور شہید وہ جن کو پیغمبر کے حکم پر ایسا صدق آیا کہ اس پر جان دیتے ہیں اور نیک بخت وہ جن کی طبیعت نیکی ہی پر پیدا ہوئی ہے تو جو لوگ ایسے ہیں مگر حکمبرداری میں لگے جاتے ہیں اللہ ان کو بھی ان کے ساتھ گنے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ آگے سے ذکر ہے جہاد کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی لڑائی میں اپنا بچاؤ کرنا۔ زرہ کر یا سپر کر یا تدبیر کر یا ہنر کر منع نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(ص۹۷ کا ف۱ سے آگے)
لوگ شاہد ہوں کم سے کم دو مرد یا ایک مرد دو عورت پھر فرمایا جو عورت کام میں ۹ آئی اس کا مہر پورا دینا ع ۱۱ پڑا یعنی صحبت ہوئی یا ۲ خلوت ہوئی اب کسی طرح مہر نہیں چھوٹتا۔ اور جب تک کام میں نہیں آئی تو اگر مرد چھوڑے تو آدھا مہر دے اور اگر عورت
(باقی ص۱۰۶ پر)

مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ
میں سے البتہ وہ شخص ہے کہ دیر کرتے ہیں نکلنے میں پس اگر پہنچ جاتی ہے تم کو مصیبت کہتا ہے تحقیق

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿٧٢﴾ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ
احسان کیا اللہ نے اوپر میرے جس وقت کہ نہ ہوا میں ساتھ ان کے حاضر اور اگر پہنچ جاتا ہے تم کو

فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ
فضل خدا کی طرف سے البتہ کہتا ہے گویا کہ نہ تھی درمیان تمہارے اور درمیان اس کے دوستی

يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧٣﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ
اے کاش کہ میں ہوتا ساتھ ان کے پس کامیاب ہوتا کامیابی بڑی ف۱ پس چاہیے کہ لڑیں بیچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ط
راہ خدا کے وہ لوگ کہ بیچتے ہیں زندگانی دنیا کو بدلے آخرت کے

وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ
اور جو کوئی لڑے بیچ راہ خدا کے پس مارا جاوے یا غالب آوے پس البتہ دیں گے

نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٧٤﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
ہم اس کو ثواب بڑا ف۲ اور کیا ہے تم کو کہ نہ لڑو بیچ راہ خدا کے

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ
اور واسطے ناتوانوں کے مردوں سے اور عورتوں سے اور لڑکوں سے وہ جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا
کہتے ہیں اے پروردگار ہمارے نکال ہم کو اس شہر سے کہ ظلم کرنے والے ہیں رہنے والے اس کے

وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ
اور کر واسطے ہمارے نزدیک اپنے سے دوست اور کر واسطے ہمارے اپنے پاس سے

نَصِيْرًا ﴿٧٥﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ
مددگار ف۳ جو لوگ کہ ایمان لائے ہیں لڑتے ہیں بیچ راہ خدا کے اور جو لوگ کہ

كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ
کافر ہیں لڑتے ہیں بیچ راہ بتوں کے پس لڑو دوستوں

الشَّيْطٰنِ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿٧٦﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى
شیطان کے سے تحقیق مکر شیطان کا ہے بودا کیا نہ دیکھا تو نے طرف

ف۱ یعنی ایسا شخص منافق ہے کہ خدا کے حکم پر نہیں دوڑتا بلکہ نفع دنیا تکتا ہے۔ اگر لوگوں کو اس کام میں تکلیف پہنچی تو اپنے الگ رہنے پر ریجھتا ہے اور اگر لوگوں کو فائدہ پہنچا تو پچھتاتا ہے اور دشمنوں کی طرح حسد کرتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی مسلمانوں کو چاہیے کہ زندگی دنیا پر نظر نہ رکھیں آخرت چاہیں اور سمجھیں کہ اللہ کے حکم میں ہر طرح نفع ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی دو واسطے لڑائی تم کو ضرور ہے ایک تو اللہ کا دین بلند کرنے کو دوسرے مظلوم مسلمان جو کافروں کے ہاتھ میں بے بس پڑے ہیں ان کی خلاصی کرنے کو شہر مکے میں ایسے لوگ بہت تھے کہ حضرت کے ساتھ ہجرت نہ کر سکے اور ان کے اقربا ان پر ظلم کرنے لگے کہ مسلمان سے پھر کافر کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

(ص۹۷ کا ف۱۰۵ سے آگے) ایسا کام کرے کہ نکاح ٹوٹ جاوے تو سب مہر اتر گیا پھر فرمایا کہ بعد مہر مقرر کرنے کے جو دونوں اپنی خوشی سے بڑھا دیں یا گھٹا دیں وہ بھی معتبر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ فرمایا کہ جس کو مقدور نہ ہو آزاد عورت سے نکاح کرنے کا اور صبر میں ڈرتا ہو کہ مجھ سے حرام ہو جاوے تو روا ہے کسی کی لونڈی نکاح کرنے مالک کے (باقی ص۱۰۷ پر)

ع ۱۰ ۶

الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوٓا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا
ان لوگوں کے کہ کہا گیا واسطے ان کے بند رکھو ہاتھوں اپنوں کو اور قائم رکھو نماز کو اور دو

الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ
زکوٰۃ پس جب لکھا گیا اوپر ان کے لڑنا ناگہاں ایک فرقہ ان میں سے

يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً وَقَالُوا
ڈرتے ہیں لوگوں سے جیسا ڈر چاہیے اللہ تعالے کا یا زیادہ ڈرنا اور کہتے ہیں

رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ أَخَّرْتَنَآ إِلٰٓى أَجَلٍ
اے پروردگار ہمارے کیوں لکھ دیا اوپر ہمارے لڑنا کیوں نہ ڈھیل دی ہم کو ایک وقت

قَرِيبٍ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ
نزدیک تک کہہ فائدہ دنیا کا تھوڑا ہے اور آخرت بہتر ہے واسطے اس شخص کے کہ

اتَّقٰى وَلَا تُظْلَمُونَ فَتِيلًا ﴿٧٧﴾ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُّمُ
پرہیزگاری کرتا ہے اور نہ ظلم کیے جاؤ گے تم تاگے برابر ف۱ جہاں کہیں ہو تم پا لیوے گی تم کو

الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَةٍ وَإِنْ تُصِبْهُمْ
موت اور اگرچہ ہو تم بیچ برجوں بلند کے اور اگر پہنچتی ہے ان کو

حَسَنَةٌ يَّقُولُوا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَإِنْ تُصِبْهُمْ
بھلائی کہتے ہیں یہ نزدیک خدا کے سے ہے اور اگر پہنچتی ہے ان کو

سَيِّئَةٌ يَّقُولُوا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
برائی کہتے ہیں یہ نزدیک تیرے سے ہے کہہ ہر ایک نزدیک اللہ کے سے ہے

فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ حَدِيثًا ﴿٧٨﴾ مَآ
پس کیا ہے واسطے اس قوم کے کہ نزدیک نہیں کہ سمجھیں بات ف۲ جو

أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ أَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ
پہنچتی ہے تجھ کو بھلائی سے پس خدا کی طرف سے ہے اور جو پہنچتی ہے تجھ کو برائی سے

فَمِنْ نَّفْسِكَ وَأَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُولًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ
پس جان تیری سے ہے اور بھیجا ہم نے تجھ کو واسطے لوگوں کے پیغام پہنچانے والا اور کفایت ہے اللہ

شَهِيدًا ﴿٧٩﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ تَوَلّٰى
گواہی دینے والا ف۳ جو کوئی کہا مانے رسول کا پس تحقیق کہا مانا اللہ کا اور جو کوئی پھر جاوے

ف۱ یعنی جب تک مسلمان مکے میں تھے اور کافر ایذا دیتے تھے اللہ تعالیٰ ان کو لڑنے سے تھامتا تھا۔ اور صبر کا حکم فرماتا تھا۔ اب جو حکم لڑائی کا آیا تو سمجھیں کہ ہماری مراد ملی لیکن بعض کچے مسلمان کنارہ کرتے ہیں اور موت سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے برابر آدمیوں سے ..... خطرہ کرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ منافقوں کا ذکر ہے کہ اگر تدبیر جنگ درست آئی اور فتح و غنیمت ملی تو کہتے ہیں اللہ کی طرف سے ہوئی یعنی اتفاقاً بن گئی حضرتؐ کی تدبیر کے قائل نہ ہوتے تھے اور اگر بگڑ گئی تو الزام رکھتے حضرت کی تدبیر کا۔ اللہ صاحب نے فرمایا کہ سب اللہ کی طرف سے ہے یعنی پیغمبر کی تدبیر اللہ کا الہام ہے غلط نہیں اور بگڑی کو بگڑا نہ بوجھو۔ یہ اللہ کو سدھانا ہے تمہاری تقصیر پر اگلی آیت میں کھول کر فرما دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ بندہ کو چاہیئے نیکی کو اللہ کا فضل سمجھے اور تکلیف اپنی تقصیر سے اور رسول پر الزام نہ رکھے تقصیروں سے اللہ واقف ہے اور وہی جزا دیتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

(صـ۹۷ کا صـ۱۰۶ سے آگے)
اذن سے اور چھپی یاری سے منع فرمایا تو نکاح میں شاہد لازم ہوئے اور جس کے نکاح میں ایک عورت آزاد ہے اس کو کسی لونڈی سے نکاح
(باقی صـ۱۰۹ پر)

فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿٨٠﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ فَاِذَا بَرَزُوْا

پس نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو اوپر ان کے نگہبان اور کہتے ہیں کام ہمارا فرمانبرداری ہے پس جب باہر

مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ۭ وَاللّٰهُ

نکلتے ہیں تیرے پاس سے مصلحت کرتی ہے ایک جماعت ان میں سے سوائے اس چیز کے کہ کہتے ہیں اور اللہ

يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى

لکھتا ہے جو مصلحت کرتے ہیں پس منہ پھیرلے ان سے اور بھروسہ کر اوپر اللہ کے اور کفایت ہے

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٨١﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ

اللہ کام بنانے والا کیا پس نہیں سمجھتے قرآن کو اور اگر ہوتا

عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿٨٢﴾ وَاِذَا جَآءَهُمْ

نزدیک غیر خدا کے سے البتہ پاتے بیچ اس کے اختلاف بہت ف۱ اور جب آتی ہے ان کے

اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ۭ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى

پاس کوئی بات امن کی یا ڈر کی پھیلاتے ہیں اس کو اور اگر پھیرتے اس کو طرف

الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ

رسول کے اور طرف صاحبوں حکم کی ان میں سے البتہ جان لیتے اس کو وہ لوگ کہ تحقیق کرتے ہیں اس

مِنْهُمْ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ

کو ان میں سے اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا اوپر تمہارے اور مہربانی اس کی البتہ پیروی کرتے تم شیطان کی

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٨٣﴾ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ

مگر تھوڑے ف۲ پس لڑ بیچ راہ خدا کے نہیں تکلیف دی جاتی تجھ کو مگر جان تیری میں

وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا

اور لکھ واسطے ہمارے بیچ اس دنیا کے نیکی اور بیچ آخرت کے تحقیق

هُدْنَآ اِلَيْكَ ۭ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَاۗءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ

ہم نے توبہ کی طرف تیری کہا عذاب میرا پہنچاتا ہوں میں اس کو جس کو چاہوں اور رحمت میری نے

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۭ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ

سما لیا ہر چیز کو پس البتہ لکھوں گا میں اس کو واسطے ان لوگوں کے کہ پرہیزگاری کرتے ہیں اور دیتے

الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ

ہیں زکوٰۃ اور جو لوگ کہ وہ ساتھ نشانیوں ہماری کے ایمان لاتے ہیں ۲ وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں

الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ

رسول کی جو نبی ہے اَن پڑھا وہ جو پاتے ہیں اس کو لکھا ہوا نزدیک اپنے

فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ

بیچ توریت کے اور انجیل کے حکم کرتا ہے ان کو ساتھ بھلائی کے اور منع کرتا ہے

عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ

ان کو نامعقول چیز سے اور حلال کرتا ہے واسطے ان کے پاکیزہ چیزیں اور حرام کرتا ہے اوپر ان کے

۱ حضرت موسیٰ اپنے ساتھ لے گئے ستر آدمی سردار قوم کے جب حق تعالےٰ نے کلام کیا سن کر کہنے لگے ہم جب تلک نہ دیکھیں ہم کو یقین نہیں اس سے ان پر بجلی گری اور کانپ کر مر گئے۔ حضرت موسیٰ نے اس طرح دعا کی آپ کو شامل کر کر۔ تب بخشے گئے پھر زندہ ہوئے یہ شاید بچھڑا پوجنے سے پہلے تھا یا شاید پیچھے تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

۲ ۱۲۔ منہ رح

۲ شاید حضرت موسیٰ نے اپنی امت کے حق میں دنیا اور آخرت کی نیکی جو مانگی مراد یہ تھی کہ سب امتوں پر مقدم رہیں اور دنیا اور آخرت میں فرمایا کہ میرا عذاب اور رحمت کسی فرقے پر مخصوص نہیں سو عذاب تو اسی پر ہے جس کو اللہ چاہے اور رحمت سب کو شامل ہے لیکن وہ رحمت خاص لکھی ہے ان کے نصیب میں جو اللہ کی ساری باتیں یقین کریں گے۔ یعنی آخری امت کہ سب کتابوں پر ایمان لاویں گے سو حضرت موسیٰ کی امت میں سے جو کوئی آخری کتاب پر یقین لائے وہ پہنچے اس نعمت کو اور حضرت موسیٰ کی دعا ان کو لگی۔ ۱۲۔ منہ رح

الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ

ناپاک چیزیں اور اتارتا ہے ان سے بوجھ ان کے اور طوق جو تھے اوپر ان کے

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ

پس جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اس کے اور قوت دی اس کو اور مدد کی اس کی اور پیروی کی اس نور کی کہ

۱۹ ع ۶ ۹ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ

اتارا گیا ہے ساتھ اس کے یہ لوگ وہ ہیں فلاح پانے والے فـ۱ کہہ اے لوگو تحقیق

رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

میں پیغمبر ہوں اللہ کا طرف تمہاری سب کی وہ جو واسطے اس کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور

الْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ

زمین کی نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اس کے کے جو نبی

الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

ہے اَن پڑھا وہ جو ایمان لاتا ہے ساتھ اللہ کے اور باتوں اس کی کے اور پیروی کرو اس کی تو کہ تم راہ پاؤ

وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

اور قوم موسیٰ کی سے ایک جماعت ہے کہ ہدایت کرتی ہے ساتھ حق کے اور ساتھ اس کے عدل کرتے ہیں فـ۲

وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى

اور کاٹے ہم نے ان میں سے بارہ قبیلے بڑی بڑی جماعتیں اور وحی کی ہم نے طرف

مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ

موسیٰ کی جب پانی مانگا اس سے قوم اس کی نے یہ کہ مار ساتھ عصا اپنے کے پتھر کو

فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

پس پھوٹے اس میں سے بارہ چشمے تحقیق جان لیا ہر شخص نے

مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ

گھاٹ اپنا اور سائبان کیا ہم نے اوپر ان کے بادل کا اور اتارا ہم نے اوپر ان کے مَن

وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا

اور سلویٰ کھاؤ پاکیزہ اس چیز سے کہ دیا ہم نے تم کو اور نہ ظلم کیا انہوں نے ہم

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا

پر اور لیکن تھے جانوں اپنی کو ظلم کرتے اور جب کہا گیا واسطے ان کے رہو تم

فـ۱ حضرت کو پہلی کتابوں میں نبی امی بتایا تھا۔ دو معنوں سے ایک تو بن پڑھے تھے اور دوسرے ام القریٰ سے پیدا ہوئے یعنی مکے سے اور یہود پر سخت احکام تھے۔ اور کھانے کی چیزوں میں تنگی تھی۔ اس دین میں وہ سب آسان ہوئے۔ اسی کو بوجھ اور پھانسی فرمایا اور نور سے مراد قرآن اور شریعت ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

فـ۲ وہی لوگ تھے کہ جب حضرت پہنچے تو ایمان لائے جیسے عبداللہ ابن سلام۔ ۱۲۔ منہ رح

هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ
اس بستی میں اور کھاؤ اس میں سے جہاں چاہو تم اور کہو جھاڑ تو گناہ ہمارے

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ط سَنَزِيْدُ
اور داخل ہو دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے بخش دیں گے ہم خطائیں تمہاری البتہ زیادہ دیں گے ہم

الْمُحْسِنِيْنَ (۱۶۱) فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ
احسان کرنے والوں کو ف۱ پس بدل ڈالا جنہوں نے ظلم کیا تھا ان میں سے بات کو سوائے اس کے

قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا
جو کہی گئی تھی واسطے انکے پس بھیجا ہم نے اوپر ان کے عذاب آسمان سے بسبب اس چیز کے کہ

يَظْلِمُوْنَ (۱۶۲) ع وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ
تھے ظلم کرتے اور سوال کر ان کو بستی سے جو تھے اوپر کنارے

الْبَحْرِ م اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ
دریا کے جب تعدی کرتے تھے بیچ ہفتے کے جب آتی تھیں ان کے پاس مچھلیاں ان کی جس دن

سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ لا لَا تَاْتِيْهِمْ ج كَذٰلِكَ
ہفتہ کرتے تھے ظاہر اور جس دن نہ ہفتہ کرتے تھے نہ آتی تھیں ان کے پاس اسی طرح

نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ (۱۶۳) وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ
آزمائش کرتے تھے ہم ان کی بسبب اس کے کہ تھے فسق کرتے ف۲ اور جب کہا ایک جماعت نے ان میں سے کہ کیوں

لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمَا لا اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا
نصیحت کرتے ہو اس قوم کو کہ اللہ ہلاک کرنے والا ہے ان کو یا عذاب کرنے والا ہے ان کو عذاب

شَدِيْدًا ط قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ (۱۶۴) فَلَمَّا
سخت کہا انہوں نے واسطے عذر کرنے کے طرف رب تمہارے کی اور شاید کہ وہ بچیں ف۳ پس جب

نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَ
بھول گئے جو کچھ نصیحت کیے گئے تھے ساتھ اس کے نجات دی ہم نے ان لوگوں کو کہ منع کرتے تھے برائی سے اور

اَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍ بَئِيْسٍ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ (۱۶۵)
پکڑا ہم نے ان کو جو وہ ظلم کرتے تھے ساتھ عذاب برے کے بسبب اس کے کہ تھے فسق کرتے

فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً
پس جب سرکشی کی اس چیز سے کہ منع کیے گئے تھے اس سے کہا ہم نے ان کو ہو جاؤ بندر

ع ۵ ۲۰ ۱۰ — وقف لازم — معانقة ۷ — النصف

ف۱ یعنی ابھی ایک شہر فتح ہوا ہے آگے سارا ملک ملے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت داؤد کے عہد میں یہ قصہ ہوا ہے یہود پر ہفتہ کے دن شکار کرنا منع تھا۔ اللہ نے اس شہر والے بے حکم دیکھے۔ لگا آزمانے ہفتے کے دن مچھلیاں اوپر پھریں اور دنوں غائب رہیں ان کا جی نہ رہ سکا۔ آخر ہفتے کو شکار کیا۔ اپنی دانست میں حیلہ کیا کہ کنارہ دریا کے پانی کاٹ لائے کہ مچھلیاں وہاں بند ہو رہیں تو بھی مچھلیاں ہاتھ نہ آئیں ہفتے کی شام کو نکل جاتیں آخر ہفتہ کے دن راہ بھاگنے کی بند کی اتوار کو پکڑ لیا پھر وہ لوگ بندر ہو گئے اس سے معلوم ہوا کہ جس شخص کو حلال روزی نہ ملے اور حرام چاہیے تو ملے تو اس کو آزمائش ہے آخر وہ روزی وبال ہوگی اور معلوم ہوا کہ حیلہ اللہ پاس کام نہیں آتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ان میں تین فرقے ہوئے ایک شکار کرتے ایک منع کئے جاتے ایک تھک کر منع کرنا چھوڑ بیٹھے لیکن وہی بہتر تھے جو منع کرتے رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

خٰسِـِٕيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
ذلیل وا اور جب پکار دیا پروردگار تیرے نے البتہ بھیجے گا اوپر ان کے تا روز قیامت

مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖۚ
وہ شخص کہ پہنچاوے ان کو بُرا عذاب تحقیق پروردگار تیرا البتہ جلد عذاب کرنے والا ہے اور

وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ
وہ تحقیق البتہ بخشنے والا مہربان ہے وٹ اور ٹکڑے ٹکڑے کیا ہم نے ان کو بیچ زمین کے جماعتیں بڑی بعضے ان میں

الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۫ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ
سے نیک کار ہیں اور بعضے ان میں سے سوائے اس کے یعنی بدکار اور آزمایا ہم نے ان کو ساتھ بھلائیوں کے

وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ
اور برائیوں کے تو کہ وہ پھر آویں وٹ پھر جگہ پر بیٹھے ان کے پیچھے ان سے بُرے

خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى
جانشین کہ وارث ہوئے کتاب کے لے لیتے ہیں اسباب جو ناقص ہے یعنی حرام

وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ
اور کہتے ہیں البتہ بخشا جاوے گا واسطے ہمارے اور اگر آوے ان کے پاس اسباب مانند اس کی لے لیویں اس کو

اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ
کیا نہیں لیا گیا اوپر ان کے عہد کتاب میں یہ کہ نہ بولیں اوپر اللہ کے

اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ
مگر سچ اور پڑھا انہوں نے جو کچھ کہ بیچ اس کے ہے اور گھر پچھلا بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے کہ

يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ
پرہیز گاری کرتے ہیں کیا پس نہیں سمجھتے تم وٹ اور جو لوگ محکم پکڑتے ہیں کتاب کو

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَاِذْ
اور قائم رکھتے ہیں نماز کو تحقیق ہم نہیں ضائع کرتے ثواب نیکی کرنے والوں کا اور جب

نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ
اٹھایا ہم نے پہاڑ کو اوپر ان کے گویا کہ وہ سائبان ہے اور جانا انہوں نے یہ کہ وہ گر پڑے گا ان پر

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع
کہا ہم نے لو جو کچھ دیا ہم نے تم کو ساتھ قوت کے اور یاد کرو جو کچھ کہ بیچ اس کے ہے تو کہ تم بچو

وا منع کرنے والوں نے شکار کرنے والوں سے ملنا چھوڑ دیا اور بیچ میں دیوار اٹھائی۔ ایک دن صبح کو اٹھے دوسروں کی آواز نہ سنی۔ دیوار پر سے دیکھا ہر گھر میں بندر وہ آدمیوں کو پہچان کر اپنے قرابت والوں کے پاؤں پر سر رکھنے لگے اور رونے لگے آخر بُرے حال سے تین دن میں مر گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

وٹ توریت میں فرمایا تھا کہ جب حکم توریت چھوڑ دو گے تو تم پر اور بندے مسلّط ہوں گے پھر قیامت تک تم ذلیل رہو گے۔ اب یہود کو کہیں کی حکومت نہیں غیر کی رعیت ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وٹ یہود کی دولت برہم ہوئی تو آپس کی مخالفت سے ہر طرف نکل گئے اور مذہب مختلف پیدا ہوئے۔ یہ احوال اس امت کو سنایا ہے کہ یہ سب کچھ ان پر بھی ہوگا حدیث میں فرمایا ہے کہ اس امت میں بعضے بندر اور سؤر ہو جاویں گے اللہ گمراہی سے پناہ دے۔ ۱۲۔ منہ رح

وٹ پچھلے لوگ رشوت لے کر مسئلے غلط کہنے لگے اور امید رکھنے کہ ہم بخشے جاویں حالانکہ پھر اسی کام کو حاضر ہیں۔ امید بخشنے کی ہے جب باز آویں یہ اسباب زندگی مالِ دنیا کو فرمایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲۱ ۹ ۱۱

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ
اور جب لیا پروردگار تیرے نے بیٹوں آدم کے سے پیٹھوں ان کی سے اولاد ان کی کو
وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰي ڔ شَهِدْنَا ڔ
اور گواہ کیا ان کو اوپر جانوں ان کی کے کیا نہیں ہوں میں رب تمہارا کہا انہوں نے البتہ تو ہے شاہد
اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ ھٰذَا غٰفِلِيْنَ ١٧٢ اَوْ
ہوئے ہم ایسا نہ ہو کہ کہو تم دن قیامت کے تحقیق تھے ہم اس سے غافل یا
تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ
کہو سوائے اس کے نہیں کہ شریک کیا تھا باپوں ہمارے نے پہلے اس سے اور تھے ہم اولاد پیچھے
بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ١٧٣ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ
ان کے سے کیا پس ہلاک کرتا ہے ہم کو ساتھ اس چیز کے کہ کیا جھوٹوں نے ف۱ اور اسی طرح مفصل بیان کرتے ہیں
الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ١٧٤ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ
ہم نشانیاں اور تو کہ وہ پھر آویں ف۲ اور پڑھ اوپر ان کے قصہ اس شخص کا کہ دیں ہم نے
اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ
اس کو نشانیاں اپنی پس نکل گیا ان میں سے پس پیچھے لگایا اس کو شیطان نے پس ہوگیا
الْغٰوِيْنَ ١٧٥ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ
گمراہوں سے اور اگر چاہتے ہم البتہ بلند کرتے ہم اس کو ساتھ ان کے یعنی نشانیوں کے اور لیکن وہ لگ گیا طرف زمین
وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ
کی اور پیروی کی خواہش اپنی کی پس مثال اس کی مانند مثال کتے کی ہے اگر بوجھ رکھے تو اوپر اس کے
يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ
زبان لٹکاوے یا چھوڑ دے اس کو زبان لٹکاوے یہ ہے مثال اس قوم کی کہ
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ١٧٦
جھٹلایا نشانیوں ہماری کو پس بیان کر قصے تو کہ وہ فکر کریں ف۳
سَاۗءَ مَثَلَۨا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ
بری ہے مثال اس قوم کی جنہوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو اور جانوں اپنی کو
كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ١٧٧ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ
تھے ظلم کرتے جس کو راہ دکھاوے اللہ پس وہی راہ پانے والا ہے اور جس کو

ف۱ اللہ تعالےٰ نے حضرت آدم کی پشت سے ان کی اولاد نکالی سب سے اقرار کروایا اپنی خدائی کا۔ پھر پشت میں داخل کیا۔ اس سے مدعا یہ کہ خدا کے ماننے میں ہر کوئی آپ کفایت ہے۔ باپ کی تقلید نہیں۔ اگر باپ شرک کرے بیٹا چاہیے ایمان لاوے اگر کسی کو شبہ ہو کہ وہ عہد تو یاد نہیں رہا۔ پھر کیا حاصل تو یوں سمجھے کہ اس کا نشان ہر کسی کے دل میں رہا ہے اور ہر زبان پر مشہور رہا ہے کہ سب کا خالق اللہ ہے سارا جہان قائل ہے اور جو کوئی منکر ہے یا شرک کرتا ہے سو اپنی عقل ناقص کے دخل سے پھر آپ ہی جھوٹا ہوتا ہے۔ ۱۲۔ منہ ح

ف۲ یہ قصہ یہود کو سنایا کہ یہ بھی عہد سے پھرے ہیں جیسے مشرک پھرے ہیں۔ ۱۲۔ منہ ح

ف۳ حضرت موسےٰ کا لشکر چلا ایک بادشاہ پر اس کے ملک میں ایک درویش تھا۔ صاحب تصرف بادشاہ نے اس سے مدد چاہی اس کو باطن سے منع ہوا۔ پھر بادشاہ نے اس کی عورت کو مال کی طمع دی اس نے اس کو راضی کر کر بھیجا وہاں اپنے اعمال چلتے نہ دیکھے۔ بادشاہ کو حیلہ سکھایا کہ اس لشکر

(باقی صفحہ ۲۰۷ پر)

يُّضْلِلْ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۱۷۸ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ
گمراہ کرے پس یہ لوگ وہی ٹوٹا پانے والے ہیں اور البتہ تحقیق پیدا کیئے ہم نے واسطے

كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ
دوزخ کے بہت جنوں سے اور آدمیوں سے واسطے ان کے دل ہیں کہ نہیں سمجھتے ساتھ ان کے

وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ
اور واسطے ان کے آنکھیں ہیں کہ نہیں دیکھتے ساتھ ان کے اور واسطے ان کے کان ہیں کہ نہیں سنتے ساتھ

بِهَا ۭ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ
ان کے یہ لوگ مانند چارپایوں کے ہیں بلکہ وہ زیادہ تر گمراہ ہیں یہ لوگ وہ ہیں

الْغٰفِلُوْنَ ۝۱۷۹ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا
غافل ف۱ اور واسطے اللہ کے ہیں نام اچھے پس پکارو اس کو ساتھ ان کے اور چھوڑ دو

الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَاۗىِٕهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۸۰
ان کو جو کج راہی کرتے ہیں بیچ ناموں اس کے کے البتہ جزا دیئے جاویں گے جو کچھ کہ تھے کرتے ف۲

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝۱۸۱ ع
اور جن لوگوں سے کہ پیدا کیا ہم نے ایک جماعت ہے کہ راہ دکھاتے ہیں ساتھ حق کے اور ساتھ اسی کے عدل کرتے ہیں ف۳

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ
اور جنہوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو البتہ درجہ بدرجہ کھینچیں گے ہم ان کو گمراہی میں جس طرح

لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۸۲ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝۱۸۳ اَوَ
کہ نہیں جانتے اور ڈھیل دوں گا میں ان کو تحقیق مکر میرا مضبوط ہے کیا

لَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا
نہیں فکر کرتے نہیں ہے واسطے صاحب ان کے کے کچھ جنون سے نہیں وہ مگر

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۸۴ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ
ڈرانے والا ظاہر ف۴ کیا نہیں نظر کرتے بیچ بادشاہی آسمانوں کے

وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى
اور زمین کے اور جو کچھ پیدا کیا اللہ تعالے نے کسی چیز سے اور یہ شتاب ہے

اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ
یہ کہ نزدیک ہوئی ہو اجل ان کی پس ساتھ کونسی بات کے

ف۱ یعنی خدا اور رسول کو پہچاننا اور ان کے حکم سیکھنے ہر کسی پر فرض ہیں نہ کرے تو دوزخ میں جاوے۔ ۱۲-منہ

ف۲ یعنی اللہ نے اپنے وصف بتائے ہیں کہ مناجات میں وہ کہہ کر پکارو کہ تم پر متوجہ ہو اور کج راہ نہ چلو کج راہ یہ کہ جو وصف نہیں بتائے وہ کہے جیسے اللہ کو بڑا کہا لمبا نہیں کہا یا قدیم کہا پرانا نہیں کہا۔ اور ایک کج راہ یہ ہے کہ ان کو سحر میں چلاوے وہ اپنے کیئے کا بدلہ پا رہیں گے۔ یعنی قرب خدا نہ ملے گا وہ مطلب ملے گا بھلا یا برا۔ ۱۲-منہ

۲۲ ع ۱۰ ۱۲

ف۳ یعنی شرع پر ۱۲-منہ

ف۴ رفیق فرمایا پیغمبر کو کہ ہمیشہ ان کے پاس ہے اور وہ اس کے حال سے واقف ہیں۔ ۱۲-منہ

(صفحہ ۲۰۶ سے آگے)

بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ط
پیچھے اس کے ایمان لاویں گے جس کو گمراہ کرے اللہ پس نہیں راہ دکھانے والا واسطے اس

وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ
کے اور چھوڑتا ہے ان کو بیچ سرکشی ان کی کے سرگرداں سوال کرتے ہیں تجھ کو قیامت

السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ط قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ج لَا
سے کہ کب ہے وقت قائم ہونے اس کے کا کہہ سوائے اس کے نہیں کہ علم اس کا نزدیک رب میرے کے ہے نہ

يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط
ظاہر کرے گا اس کو وقت اس کے پر مگر وہی بھاری ہے بیچ آسمانوں کے اور زمین کے

لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ط يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ط قُلْ
نہیں آوے گی تم پر مگر ناگہاں سوال کرتے ہیں تجھ سے گویا کہ تو بحث کرنے والا ہے اس سے کہہ

اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾
سوائے اس کے نہیں کہ علم اس کا نزدیک اللہ کے ہے اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتے

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ط
کہو نہیں اختیار رکھتا میں واسطے جان اپنی کے نفع کا اور نہ ضرر کا مگر جو چاہے اللہ

وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ج وَمَا
اور اگر ہوتا میں جانتا غیب کو البتہ بہت لے لیتا میں بھلائی سے اور نہیں

مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ج اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع ۲۳ ۷ ۱۳
لگتی مجھ کو برائی نہیں میں مگر ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا
وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو جان ایک سے اور کیا اس سے جوڑا اس کا

لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ج فَلَمَّا تَغَشّٰهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ
تو کہ آرام پکڑے طرف اس کی پس جب ڈھانکا اس نے اس کو اٹھا لیا اس نے بوجھ ہلکا پس چلے گئی

بِهٖ ج فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا
ساتھ اس کے پس جب بوجھل ہوگئی پکارا دونوں نے اللہ پروردگار اپنے کو اگر دے گا ہم کو تندرست

لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ
البتہ ہوں گے ہم شکر کرنے والوں سے پس جب دیا ان کو تندرست کیا واسطے اس کے

ہیں فاحشہ عورتیں بھیجے اور لوگ بدکاری کریں تو ان پر ذلت پڑے حق تعالے نے حضرت موسے کی برکت سے حیلہ پیش نہ چلایا۔ لیکن سکھانے والا مردود ہوا شاید دنیا میں یا آخرت میں اس کو یہ عذاب ہوا کہ کتے کی طرح زبان نکل پڑی حق تعالیٰ نے یہ قصہ یہود کو سنا دیا کہ اگرچہ علم کامل اپنے پاس ہو کام تب آوے کہ آپ اس کے تابع ہو اور اگر آپ تابع ہو حرص کا اور چاہے کہ علم میرے کام آوے تو کچھ نہیں ہوتا اور شاید ہانپتے کتے کی مثال اس میں ہو کہ جب تک وہ حرص سے خالی تھا اس کو باطن سے صحیح معلوم ہوا۔ جب دل میں حرص بیٹھی تو باطن سے معلوم نہ ہوا یا ہوا تو مجمل معلوم ہوا۔ اس کو اپنی طبع کے مطابق سمجھ لیا۔ نقل میں ہے جب وہ چلنے لگا تو چاہا کہ پھر غیب سے کچھ معلوم ہو تب معلوم ہوا کہ جا جب راہ میں پہنچا تو ایک فرشتہ ملا شمشیر ننگی ہاتھ میں اس نے التجا کی کہ اگر حکم نہ ہو تو میں نہ جاؤں کہا جا لیکن کچھ بد دعا نہ کر تو پھر بادشاہ پاس پہنچ کر لگا بد دعا کرنے منہ سے خود بخود دعائے نیک

(باقی صفحہ ۲۱۳ پر)

شُرَكَآءَ فِيمَآ ءَاتَىٰهُمَا ۚ فَتَعَٰلَى ٱللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿١٩٠﴾
شریک بیچ اس چیز کے کہ دیا تھا ان کو پس بلند ہے اللہ اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں وا

أَيُشْرِكُونَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَهُمْ يُخْلَقُونَ ﴿١٩١﴾ وَلَا
کیا شریک لاتے ہیں اس چیز کو کہ نہیں پیدا کرتے کچھ اور وہ پیدا کیے جاتے ہیں اور نہیں

يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْرًا وَلَآ أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ ﴿١٩٢﴾ وَإِن
کر سکتے واسطے ان کے مدد اور نہ اپنی جانوں کو وہ مدد کرتے ہیں اور اگر

تَدْعُوهُمْ إِلَى ٱلْهُدَىٰ لَا يَتَّبِعُوكُمْ ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ
بلاؤ تم ان کو طرف ہدایت کی نہ پیروی کریں تمہاری برابر ہے اوپر تمہارے

أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنتُمْ صَٰمِتُونَ ﴿١٩٣﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ تَدْعُونَ
کیا پکارو تم ان کو یا تم چپکے رہو تحقیق جن کو پکارتے

مِن دُونِ ٱللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ ۖ فَٱدْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا۟ لَكُمْ
ہو سوائے اللہ کے بندے ہیں مانند تمہارے پس پکارو تم ان کو پس چاہیے کہ جواب دیں تم کو

إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ﴿١٩٤﴾ أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَآ ۖ أَمْ لَهُمْ
اگر ہو تم سچے کیا واسطے ان کے پاؤں ہیں کہ چلتے ہیں ساتھ ان کے یا واسطے

أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَآ ۖ أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَآ ۖ أَمْ لَهُمْ
ان کے ہاتھ ہیں کہ پکڑتے ہیں ساتھ ان کے یا واسطے ان کے آنکھیں ہیں کہ دیکھتے ہیں ساتھ ان کے یا واسطے ان کے

ءَاذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۗ قُلِ ٱدْعُوا۟ شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ
کان ہیں کہ سنتے ہیں ساتھ ان کے کہو بلاؤ شریکوں اپنوں کو پھر مکر کرو مجھ سے

فَلَا تُنظِرُونِ ﴿١٩٥﴾ إِنَّ وَلِـِّۧىَ ٱللَّهُ ٱلَّذِى نَزَّلَ ٱلْكِتَٰبَ ۖ وَهُوَ
پس مت ڈھیل دو مجھ کو تحقیق دوست میرا ہے اللہ جس نے اتاری ہے کتاب اور وہی

يَتَوَلَّى ٱلصَّٰلِحِينَ ﴿١٩٦﴾ وَٱلَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِهِۦ لَا
دوستی کرتا ہے صالحوں سے اور جن کو کہ پکارتے ہو سوائے اس کے نہیں

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلَآ أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ ﴿١٩٧﴾ وَإِن
کر سکتے مدد تمہاری اور نہ جانوں اپنی کو مدد دیتے ہیں اور اگر

تَدْعُوهُمْ إِلَى ٱلْهُدَىٰ لَا يَسْمَعُوا۟ ۖ وَتَرَىٰهُمْ يَنظُرُونَ
بلاؤ تم ان کو طرف ہدایت کی نہ سنیں گے اور دیکھتا ہے ان کو آنکھیں کر رہے ہیں

وا بعضے کہتے ہیں حضرت آدم اور حوا پر یہ گذرا کہ اوّل جو حمل ہوا ابلیس ایک مرد نیک کی صورت میں آیا اور ڈرایا کہ تیرے پیٹ میں شاید کچھ بلا ہے جب دونوں دعا کرنے لگے تب یہ کہا کہ میری دعا سے یہ بلا بدل کر بیٹا پیدا ہوگا۔ اس کا نام رکھیو عبدالحارث حارث شیطان کا نام تھا۔ وہی کیا اس قصہ میں پیغمبروں سے شرک ثابت ہوتا ہے یا یہ قصہ غلط ہے۔ اس آیت میں مرد اور عورت کو فرمایا ہے آدم اور حوا کو نہیں۔ گو اوّل ذکر ان کا ہو چکا یا یوں کہیے کہ جو کچھ انسانوں میں ہونا مقدر رہا وہ حضرت آدم میں ظہور پکڑ گیا اس میں وہ نمونہ تقدیر تھے اولاً کے گناہ ان میں نظر آئے جیسے آئینے میں صورت چنانچہ نفس کی خواہش اور اللہ کی بے حکمی اور کہہ کر بھول جانا اور دے کر منکر ہونا یہ سب اولاد کی خوبیں ان میں نظر آچکیں۔
۱۲- منہ رح

اِلَیۡكَ وَهُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ ﴿۱۹۸﴾ خُذِ الۡعَفۡوَ وَاۡمُرۡ بِالۡعُرۡفِ
طرف تیری اور وہ نہیں دیکھتے پکڑ درگذر کو اور حکم کر ساتھ بہتر کے

وَاَعۡرِضۡ عَنِ الۡجٰهِلِیۡنَ ﴿۱۹۹﴾ وَاِمَّا یَنۡزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیۡطٰنِ
اور منہ پھیرے جاہلوں سے اور اگر وسوسہ کرے تجھ کو شیطان کی

نَزۡغٌ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۲۰۰﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ
طرف سے وسوسہ ڈالنے والا پس پناہ پکڑ ساتھ اللہ کے تحقیق وہ ہے سننے والا جاننے والا وا تحقیق جو لوگ کہ

اتَّقَوۡا اِذَا مَسَّهُمۡ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیۡطٰنِ تَذَكَّرُوۡا فَاِذَا هُمۡ
پرہیزگاری کرتے ہیں جب لگتا ہے ان کو وسوسہ شیطان سے یاد کر لیتے ہیں پس ناگہاں وہ

مُّبۡصِرُوۡنَ ﴿۲۰۱﴾ ج وَاِخۡوَانُهُمۡ یَمُدُّوۡنَهُمۡ فِی الۡغَیِّ ثُمَّ لَا
دیکھنے لگتے ہیں اور بھائی ان کے کھینچتے ہیں ان کو بیچ گمراہی کے پھر نہیں

یُقۡصِرُوۡنَ ﴿۲۰۲﴾ وَاِذَا لَمۡ تَاۡتِهِمۡ بِاٰیَةٍ قَالُوۡا لَوۡلَا اجۡتَبَیۡتَهَا ؕ
تھمتے اور جب نہیں لاتا تو ان کے پاس نشانی کہتے ہیں کیوں نہ کھینچ لایا تو اس کو

قُلۡ اِنَّمَاۤ اَتَّبِعُ مَا یُوۡحٰۤی اِلَیَّ مِنۡ رَّبِّیۡ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ
کہہ سوائے اس کے نہیں کہ میں پیروی کرتا ہوں اس چیز کی کہ وحی کی جاتی ہے طرف میری رب میرے سے یہ دلیلیں

مِنۡ رَّبِّكُمۡ وَهُدًی وَّرَحۡمَةٌ لِّقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا
ہیں پروردگار تمہارے سے اور ہدایت اور رحمت واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں اور جب

قُرِئَ الۡقُرۡاٰنُ فَاسۡتَمِعُوۡا لَهٗ وَاَنۡصِتُوۡا لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ﴿۲۰۴﴾
پڑھا جاوے قرآن پس سنو اس کو اور چپکے رہو تو کہ تم رحم کیے جاؤ وا

وَاذۡكُرۡ رَّبَّكَ فِیۡ نَفۡسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِیۡفَةً وَّدُوۡنَ الۡجَهۡرِ
اور یاد کرو پروردگار اپنے کو بیچ جی اپنے کے عاجزی سے اور ڈر سے اور کم آواز سے

مِنَ الۡقَوۡلِ بِالۡغُدُوِّ وَالۡاٰصَالِ وَلَا تَكُنۡ مِّنَ الۡغٰفِلِیۡنَ ﴿۲۰۵﴾
بات سے صبح کو اور شام کو اور مت ہو غافلوں سے

اِنَّ الَّذِیۡنَ عِنۡدَ رَبِّكَ لَا یَسۡتَكۡبِرُوۡنَ عَنۡ عِبَادَتِهٖ
تحقیق جو لوگ کہ نزدیک رب تیرے کے ہیں نہیں تکبر کرتے بندگی اس کی سے

وَیُسَبِّحُوۡنَهٗ وَلَهٗ یَسۡجُدُوۡنَ ﴿۲۰۶﴾ ع السجدة
اور تسبیح کرتے ہیں واسطے اس کے اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں وس

وا یعنی نیک کام کو کہئے اور جاہلوں سے پرے رہیئے لڑنے نہ لگئے نہیں تو آپ بھی جاہل بنا اور کارِ رحمٰن میں کارِ شیطان آیا اور اگر ایک وقت شیطان چھیڑ کروا دے تو جب یاد آوے شتاب پناہ پکڑے اللہ کی اور سنبھل جاوے اپنے جہل میں چلے نہ جائے۔ ۱۲۔ منہ رح

وٹ یعنی جب کوئی قرآن پڑھے اور دل پر واجب ہے کہ باتیں نہ کریں دھیان سے سنیں شاید دل میں ہدایت پڑے لیکن پڑھنے والا باتوں کی مجلس میں پڑھنے لگے پکار کر تو اس کی خطا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وسا یعنی مقرب فرشتے بھی اس کی یاد سے غافل نہیں تو انسان کو اور بھی ضرور ہے اور اس کے سوا کسی کو سجدہ نہ کرے اس جا پر سجدہ آتا ہے۔ سب قرآن میں پندرہ جا سجدہ ضرور ہے سب کا ایک حکم ہے حنفی مذہب میں واجب اور شافعی میں سنت۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲۴ / ۱۸ / ۱۴ — السجدة

سُورَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۷۵ رکوعاتہا ۱۰

سورۂ انفال مدینہ میں نازل ہوئی اس میں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے بخشش کرنے والے مہربان کے پچھتر آیت اور دس رکوع ہیں وا

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ

سوال کرتے ہیں تجھ کو لوٹوں سے کہہ لوٹیں واسطے اللہ کے ہیں اور رسول کے

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

پس ڈرو اللہ سے اور درست کرو معاملے آپس کے اور فرمانبرداری کرو اللہ

وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ①اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ

کی اور رسول اس کے کی اگر ہو تم ایمان والے وٹ سوائے اس کے نہیں کہ ایمان والے وہ لوگ

اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ

ہیں کہ جب یاد کیا جاوے اللہ ڈر جاتے ہیں دل ان کے اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر ان کے

اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚۖ ② الَّذِيْنَ

نشانیاں اس کی زیادہ کرتی ہیں ان کو ایمان اور اوپر پروردگار اپنے کے توکل کرتے ہیں وہ لوگ کہ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ؕ ③ اُولٰٓئِكَ

قائم رکھتے ہیں نماز کو اور اس چیز سے کہ دیا ہے ہم نے ان کو خرچ کرتے ہیں یہ لوگ

هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ

وہ ہیں ایمان والے ساتھ حق کے واسطے ان کے درجے ہیں نزدیک پروردگار ان کے کے اور بخشش ہے

وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۚ ④ كَمَاۤ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ

اور رزق ہے باکرامت جس طرح سے نکالا تجھ کو رب تیرے نے گھر تیرے سے

بِالْحَقِّ ۪ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۙ ⑤

ساتھ حق کے اور تحقیق ایک فرقہ مسلمانوں سے البتہ ناخوش رکھتے تھے وٓ

يُجَادِلُوْنَكَ فِى الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ

جھگڑا کرتے تھے تجھ سے بیچ حق کے پیچھے اس کے کہ ظاہر ہوا گویا کہ ہانکے جاتے ہیں

اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ؕ ⑥ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى

طرف موت کی اور وہ دیکھتے ہیں اور جب وعدہ کرتا تھا تم کو اللہ ایک کا

الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ

دو جماعتوں میں سے یہ واسطے تمہارے ہے اور تم دوست رکھتے تھے یہ کہ بن شوکت والا ہی

وا سورۂ انفال اتری بعد جنگ بدر کے جب ہجرت کے بعد حکم ہوا جہاد کا۔ اوّل جہاد تھا قریش سے جن کے ظلم سے وطن چھوڑا ان پر چڑھ کر نہ جا سکتے مکے کے ادب سے۔ مگر راہ باٹ پر مسلمان دوڑے دو تین بار پھر دوسرے برس قریش کا قافلہ تجارت کو گیا ملک شام جب پھرنے لگے حضرت نے آپ اُن پر قصد کیا۔ خبر پا کر مکے والے مدد کو نکلے قافلے کی۔ قافلہ بچ نکلا اور دو فوجیں بھڑ گئیں۔ حق تعالیٰ نے فتح دی شریر شریر کافر ستر مارے گئے اور ستر بند میں آئے۔ ۱۲۔ منہ رح

وٓ جنگ میں بعضے آگے بڑھے اور بعضے پشت پر رہے جب غنیمت جمع ہوئی بڑھنے والوں نے کہا یہ حق ہمارا ہے کہ فتح ہم نے کی اور پشتی والوں نے کہا تم ہماری قوت سے لڑے حق تعالیٰ نے دونوں کو خاموش کیا کہ فتح اللہ کی مدد سے ہے۔ زور کسی کا پیش نہیں جاتا۔ سو مالک مال کا اللہ ہے۔ اور نائب اس کا رسول ہے۔ پھر آگے بہت دور تک یہی بیان فرمایا کہ فتح اللہ کی مدد سے ہے اپنی قوت سے نہ سمجھو۔ ۱۲۔ منہ رح

وٓ یعنی غنیمت کا جھگڑا بھی ویسا ہی ہے جیسا نکلتے وقت عقل (باقی صفحہ ۲۱۲ پر)

الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ
ہووے واسطے تمہارے اور ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ ثابت کرے حق کو ساتھ باتوں اپنی کے

وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۟ۙ ۷ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ
اور کاٹے جڑ کافروں کی ف۱ تو کہ سچا کرے دین کو اور جھوٹا کرے باطل کو

وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۟ۚ ۸ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ
اور اگرچہ ناخوش رکھیں گنہگار جس وقت فریاد کرتے تھے تم پروردگار اپنے سے پس قبول کیا

لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۟ ۹ وَمَا
واسطے تمہارے یہ کہ میں مدد دوں گا تم کو ساتھ ہزار کے فرشتوں سے پیچھے سے اور لانے والے اور نہیں

جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ
کیا اس کو اللہ نے مگر خوشخبری اور تو کہ آرام پکڑیں ساتھ اس کے دل تمہارے اور نہیں مدد

اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۟ؑ ۱۰ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ
مگر نزدیک اللہ کے سے تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا جبکہ ڈھانکتا تھا تم کو

النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً
اونگھ سے امن اس کی طرف سے اور اتارتا تھا اوپر تمہارے آسمان سے پانی تو کہ

لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ
پاک کرے تم کو ساتھ اس کے اور دور کرے تم سے نجاست شیطان کی اور تو کہ باندھ دیوے

عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ۟ؕ ۱۱ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ
اوپر دلوں تمہارے کے اور ثابت رکھے بسبب اس کے قدموں تمہارے کو ف۲ جس وقت وحی پہنچاتا تھا رب تیرا

اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ
طرف فرشتوں کی یہ کہ میں ساتھ تمہارے ہوں پس ثابت رکھو ان لوگوں کو جو ایمان لائے البتہ ڈالوں گا میں

فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ
بیچ دلوں ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے رعب پس مارو اوپر

الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۟ؕ ۱۲ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
گردنوں کے اور مارو ان میں سے ہر پورے پر ف۳ یہ اس واسطے کہ

شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ
انہوں نے خلاف کیا اللہ کا اور رسول اس کے کا اور جو کوئی خلاف کرے اللہ کا اور رسول اس کے کا پس تحقیق

ف۱ حضرت نے فرمایا تھا کہ یا قافلہ یا مدد ہمارے ہاتھ لگے گا۔ لوگ چاہنے لگے کہ قافلہ ہاتھ لگے اور بہتر ہوا یہی کہ کفر کا زور ٹوٹا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جب دو لشکر مقابل ہوئے رات کو مسلمانوں کو حاجت غسل ہو گئی اور پانی پینے کا بھی نہ تھا اور زمین ریت تھی جہاں پاؤں نہ ٹھہریں۔ صبح کو لڑائی درپیش۔ یہ چیزیں دیکھ کر مسلمان ڈرے کہ آثار شکست کے ہیں اس وقت باران کامل برسا کہ غسل اور پیاس کو کافی ہوا اور زمین جم گئی اور ایک اونگھ آپڑی اس سے چونکے تو دل کا خوف جاتا رہا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۱ / ۱۵

ف۳ کافروں کے دل قابل نہیں فرشتوں کے الہام کے سو رعب ڈالنا اپنی طرف لیا اور مسلمانوں کے دل ثابت کرنے کو حکم فرمایا۔ اس جنگ میں فرشتے ہاتھوں سے بھی لڑے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۲۱۱ سے آگے)
کی تدبیریں کرنے لگے اور آخر صلاح وہی ٹھہری جو رسول نے فرمایا تو ہر کام میں یہی احتیاط کرو کہ حکمبرداری میں اپنی عقل کو دخل نہ دو۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۲۰۸ کا حاشیہ ۲ سے آگے)
نکلنے لگی حضرت موسیٰ کے لشکر کو تب ناچار حیلہ سکھایا۔ ۱۲۔ منہ رح

اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ
اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے یہ ہے پس چکھ لو اس کو اور تحقیق واسطے کافروں کے

عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ
عذاب ہے آگ کا اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہ ملاقات کرو تم ان لوگوں سے

كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ
کہ کافر ہوئے لشکر باندھ کر پس نہ پھیرو ان سے پیٹھ کو ف۱ اور جو کوئی پھیرے ان سے اس دن

دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ
پیٹھ اپنی مگر حرفت کرنے والا واسطے لڑائی کے یا جگہ پکڑنے والا طرف جماعت کی پس تحقیق

بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶﴾
پھر آیا ساتھ غضب کے اللہ کی طرف سے اور جگہ رہنے کی دوزخ ہے اور بُری جگہ ہے پھر جانے کی

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۠ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ
پس نہ مارا تم نے ان کو اور لیکن اللہ نے مارا ان کو اور نہ پھینکا تھا تو نے جس وقت کہ پھینکا تھا

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ۭ
اور لیکن اللہ نے پھینکا تھا اور تو کہ آزمائش کرے ایمان والوں کی ساتھ نعمت کے اپنی طرف سے آزمائش نیک

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ
تحقیق اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۲ بات یہ ہے اور یہ کہ اللہ سست کرنے والا ہے مکر

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ
کافروں کا اگر فتح چاہتے ہو تم پس تحقیق آئی تمہارے پاس فتح اور اگر

تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ
باز رہتے ہو پس وہ بہتر ہے واسطے تمہارے اور اگر پھر آؤ تم پھر آویں گے ہم اور ہرگز نہ کفایت کرے گی

عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ
تم سے جماعت تمہاری کچھ اور اگرچہ بہت ہو اور یہ کہ اللہ ساتھ

۲ ع ۹ ۱۶
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
مسلمانوں کے ہے ف۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اس

وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ
کے کی اور مت پھرو اس سے اور تم سنتے ہو اور مت ہو مانند ان لوگوں کی کہ

ف۱ یعنی جب مقابلہ میدان میں ہو تو بھاگنا اشد گناہ ہے اور جو دوڑ ہو یا غارت تو بھاگنا ہنر ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ جب شدت جنگ ہوئی تب حضرت نے ایک مٹھی کنکریاں اس لشکر کی طرف پھینکیں اللہ کی قدرت سے ہر کسی کی آنکھ میں خاک پہنچی اس کے بعد شکست کھائی۔ یہ فرمایا کہ مسلمان سمجھیں کہ فتح ہماری قوت سے نہیں سب اللہ کی مدد سے ہے تو کسی بات میں اپنا دخل نہ کریں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ مکے کی سورتوں میں ہر جگہ کافروں کا کلام نقل فرمایا کہ ہر گھڑی کہتے ہیں متٰی ہذا الفتح۔ یعنی کب ہوگا یہ فیصلہ سو اب فرمایا کہ اور اگر باز آؤ یعنی کفر سے اور اگر پھر کرو گے یعنی لڑائی تو ہم پھر کریں گے یعنی مدد۔ ۱۲۔منہ رح

قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ
کہتے ہیں سنا ہم نے اور وہ نہیں سنتے ۱؎ تحقیق بدتر چلنے والوں کے
عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ عَلِمَ
نزدیک اللہ کے بہرے گونگے ہیں وہ جو نہیں سمجھتے ۲؎ اور اگر جانتا
اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا
اللہ بیچ ان کے بھلائی البتہ سناتا ان کو اور اگر اب سنادے ان کو البتہ پھر جاویں
وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ
اور وہ اس سے منہ پھیرنے والے ہیں ۳؎ اے لوگو جو ایمان لائے ہو پکارا قبول کرو واسطے اللہ کے
وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ
اور واسطے رسول کے جب پکارے تم کو واسطے اس کے کہ زندہ کرے تم کو اور جانو یہ کہ
اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾
اللہ حائل ہوتا ہے درمیان آدمی کے اور دل اس کے کے اور یہ کہ طرف اس کی اکٹھے کیے جاؤگے ۴؎
وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ
اور ڈرو اس فتنہ سے کہ نہ پہنچے ان لوگوں کو کہ ظلم کرتے ہیں تم میں سے خاص کر
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ
اور جانو یہ کہ اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے ۵؎ اور یاد کرو جس وقت کہ تھے تم
قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ
تھوڑے ناتوان گنے جاتے بیچ زمین کے ڈرتے تھے یہ کہ
يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ
اُچک لے جاویں تم کو لوگ پس جگہ دی تم کو اور قوت دی تم کو ساتھ مدد اپنی کے
وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيُّهَا
اور روزی دی تم کو پاکیزہ چیزوں سے تو کہ تم شکر کرو ۶؎ اے
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا
لوگو جو ایمان لائے ہو مت خیانت کرو اللہ کی اور رسول کی اور مت خیانت کرو
اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ
امانتوں اپنی کو اور تم جانتے ہو اور جانو یہ کہ مال تمہارے

۱؎ یعنی جیسے یہود نے حکم توریت زور آوری سے قبول کیا اور دل سے نا قبول رکھا ایسے منافق زبان سے حکمبردار ہیں اور دل سے نہیں۔ ۱۲ منہ

۲؎ یعنی جانوروں سے بھی بدتر ہیں وہ آدمی کہ دینِ حق کو نہ سمجھیں۔ ۱۲ منہ

۳؎ یعنی اللہ نے ان کے دل میں ہدایت کی لیاقت نہیں رکھی جن میں لیاقت رکھی ہے انہیں کو ہدایت دیتا ہے اور بغیر لیاقت جو سنتے ہیں تو انکار کرتے ہیں۔ ۱۲ منہ

۴؎ یعنی حکم بجا لانے میں دیر نہ کرو شاید اس وقت دل ایسا نہ رہے دل اللہ کے ہاتھ ہے اور اللہ اوّل کسی کے دل کو روکتا نہیں اور مہر نہیں کرتا۔ جب بندہ کاہلی کرے تو اس کی جزا میں روک دیتا ہے یا ضد کرے حق پرستی نہ کرے تو مہر کر دیتا ہے۔ ۱۲ منہ

۵؎ یعنی حکم دین میں کاہلی کرنے سے ایک تو دل ہٹتا ہے دم بدم زیادہ مشکل پڑتا ہے دوسرے نیکوں کی کاہلی سے گنہگار بالکل چھوٹ دیں گے تو رسم بد پھیلے گی اس کا وبال سب پر پڑے گا جیسے جنگ میں دلیر سستی کریں تو نامرد بھاگ ہی جاویں پھر شکست پڑے تو دلیر بھی نہ تھام سکیں۔ ۱۲ منہ

۶؎ ستھری چیزیں یعنی مالِ غنیمت۔ ۱۲ منہ

وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ع يٰٓاَيُّهَا

اور اولاد تمہاری فتنہ ہے اور یہ کہ اللہ نزدیک اسی کے ہے ثواب بڑا ف۱ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا

لوگو جو ایمان لائے ہو اگر پرہیزگاری کروگے اللہ کی کرے گا واسطے تمہارے امتیاز

وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

اور دور کرے گا تم سے برائیاں تمہاری اور بخشے گا واسطے تمہارے اور اللہ صاحب فضل

الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ

بڑے کا ہے ف۲ اور جس وقت مکر کرتے تھے ساتھ تیرے وہ لوگ کہ کافر ہوئے تو کہ بند رکھیں تجھ کو

اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ

یا مار ڈالیں تجھ کو یا نکال دیں تجھ کو اور مکر کرتے تھے وہ اور مکر کرتا تھا اللہ

وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا

اور اللہ تعالےٰ نیک مکر کرنے والوں کا ہے ف۳ اور جس وقت پڑھی جاتی ہیں اوپر ان کے نشانیاں ہماری کہتے ہیں

قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَاۗءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ

تحقیق سنا ہم نے اگر چاہیں ہم البتہ کہہ لیویں مانند اس کی نہیں یہ مگر

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا

کہانیاں پہلوں کی ف۴ اور جب کہا انہوں نے یا اللہ اگر ہے

هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاۗءِ

حق نزدیک تیرے سے پس برسا اوپر ہمارے پتھر آسمان سے

اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ

یا لے آ ہم پر عذاب درد دینے والا ف۵ اور نہیں تھا اللہ کہ عذاب کرتا ان کو اور تو

فِيْهِمْ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾

بیچ ان کے تھا اور نہیں تھا اللہ عذاب کرنے والا ان کو اور وہ ہوں بخشش مانگتے ف۶

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ

اور کیا ہے واسطے ان کے یہ کہ نہ عذاب کرے اُن کو اللہ اور وہ بند کرتے ہیں مسجد

الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَاۗءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَاۗؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ

حرام سے اور نہیں وہ لائق والی اس کے کے نہیں لائق والی اس کے کے مگر پرہیزگار

۳ ع ۹ ۷

ف۱ چوری اللہ رسول کی یہ بھی ہے کہ چھپ کر کافروں سے ملیں اپنے مال اور اولاد کے بچاؤ کو جیسے مہاجرین میں اکثروں کے گھر مکے میں تھے اور یہ بھی ہے کہ مال غنیمت چھپا رکھیں سردار کے پاس ظاہر نہ کریں۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ شاید فتح بدر میں مسلمانوں کے دل میں آیا ہو کہ یہ فتح اتفاقی ہے۔ حضرت سے مخفی کافروں پر احسان کریئے کہ ہمارے گھر بار کو نہ ستاویں۔ سو پہلی آیت میں چوری کو منع فرمایا اور دوسری آیت میں تسلی دی کہ آگے فیصلہ ہو جاوے گا۔ تمہارے گھر بار کافروں میں گرفتار نہ رہیں گے۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ بٹھاویں یعنی قید کر رکھیں یہ فرمایا کہ جیسے اللہ نے پیغمبر کو بچا لیا چاہے تو تمہارے گھر بار کو بچا رکھے۔ ۱۲۔ منہ

ف۴ یعنی ہمیشہ یہ کہتے تھے اب تو دیکھ لیا کہ یہ قصے نہ تھے وعدۂ عذاب تم پر بھی آیا جیسے پہلوں پر آیا تھا۔ ۱۲۔ منہ

ف۵ ابوجہل جب مکے سے نکلنے لگا تو یہی دعا کی کعبہ کے سامنے وہی پیش آئی۔ ۱۲۔ منہ

ف۶ یعنی مکے میں حضرت کے قدم سے عذاب اٹک رہا تھا اب ان پر عذاب آیا اسی طرح جب تک گنہگار نادم رہے اور توبہ کرتا رہے تو پکڑا نہیں جاتا اگرچہ (باقی صفحہ ۲۱۶ پر)

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ
اور لیکن بہت ان کے نہیں جانتے ول اور نہیں ہے نماز ان کی نزدیک

الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا
کعبے کے مگر سیٹیاں بجانی اور تالیاں پس چکھو عذاب کو بسبب اس کے

كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ
کہ تھے تم کفر کرتے تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے خرچ کرتے ہیں مال اپنے کو

لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ
تو کہ بند کریں راہ خدا کی سے پس البتہ خرچ کریں گے ان کو پھر

تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ؕ۬ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
ہوگا اوپر ان کے افسوس پھر مغلوب کیے جائیں گے اور وہ لوگ جو کافر ہیں

اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٦﴾ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ
طرف دوزخ کی اکٹھے کیے جائیں گے تو کہ جدا کرے خدا ناپاک کو پاک سے

وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا
اور کرے ناپاک کو بعض اس کا اوپر بعض کے پس تو کہ وہ کرے اس کو اکٹھا

فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ ع قُلْ
پس کرے اس کو بیچ دوزخ کے یہ لوگ وہ ہیں ٹوٹا پانے والے وٹ کہہ

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ
واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے ہیں اگر باز آویں بخشا جاوے گا واسطے ان کے جو کچھ کہ گذرا

وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ
اور جو پھر کریں پس تحقیق گذری ہے عادت پہلوں کی اور لڑو ان سے

حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ
یہاں تک کہ نہ رہے فتنہ اور ہووے دین تمام واسطے اللہ کے پس اگر

انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا
باز رہیں پس تحقیق اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں دیکھنے والا ہے اور اگر پھر جاویں پس جانو

اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾
یہ کہ اللہ دوست ہے تمہارا اچھا دوست ہے اور اچھا مدد دینے والا ہے وٹ

ول قریش آپ کو اولاد ابراہیم سمجھ کر کعبہ کے مختار ٹھہراتے تھے اور مسلمانوں کو آنے نہ دیتے سو فرمایا کہ اولاد ابراہیم میں جو پرہیزگار ہو اسی کا حق ہے اور بے انصافوں کا حق نہیں کہ جس سے آپ ناخوش ہوئے نہ آنے دیا۔ ١٢۔ منہ رح

وٹ یعنی آہستہ آہستہ اللہ اسلام کو غالب کرے گا۔ اس بیچ میں کافر اپنا زور جان اور مال کا خرچ کرلیں گے تا نیک اور بد جدا ہو جاوے یعنی جن کی قسمت میں اسلام لکھا ہے وہ سب مسلمان ہو چکیں اور جن کو کفر پر مرنا ہے وہی اکٹھے دوزخ میں جاویں۔ ١٢۔ منہ رح

وٹ لڑو جب تک فساد رہے یعنی کافروں کو زور نہ رہے کہ ایمان سے روک سکیں۔ ١٢۔ منہ رح

(ص ٢١٥ سے آگے)
بڑے سے بڑا گناہ ہو۔ حضرت نے فرمایا کہ گناہ گاروں کو دو چیز پناہ ہیں ایک میرا وجود اور دوسرے استغفار۔ ١٢۔ منہ رح

ع ٤ ٩ ١٨

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ
اور جانو تم یہ کہ جو کچھ لوٹ لو کسی چیز سے پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے پانچواں حصہ اس کا

وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ
اور واسطے رسول کے اور واسطے قرابتیوں رسول کے اور واسطے یتیموں کے اور واسطے فقیروں کے اور

السَّبِيْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا
مسافروں کے اگر ہو تم ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور جو کچھ اتارا ہم نے اوپر بندے اپنے کے

يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
دن فیصلے کے جس دن کہ ملیں تھیں دو جماعتیں اور اللہ اوپر ہر چیز کے

قَدِيْرٌ ۝٤١ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى
قادر ہے وا جس وقت کہ تھے تم کنارے ورلے پر اور وہ تھے کنارے پرلے پر

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي
اور سوار نیچے تھے تم سے اور اگر وعدہ مقرر کرتے تم البتہ اختلاف کرتے بیچ

الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ڏ لِّيَهْلِكَ
وعدے کے ولیکن تو کہ تمام کرے اللہ تعالی اس کام کو کہ تھا کرنا تو کہ ہلاک ہو جاوے

مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ
وہ شخص کہ ہلاک ہوا ہے دلیل سے اور جیتا رہے جو شخص کہ جیتا ہے دلیل سے اور تحقیق

اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝٤٢ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا
اللہ البتہ سننے والا جاننے والا ہے وٓ جس وقت دکھلاتا تھا ان کافروں کو اللہ بیچ خواب تیرے کے تھوڑے

وَّلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ
اور اگر دکھلاتا تجھ کو وہ بہت البتہ سستی کرتے تم اور البتہ جھگڑتے تم بیچ کام کے

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٤٣ وَاِذْ
لیکن اللہ تعالے نے سلامت رکھا تحقیق وہ جاننے والا ہے سینے والی بات کو اور جس

يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ
وقت کہ دکھلاتا تھا تم کو ان کافروں کو جب ملے تم بیچ آنکھوں تمہاری کے تھوڑے اور تھوڑا دکھلاتا تھا تم کو

فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۭ وَاِلَى اللّٰهِ
بیچ آنکھوں ان کی کے تو کہ تمام کرے اللہ وہ کام کہ تھا کرنا اور طرف اللہ کے

الجزء ع

وا یعنی اللہ نے اپنے رسول پر فتح و نصرت اتاری جس سے تم غالب ہوئے اور اللہ قادر ہے کہ آگے اور فتحیں دیوے جو مال کافروں سے لڑ کر لیویں وہ غنیمت ہے اس میں پانچواں حصہ نیاز اللہ کی ہے واسطے خرچ رسول کے کہ رسول کو خرچ ہے اپنی ذات کا اور قرابت والوں کا اور حاجتمند مسلمانوں کا اور بعد حضرت کے یہی خرچ ہوتے ہیں سردار کو اور جو مال صلح سے لیا وہ سارا خرچ مسلمانوں کا پھر غنیمت میں چار حصہ رہے سو لشکر کو تقسیم کرنا سوار کو دو حصے پیادہ کو ایک۔ ١٢۔ منہ رح

وٓ یعنی قریش اپنے قافلہ کی مدد کو آئے تھے اور تم قافلہ کی غارت کو قافلہ بچ گیا، اور دونوں فوجیں ایک میدان کے دو کناروں پر آ پڑیں ایک کو دوسرے کی خبر نہیں یہ تدبیر اللہ کی تھی اگر تم قصداً جاتے تو ایسا بروقت نہ پہنچتے اور اس فتح کے بعد کافروں پر صدق پیغمبر کا کھل گیا جو مرا وہ بھی یقین جان کر مرا اور جو جیتا رہا وہ بھی حق پہچان کر تا اللہ کا الزام پورا ہو۔ ١٢۔ منہ رح

تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٤٤﴾ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً
پھیرے جاتے ہیں سب کام ۵ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب ملاقات کرو تم ایک جماعت
فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٤٥﴾ وَ
سے پس ثابت رہو اور یاد کرو اللہ کو بہت تو کہ تم چھٹکارا پاؤ ۱ اور
أَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ
فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اس کے کی اور مت جھگڑو آپس میں پس سست ہو جاؤ گے اور جاتی رہے گی
رِيحُكُمْ وَاصْبِرُوا إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ﴿٤٦﴾ وَلَا
ہوا تمہاری اور صبر کرو تحقیق اللہ ساتھ صبر کرنے والوں کے ہے ۳ اور مت ہو
تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَرِئَاءَ
مانند ان لوگوں کی کہ نکلے گھروں اپنے سے اترا کر اور دکھانے کو
النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ
لوگوں کے اور بند کرتے تھے راہ خدا تعالیٰ کی سے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں
مُحِيطٌ ﴿٤٧﴾ وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا
گھیرنے والا ہے ۴ اور جب زینت دی واسطے ان کے شیطان نے عملوں ان کے کو اور کہا نہیں
غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَكُمْ فَلَمَّا
غالب تم پر آج کے دن کوئی لوگوں میں سے اور تحقیق میں حمایتی ہوں تمہارا پس جب
تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ
نمودار ہوئیں دونوں جماعتیں پھر گیا اوپر دونو ایڑیوں اپنی کے اور کہا تحقیق میں بیزار ہوں
مِنْكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ وَاللَّهُ
تم سے تحقیق میں دیکھتا ہوں جو کچھ نہیں دیکھتے تم تحقیق میں ڈرتا ہوں اللہ سے اور اللہ
شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ ع إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي
سخت عذاب کرنے والا ہے ۵ جس وقت کہ کہتے تھے منافق اور وہ لوگ کہ بیچ
قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ
دلوں ان کے کے بیماری ہے فریب دیا ہے ان کو دین ان کے نے اور جو کوئی توکل کرے
عَلَى اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٤٩﴾ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى
اوپر اللہ کے تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا ۶ اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت کہ قبض کرتے

ع ۵/۷
۱ پیغمبر کو خواب میں کافر تھوڑے نظر آئے اور مسلمانوں کو مقابلے کے وقت تاجرأت سے لڑیں۔ پیغمبر کا خواب غلط نہیں ان میں کافر رہنے والے کم ہی تھے اکثر وہ تھے جو پیچھے مسلمان ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

۲ یعنی مدد اللہ کی چاہو تو اسباب ظاہر سے نہیں دل کی استقامت اور یاد اللہ کی اور حکمبرداری سردار کی اور ایک مصلحت چاہنی۔ ۱۲۔ منہ رح

۳ باؤ جاتی رہے گی یعنی اقبال سے ادبار آوے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

۴ جہاد عبادت ہے۔ عبادت پر اتراوے یا دکھاوے کو کرے تو قبول نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

۵ جب کافر جمع ہو کر نکلے لڑائی پر راہ میں ایک شخص ملا بوڑھا، کہا میں بھی مسلمانوں کا دشمن ہوں تمہاری رفاقت کو آیا ہوں اور جنگ کا بڑا ماہر ہوں پھر جب لڑائی ہونے لگی ابوجہل سے ہاتھ چھڑا کر بھاگا وہ شخص نہ پہلے کسی نے دیکھا تھا نہ پیچھے دیکھا وہ شیطان تھا جب اس نے جبرائیل اور میکائیل دیکھے مسلمانوں کی طرف تب بھاگا۔ ۱۲۔ منہ رح
ع ۶/۲

۶ مسلمانوں کی دلیری دیکھ کر منافق اس طرح طعن کرنے لگے تھے سو اللہ نے فرمایا یہ غرور نہیں توکل ہے ۱۲۔ منہ رح

الَّذِينَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ
ہیں (یعنی رُوحیں) ان لوگوں کی کہ کافر ہوئے فرشتے مارتے ہیں منہ ان کے اور پیٹھیں ان کی

وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝٥٠ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ
اور کہتے ہیں چکھو تم عذاب جلنے کا یہ بسبب اس چیز کے ہے کہ آگے بھیجا ہے ہاتھوں تمہارے نے

وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ۝٥١ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ
اور یہ کہ اللہ نہیں ظلم کرنے والا واسطے بندوں کے مانند عادت قوم فرعون کی

وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللّٰهِ فَأَخَذَهُمُ اللّٰهُ
اور وہ لوگ کہ پہلے اُن سے تھے کافر ہوئے ساتھ نشانیوں اللہ کے پس پکڑا ان کو اللہ نے

بِذُنُوبِهِمْ ۗ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝٥٢ ذٰلِكَ بِأَنَّ
ساتھ گناہوں ان کے کے تحقیق اللہ زور آور ہے سخت عذاب کرنے والا یہ بسبب اس کے ہے کہ

اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوا
اللہ نہیں تھا بدلنے والا نعمت کو کہ انعام کی تھی وہ اوپر کسی قوم کے یہاں تک کہ بدل ڈالیں

مَا بِأَنفُسِهِمْ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝٥٣ كَدَأْبِ آلِ
وہ اس چیز کو کہ جو کچھ بیچ جی ان کے کے ہے اور یہ کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۱ جیسے عادت لوگوں

فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ
فرعون کی اور ان لوگوں کی کہ پہلے ان سے تھے جھٹلایا انہوں نے نشانیوں پروردگار اپنے کو

فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوا
پس ہلاک کیا ہم نے اُن کو ساتھ گناہوں اُن کے کے اور ڈبو دیا ہم نے قوم فرعون کی کو اور سب تھے

ظَالِمِينَ ۝٥٤ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللّٰهِ الَّذِينَ كَفَرُوا
ظالم تحقیق بدتر چلنے والوں کے بیچ زمین کے نزدیک اللہ کے وہ لوگ ہیں کہ کافر ہوئے

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝٥٥ الَّذِينَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنقُضُونَ
پس وہ نہیں ایمان لاتے وہ لوگ کہ عہد باندھا تو نے اُن سے پھر توڑ ڈالتے ہیں

عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ ۝٥٦ فَإِمَّا
عہد اپنا بیچ ہر بار کے اور وہ نہیں بچتے پس اگر

تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ
پاوے تو ان کو بیچ لڑائی کے پس بھگا دے بسبب مارنے ان کے کے ان لوگوں کو کہ پیچھے ان کے ہیں تو کہ

ف۱ اپنے جیوں کی بات بدلیں یعنی اعتقاد اور نیت جب تک نہ بدلے تو اللہ تعالیٰ کی بخشی نعمت چھینی نہیں جاتی۔ ۱۲ منہ رح

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ
وہ نصیحت پکڑیں اور اگر ڈرے تو کسی قوم کی خیانت سے پس پھینک دے عہد ان کا

عَلٰي سَوَاۗءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ﴿٥٨﴾ ع وَلَا يَحْسَبَنَّ
طرف ان کی اوپر برابر کے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا خیانت کرنے والوں کو ف۱ اور نہ گمان کریں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ۭ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ
وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں کہ آگے نکل گئے تحقیق وہ نہیں عاجز کرنے والے اور تیاری کرو واسطے

مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ
ان کے جو کچھ کر سکو تم قوت سے اور باندھنے گھوڑوں کے سے ڈراؤ گے تم

بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا
بستیوں کی کہ بیان کرتے ہیں ہم اس کو اوپر تیرے بعضے ان میں سے قائم اور بعضے جڑ سے کٹے ہوئے ف اور نہیں

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ
ظلم کیا تھا ہم نے ان کو ولیکن ظلم کیا تھا انہوں نے جانوں اپنی کو پس نہ کفایت کیا اُن سے معبودوں انکے نے

الَّتِي يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَمَّا جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ
جو پکارتے تھے ان کو سوائے اللہ کے کچھ جب آیا حکم پروردگار تیرے کا

وَمَا زَادُوهُمْ غَيْرَ تَتْبِيبٍ ﴿١٠١﴾ وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ
اور نہ زیادہ کیا انہوں نے ان کو سوائے ہلاک کرنے کے اور اسی طرح پکڑنا ہے پروردگار تیرے کا جب پکڑے

الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ۚ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ فِي
بستیوں کو اور وہ ظالم ہوتے ہیں تحقیق پکڑنا اس کا ہے درد دینے والا سخت تحقیق بیچ

ذٰلِكَ لَآيَةً لِمَنْ خَافَ عَذَابَ الْآخِرَةِ ۚ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَجْمُوعٌ ۙ
اس کے البتہ نشانی ہے واسطے اس شخص کے کہ ڈرتا ہے عذاب آخرت کے سے یہ ایک دن ہے کہ اکٹھے کیئے جاویں گے

لَهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَشْهُودٌ ﴿١٠٣﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهُ إِلَّا لِأَجَلٍ
واسطے اس کے لوگ اور یہ دن ہے حاضر کیا گیا اور نہیں ڈھیل کرتے ہم اس کو مگر واسطے ایک

مَعْدُودٍ ﴿١٠٤﴾ يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ فَمِنْهُمْ
وقت گنے ہوئے کے جس دن آوے گا نہ بولے گا کوئی جی مگر ساتھ حکم اس کے کے پس بعضے ان میں سے

شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ ﴿١٠٥﴾ فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا
بدبخت ہیں اور بعضے نیک بخت ہیں پس جو لوگ کہ بدبخت ہوئے پس بیچ آگ کے ہیں واسطے انکے چلانا ہے بیچ

زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ ﴿١٠٦﴾ خٰلِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ
اُسکے آواز باریک سے اور آواز موٹی سے ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے جب تک کہ رہیں آسمان

ف قائم ہے اور کٹ گیا یعنے آباد ہے اور اجاڑ۔ ۱۲۔ منہ رح

وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾
اور زمین مگر جو چاہے پروردگار تیرا تحقیق پروردگار تیرا کرنے والا ہے جو ارادہ کرتا ہے ف

وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِى الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ
اور جو لوگ کہ نیک بخت کیئے گئے ہیں پس بیچ بہشت کے ہیں ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے جب تلک کہ رہیں

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾
آسمان اور زمین مگر جو چاہے پروردگار تیرا بخشش ہے نہ کاٹی گئی

فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا
پس مت ہو بیچ شک کے اس چیز سے کہ عبادت کرتے ہیں یہ نہیں عبادت کرتے مگر جیسا

يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ
عبادت کرتے تھے باپ ان کے پہلے ان سے اور تحقیق ہم البتہ پورا دینے والے ہیں حصہ ان کا نہ

مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْ
کم کیا ہوا اور البتہ تحقیق دی ہم نے موسےٰ کو کتاب پس اختلاف کیا گیا بیچ اس کے اور اگر

لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِىَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِىْ
نہ ہوتی ایک بات کہ پہلے گزری تھی پروردگار تیرے سے البتہ فیصل کیا جاتا درمیان ان کے اور تحقیق وہ البتہ بیچ

شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ
شک کے ہیں اس سے قلق میں ف۲ اور تحقیق ہر ایک اُن میں سے جب جاویگا رُوبرو اس کے البتہ پورا دیگا انکو رب تیرا عمل انکے

اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ
تحقیق وہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں خبردار ہے پس سیدھا رہ جس طرح سے حکم کیا گیا ہے تو اور جس نے توبہ کی

مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى
ساتھ تیرے اور مت سرکشی کرو تحقیق وہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے اور مت جھکو طرف

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
ان لوگوں کی کہ ظلم کرتے ہیں پس لگے گی تم کو آگ اور نہیں واسطے تمہارے سوائے اللہ کے

مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَىِ
کوئی دوست پھر نہیں مدد دیئے جاؤ گے اور قائم کر نماز کو دونو طرف

النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ
دن کی اور کتنی ساعتیں رات سے تحقیق نیکیاں لے جاتی ہیں برائیوں کو

ف دو معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ رہیں آگ میں جتنی دیر رہ چکے ہیں آسمان و زمین دنیا میں مگر جتنا اور چاہے تیرا رب وہ اسی کو معلوم ہے دوسرے یہ کہ رہیں گے آگ میں جبتک رہے آسمان و زمین اس جہان کا یعنی ہمیشہ مگر جو چاہے رب تو موقوف کردے، لیکن چاہ چکا کہ موقوف نہ ہو۔ فائدہ اس کہنے میں فرق نکلا اللہ کے ہمیشہ رہنے میں اور بندے کے کہ بندہ کو ہمیشہ رہے پر ساتھ یہ بات لگی ہے کہ اللہ تعالےٰ چاہے تو فنا کردے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۹ / ۱۴ / ۹

ف۲ یہ کتاب دی تھی، راہ بتانے کو وہ لوگ اس کے سمجھنے میں اختلاف کرنے لگے اور لفظ آگے ہو چکا یہ کہ دنیا میں سچ اور جھوٹ صاف نہ ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ
یہ نصیحت ہے واسطے ذکر کرنے والوں کے اور صبر کر پس تحقیق اللہ نہیں ضائع کرتا

اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ
ثواب نیکی کرنے والوں کا ف۱ پس کیوں نہ ہوئے اُن قرنوں میں سے کہ پہلے تم سے تھے

اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِى الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ
صاحبِ شعور کے کہ منع کرتے فساد سے بیچ زمین کے مگر تھوڑے ان لوگوں

اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَاۤ اُتْرِفُوْا فِيْهِ
میں سے کہ نجات دی ہم نے ان میں یعنی گمراہی سے اور پیروی کی ان لوگوں نے کہ ظالم تھے اس چیز کی کہ دولت دیئے گئے تھے بیچ اسکے

وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى
اور تھے گنہگار ف۲ اور نہ تھا پروردگار تیرا کہ ہلاک کرے بستیوں کو

بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ
ساتھ ظلم کے اور اہل ان کے نیکوکار ہوں اور اگر چاہتا رب تیرا البتہ کرتا

النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا
لوگوں کو اُمت ایک اور ہمیشہ رہیں گے اختلاف کرنے والے مگر

مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۭ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ
جن کو رحم کیا پروردگار تیرے نے اور واسطے اس کے پیدا کیا ہے اُن کو اور پوری ہوئی بات پروردگار تیرے کی

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا
البتہ بھروں گا میں دوزخ کو جنوں سے اور آدمیوں سے سب سے اور ہر ایک

نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ
چیز کو بیان کرتے ہیں ہم اوپر تیرے خبروں پیغمبروں کی سے وہ چیز کہ ثابت کرتے ہیں ہم ساتھ اس کے دل تیرے کو

وَجَاۗءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾
اور آیا ہے تیرے پاس بیچ اس کے حق اور نصیحت اور یاد دلانا واسطے ایمان والوں کے

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ۭ اِنَّا
اور کہہ واسطے ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے عمل کرو اوپر جگہ اپنی کے تحقیق ہم بھی

عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ
عمل کرنے والے ہیں اور منتظر رہو تحقیق ہم بھی منتظر رہنے والے ہیں اور واسطے اللہ کے ہیں پوشیدہ چیزیں آسمانوں کی

ف۱ نیکیاں دور کرتی ہیں برائیوں کو تین طرح جو نیکیاں کرے اس کی برائیاں معاف ہوں اور جو نیکیاں پکڑے اس سے خو برائیوں کی چھوٹے اور جس ملک میں، نیکیوں کا رواج ہو وہاں ہدایت آوے اور گمراہی مٹے لیکن تینوں جگہ وزن غالب چاہیئے جتنا میل اتنا صابون۔ ۱۲۔منہ

ف۲ یعنی نیک لوگ غالب ہوتے تو قوم ہلاک نہ ہوتی۔ تھوڑے تھے سو آپ بچ گئے۔ ۱۲۔منہ

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ
اور زمین کی یعنی علم ان کا اور طرف اسی کی پھیرا جاتا ہے کام سارا پس عبادت کر اس کو اور توکل کر

عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾
اوپر اس کے اور نہیں پروردگار تیرا بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہو

سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۱۱ رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

الٓرٰ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۱﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا
یہ آیتیں کتاب بیان کرنے والی کی ہیں تحقیق اتارا ہے ہم نے اس کو قرآن عربی

لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ
تو کہ تم سمجھو ہم بیان کرتے ہیں اوپر تیرے بہت اچھی طرح بیان کرنا اس طرح

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ڰ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ
سے کہ وحی کیا ہم نے طرف تیری یہ قرآن اور تحقیق تھا تو پہلے اس سے البتہ

الْغٰفِلِيْنَ ﴿۳﴾ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّىْ رَاَيْتُ اَحَدَ
غافلوں سے جس وقت کہا یوسف نے واسطے باپ اپنے کے اے باپ میرے تحقیق دیکھے ہیں نے خواب میں

عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِىْ سٰجِدِيْنَ ﴿۴﴾ قَالَ
گیارہ تارے اور سورج اور چاند دیکھا میں نے ان کو واسطے اپنے سجدہ کرنیوالے کہا

يٰبُنَىَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ
اے چھوٹے بیٹے میرے مت بیان کیجیو خواب اپنے کو اوپر بھائیوں اپنے کے پس مکر کریں گے واسطے تیرے

كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۵﴾ وَكَذٰلِكَ
کچھ مکر تحقیق شیطان واسطے آدمی کے ہے دشمن ظاہر ف اور اسی طرح

يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ
برگزیدہ کرے گا تجھ کو پروردگار تیرا اور سکھلا دے گا تجھ کو تعبیر بتانی باتوں کی اور پوری کریگا

نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ
نعمت اپنی اوپر تیرے اور اوپر اولاد یعقوب کے جیسا پورا کیا تھا اس کو اوپر دو باپ تیرے کے

قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۶﴾ لَقَدْ
پہلے اس سے ابراہیم اور اسحٰق کے یعنی دو دادوں تیرے کے تحقیق پروردگار تیرا جاننے والا حکمت والا ہے ف البتہ تحقیق

ف یعنی اس کی تعبیر ظاہر ہے سنتے ہی سمجھ لیں گے گیارہ بھائی تھے اور ایک باپ اور ایک ماں ان کی طرف محتاج ہوں گے پھر شیطان ان کے دل میں حسد ڈالے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف نوازش اللہ کی سجدے سے سمجھے اور کل بٹھانی باتوں کی یعنی اس میں داخل ہے خواب کی تعبیر ان کے ذہن کی رسائی سے اور لیاقت سے کہ ایسا خواب موزوں دیکھا چھوٹی عمر میں ابراہیم اور اسحٰق کا نام لیا عاجزی سے۔ ۱۲۔ منہ رح

كَانَ فِىْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖۤ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ﴿۷﴾ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ
تھیں بیچ یوسف کے اور بھائیوں اس کے کے نشانیاں ہیں واسطے پوچھنے والوں کے ف۱ جس وقت کہا انہوں نے البتہ یوسف

وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِىْ
اور بھائی اس کا بہت پیارے ہیں طرف باپ ہمارے کی ہم سے اور ہم ہیں جماعت زبردست تحقیق باپ ہمارا البتہ بیچ

ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۚۖ ﴿۸﴾ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ
غلطی ظاہر کے ہے ف۲ مار ڈالو یوسف کو یا ڈال دو اس کو کسی زمین میں کہ خالی ہو جاوے

لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ﴿۹﴾ قَالَ
واسطے تمہارے توجہ باپ تمہارے کی اور ہو جاؤ تم پیچھے اس کے قوم صلاحیت والی کہا

قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِىْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ
ایک کہنے والے نے ان میں سے مت مارو یوسف کو اور ڈال دو اس کو بیچ گہراؤ کنوئیں کے

يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا
اٹھا لیوے اس کو کوئی راہ گیر اگر ہو تم کرنے والے کہا انہوں نے اے باپ ہمارے

مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ اَرْسِلْهُ
کیا ہے واسطے تیرے کہ نہیں امین جانتا تو ہم کو اوپر یوسف کے اور تحقیق ہم واسطے اسکے البتہ خیر خواہ ہیں بھیج دے اس کو

مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۱۲﴾ قَالَ اِنِّىْ
ساتھ ہمارے کل کو شکم سیر کھاوے اور کھیلے اور ہم واسطے اس کے البتہ محافظت کرنیوالے ہیں ف۳ کہا یعقوب نے تحقیق

لَيَحْزُنُنِىْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ
البتہ غمگین کرتا ہے مجھ کو یہ کہ لے جاؤ تم اس کو اور ڈرتا ہوں یہ کہ کھاوے اس کو بھیڑیا اور تم

عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ
اس سے غافل ہو ف۴ کہا انہوں نے اگر کھا جاوے اس کو بھیڑیا اور ہم جماعت ہیں زبردست

اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ
تحقیق ہم اس وقت زیاں کاروں سے ہوں پس جب لے گئے اس کو اور مقرر کیا یہ کہ کر دیں اس کو

فِىْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ
بیچ گہراؤ کنوئیں کے اور وحی بھیجی ہم نے طرف اس کی کہ البتہ خبر دے گا تو ان کو ساتھ اس کام ان

هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿۱۶﴾ ؕ
کے کے اور وہ نہ سمجھے ہوں گے ف۵ اور آئے باپ اپنے کے پاس اندھیرے پڑے روتے ہوئے

ف۱ نقل ہے کہ قریش نے یہود سے کہا کچھ بتاؤ کہ ہم محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے پوچھیں بیچ آزمانے کو کہا پوچھو کہ ابراہیم کا وطن شام ہے، اس کی اولاد بنی اسرائیل مصر میں کیونکر آئی کہ موسیٰ کو فرعون سے قضیہ ہوا یہ سورۃ اُتری فرمایا کہ پوچھنے والوں کو نشانیاں ہیں قریش کو یہ ایک بھائی کا حسد کیا اطاعت قبول نہ کی آخر اللہ نے اسی کی طرف محتاج کیا اور اسی طرح یہود حسد کر کر خراب ہوئے اور قریش نے بھائی کو وطن سے نکالا وہی اس کا عروج ہوا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی ہم وقت پر کام آنے والے ہیں اور یہ لڑکے ہیں چھوٹے ایک بھائی ان کا سگا تھا اور سب سوتیلے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ بکریاں چرانے کو جنگل جاتے تھے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ ان کو بھیڑیے کا بہانہ کرنا تھا وہی ان کے دل میں خوف آیا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ پھر جب لے کر چلے فرمایا آگے نہ فرمایا کہ کیا ہوا اس واسطے کہ لائق بیان نہیں جو کچھ بھائیوں نے سلوک کیا راہ میں بُرا کہتے اور مارتے لے گئے نہ ان کے رونے پر رحم کھایا نہ فریاد پر، پھر کنوئیں میں ڈالا وہ کنارے کو پکڑ کر رہ گئے تب رسی

(باقی صفحہ ۲۸۵ پر)

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ
کہا انہوں نے اے باپ ہمارے تحقیق گئے تھے ہم دوڑتے ہوئے اور چھوڑ گئے تھے ہم یوسف کو نزدیک
مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا
اسباب اپنے کے پس کھا گیا اس کو بھیڑیا اور نہیں تو ہرگز یقین کرنے والا واسطے ہمارے اور اگرچہ ہوں
صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ
ہم سچے اور لے آئے اوپر کرتے اس کے کے لہو جھوٹا کہا بلکہ
سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ
بنالی ہے واسطے تمہارے جی تمہارے نے ایک بات پس صبر بہتر ہے اور اللہ سے مدد مانگی گئی ہے
عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى
اوپر اس چیز کے کہ بیان کرتے ہو تم ف۱ اور آیا قافلہ پس بھیجا انہوں نے آگے چلنے والے اپنے کو پس لٹکایا
دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ
اس نے ڈول اپنا کہا اے خوش وقتی کہ یہ لڑکا ہے اور چھپا رکھا ہے اس کو پونجی کر کر اور اللہ
عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ
جانتا تھا جو کچھ کہ وہ کرتے تھے ف۲ اور بیچا اس کو بھائیوں نے ساتھ قیمت ناقص کے درہم تھے کئی ایک گنے ہوئے
وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ ع وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ
اور تھے بیچ اس کے بے رغبت ف۳ اور کہا اس شخص نے کہ مول لیا تھا اس کو
مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ
مصر سے واسطے بی بی اپنی کے باحرمت رکھنا اس کو شاید یہ کہ نفع دے ہم کو
اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ۡ
یا پکڑیں ہم اس کو فرزند اور اسی طرح قدرت دی ہم نے واسطے یوسف کے بیچ زمین کے
وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۭ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى
اور تو کہ سکھاویں ہم اس کو تاویل باتوں کی یعنی تعبیر خوابوں کی اور اللہ غالب ہے اوپر
اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ
کام اپنے کے ولیکن بہت لوگ نہیں جانتے ف۴ اور جب پہنچا جوانی اپنی کو
اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾
دیا ہم نے اس کو حکم اور علم اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم احسان کرنے والوں کو ف۵

ف۱ یعنی کرتے پر لہو دہی تھا ان کا جھوٹ بھیڑیا کھاتا تو کرتہ ثابت کب چھوڑ جاتا۔ ۱۲۔منہ ؒ
ف۲ کنوئیں میں سے حضرت یوسف ڈول میں ہو بیٹھے۔ کھینچنے والے نے ان کا حسن دیکھ کر خوشی سے پکارا کہ بڑی قیمت کو یہ بکے گا اور اللہ خوب جانتا ہے جو کرتے ہیں، شاید یہ مراد ہو کہ یہود اس جگہ یہ قصہ بدلتے ہیں توریت میں بدل ڈالا ہے تا اپنے باپ دادوں پر عیب نہ آوے۔ ۱۲۔منہ ؒ
ف۳ اگلے دن بھائی گئے کوئیں میں نہ پایا قافلہ پر دعویٰ کیا جب ثابت ہوا اٹھارہ درم کو بیچ ڈالا۔ درم قریب ہے پاؤلی کے نو بھائیوں نے دو دو درم بانٹے ایک نے حصہ نہ لیا پھر آگے قافلہ والوں نے مصر میں جا کر بیچا حق تعالیٰ نے صریحاً ایک بیچنا فرمایا پردہ پوشی کو لیکن اشارۃً سے معلوم ہوا کہ سستے مول تو اسی جگہ بیچا ہے۔ ۱۲۔منہ ؒ
ع ۲/۱۴/۱۲
ف۴ مصر میں عزیز نے مول لیا، عزیز کہتے تھے بادشاہ کے مختار کو، اس نے ہوشیار دیکھ کر غلاموں کی طرح نہ رکھا فرزند کی طرح رکھا کہ کاروبار میں نائب ہوگا اس طرح حق تعالیٰ نے اس ملک میں ان کا قدم جمایا پھر ان کے سبب سے سارے
(باقی صفحہ ۲۸۴ پر)

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِیْ هُوَ فِیْ بَیْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ
اور بہلایا اس کو اس عورت نے جو بیچ گھر اس کے کے تھا جان اس کی سے اور بند کیے دروازے
وَقَالَتْ هَیْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْۤ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ؕ
اور کہنے لگی آؤ کہتی ہوں میں تجھ کو کہا پناہ پکڑتا ہوں میں اللہ کی تحقیق وہ رب میرا ہے اچھی طرح سے کیا اُسنے رکھنا میرا
اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَاۤ
تحقیق نہیں فلاح پاتے ظالم ف۱ اور البتہ تحقیق قصد کیا اس عورت نے ساتھ یُوسف کے اور قصد کیا یُوسف نے ساتھ اسکے
اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ
اگر نہ ہوتا یہ کہ دیکھی دلیل رب اپنے کی اسی طرح کیا ہم نے تو کہ پھیر دیویں ہم اس سے برائی اور بے حیائی
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ
تحقیق وہ بندوں ہماروں خالص کیے گیوں سے تھا ف۲ اور دوڑے دونوں دروازے کو اور پھاڑا اس نے
قَمِیْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَیَا سَیِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا
کُرتا یُوسف کا پیچھے سے اور پایا ان دونو نے خاوند اس کے کو نزدیک دروازے کے کہا اس عورت نے کیا
جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّاۤ اَنْ یُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ
سزا ہے اس کی جو ارادہ کرے ساتھ جورو تیری کے برائی کا مگر یہ کہ قید کیا جاوے یا عذاب
اَلِیْمٌ ﴿۲۵﴾ قَالَ هِیَ رَاوَدَتْنِیْ عَنْ نَّفْسِیْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ
درد دینے والا ف۳ کہا یوسف نے اس نے بہلایا تھا مجھ کو جان میری سے اور گواہی دی گواہ نے
مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِیْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ
اہل اس کے سے اگر ہو کُرتا اس کا پھٹا ہوا آگے سے پس سچ بولی یہ عورت
وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۲۶﴾ وَاِنْ كَانَ قَمِیْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ
اور وہ ہے جھوٹوں سے اور اگر ہے کُرتا اس کا یعنی یُوسف کا پھٹا ہوا پیچھے سے
فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِیْصَهٗ قُدَّ
پس جھوٹی ہے یہ عورت اور وہ ہے سچوں سے ف۴ پس جب دیکھا کُرتا اس کا پھٹا ہوا
مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَیْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَیْدَكُنَّ عَظِیْمٌ ﴿۲۸﴾
پیچھے سے کہا تحقیق یہ مکر تمہارے سے ہے تحقیق مکر تمہارا بڑا ہے
یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ٚ وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْۢبِكِ ۚۖ اِنَّكِ
اے یوسف منہ پھیر لے اس بات سے اور بخشش مانگ اے عورت واسطے گناہ اپنے کے تحقیق تو ہے

ف۱ یعنی اس کے ناموس میں کیونکر دخل کروں ۱۲۔ منہ رح

ف۲ نقل ہے کہ حضرت یعقوب کی صورت اُن کو نظر آئی انگلی دانت میں، باقی خیال گناہ، گناہ نہیں اور اگر گناہ ہے تو کمتر سا اصل گناہ سے پیغمبر کو بچا لیا ہے اللہ نے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت یُوسف دوڑے نکل جانے کو وہ دوڑی پکڑنے کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اس عورت کا ناتے دار ایک لڑکا دودھ پیتا یہ بول اُٹھا۔ ۱۲۔ منہ رح

(صفحہ ۲۸۳ سے آگے)
بنی اسرائیل کو بسایا اور یہ بھی منظور تھا کہ سرداروں کی صحبت دیکھیں تا رمز و اشارہ سمجھنے کا سلیقہ کمال پکڑیں اور علم خدائی پورا پاویں اور اللہ جیت رہتا ہے یعنی بھائیوں نے چاہا کہ ان کو گرا دیں اسی میں یہ چڑھ گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ حکم دیا یعنی عقل سے مشکل باتیں حل کرتے اور علم اللہ کا دین۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۳ ۹ ۱۳ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾ع وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ
تو خطا کاروں سے اور کہا کتنی بی بیوں نے بیچ شہر کے عورت
الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا
عزیز کی بہلاتی ہے جوان یعنی غلام اپنے کو جان اس کی سے تحقیق بیٹھ گیا بیچ دل اس کے یوسف از روئے محبت کے تحقیق ہم
فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ
البتہ دیکھتے ہیں اس کو بیچ گمراہی ظاہر کے ف۱ پس جب سنا اس عورت نے مکر ان کا آدمی بھیجا طرف ان کی
وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا
اور تیار کیں واسطے ان کے مسندیں اور دیئے ہر ایک کو ان میں سے چاقو
وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ
اور کہا نکل اے یوسف اوپر ان کے پس جب دیکھا انہوں نے اس کو بڑا جانا انہوں نے اس کو اور کاٹ ڈالے
وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾
ہاتھ اپنے اور کہا پاکی ہے واسطے اللہ کے نہیں یہ آدمی نہیں یہ مگر فرشتہ بزرگ ف۲
قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ
کہا اس عورت نے پس یہی شخص ہے جو ملامت کرتی ہو تم مجھ کو بیچ اس کے اور البتہ تحقیق بہلایا میں نے اس کو
نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ
جان اس کی سے پس تھام رکھا اس نے اپنے تئیں اور البتہ اگر نہیں کرے گا جو کہتی ہوں میں اس کو البتہ قید کیا جاویگا
وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ
اور البتہ ہوگا ذلیلوں سے ف۳ کہا اے پروردگار میرے قید بہت محبوب ہے طرف میری
مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْۤ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ
اس چیز سے کہ پکارتی ہیں مجھ کو طرف اس کی اور اگر نہ پھیرے گا مجھ سے مکر ان کا جھک جاؤں گا
اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ
طرف ان کی اور ہو جاؤں گا جاہلوں سے پس قبول کیا واسطے اس کے رب اس کے نے
فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ
پس پھیر دیا ان سے مکر ان کا تحقیق وہی ہے سننے والا جاننے والا ف۴ پھر
ع ۴ ۶ ۱۴ بَدَا لَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۳۵﴾ع
ظاہر ہوا واسطے ان کے پیچھے اس کے کہ دیکھا انہوں نے نشانیوں کو کہ البتہ قید کریں اس کو ایک مدت ف۵

ف۱ یعنی غلام اس قابل کیا ہوگا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ چھریاں دی تھیں میوہ کھانے کو انکا حسن دیکھ کر بے حواس ہوگئیں چھری سے ہاتھ کٹ گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ان کے رو برو یہ بات کہی تا وہ بھی سمجھاویں اور حضرت یوسف ڈر کر قبول کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اپنے مانگے سے قید پڑے لیکن اللہ تعالے نے اتنا ہی قبول فرمایا کہ ان کا فریب دفع کیا اور قید ہونا تھا قسمت میں آدمی کو چاہیئے کہ گھبرا کر اپنے حق میں برائی نہ مانگے پوری بھلائی مانگے گو کہ وہی ہوگا جو قسمت میں ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ اگرچہ نشان سب دیکھ چکے کہ گناہ عورت کا ہے تو بھی ان کو قید کیا تا بدنامی خلق میں عورت سے اترے یا اس واسطے کہ اس کی نظر سے دور رہیں ۱۲۔ منہ رح

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّىْٓ اَرٰىنِىْٓ

اور داخل ہوئے ساتھ اس کے قید میں دو جوان کہا ایک نے ان دونوں میں سے تحقیق میں دیکھتا ہوں اپنے تئیں

اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّىْٓ اَرٰىنِىْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِىْ

نچوڑتا ہوا شراب اور کہا دوسرے نے تحقیق میں دیکھتا ہوں اپنے تئیں اٹھا رہا ہوں اوپر سر اپنے کے

خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ

روٹیاں کہ کھائے جاتے ہیں جانور اس میں سے خبر دے ہم کو ساتھ تعبیر اس کی کے تحقیق ہم دیکھتے ہیں تجھ کو

الْمُحْسِنِيْنَ ۝۳٦ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا

احسان کرنے والوں سے ف۱ کہا نہیں آوے گا تمہارے پاس کھانا کہ دیئے جاؤ گے تم وہ مگر خبر دوں گا میں تم کو

بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ۭ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ اِنِّىْ

ساتھ تاویل اس کی کے پہلے اس سے کہ آوے تمہارے پاس یہ اس چیز سے ہے کہ سکھلایا ہے مجھ کو رب میرے نے تحقیق میں نے

تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

چھوڑ دیا ہے دین اس قوم کا کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور وہ ساتھ آخرت کے وہی ہیں

كٰفِرُوْنَ ۝۳۷ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَاۗءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ

کافر ف۲ اور پیروی کی میں نے دین باپوں اپنے کی ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کی

مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

نہیں روا واسطے ہمارے یہ کہ شریک لاویں ساتھ اللہ کے کوئی چیز یہ فضل اللہ کے سے ہے

عَلَيْنَا وَعَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝۳۸

اوپر ہمارے اور اوپر لوگوں کے و لیکن اکثر لوگ نہیں شکر کرتے ف۳

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ

اے دو یارو قید خانے کیا خاوند متفرق بہتر ہیں یا اللہ اکیلا

الْقَهَّارُ ۝۳۹ۭ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَاۗءً سَمَّيْتُمُوْهَآ

غالب بہتر ہے نہیں عبادت کرتے تم سوائے اس کے مگر ناموں کو کہ نام دھر لیا ہے ان کو

اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ

تم نے اور باپوں تمہارے نے نہیں اتاری اللہ نے واسطے اُن کے کوئی دلیل نہیں حکم

اِلَّا لِلّٰهِ ۭ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ

مگر واسطے اللہ کے حکم کیا ہے یہ کہ عبادت کرو تم مگر اسی کو یہی ہے دین سیدھا

ف۱ جس نے شراب دیکھا وہ بادشاہ کا شراب نساز تھا دوسرا نانبائی تھا۔ لیکن خلافِ عادت دیکھا کہ سر پر سے جانور نوچتے ہیں زہر کی تہمت میں دونوں قید تھے آخر نانبائی پر ثابت ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حق تعالےٰ نے قید میں یہ حکمت رکھی کہ ان کا دل کافروں کی محبت سے ٹوٹا تو دل پر اللہ کا علم روشن ہوا چاہا کہ اوّل ان کو دین کی بات سنا دیں پیچھے تعبیر خواب کہیں اس واسطے تسلی کر دی تا نہ گھبراویں کہا کہ کھانے کے وقت تک وہ بھی بتا دوں گا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی ہمارا اس دین پر رہنا سب خلق کے حق میں فضل ہے کہ ہم سے راہ سیکھیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ

و لیکن بہت لوگ نہیں جانتے اے دو یارو قید خانے کے ایہر

اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ

ایک تم میں کا پس پلاوے گا خاوند اپنے کو شراب اور جو ہے دوسرا پس سولی دیا جاویگا پس کھاویں گے

الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ۭ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿۴۱﴾

جانور سر اس کے سے مقرر کیا گیا وہ کام جو بیچ اس کے سوال کرتے تھے

وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۡ

اور کہا واسطے اس شخص کے کہ گمان کیا تھا کہ وہ نجات پاویگا ان میں سے یاد کیجیو مجھ کو نزدیک خاوند اپنے کے

فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ

پس بھلا دیا اس کو شیطان نے یاد کرنا خاوند اپنے کے پاس پس رہا بیچ قید خانے کے کتنے

سِنِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّىْٓ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ

برس ف اور کہا بادشاہ نے تحقیق میں دیکھتا ہوں سات بیل موٹے

يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۭ

کھائے جاتے ہیں ان کو سات دبلے اور سات بالیں سبز اور سات سوکھی

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾

اے سردارو جواب دو مجھ کو بیچ خواب میری کے اگر ہو تم واسطے خواب کے تعبیر کرتے

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ

کہا انہوں نے یہ ہیں پریشان خواب اور نہیں ہم ساتھ تعبیر خوابوں پریشان کے

بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا

جاننے والے اور کہا اس شخص نے کہ نجات پائی تھی ان دونوں سے اور یاد کیا بعد مدت کے میں

اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾ يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ

خبر دوں گا تم کو ساتھ تعبیر اس کی کے پس بھیجو مجھ کو اے یوسف اے سچے

اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ

جواب دے ہمارے تئیں بیچ سات بیل موٹوں کے کھاتے ہیں ان کو سات دبلے

وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ

اور سات بالیں سبز اور اور سات خشک تو کہ پھر جاؤں میں

ف فرمایا کہ ایک مارا جائے گا۔ اس کو نہ کہا کہ تو ہے یہ خلق نیک ہے اللہ نے فرمایا کہ اس کو اٹکلا کہ بچے گا۔ معلوم ہوا کہ تعبیر خواب یقین نہیں اٹکل ہے۔ مگر پیغمبر اٹکل کرے سو بیشک ہے حضرت یوسف نے اسباب کی سعی کی کہ میرا ذکر کریو بادشاہ پاس وہ بھول گیا تا پیغمبر کا دل اسباب پر نہ ٹھہرے کئی برس رہے قید میں اکثر لوگ کہتے ہیں سات برس رہے۔ ۱۲۔ منہ

ع ۵ / ۷ / ۱۵

(صـ ۲۸۲ سے آگے)

میں باندھ کر لٹکایا۔ آدھی دور سے چھوڑ دیا پانی میں گرے چوٹ سے بچے گوشہ میں ایک پتھر پر بیٹھ رہے اور بھائیوں نے کرتہ اتار کر ننگا ڈالا تب حق تعالٰے کی بشارت پہنچی کہ ایک وقت تو ان کو یاد دلاوے گا ان کا کام۔ ۱۲۔ منہ

إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٤٦﴾ قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ
طرف لوگوں کی تو کہ وہ جانیں ف۱ کہا کہ کھیتی کرو گے تم سات
سِنِينَ دَأَبًا فَمَا حَصَدتُّمْ فَذَرُوهُ فِي سُنبُلِهِ إِلَّا قَلِيلًا
برس محنت سے پس جو کچھ کاٹو تم پس چھوڑ دو اس کو بیچ بالوں اس کے کے مگر تھوڑا اس
مِّمَّا تَأْكُلُونَ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ
میں سے جو کھاؤ تم پھر آویں گے پیچھے اس کے سات برس سخت
يَأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تُحْصِنُونَ ﴿٤٨﴾
کھا جاویں گے جو کچھ پہلے رکھا تم نے واسطے ان کے مگر تھوڑا سا جو کچھ بچا رکھو تم واسطے بیج کے
ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَ
پھر آوے گا پیچھے اس کے برس کہ بیچ اس کے مینہ برسائے جاویں گے لوگ اور
فِيهِ يَعْصِرُونَ ﴿٤٩﴾ ع وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُ
بیچ اس کے نچوڑیں گے ف۲ اور کہا بادشاہ نے کہ لے آؤ میرے پاس اس کو پس جب آیا اس کے پاس
الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ
ایلچی کہا کہ پھر جا طرف خاوند اپنے کی پس پوچھ اس سے کیا حال ہے ان عورتوں کا
اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ ۚ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ عَلِيمٌ ﴿٥٠﴾ قَالَ
جنہوں نے کاٹے تھے ہاتھ اپنے تحقیق پروردگار میرا مکر ان کے کو جانتا ہے ف۳ کہا کہ
مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدتُّنَّ يُوسُفَ عَن نَّفْسِهِ ۚ قُلْنَ
کیا حال تھا تمہارا جس وقت بہلایا تھا تم نے یوسف کو جان اس کی سے کہا انہوں نے
حَاشَ لِلَّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِن سُوءٍ ۚ قَالَتِ امْرَأَتُ
پاکی ہے واسطے اللہ کے نہیں جانی ہم نے اوپر اس کے کچھ برائی ، کہا عورت
الْعَزِيزِ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَا رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ
عزیز کی نے اب کھل گیا حق میں نے بہلایا تھا اس کو جان اس کی سے
وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٥١﴾ ذَٰلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ
اور تحقیق وہ البتہ سچوں سے ہے ف۴ کہا یوسف نے یہ تحقیقات اس واسطے کری ہے تو کہ جانے عزیز یعنی خاوند اس کا
بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ ﴿٥٢﴾
یہ کہ میں نے نہیں خیانت کی اس کی غائبانہ اور جانے یہ کہ تحقیق اللہ نہیں مطلب کو پہنچاتا مگر خیانت کرنے والوں کو

ف۱ یعنی تیری قدر معلوم ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ رس نچوڑنا واسطے شراب سازکے فرمایا اور سات برس کا ذخیرہ بال میں رکھوایا تا زمین گل نہ جاوے سات برس قحط ہوگا جب تک پورا پڑے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۶/۷ ۱۶

ف۳ وہی قصہ یاد دلایا کہ وہ عورتیں شاہد ہیں بادشاہ پوچھے تو وہ کھول دیں کہ تقصیر کس کی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ حضرت یوسف نے سب کا فریب فرمایا اس واسطے کہ ایک کا فریب تھا اور سب اس کی مددگار تھیں اور فریب والی کا نام نہ لیا۔ حق پرورش کو اور بادشاہ نے پوچھا تم نے پھسلایا تھا اس واسطے کہ وہ جانیں بادشاہ خبر رکھتا ہے پھر جھوٹ نہ بولیں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْٓءِ
اور نہیں پاک کرتا میں جان اپنی کو تحقیق جی البتہ حکم کرنے والا ہے ساتھ برائی کے
اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۵۳﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ
مگر جو رحم کرے رب میرا تحقیق رب میرا بخشنے والا مہربان ہے اور کہا بادشاہ نے لے آؤ میرے
بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا
پاس اس کو چھانٹوں میں اس کو واسطے جان اپنی کے پس جب باتیں کیں اس سے کہا تحقیق تو آج نزدیک ہمارے
مَكِیْنٌ اَمِیْنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ اِنِّیْ
مرتبے والا امانت والا ہے ف۱ کہا کہ مقرر کر میرے تئیں اوپر خزانوں زمین کے تحقیق میں
حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ
نگہبانی کرنیوالا خوب جاننے والا ہوں ف۲ اور اسی طرح جگہ دی ہم نے یوسف کو بیچ زمین کے
یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا
کہ جگہ پکڑتا تھا اس میں سے جہاں چاہتا تھا پہنچا دیتے ہیں ہم رحمت اپنی جس کو چاہیں اور نہیں
نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَیْرٌ لِّلَّذِیْنَ
ضائع کرتے ہم ثواب نیکی کرنے والوں کا اور البتہ ثواب آخرت کا بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے
اٰمَنُوْا وَكَانُوْا یَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ ع وَجَآءَ اِخْوَةُ یُوْسُفَ فَدَخَلُوْا
کہ ایمان لائے اور تھے پرہیزگاری کرتے ف۳ اور آئے بھائی یوسف کے پس داخل ہوئے
عَلَیْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ
اوپر اس کے پس پہچانا ان کو اور وہ واسطے اس کے ناشناس تھے ف۴ اور جب تیار کیا واسطے ان کے سامان ان کا
قَالَ ائْتُوْنِیْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِیْكُمْ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّیْٓ اُوْفِی
کہا کہ لے آؤ میرے پاس بھائی اپنا جو باپ تمہارے سے ہے کیا نہیں دیکھتے تم کہ میں پورا دیتا ہوں
الْكَیْلَ وَاَنَا خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَا كَیْلَ
پیمان اور میں بہتر مہمانی کرنے والا ہوں ف۵ پس اگر نہ لاؤ گے تم اس کو میرے پاس پس نہیں پیمان
لَكُمْ عِنْدِیْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا
واسطے تمہارے نزدیک میرے اور نہ پاس آیئو میرے کہا انہوں نے شتاب بہلاویں گے ہم اس سے باپ اس کے کو اور ہم
لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَقَالَ لِفِتْیٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِیْ
البتہ کرنیوالے ہیں اور کہا واسطے جوانوں اپنے کے رکھ دو پونجی ان کی بیچ

ف۱ اب عزیز کا علاقہ موقوف کیا۔ اپنی صحبت میں رکھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ انہوں نے آپ یہ خدمت طلب کی تا صحبت اہلِ دنیا سے دور رہیں اور خواب کی تعبیر اور کسی سے نہ بن آئی۔

ف۳ یہ جواب ہوا اُن کے سوال کا کہ اولادِ ابراہیم اس طرح شام سے آئی مصر میں آئی اور بیان ہوا کہ بھائیوں نے حضرت یوسف کو گھر سے دُور پھینکا تا ذلیل ہو اللہ نے زیادہ عزت دی اور ملک پر اختیار دیا ویسا ہی ہوا ہمارے حضرت کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جب حضرت یوسف ملک مصر پر مختار ہوئے خواب کے موافق سات برس خوب آبادی کی اور ملک کا اناج بھرتے گئے پھر سات برس کے قحط میں ایک بھاؤ میانہ باندھا کر بکوایا اپنے ملک والوں کو اور پردیسیوں کو برابر مگر پردیسی کو ایک اونٹ سے زیادہ نہ دیتے اس میں خلق بچی قحط سے اور خزانہ بادشاہ کا بھر گیا۔ ہر طرف خبر تھی کہ مصر میں اناج سستا ہے اُن کے بھائی آئے خرید کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ سب سے چھوٹا بھائی حضرت یوسف کا سگا بھائی تھا اس کو بلوایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۸/۱

رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ
شلیتوں ان کے کے شاید کہ وہ پہچانیں اس کو جب پھر جاویں طرف لوگوں اپنے کی شاید کہ وہ
يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا
پھر آویں ف۱ پس جب پھر آئے طرف باپ اپنے کی کہا انہوں نے اے باپ ہمارے منع کیا گیا ہے ہم سے
الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾
میان پس بھیج ساتھ ہمارے بھائی ہمارے کو میان کروالاویں ہم اور ہم واسطے اس کے البتہ نگہبان ہیں
قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ
کہا کہ نہیں امانتدار جانتا ہیں تم کو اوپر اس کے مگر جیسا امانتدار جانا تھا میں نے تم کو اوپر بھائی اس کے کے پہلے اس سے
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا
پس اللہ بہتر محافظت کرنے والا ہے اور وہ بہت رحم کرنیوالا ہے سب رحم کرنیوالوں سے اور جب کھولا انہوں نے
مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا
اسباب اپنا پائی پونجی اپنی پھیری گئی ہے طرف انہیں کی کہا انہوں نے اے باپ ہمارے کیا
نَبْغِيْ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ
چاہیں ہم یہ ہے پونجی ہماری پھیری گئی طرف ہماری اور اناج لادیں گے ہم واسطے لوگوں اپنے کے اور ہم محافظت
اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ لَنْ
کرینگے بھائی اپنے کی اور زیادہ لاویں گے ہم میان ایک اونٹ کا یہ میان ہے آسان کہا کہ ہرگز نہ
اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ
بھیجوں گا میں اس کو ساتھ تمہارے یہانتک کہ دو تم مجھ کو قول اللہ کا البتہ لے آؤ گے تم اسکو میرے پاس
اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا
مگر یہ کہ گھیرے جاؤ تم سب پس جب دیا انہوں نے اس کو عہد اپنا کہا اللہ اوپر اس چیز کے کہ
نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ
کہتے ہیں ہم کارساز ہے ف۲ اور کہا اے بیٹو میرے مت داخل ہوجیو دروازے ایک سے
وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ
اور داخل ہوجیو دروازوں متفرق سے اور نہیں کفایت کرتا میں تم کو خدا کی طرف سے
مِنْ شَيْءٍ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
کچھ نہیں حکم مگر واسطے اللہ کے اوپر اسی کے توکل کیا میں نے اور اوپر اسی کے پس چاہیے کہ توکل کریں

ف۱ جو قیمت لائے تھے وہ چھپا کر اناج کے بوجھوں میں ڈالدی احسان کر کر۔ ۱۲- منہ رح

ف۲ ظاہر کا اسباب بھی پختہ کر لیا اور بھروسہ اللہ تعالےٰ پر رکھا۔ یہی حکم ہے ہر کسی کو۔ ۱۲- منہ رح

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ مَا كَانَ

توکل کرنے والے ف۱ اور جب داخل ہوئے جیسے حکم کیا تھا ان کو باپ انکے نے نہ تھا کہ

يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ

کفایت کرے ان کو خدا سے کچھ مگر ایک خطرہ تھا بیچ دل یعقوبؑ کے

قَضٰىهَا ۭ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

کہ کرڈالا اس کو اور تحقیق وہ البتہ صاحب علم تھا واسطے اس چیز کے کہ سکھایا تھا ہم نے اسکو ولیکن اکثر لوگ نہیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ ع وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰي يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ

جانتے ف۲ اور جب داخل ہوئے اوپر یوسف کے جگہ دی طرف اپنی بھائی اپنے کو کہا

اِنِّىْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا

کہ میں ہی ہوں بھائی تیرا پس مت غمگین ہو ساتھ اس چیز کے کہ تھے کرتے ف۳ پس جب

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ

تیار کیا واسطے ان کے سامان اُن کا رکھ دیا ایک پیالہ مرصع پانی پینے کا بیچ شلیتے بھائی اپنے کے پھر

اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ

پکارا ایک پکارنے والے نے اے قافلے والو تحقیق تم البتہ چور ہو کہا انہوں نے اور منہ پھیر کھڑے ہوئے اوپر انکے

مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَاۗءَ

کیا چیز کھوئی گئی ہے تمہاری کہا انہوں نے کھویا گیا ہے پیالہ بادشاہ کا اور واسطے اس شخص کے کہ لے آوے

بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ

اس کو بوجھ ہے اونٹ کا اور میں ساتھ اس کے ضامن ہوں ف۴ کہا انہوں نے قسم ہے خدا کی البتہ تحقیق جانتے ہو تم

مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا فَمَا

کہ نہیں آئے ہم تو کہ فساد کریں بیچ زمین کے اور نہیں ہم چور کہا انہوں نے پس کیا ہے

جَزَاۗؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا جَزَاۗؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ

سزا اس کی اگر ہو تم جھوٹے کہا انہوں نے سزا اس کی یہ ہے جو شخص کہ پایا جاوے بیچ

رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَاۗؤُهٗ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ

شلیتے اس کے کے پس وہی ہے بدلہ اس کا اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ہم ظالموں کو ف۵ پس شروع کیا

بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَاۗءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَاۗءِ اَخِيْهِ ۭ

ساتھ شلیتوں اُن کے کے پہلے شلیتے بھائی اپنے کے پھر نکال لیا اس کو شلیتے بھائی اپنے کے سے

---

ف۱ یہ ٹوک کا بچاؤ بتایا بھروسا اللہ پر کیا۔ ٹوک لگنی غلط نہیں اور اس کا بچاؤ کرنا روا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی جس طرح کہا تھا داخل ہوئے تو اگرچہ ٹوک نہ لگی لیکن تقدیر اور طرف سے آئی تقدیر دفع نہیں ہوتی سو جن کو علم ہے اُن کو تقدیر کا یقین اور اسباب کا بچاؤ دونوں ہو سکتے ہیں اور بے علم سے ایک ہو تو دوسرا نہ ہو۔ ۱۲۔منہ رح

۸ ع ۱۱ ۲

ف۳ اس بھائی کو جو حضرت یوسف نے آرزو سے بلایا اور دل کو حسد لگا اس سفر میں اُس کو سر بات پر جھڑکتے اور طعنے دیتے اب حضرت یوسف نے تسلی کر دی۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ یا سن بادشاہ کے پینے کا چاندی کا اس کی پیاس پر ماپا تھا یا اناج ماپنے کا اور گھوڑے اس میں پانی پیتے حضرت یوسف نے ان کو چور کہوایا جھوٹ نہیں حضرت یوسف کو باپ کی چوری سے بیچ ڈالا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ حضرت یعقوبؑ کے دین میں تھا کہ چور غلام ہو رہے ایک برس تک۔ ۱۲۔منہ رح

كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ
اسی طرح مکر کیا ہم نے واسطے یُوسف کے نہیں تھا کہ لے سکے بھائی اپنے کو بیچ دین بادشاہ کے
اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ
مگر یہ کہ چاہے اللہ بلند کرتے ہیں ہم درجوں میں جس کو چاہیں اور اوپر ہر
عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ
جاننے والے کے جاننے والا ہے ۱؎ کہا انہوں نے اگر چُرا دے یہ پس تحقیق چرایا تھا ایک بھائی اس کے نے پہلے اس سے
فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ
پس چھپایا اس کو یوسف نے بیچ جی اپنے کے اور نہ ظاہر کیا اس کو واسطے ان کے کہا کہ تم بُرے ہو
مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ
جگہ میں اور اللہ بہتر جانتا ہے جو کچھ بیان کرتے ہو تم ۲؎ کہا انہوں نے اے سردار تحقیق
لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ
ہے واسطے اس کے باپ بوڑھا بزرگ پس لے لے ایک کو ہم میں سے جگہ اس کی تحقیق ہم دیکھتے ہیں تجھ کو
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا
احسان کرنے والوں سے ۳؎ کہا پناہ ہے اللہ کی کہ لے لیویں ہم سوائے اس شخص کے کہ پائی ہے ہم نے
مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ ع فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ
چیز اپنی نزدیک اس کے تحقیق ہم اُس وقت البتہ ظالموں سے ہوں پس جب نااُمید ہوئے اس سے
خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ
اکیلے بیٹھے مصلحت کرتے ہوئے کہا بڑے اُن کے نے کیا نہیں جانتے تم یہ کہ باپ تمہارے نے تحقیق لیا تھا
عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ
اوپر تمہارے عہد خدا کا اور پہلے اس سے کیا تقصیر کی تھی بیچ یُوسف کے
فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ
پس ہرگز نہ ٹلوں گا میں اس زمین سے یہاں تک کہ پروانگی دے مجھ کو باپ میرا یا حکم کرے اللہ واسطے میرے
وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ
اور وہ بہتر حکم کرنے والا ہے ۴؎ پھر جاؤ طرف باپ اپنے کی پس کہو اے باپ ہمارے
اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ
تحقیق بیٹے تیرے نے چوری کی ہے اور نہ شاہدی دی تھی ہم نے مگر جو کچھ کہ ہم جانتے تھے اور نہ تھے ہم واسطے غیب کے

۱؎ یعنی بھائیوں کی زبان سے آپ ہی نکلا کہ چور کو غلام کر لو اسی پر پکڑے گئے نہیں تو اس بادشاہ کا یہ حکم نہ تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

۲؎ یعنی تم نے ایسی چوری کی کہ بھائی کو باپ سے چرا کر بیچ ڈالا اور میری چوری کا حال اللہ کو معلوم ہے ان پر چوری کا طعن دیا۔ وہ قصہ یہ کہ حضرت یُوسف کو پھوپھی نے پالا جب بڑے ہوئے تو باپ نے چاہا اپنے پاس رکھیں پھوپھی کو محبت تھی چھپا کر ایک پٹکا ان کی کمر سے باندھ دیا پھر اس کو ڈھونڈنے لگی لوگوں میں چرچا ہوا۔ آخر اُن کی کمر سے نکلا موافق اس دین کے ایک برس پھوپھی کے پاس اور رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۹ ۱۱ ۳

۳؎ یعنی بیٹا بوڑھے باپ کا ہاتھ پکڑے پھرتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

۴؎ یعنی اور بھائیوں کو رخصت کیا۔ بڑا بھائی رہ گیا اس توقع پر شاید مہربان ہو کر خلاص کر دیں۔ ۱۲۔ منہ رح

حٰفِظِيْنَ ﴿٨١﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ
نگہبان ف۱ اور پوچھ لو اس بستی سے کہ تھے ہم بیچ اس کے اور اس قافلے سے کہ

اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ
آئے ہم بیچ اس کے اور تحقیق ہم البتہ سچے ہیں کہا بلکہ بنالی ہے واسطے تمہارے

اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ
جی تمہارے نے ایک بات پس صبر بہتر ہے شتاب ہے کہ اللہ تعالےٰ لے آوے میرے پاس

بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٨٣﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ
ان سب کو اکٹھا تحقیق وہی ہے جاننے والا حکمت والا ف۲ اور منہ پھیرا اُن سے

وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰي يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ
اور کہا اے افسوس اوپر یوسف کے اور سفید ہو گئیں آنکھیں اس کی یعنی یعقوب کی غم سے

فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿٨٤﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ
پس وہ غم سے بھرا ہوا تھا ف۳ کہا انہوں نے قسم ہے خدا تعالیٰ کی کہ ہمیشہ رہے گا تو یاد کرتا یوسف کو یہاں تک کہ ہو جاوے تو

حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿٨٥﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ
مضمحل یا ہو جاوے تو ہلاک ہونے والوں سے ف۴ کہا سوائے اس کے نہیں کہ شکایت کرتا ہوں میں بیقراری اپنی

وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٦﴾ يٰبَنِيَّ
کی اور غم اپنے کی طرف اللہ کے اور جانتا ہوں میں خدا کی طرف سے جو کچھ کہ تم نہیں جانتے ف۵ اے میرے بیٹو

اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ
جاؤ پس خبر لو یوسف سے اور بھائی اس کے سے اور مت ناامید ہو

رَّوْحِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ
رحمت خدا تعالیٰ کی سے تحقیق نہیں ناامید ہوتے رحمت خدا تعالےٰ کی سے مگر قوم

الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٧﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا
کافروں کی پس جب داخل ہوئے اوپر اس کے کہا انہوں نے اے عزیز لگی ہم کو

وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا
اور اہل ہمارے کو سختی اور لائے ہم پونجی حقیر یعنی تھوڑی پس پورا دے ہم کو

الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿٨٨﴾
پیمان اور خیرات کر اوپر ہمارے تحقیق اللہ ثواب دیتا ہے صدقہ دینے والوں کو ف۶

ف۱ یعنی تم کو قول دیا تھا اپنی دانست میں پر اور چوری کی خبر نہ تھی یا ہم نے چور کو پکڑ رکھنا بتایا اپنے دین کے موافق نہ معلوم تھا کہ بھائی چور ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ پہلی بار کی بے اعتباری سے اب کے بھی حضرتِ یعقوب نے اپنے بیٹوں کا اعتبار نہ کیا لیکن نبی کا کلام جھوٹ نہیں۔ بیٹوں کی بنائی بات تھی حضرت یوسف بھی بیٹے تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ غم کی بات منہ سے نہ نکالتا تھا۔ مگر اس وقت بے اختیار اتنا نکلا ایسا درد اتنی مدت دبا رکھنا کس کا کام سوا پیغمبر کے ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اس بیٹے کے جانے سے پھر یوسف کا غم تازہ ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی تم کیا مجھ کو صبر سکھاؤ گے لیکن بے صبر وہ ہے جو خلق کے آگے شکایت کرے خالق کی میں تو اسی سے کہتا ہوں جس نے درد دیا۔ اور یہ بھی جانتا ہوں کہ مجھ پر آزمائش ہے۔ دیکھوں کس حد کو پہنچ کر بس ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ قحط میں سب اسباب گھر کا بک گیا۔ اب کی بار اُون اور پنیر اور ایسی چیزیں لائے تھے اناج خریدنے کو یہ حال سن کر حضرتِ یوسف کو رحم آیا، اپنے تئیں ظاہر کیا اور سارے گھر کو بلوا لیا۔ ۱۲۔ منہ رح

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنْتُمْ جَاهِلُونَ ﴿۸۹﴾
کہا کیا جانتے ہو تم کہ کیا کیا تھا تم نے ساتھ یوسف کے اور بھائی اس کے کے جب تم تھے جاہل

قَالُوا أَإِنَّكَ لَأَنْتَ يُوسُفُ ۖ قَالَ أَنَا يُوسُفُ وَهَٰذَا أَخِي
کہا انہوں نے کیا تحقیق تو ہی ہے یوسف کہا کہ میں ہوں یوسف اور یہ بھائی میرا ہے

قَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا ۖ إِنَّهُ مَنْ يَتَّقِ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ
تحقیق احسان کیا اللہ نے اُوپر ہمارے تحقیق جو کوئی پرہیزگاری کرے اور صبر کرے پس تحقیق اللہ نہیں ضائع کرتا

أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۹۰﴾ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللَّهُ عَلَيْنَا
ثواب احسان کرنے والوں کا ف۱ کہا انہوں نے قسم ہے اللہ کی البتہ تحقیق پسند کیا اللہ نے تجھ کو اوپر ہمارے

وَإِنْ كُنَّا لَخَاطِئِينَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۖ يَغْفِرُ
اور تحقیق تھے ہم البتہ خطاوار ف۲ کہا نہیں سرزنش اُوپر تمہارے آج کے دن بخشے گا

اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿۹۲﴾ اذْهَبُوا بِقَمِيصِي هَٰذَا
اللہ واسطے تمہارے اور وہ بہتر رحم کرنیوالا ہے سب رحم کرنیوالوں سے لے جاؤ کرتہ میرا یہ

فَأَلْقُوهُ عَلَىٰ وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ
پس ڈال دو اس کو اوپر منہ باپ میرے کے آوے گا بینا ہوکر اور لے آؤ میرے پاس اہل اپنے کو

أَجْمَعِينَ ﴿۹۳﴾ ع وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيرُ قَالَ أَبُوهُمْ إِنِّي لَأَجِدُ
سب کو ف۳ اور جب جدا ہوا قافلہ کہا باپ ان کے نے تحقیق میں پاتا ہوں

رِيحَ يُوسُفَ ۖ لَوْلَا أَنْ تُفَنِّدُونِ ﴿۹۴﴾ قَالُوا تَاللَّهِ إِنَّكَ
بُو یوسف کی اگر نہ بہکا ہوا کہو مجھ کو کہنے لگے قسم اللہ کی تحقیق تو

لَفِي ضَلَالِكَ الْقَدِيمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَىٰ
البتہ بیچ وہم اپنے قدیم کے ہے پس جب آیا خوشخبری لانے والا ڈال دیا اس کرتے کو اوپر

وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا ۖ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ مِنَ
منہ اس کے کے پس ہوگیا بینا کہا کیا نہ کہا تھا میں نے واسطے تمہارے تحقیق میں جانتا ہوں

اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا يَا أَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا إِنَّا
اللہ کی طرف سے جو کچھ تم نہیں جانتے ف۴ کہا انہوں نے اے باپ ہمارے بخشش مانگ واسطے ہمارے گناہوں ہمارے کی تحقیق ہم

كُنَّا خَاطِئِينَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّي ۖ إِنَّهُ هُوَ
ہی تھے خطا کرنے والے کہا البتہ بخشش مانگوں گا میں واسطے تمہارے رب اپنے سے تحقیق وہ

ف۱ جس پر تکلیف پڑے اور وہ شرع سے باہر نہ ہو اور گھبراوے نہیں تو آخر بلا سے زیادہ عطا ملے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی تیرا خواب سچ تھا اور ہمارا حسد غلط۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ ہر مرض کی اللہ کے ہاں دوا ہے۔ آنکھیں گئی تھیں ایک شخص کے فراق میں اسی کے بدن کی چیز ملنے سے چنگی ہوئیں یہ کرامت تھی، حضرت یوسف کی۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ حضرت یوسف نے کرتہ اور سواری اور خرچ بھیجا اپنے غلام کے ہاتھ اُس نے آکر کرتہ منہ پر ڈال دیا اور خوش خبری دی اُسی وقت آنکھیں کھل گئیں۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۱۰

الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿٩٨﴾ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ
بخشنے والا مہربان ہے پس جب داخل ہوئے اوپر یوسف کے جگہ دی طرف اپنی

أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ﴿٩٩﴾ وَرَفَعَ
ماں باپ اپنے کو اور کہا کہ داخل ہو مصر میں اگر چاہا ہے خدا نے امن سے ف۱ اور چڑھایا

أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ۖ وَقَالَ يَا أَبَتِ
ماں باپ اپنے کو اوپر تخت کے اور گرے واسطے اس کے یعنی یوسف کے سجدہ کرتے ہوئے اور کہا اے باپ میرے

هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا ۖ
یہ ہے تعبیر خواب میرے پہلے کی تحقیق کر دیا اس کو پروردگار میرے نے سچ

وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُم مِّنَ
اور تحقیق احسان کیا ساتھ میرے جس وقت نکالا مجھ کو قید خانے سے اور لے آیا تم کو

الْبَدْوِ مِن بَعْدِ أَن نَّزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي ۚ
جنگل سے پیچھے اس سے کہ جھگڑا ڈال دیا تھا شیطان نے درمیان میرے اور درمیان بھائیوں میرے کے

إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ﴿١٠٠﴾ رَبِّ
تحقیق پروردگار میرا لطف کرنے والا ہے جس چیز کو چاہے تحقیق وہی ہے جاننے والا حکمت والا ف۲ اے پروردگار میرے

قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ
تحقیق دی تو نے مجھ کو کچھ بادشاہی اور سکھائی تو نے مجھ کو تعبیر باتوں کی یعنی خوابوں کی

فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ قف أَنتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ
اے پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین کے تو ہی ہے دوست یعنی کارساز میرا بیچ دنیا کے اور آخرت کے

تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ﴿١٠١﴾ ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ
قبض کر مجھ کو مطیع اپنا اور ملا دے مجھ کو ساتھ صالحوں کے ف۳ یہ ہے خبروں

الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۖ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوا
غیب کی سے کہ وحی کرتے ہیں ہم طرف تیری اور نہیں تھا تو نزدیک اُن کے جس وقت کہ مقرر کیا انہوں نے

أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ ﴿١٠٢﴾ وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ
کام اپنا اور وہ مکر کرتے تھے ف۴ اور نہیں بہت لوگ اگرچہ

حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَمَا تَسْأَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ
حرص کرے تو ایمان لانے والے اور نہیں مانگتا تو اُن سے اوپر اس کے کچھ بدلا

ف۱ باہر شہر سے استقبال کو نکلے وہاں یہ کہا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جو اللہ کے احسان تھے سو ذکر کیے اور جو تکلیف تھی دخل شیطان سے اس کو منہ پر نہ لائے مجمل سُنا دیا پہلے وقت میں سجدۂ تعظیم تھے آپس کے فرشتوں نے حضرت آدم کو کیا ہے اس وقت اللہ نے وہ رواج موقوف کیا۔ و اَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰہِ الآیہ اس وقت پہلے رواج پر چلنا ویسا ہے کہ کوئی بہن سے نکاح کرے کہ حضرت آدم کے وقت ہوا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ علم کامل پایا و دولت کامل پائی۔ اب شوق ہوا اپنے باپ دادے کے مراتب کا حضرت یعقوب کی زندگی تک رہے دنیا کے کام میں پیچھے اپنے اختیار سے چھوڑ دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی یہ مذکور توریت میں اور پہلی کتابوں میں بھی نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۱/۱۱ ۵

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ
نہیں یہ مگر نصیحت واسطے سارے جہان کے اور کتنی نشانیاں ہیں بیچ آسمانوں کے

وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا
اور زمین کے کہ گذرتے ہیں اُوپر ان کے اور وہ ان سے منہ پھیرنے والے ہیں اور نہیں

يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ
ایمان لاتے اکثر ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے مگر اور وہ شرک لانے والے ہیں ف۱ کیا پس نڈر ہوئے اس

تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ
بات سے کہ آوے ان کے پاس ڈھانکنے والا عذاب خدا کے سے یا آوے ان کے پاس قیامت

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِیْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى
ناگہاں اور وہ نہ جانتے ہوں کہہ کہ یہ ہے راہ میری پکارتا ہوں میں طرف

اللّٰهِ ۛ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ
اللہ کی اُوپر بینائی کے میں اور جس نے متابعت کی میری اور پاکی بیان کرتا ہوں واسطے اللہ کے اور نہیں

اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا
میں شریک لانے والوں سے اور نہیں بھیجے ہم نے پہلے تجھ سے مگر مرد کہ

نُّوْحِیْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى
وحی بھیجتے تھے طرف ان کی رہنے والے بستیوں کے سے کیا پس نہیں سیر کی بیچ

الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ
زمین کے پس دیکھتے کیونکر ہوا آخر کام ان لوگوں کا کہ پہلے ان سے تھے

وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾
اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے کہ ڈرتے ہیں کیا پس نہیں سمجھتے تم

حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا
یہاں تک کہ جب ناامید ہوئے پیغمبر اور گمان کیا انہوں نے یہ کہ ان سے لوگوں نے تحقیق جھوٹ بولا

جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّیَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ
آئی ان کے پاس مدد ہماری پس نجات دیا گیا جو شخص کہ چاہتے تھے ہم اور نہیں پھیرا جاتا عذاب ہمارا

الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی
قوم گنہگار سے ف۲ البتہ تحقیق ہے بیچ قصوں ان کے کے نصیحت واسطے صاحبوں

وقف النبی علیہ السلام

ف۱ یعنی منہ سے سب کہتے ہیں کہ خالق مالک سب کا وہی ہے پھر اوروں کو پکڑتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی وعدہ عذاب کو دیر لگی یہاں تک کہ رسول نومید لگے ہونے کہ شاید ہماری زندگی میں نہ آیا پیچھے آوے اور ان کے یار خیال کرنے لگے کہ شاید وعدہ خلاف تھا اتنے خیال سے آدمی کافر نہیں ہوتا اگرچہ جانتا ہے کہ یہ خیال بد ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِنْ تَصْدِيقَ
عقل کے نہیں ہے بات کہ باندھ لی جاوے و لیکن سچا کرنے والی
الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى
اس چیز کو کہ آگے اس کے ہے اور تفصیل ہر چیز کی اور ہدایت
ع ۱۲ / ۷ / ۶ وَرَحْمَةً لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿۱۱۱﴾ ع
اور رحمت واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں

سُورَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | آياتها ۴۳ ركوعاتها ۶

سورۂ رعد مدینہ میں نازل ہوئی ہیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے تنتالیس آیتیں اور چھ رکوع ہیں

الٓمٓرۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ ۗ وَالَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ
یہ ہیں آیتیں کتاب کی اور وہ چیز کہ اتاری گئی ہے طرف تیری رب تیرے سے
الْحَقُّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۱﴾ اللَّهُ الَّذِي رَفَعَ
سچ ہے و لیکن اکثر لوگ نہیں ایمان لاتے اللہ تعالیٰ ہے وہ شخص جس نے
السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۖ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ
بلند کیا آسمانوں کو بغیر ستونوں کے دیکھتے ہو تم ان کو پھر قرار پکڑا اوپر عرش کے
وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُسَمًّى ۚ يُدَبِّرُ
اور مسخر کیا سورج کو اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے واسطے وعدے مقرر کے تدبیر کرتا ہے
الْأَمْرَ يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاءِ رَبِّكُمْ تُوقِنُونَ ﴿۲﴾
کام کی تفصیل سے بیان کرتا ہے نشانیاں تو کہ تم ساتھ ملاقات رب اپنے کے یقین کرو ف۱
وَهُوَ الَّذِي مَدَّ الْأَرْضَ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ۖ
اور وہی ہے جس نے کھینچا زمین کو اور کیے بیچ اس کے پہاڑ اور نہریں
وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ فِيهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ ۖ يُغْشِي
اور ہر میوے سے کیے بیچ اس کے جوڑے دو قسم کے ڈھانک دیتا ہے
اللَّيْلَ النَّهَارَ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ﴿۳﴾
رات کو دن سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں ف۲
وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُتَجَاوِرَاتٌ وَجَنَّاتٌ مِنْ أَعْنَابٍ
اور بیچ زمین کے قطعے ہیں نزدیک ایک دوسرے کے اور باغ ہیں انگوروں کے

ف۱ چلتا ہے ٹھہری مدت تک یعنی قیامت تک یا اپنے اپنے دور تک سورج ایک برس اور چاند ایک مہینے تک پھر نیا دور شروع کرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ ہر میوہ کے جوڑے یعنی ایک قسم کامل ایک قسم ناقص اور رات دن ایک اندھیرا ایک اُجالا رنگا رنگ چیزیں بنائی نشان ہے کہ اپنی خوشی سے بنایا۔ اگر ہر چیز خاصیت سے ہوتی تو ایک سی ہوتی۔ ۱۲۔ منہ رح

وَّزَرْعٌ وَّنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ قف
اور کھیتیاں ہیں اور کھجوریں ہیں ایک تھالولے ہیں کی گئی اور سوا کی گئیں یعنی ایک تھالولے میں اکیلی کھجور پلائی جاتی ہیں پانی ایک سے
وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِى الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
اور بزرگی دیتے ہیں ہم بعض ان کے کو اوپر بعضوں کے بیچ میوے کے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم
يَّعْقِلُوْنَ ۝٤ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا
کے کہ سمجھتے ہیں اور اگر تعجب کرے تو پس عجب ہے بات اُن کی کیا جب ہو جاویں گے ہم مٹی کیا مقرر ہونگے ہم
لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ ۝٥ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ
البتہ بیچ پیدائش نئی کے یہ لوگ ہیں کہ کافر ہوئے ساتھ پروردگار اپنے کے اور یہ لوگ ہیں
الْاَغْلٰلُ فِىْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا
کہ طوق ہیں بیچ گردنوں اُن کی کے اور یہ لوگ رہنے والے ہیں آگ کے وہ بیچ اس کے
خٰلِدُوْنَ ۝٥ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ
ہمیشہ رہنے والے ہیں اور شتابی کرتے ہیں تجھ سے ساتھ برائی کے پہلے بھلائی کے اور تحقیق
خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ
گذری ہیں پہلے اُن سے عقوبتیں اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ صاحب بخشش کا ہے واسطے لوگوں کے
عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٦ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ
اوپر ظلم اُن کے کے اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ سخت عذاب کرنے والا ہے ف اور کہتے ہیں وہ لوگ جو
كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ
کافر ہوئے ہیں کیوں نہ اتاری گئی اُوپر اس کے نشانی پروردگار اُس کے سے سوائے اس کے نہیں کہ تو ڈرانیوالا ہے اور واسطے
قَوْمٍ هَادٍ ۝٧ ع اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ ع ١ ٧
ہر قوم کے ہدایت کرنیوالا ہے اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ کہ اٹھاتی ہے ہر عورت اور جو کچھ کہ کم کرتے ہیں رحم
وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَىْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝٨ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
اور جو کچھ بڑھاتے ہیں اور ہر چیز نزدیک اس کے اندازے پر ہے جاننے والا ہے پوشیدہ کا اور ظاہر کا
الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝٩ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ
بڑا بلند برابر ہے تم میں سے جو شخص کہ چھپاوے بات کو اور یا جو کوئی پکار کر
بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ۝١٠ لَهٗ
کہے اس کو اور جو شخص کہ وہ چھپنے والا ہے رات کو اور چلنے والا ہے دن کو واسطے اس

ف برائی چاہتے ہیں، آگے بھلائی سے یعنی ایمان نہیں قبول کرتے کہ سب خوبی پاویں، انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں عذاب لے آؤ اور پہلے ہو چکی ہیں کہاوتیں یعنی عذاب ویسے جن کی کہاوتیں چلی ہیں۔ ١٢۔ منہ رح

مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ
کے چوکیدار ہیں ایک کے پیچھے ایک آگے اس کے سے اور پیچھے اس کے سے محافظت کرتے ہیں اس کو

اَمْرِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا
حکم خدا تعالیٰ کے سے تحقیق اللہ نہیں بدلتا اس معاملت کو کہ ساتھ کسی قوم کے ہے یہانتک کہ بدل ڈالیں وہ جو کچھ بیچ

بِاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْۗءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا
جی ان کے کے ہے اور جس وقت ارادہ کرتا ہے خدا ساتھ کسی قوم کے برائی کا پس نہیں پھیرنا واسطے اس کے اور نہیں ہے

لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ⑪ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا
واسطے ان کے سوائے اس کے کوئی کارساز ف وہی ہے جو دکھلاتا ہے تم کو بجلی ڈر سے

وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ⑫ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ
اور طمع سے اور پیدا کرتا ہے بادل بھاری و تسبیح کرتا ہے گرجنے والا ساتھ تعریف اسکی کے

وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا
اور فرشتے ڈر اس کے سے اور بھیجتا ہے گرنے والی بجلیاں پس پہنچا دیتا ہے اس کو

مَنْ يَّشَاۗءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ⑬
جس کو چاہے اور وہ جھگڑتے ہیں بیچ اللہ تعالیٰ کے اور وہ سخت عذاب والا ہے

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ
واسطے اس کے پکارنا ہے سچا اور جن لوگوں کو پکارتے ہیں سوائے اس کے نہیں جواب دیتے

لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَاۗءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ
ان کو ساتھ کسی چیز کے مگر جیسے کھولنے والا دونو ہتھیلیاں اپنی کو طرف پانی کی تو کہ پہنچے منہ اس کے کو اور نہیں وہ

بِبَالِغِهٖ ۭ وَمَا دُعَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ⑭ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ
پہنچنے والا اس کو اور نہیں دعا کافروں کی مگر بیچ گمراہی کے ف۲ اور واسطے خدا کے سجدہ کرتا ہے

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ
جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے خوشی سے اور ناخوشی سے اور پرچھائیاں ان کی صبح کو

وَالْاٰصَالِ ⑮ السجدة ۞ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۭ
اور شام کو ف۳ کہہ کون ہے پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا کہہ کہ اللہ

قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ
کہہ کیا پس پکڑے ہیں تم نے سوائے اس کے کارساز کہ نہیں اختیار میں رکھتے واسطے جانوں اپنی کے

ف یعنی اللہ اپنی مہربانی اور نگہبانی سے محروم نہیں کرتا کسی قوم کو جو ہمیشہ اس کی طرف سے رہی ہے جبتک وہ اپنی چال اللہ کے ساتھ نہ بدلیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ کافر جن کو پکارتے ہیں بعضے خیال ہیں اور بعضے جن ہیں اور بعضے چیزیں ہیں کہ ان میں کچھ خواص ہیں لیکن اپنے خواص کے مالک نہیں پھر کیا حاصل ان کا پکارنا جیسے آگ یا پانی اور شاید ستارے بھی اسی قسم میں ہوں یہ اس کی مثال فرمائی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ جو اللہ پر یقین لایا خوشی سے سر رکھتا ہے اس کے حکم پر اور جو نہ یقین لایا آخر آخر اس پر بھی اسی کا حکم جاری ہے اور پرچھائیاں صبح و شام زمین پر پسر جاتی ہیں یہی ہے اُن کا سجدہ۔ ۱۲۔ منہ رح

السجدة ۲

نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ۬ اَمْ هَلْ
نفع اور نہ ضرر کہہ کہ کیا برابر ہوتا ہے اندھا اور دیکھنے والا کیا برابر

تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ۬ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا
ہوتے ہیں اندھیرے اور اُجالا کیا مقرر کیا انہوں نے واسطے خدا کے شریک کہ پیدا کیا

كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ
انہوں نے مانند پیدائش اس کی کے پس مل گئی پیدائش اُوپر ان کے کہہ کہ اللہ ہی ہے پیدا کرنے والا ہر

شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
چیز کا اور وہی ہے اکیلا غالب اتارا ہے اس نے آسمان سے پانی

فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ ۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا
پس بہے نالے ساتھ اندازے اپنے کے پس اٹھا لیا رو نے جھاگ چڑھا ہوا اور اُس چیز سے

يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ
کہ دھونکتے ہیں اوپر اس کے بیچ آگ کے واسطے چاہنے گہنے کے یا اسباب کے جھاگ ہیں مانند اس کی

كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۬ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ
اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ حق اور باطل پس جو کہ جھاگ ہے پس جاتا رہتا ہے

جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ
ناکارہ اور جو کہ وہ چیز ہے کہ نفع دیتی ہے لوگوں کو پس رہتی ہے بیچ زمین کے اسی طرح

يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ﴿۱۷﴾ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؔ
بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ مثالیں ف واسطے ان لوگوں کے کہ قبول کیا واسطے پروردگار اپنے کے نیکی ہے

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ
اور جن لوگوں نے کہ نہ قبول کیا واسطے اس کے اگر ہو واسطے ان کے جو کچھ بیچ زمین کے ہے

جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ
سارا اور مانند اس کے ساتھ اس کے البتہ بدلہ دیویں گے ساتھ اس کے یہ لوگ واسطے ان کے ہے بُرا

الْحِسَابِ ۙ۬ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ
حساب اور جگہ رہنے ان کے کی دوزخ ہے اور برا ہے بچھونا کیا پس جو شخص کہ

يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ
جانتا ہے یہ کہ جو کچھ اتارا گیا ہے طرف تیری پروردگار تیرے سے سچ ہے مانند اس کے ہے کہ وہ اندھا ہے

ف یعنی آسمان سے دین حق اترتا ہے تو ہر ایک اپنی استعداد کے موافق فیض لیتا ہے۔ پھر حق اور باطل ٹھہرتا ہے تو میل اُبھرتا ہے جیسے مینہ کا پانی زمین میں مل کر یا روپے تانبے کو دہکا کر میل اُبھرتا ہے آخر جھاگ کو بنیاد نہیں اور کام کی چیز کو بنیاد ہے یہ حق اور باطل ٹھہرنا دنیا کی لڑائی مراد ہے آخر حق غالب ہے یا ہر ایک کے دل میں حق و باطل ٹھہرتا ہے آخر حق اس باطل کو مٹا کر صاف حق رہتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

وقف النبی علیہ السلام

الربع ۲ ع ۱۱

إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُوا الْأَلْبَابِ ﴿١٩﴾ الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ
سوائے اس کے نہیں کہ نصیحت پکڑتے ہیں صاحب عقل کے وہ لوگ کہ پورا کرتے ہیں عہد اللہ تعالیٰ کے کو

وَلَا يَنقُضُونَ الْمِيثَاقَ ﴿٢٠﴾ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ
اور نہیں توڑتے عہد کو اور وہ لوگ کہ ملاتے ہیں اس چیز کو کہ حکم کیا ہے اللہ تعالیٰ نے ساتھ اسکے

أَن يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ﴿٢١﴾
یہ کہ ملائی جاوے اور ڈرتے ہیں پروردگار اپنے سے اور ڈرتے ہیں برائی حساب کی سے

وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَوٰةَ وَأَنفَقُوا
اور وہ لوگ ہیں کہ صبر کرتے ہیں واسطے چاہنے رضامندی رب اپنے کی اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور خرچ کرتے ہیں

مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ
اس چیز سے کہ دی ہم نے ان کو پوشیدہ اور ظاہر اور دفع کرتے ہیں ساتھ نیکی کے برائی کو

أُولَٰئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٢﴾ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَن
یہ لوگ واسطے انہیں کے ہے پچھاڑی گھر کی بہشتیں ہیں ہمیشہ رہنے کی کہ داخل ہونگے ان میں وہ اور جو کوئی

صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَالْمَلَائِكَةُ
کہ لائق ہیں باپوں ان کے سے اور بی بیوں ان کی سے اور اولاد ان کی سے اور فرشتے

يَدْخُلُونَ عَلَيْهِم مِّن كُلِّ بَابٍ ﴿٢٣﴾ سَلَامٌ عَلَيْكُم بِمَا صَبَرْتُمْ
داخل ہوں گے اوپر ان کے ہر دروازے سے سلامتی ہے اوپر تمہارے بسبب اسکے کہ کیا صبر تم نے

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٤﴾ وَالَّذِينَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِن
پس اچھی ہے پچھاڑی گھر کی اور جو لوگ کہ توڑتے ہیں عہد خدا کا

بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَن يُوصَلَ وَ
پیچھے مضبوطی اس کی کے اور کاٹتے ہیں اس چیز کو کہ حکم کیا ہے اللہ نے بیچ اس کے یہ کہ ملائی جاوے اور

يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ أُولَٰئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ
فساد کرتے ہیں بیچ زمین کے یہ لوگ واسطے اُن کے ہے لعنت اور واسطے انکے ہے برائی

الدَّارِ ﴿٢٥﴾ اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ وَفَرِحُوا
گھر کی اللہ تعالیٰ کشادہ کرتا ہے رزق کو واسطے جس کے چاہے اور تنگ کرتا ہے اور خوش ہوئے یہ

بِالْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيَوٰةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا
ساتھ زندگانی دنیا کے اور نہیں ہے زندگانی دنیا کی بیچ آخرت کے مگر

ع ۸ / ۹

مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ
اسباب تھوڑا اور کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے کیوں نہ اتاری گئی اوپر اس کے نشانی

مِنْ رَبِّهِ ۚ قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ
رب اس کے سے کہہ تحقیق اللہ تعالیٰ گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور راہ دکھاتا ہے طرف اپنی

مَنْ أَنَابَ ﴿۲۷﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللَّهِ ۗ
اس شخص کو کہ رجوع کرتا ہے ف۱ جو لوگ کہ ایمان لائے اور آرام پکڑتے ہیں دل ان کے ساتھ یاد اللہ کے

أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ ﴿۲۸﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
خبردار ہو ساتھ یاد اللہ کے آرام پکڑتے ہیں دل جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصَّالِحَاتِ طُوبَىٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ ﴿۲۹﴾ كَذَٰلِكَ أَرْسَلْنَاكَ
اچھے خوش حالی ہے واسطے اُن کے اور اچھی ہے جگہ پھر جانے کی اسی طرح بھیجا ہم نے تجھ کو

فِي أُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَا أُمَمٌ لِتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ الَّذِي
بیچ اُمت کے تحقیق کہ گذر گئی ہیں پہلے اس سے بہت اُمتیں تو کہ پڑھے تو اُوپر ان کے وہ چیز کہ

أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمَٰنِ ۚ قُلْ هُوَ رَبِّي لَا
وحی کی ہم نے طرف تیری اور وہ کفر کرتے ہیں ساتھ رحمٰن کے کہہ وہی ہے پروردگار میرا نہیں

إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾ وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا
کوئی معبود مگر وہ اوپر اسی کے توکل کیا میں نے اور طرف اسی کی ہے توبہ کرنا میرا ف۲ اور اگر قرآن ہوتا کہ

سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ
چلائے جاتے ساتھ اس کے پہاڑ یا کاٹی جاتی ساتھ اس کے زمین یا بلائے جاتے ساتھ اسکے

الْمَوْتَىٰ ۗ بَلْ لِلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا ۗ أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِينَ
مُردے تو بھی ایمان نہ لاتے واسطے خدا کے ہے کام سارا کیا پس نہیں جان کرنا امید ہوئے وہ لوگ کہ

آمَنُوا أَنْ لَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعًا ۗ وَلَا
ایمان لائے ہیں یہ کہ اگر چاہتا اللہ تعالیٰ البتہ ہدایت کرتا لوگوں کو سب کو اور ہمیشہ

يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا تُصِيبُهُمْ بِمَا صَنَعُوا قَارِعَةٌ أَوْ
رہیں گے وہ لوگ کافر ہوئے ہیں پہنچتی جاوے گی ان کو بسبب اس کے جو کرتے ہیں مصیبت یا

تَحُلُّ قَرِيبًا مِنْ دَارِهِمْ حَتَّىٰ يَأْتِيَ وَعْدُ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ
اُترے گی نزدیک گھر اُن کے سے یہاں تک کہ آوے وعدہ اللہ تعالیٰ کا تحقیق اللہ تعالیٰ

ف۱ یعنی حق تعالیٰ کو ضرور نہیں کہ سب کو راہ پر لاوے یا نشانیاں بھیج کر ہر طرح ہدایت دے بلکہ یہی منظور ہے کہ کوئی بہکے اور کوئی راہ پائے سو جس کے دل میں رجوع آئی نشان ہے کہ اس کو سوجھانا چاہا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی گناہوں سے چھوٹ کر وہ منکر ہوتے ہیں رحمٰن سے عرب کے اللہ تعالیٰ کا نام رحمٰن نہ بولتے تھے جب قرآن میں یہ نام سنا کہنے لگے تو نے اپنا ایک معبود چھوڑ کر دوسرا پکڑا فرمایا کہ وہی میرا ایک رب ہے جس نام سے پکاروں۔ ۱۲۔ منہ رح

لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿٣١﴾ ع وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ ٤/٥ ع ١٠

نہیں خلاف کرتا وعدہ ولے اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیا گیا ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے

فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿٣٢﴾

پس ڈھیل دی میں نے واسطے ان لوگوں کے جو کافر ہوئے تھے پھر پکڑ لیا ہم نے ان کو پس کیونکر تھا عذاب میرا

اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ

کیا پس جو شخص کہ وہ کھڑا ہے اوپر ہر جان کے یعنی خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کماتے ہیں ولے اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ

شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ

کے شریک کہہ نام رکھو تو اُن کے کیا خبردار کرتے ہو تم اس کو ساتھ اس چیز کے کہ نہیں جانتا بیچ زمین کے

اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ

یا ساتھ ظاہری کے بات سے بلکہ زینت دیا گیا ہے واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے مکر ان کا

وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٣٣﴾

اور بند کیے گئے راہ سے اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس نہیں واسطے اسکے کوئی راہ دکھانے والا

لَهُمْ عَذَابٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ

واسطے ان کے عذاب ہے بیچ زندگانی دنیا کے اور البتہ عذاب آخرت کا بہت شاق ہے

وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿٣٤﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِىْ وُعِدَ

اور نہیں واسطے ان کے اللہ سے کوئی بچانے والا صفت اس بہشت کی کہ وعدہ دیئے گئے ہیں

الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ

پرہیزگار چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں میوہ اُس کا ہمیش ہے اور سایہ اُس کا

تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿٣٥﴾

یہ ہے آخر ان لوگوں کا کہ پرہیزگار ہیں اور آخر کام کافروں کا آگ ہے

وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ

اور جو لوگ کہ دی ہم نے اُن کو کتاب خوش ہوتے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف تیری اور

مِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ

بعضی جماعتوں میں سے وہ شخص ہے کہ انکار کرتا ہے بعضے اس کے کو، کہہ سوائے اس کے نہیں کہ حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ

اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَاۤ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿٣٦﴾

عبادت کروں اللہ کو اور نہ شریک لاؤں ساتھ اس کے طرف اسی کی پکارتا ہوں میں اور طرف اسی کی ہے پھر جانا میرا

ولے مسلمان چاہتے ہوں گے کہ ایک نشانی بڑی سی آوے تو کافر مسلمان ہو جاویں، سو فرمایا کہ اگر کسی قرآن سے یہ کام ہوئے ہوتے تو البتہ اس سے پہلے ہوتے لیکن اختیار اللہ کا ہے اور خاطر جمع اسی پر چاہیئے کہ اللہ نے یوں نہیں چاہا اگر چاہتا تو حکم کافی تھا لیکن کافر مسلمان یوں ہوں گے کہ اُن پر آفت پڑتی رہے گی۔ ان پر پڑے یا ہمسایہ پر جب تک سارے عرب ایمان میں آجاویں وہ آفت یہی تھی جہاد مسلمانوں کے ہاتھ سے۔ ١٢۔ منہ رح

ولے یعنی وہ اُن کو چھوڑ دے گا بن سزا دیئے۔ ١٢۔ منہ رح

وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ حُكۡمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعۡتَ اَهۡوَآءَهُمۡ
اور اسی طرح اتارا ہے ہم نے اس قرآن کو حکم عربی اور اگر پیروی کرے گا تو خواہشوں اُن کی کی
بَعۡدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الۡعِلۡمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِيٍّ وَّلَا
پیچھے اُس چیز کے کہ آئی تیرے پاس علم سے نہیں واسطے تیرے اللہ سے کوئی دوست اور نہ
وَاقٍ ؏ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلًا مِّنۡ قَبۡلِكَ وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ اَزۡوَاجًا
بچانے والا اور البتہ تحقیق بھیجے ہم نے پیغمبر پہلے تجھ سے اور کیں ہم نے واسطے اُن کے بی بیاں
وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوۡلٍ اَنۡ يَّاۡتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ
اور اولاد اور نہ تھا واسطے کسی پیغمبر کے یہ کہ لے آوے کوئی نشانی مگر ساتھ حکم
اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمۡحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثۡبِتُ ۖۚ
اللہ کے واسطے ہر ایک وعدے کے ایک لکھت ہے مٹا ڈالتا ہے اللہ جو چاہتا ہے اور ثابت کرتا ہے
وَعِنۡدَهٗۤ اُمُّ الۡكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنۡ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعۡضَ الَّذِيۡ
اور نزدیک اس کے ہے اصل کتاب ف۱ اور اگر دکھلادیں ہم تجھ کو بعض وہ چیز جو
نَعِدُهُمۡ اَوۡ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيۡكَ الۡبَلٰغُ وَعَلَيۡنَا
وعدہ دیتے ہیں ہم اُن کو یا قبض کر لیویں تجھکو پس سوائے اسکے نہیں کہ اُوپر تیرے پیغام پہنچانا ہے اور اُوپر ہمارے ہے
الۡحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّا نَاۡتِي الۡاَرۡضَ نَنۡقُصُهَا
حساب لینا کیا نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ ہم چلے آتے ہیں زمین کو گھٹاتے ہوئے
مِنۡ اَطۡرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحۡكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكۡمِهٖ ؕ وَهُوَ
کنارے اُس کے سے اور اللہ حکم کرتا ہے نہیں پچھاڑی کرنے والا واسطے حکم اس کے کے اور وہ
سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدۡ مَكَرَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَلِلّٰهِ
جلدی لینے والا ہے حساب کا ف۲ اور تحقیق مکر کیا ان لوگوں نے جو پہلے اُن سے تھے پس واسطے خدا
الۡمَكۡرُ جَمِيۡعًا ؕ يَعۡلَمُ مَا تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ ؕ وَسَيَعۡلَمُ
کے ہے مکر تمام جانتا ہے جو کماتا ہے ہر جی اور شتاب جان لیویں گے
الۡكُفّٰرُ لِمَنۡ عُقۡبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا
کفار واسطے کس کے ہے پچھاڑی گھر کی اور کہتے ہیں وہ لوگ جو کافر ہوئے
لَسۡتَ مُرۡسَلًا ؕ قُلۡ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًا ۢ بَيۡنِيۡ وَبَيۡنَكُمۡ ۙ
نہیں تو بھیجا ہوا کہہ کفایت ہے اللہ گواہی دینے والا درمیان میرے اور درمیان تمہارے

ع ٥/٦

ف۱ دنیا میں ہر چیز اسباب سے ہے بعضے اسباب ظاہر ہیں بعضے چھپے ہیں اسباب کی تاثیر کا ایک اندازہ ہے جب اللہ چاہے اس کی تاثیر اندازے سے کم زیادہ کردے جب چاہے ویسی ہی رکھے آدمی کبھی کنکر سے مرتا ہے اور گولی سے بچتا ہے اور ایک اندازہ ہر چیز کا اللہ کے علم میں ہے وہ ہرگز نہیں بدلتا اندازے کو تقدیر کہتے ہیں، یہ دو تقدیریں ہیں ایک بدلتی ہے اور ایک نہیں بدلتی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ ہم چلے آتے ہیں زمین پر گھٹاتے یعنی اسلام پھیلتا جاتا ہے عرب کے ملک میں اور کفر گھٹتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۶ ۶ ۱۲

وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ع ﴿۴۳﴾

اور وہ شخص کہ پاس اس کے ہے علم کتاب کا ف

سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵۲ رُكُوْعَاتُهَا ۷

سورۂ ابراہیم مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے باون آیتیں اور سات رکوع ہیں

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

یہ کتاب ہے اتارا ہم نے اس کو طرف تیری تو کہ نکالے تو لوگوں کو اندھیروں سے طرف

النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۱﴾ اللّٰهِ

اُجالے کے ساتھ حکم پروردگار ان کے کے طرف راہ عزت والے تعریف کیے گئے اللہ تعالیٰ کی

الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ

جو کہ واسطے اس کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور وائے ہے واسطے کافروں کے

مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

عذاب سخت سے وہ لوگ جو دوست رکھتے ہیں زندگانی دنیا کو

عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا

اوپر آخرت کے اور بند کرتے ہیں راہ خدا تعالیٰ کی سے اور چاہتے ہیں واسطے

عِوَجًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ

اس کے کجی یہ لوگ بیچ گمراہی دور کے ہیں اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی

رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۭ فَيُضِلُّ اللّٰهُ

پیغمبر مگر ساتھ زبان قوم اس کی کے تو کہ بیان کرے واسطے ان کے پس گمراہ کرتا ہے اللہ

مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴﴾

جس کو چاہے اور راہ دکھاتا ہے جس کو چاہے اور وہ ہے غالب حکمت والا ف

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ

اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے موسےٰؑ کو ساتھ نشانیوں اپنی کے یہ کہ نکال قوم اپنی کو

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ فِيْ

اندھیروں سے طرف اُجالے کی اور نصیحت دے ان کو ساتھ دنوں یعنی کاموں خدا کے تحقیق بیچ

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۵﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى

اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے ہر صبر کرنے والے شکر کرنے والے کے ف۲ اور جب کہا موسےٰؑ نے

ف اللہ گواہ یوں ہے کہ سچ کو بڑھادے اور جھوٹ کو مٹادے اور گواہ ہیں پہلی کتاب جاننے والے کہ آگے بھی اسی طرح اتری ہے کتاب۔ ۱۲۔ منہ رح

ف کافر کہتے تھے کہ اور بولی میں قرآن اُترتا تو ہم یقین کرتے یہ تو اسی شخص کی بولی ہے شاید آپ کہہ لاتا ہو اس کا یہ جواب ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یاد دلا دن اللہ کے یعنی اللہ تعالیٰ کے ساکھے جو ہر قوم پر گذرے۔ ۱۲۔ منہ رح

لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ
واسطے قوم اپنی کے یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے جس وقت نجات دی تم کو لوگوں

فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ
فرعون کے سے پہنچاتے تھے تم کو بُرا عذاب اور ذبح کرتے تھے بیٹوں تمہاروں کو

ع ۱۷ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۶
۱۳ اور زندہ رکھتے تھے بی بیوں تمہاری کو اور بیچ اس کے آزمائش تھی پروردگار تمہارے کی طرف سے بڑی

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَىِٕنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَىِٕنْ كَفَرْتُمْ
اور جب پکار دیا پروردگار تمہارے نے اگر شکر کرو تم البتہ زیادہ دونگا میں تم کو اور اگر کفر کروگے تم

اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۷ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ
تحقیق عذاب میرا البتہ سخت ہے اور کہا موسےٰ نے اگر کفر کروگے تم اور جو کوئی

فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۸ اَلَمْ يَاْتِكُمْ
بیچ زمین کے ہیں سب پس تحقیق اللہ بے پرواہ ہے تعریف کیا گیا کیا نہیں پہنچی تم کو

مع نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڛ وَالَّذِيْنَ
خبر اُن لوگوں کی کہ پہلے تم سے تھے قوم نوح کی اور عاد کی اور ثمود کی اور ان لوگوں کی

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ڛ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
کہ پیچھے ان کے تھے نہیں جانتا اُن کو مگر اللہ آئے تھے اُن کے پاس پیغمبر اُن کے

بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ
ساتھ دلیلوں ظاہر کے پس پھیرے گئے ہاتھ اپنے بیچ موہوں اپنے کے اور کہا انہوں نے تحقیق کفر کیا ہم نے ساتھ اس چیز کے

الثلث اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۹
بھیجے گئے ہو تم ساتھ اس کے اور تحقیق ہم البتہ بیچ شک کے ہیں اس چیز سے کہ پکارتے ہو تم ہم کو طرف اُس کی قلق ڈالنے والی

قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
کہا پیغمبروں ان کے نے کیا بیچ اللہ کے شک ہے بنانے والا آسمانوں کا اور زمین کا

يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ
پکارتا ہے تم کو تو کہ بخشے واسطے تمہارے بعضے گناہ تمہارے سے اور ڈھیل دے تم کو ایک وقت

مُّسَمًّى ۭ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ
مقرر تلک کہا انہوں نے نہیں تم مگر آدمی مانند ہماری ارادہ کرتے ہو تم یہ کہ

تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾

بند کرو تم ہم کو اس چیز سے کہ تھے عبادت کرتے باپ ہمارے پس لے آؤ ہمارے پاس دلیل ظاہر

قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

کہا واسطے ان کے پیغمبروں ان کے نے نہیں ہم مگر آدمی مانند تمہاری و لیکن اللہ

يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ

احسان کرتا ہے اوپر جس کے چاہے بندوں اپنے سے اور نہیں واسطے ہمارے یہ کہ لے آویں تمہارے

بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

پاس کوئی دلیل مگر ساتھ حکم اللہ کے اور اوپر اللہ کے پس چاہیئے کہ توکل کریں ایمان والے ف

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۭ وَلَنَصْبِرَنَّ

اور کیا ہے واسطے ہمارے یہ کہ نہ توکل کریں ہم اوپر اللہ کے اور تحقیق دکھلائیں اس نے ہم کو راہیں ہماری اور البتہ صبر کریں گے ہم

ع ۲ ۱۴ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ ع

اوپر اس کے کہ ایذا دیتے ہو تم ہم کو اور اوپر اللہ کے پس چاہیئے کہ توکل کریں توکل کرنے والے

ف یعنی سند دیکھنے سے ایمان نہیں آتا اللہ کے دیئے سے آتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ

اور کہا ان لوگوں نے جو کافر ہوئے تھے واسطے پیغمبروں اپنے کے البتہ نکال دیں گے ہم تم کو زمین اپنی سے یا

لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ

البتہ پھر آؤ گے تم بیچ دین ہمارے کے پس وحی بھیجی طرف ان کی پروردگار ان کے نے البتہ ہلاک کریں گے ہم

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ ذٰلِكَ

ظالموں کو اور البتہ بسا دیں گے ہم تم کو زمین میں پیچھے ان کے یہ

لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ

واسطے اس شخص کے کہ ڈرتا ہے کھڑے ہونے سے روبرو میرے اور ڈرتا ہے ڈرانے میرے سے اور فتح مانگی انھوں نے اور نامراد ہوا

كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۱۵﴾ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ

ہر ایک سرکش عناد کرنے والا یعنی دشمن آگے اس کے جہنم ہے اور پلایا جاوے گا پانی کہ

صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ

وہ پیپ ہے ایک ایک گھونٹ پیئے گا اس کو اور نہ نزدیک ہو گا کہ گلے سے اتار سکے اور آوے گی اس کو موت

كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ﴿۱۷﴾

ہر جگہ سے اور نہیں وہ مرنے والا اور آگے اس کے ہے عذاب گاڑھا

مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ﰳ اشْتَدَّتْ بِهِ
صفت ان لوگوں کی کہ کافر ہوئے ساتھ پروردگار اپنے کے عمل اُن کے مانند راکھ کی ہیں کہ سخت چلے ساتھ اس کے

الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰي شَيْءٍ ۭ
باؤ بیچ دن آندھی والے کے نہیں قدرت پاویں گے اس میں سے کہ کمایا ہے اوپر کسی چیز کے

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝۱۸ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
یہ وہی ہے گمراہی دور کیا نہ دیکھا تو نے تحقیق اللہ نے پیدا کیا آسمانوں کو

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ
اور زمین کو ساتھ حق کے اگر چاہے لے جاوے تم کو اور لے آوے خلقت

جَدِيْدٍ ۝۱۹ۙ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ۝۲۰ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ
نئی اور نہیں یہ اوپر اللہ کے دشوار اور رُوبرُو ہونگے واسطے خدا

جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰۗؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ
کے سب پس کہیں گے ناتوان واسطے ان لوگوں کے جو تکبر کرتے تھے تحقیق تھے ہم واسطے تمہارے

تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ
تابع پس کیا ہو تم کفایت کرنے والے ہم سے عذاب خدا کے سے کچھ

قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا
کہیں گے اگر ہدایت کرتا ہم کو اللہ البتہ ہدایت کرتے ہم تم کو برابر ہے اوپر ہمارے اضطراب کریں ہم یا صبر کریں ہم

مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ۝۲۱ۧ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ ع ۱۵/۹
نہیں واسطے ہمارے جگہ بھاگنے کی اور کہے گا شیطان جب فیصل کیا گیا کام تحقیق

اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ
اللہ نے وعدہ دیا تھا تم کو وعدہ سچا اور وعدہ دیا تھا میں نے تم کو پس خلافِ وعدہ کیا تھا میں نے تم سے اور نہیں تھا

لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ
واسطے میرے اوپر تمہارے کچھ غلبہ یعنی زور مگر یہ کہ پکارا تھا میں نے تم کو پس قبول کر لیا تم نے واسطے میرے

فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ
پس نہ ملامت کرو مجھ کو اور ملامت کرو اپنے تئیں نہ میں ہوں فریاد کو پہنچنے والا تمہارا اور نہ تم

بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ
فریاد کو پہنچنے والے ہو میرے تحقیق میں نے کفر کیا ساتھ اس کے کہ شریک کیا تھا تم نے مجھ کو پہلے سے تحقیق

الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٢﴾ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
ظالم واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا ف١ اور داخل کیے جاویں گے وہ لوگ کہ ایمان لائے اور
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
کام کیے اچھے بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے ہیں
فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ؕ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿٢٣﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ
بیچ ان کے ساتھ حکم پروردگار اپنے کے دعا ملاقات اُن کی کی بیچ اس کے سلام ہے ف٢ کیا نہ دیکھا تونے کہ کیوں کر
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا
بیان کی اللہ نے مثال بات پاکیزہ کی مانند درخت پاکیزہ کی جڑ اس کی
ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿٢٤﴾ تُؤْتِيْۤ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ
محکم ہے اور ڈالیاں اس کی بیچ آسمان کے دیتا ہے میوہ اپنا ہر وقت ساتھ حکم
رَبِّهَا ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٥﴾
پروردگار اپنے کے اور بیان کرتا ہے اللہ مثالیں واسطے لوگوں کے تو کہ وہ نصیحت پکڑیں
وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ۨاجْتُثَّتْ مِنْ
اور مثال بات ناپاک کی مانند درخت ناپاک کے ہے کہ جسم پکڑ گیا ہے
فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اُوپر سے زمین کے نہیں واسطے اس کے قرار ف٣ ثابت رکھتا ہے اللہ ان لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں
بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ
ساتھ بات محکم کے بیچ زندگانی دنیا کے اور بیچ آخرت کے اور گمراہ کرتا ہے
اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙۛ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ﴿٢٧﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ
اللہ ظالموں کو اور کرتا ہے اللہ جو چاہتا ہے ف٤ کیا نہ دیکھا تونے طرف ان لوگوں کی
بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾ جَهَنَّمَ
کہ بدل ڈالا انہوں نے نعمت اللہ کی کو کفر سے اور اتارا قوم اپنی کو گھر ہلاک کے میں کہ دوزخ ہے
يَصْلَوْنَهَا ؕ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا
داخل ہوں گے اس میں اور بری ہے جگہ قرار کی ف٥ اور مقرر کیے واسطے خدا کے شریک تو کہ بہکاویں
عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿٣٠﴾ قُلْ
راہ اس کی سے کہہ کہ فائدہ اٹھاؤ یعنی دنیا میں پس تحقیق پھر جانا تمہارا طرف آگ کی ہے کہہ

ف١ شیطان کا زور نہیں انسان پر مگر مشورت دیتا ہے بُری وہ مان لینا اپنا گناہ ہے۔ ١٢۔ منہ رح

ف٢ دنیا میں سلام دعا ہے سلامتی مانگنے پر وہاں سلام مبارکباد ہے سلامتی پر۔ ١٢۔ منہ رح

ف٣ مسلمانوں کا دعویٰ درست ہے جس کی دلیل صحیح ہے اور دل میں اثر رکھتا ہے اور روز بروز چڑھتا ہے اور کافروں کا دعویٰ جڑ نہیں رکھتا تھوڑا دھیان کرنے سے غلط معلوم ہونے لگے اور دل میں اس سے کچھ نور نہیں۔ ١٢۔ منہ رح

ف٤ قبر میں جو کوئی مضبوط بات کہے گا، ٹھکانا نیک پاوے گا اور جو بچلی بات کہے گا خراب ہوگا۔ ١٢۔ منہ رح

ع ٤ / ١٦

ف٥ مکے کے سردار مراد ہیں کہ غریبوں کو گمراہ کیا۔ ١٢۔ منہ رح

لِّعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا يُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ
واسطے بندوں میرے کے جو ایمان لائے قائم رکھیں نماز کو اور خرچ کریں اس چیز سے کہ دی ہم نے ان

سِرًّا وَعَلَانِيَةً مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا
کو پوشیدہ اور ظاہر پہلے اس سے کہ آوے وہ دن کہ نہیں بیچنا ہے بیچ اس کے اور نہ

خِلَالٌ ﴿۳۱﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَأَنزَلَ مِنَ
دوستی ف۱ اللہ وہ ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور اتارا

السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ
آسمان سے پانی پس نکالا ساتھ اس کے میووں سے رزق واسطے تمہارے اور مسخر کیں واسطے تمہارے

الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْأَنْهَارَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ
کشتیاں تو کہ چلتی رہیں بیچ دریا کے ساتھ حکم اس کے کے اور مسخر کیا واسطے تمہارے نہروں کو اور مسخر کیا

لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَائِبَيْنِ ج وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾
واسطے تمہارے سورج اور چاند کو ہمیشہ پھرنے والے اور مسخر کیا واسطے تمہارے رات اور دن کو

وَآتَاكُم مِّن كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوهُ ط وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللَّهِ لَا
اور دیا تم کو بعضی ہر چیز سے جو سوال کرتے ہو تم اس کو اور اگر گنو نعمتیں اللہ کی نہ

تُحْصُوهَا ط إِنَّ الْإِنسَانَ لَظَلُومٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ ع وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ — ع ۵ ۱۷
پورا گن سکو ان کو تحقیق انسان البتہ ظلم کرنیوالا ہے کفر کرنے والا اور جب کہا ابراہیم نے

رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَن نَّعْبُدَ
اے رب میرے کر اس شہر کو امن والا اور ایک طرف کر مجھ کو اور بیٹوں میروں کو اس سے کہ عبادت

الْأَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ ج فَمَن
کریں ہم بتوں کو اے پروردگار میرے تحقیق انہوں نے گمراہ کیا ہے بہتوں کو لوگوں میں سے پس جو کوئی

تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي ج وَمَنْ عَصَانِي فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۳۶﴾
پیروی کرے میری پس تحقیق وہ مجھ سے ہے اور جس نے نافرمانی کی پس تحقیق تو بخشنے والا مہربان ہے

رَّبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِندَ
اے رب میرے تحقیق میں نے بسائی ہے بعضی اولاد اپنی بیچ میدان بن کھیتی والے کے نزدیک

بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ لا رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلَاةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِّنَ
گھر تیرے باحرمت کے اے پروردگار میرے تو کہ قائم رکھیں نماز کو پس کر دل کتنے

ف۱ یعنی نیک عمل بکتے نہیں اور کوئی دوستی سے رعایت نہیں کرتا۔ ۱۲- منہ رح

النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ
لوگوں کے کہ جھکتے ہوں طرف انکی اور رزق دے اُن کو میووں سے تو کہ وہ

يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٧﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا يَخْفٰى
شکر کریں ف۱ اے رب ہمارے تحقیق تو جانتا ہے جو چھپاتے ہیں ہم اور جو ظاہر کرتے ہیں ہم اور نہیں پوشیدہ

عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿٣٨﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
اُوپر اللہ کے کچھ بیچ زمین کے اور نہ بیچ آسمان کے سب تعریف واسطے اللہ کے ہے

الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ
جس نے بخشا مجھ کو اُوپر بڑھاپے کے اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ تحقیق پروردگار میرا البتہ سننے والا

الدُّعَآءِ ﴿٣٩﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ
دعا کا ہے ف۲ اے رب میرے کر مجھ کو قائم رکھنے والا نماز کا اور اولاد میری سے

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿٤٠﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
اے میرے رب قبول کر دعا میری اے رب ہمارے بخش مجھ کو اور ماں باپ میرے کو اور سب ایمان والوں کو

يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿٤١﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا
جس دن قائم ہووے حساب اور ہرگز مت گمان کر اللہ کو کہ بے خبر ہے اس چیز سے کہ

يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ
کرتے ہیں ظالم سوائے اس کے نہیں کہ ڈھیل دیتا ہے ان کو واسطے اس دن کے کہ چڑھ جاوینگی بیچ اس کے

الْاَبْصَارُ ﴿٤٢﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ
نظریں دوڑتے ہوئے اُونچا کیے ہوئے سروں اپنوں کو نہ پھر آویں گی طرف ان کی

طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿٤٣﴾ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ
نظریں ان کی اور دل ان کے گرے ہوئے ہوں گے ف۳ اور ڈرا لوگوں کو اس دن سے کہ آویگا ان کو

الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ
عذاب پس کہیں گے وہ لوگ کہ ظلم کرتے تھے اے رب ہمارے ڈھیل دے ہم کو طرف وقت نزدیک تک کہ

نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ
قبول کرلیویں ہم پکارنے تیرے کو اور پیروی کرلیویں رسولوں کی کیا نہ تھے تم کہ قسم کھاتے تھے

قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿٤٤﴾ وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ
پہلے اس سے کہ نہیں واسطے تمہارے کچھ زوال اور رہے تھے تم بیچ گھروں ان لوگوں کے کہ

ف۱ حضرت ابراہیمؑ کا گھر تھا شام میں ایک حرم سے پیدا ہوئے اسمٰعیل ان کو ساتھ ماں کے لاکر اس جنگل میں بٹھا کر چلے گئے، جہاں پیچھے شہر مکہ بسا اللہ تعالےٰ نے چشمہ زمزم نکالا اس سبب سے وہاں بستی پڑی اور زمین لائق نہ تھی کھیتی کے نہ میوے کے اس کے نزدیک زمین طائف سنوار دی کہ بہتر سے بہتر میوے وہاں ہودیں اور شہر مکہ میں پہنچیں۔ ١٢۔ منہ رح

ع ١٨

ف۲ ہم چھپاویں اور کھولیں ظاہر میں دعا کی سب اولاد کے واسطے اور دل میں دعا منظور تھی پیغمبرؐ آخرالزماں کو۔ ١٢۔ منہ رح

ف۳ قیامت کے دن آسمان کے دروازے کھل کر فرشتے لگیں گے اُترنے اور لوگوں کو پکڑ کر عذاب کرنے اس ہول سے سب کی آنکھیں اُوپر لگ جاوینگی اور نیچے دیکھنے کی فرصت نہ ہوگی۔ ١٢۔ منہ رح

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ تَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا
ظلم کیا تھا انھوں نے جانوں اپنی کو اور ظاہر ہوا تھا واسطے تمہارے کیونکر کیا ہم نے ساتھ ان کے اور بیان کیں ہم نے

لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿٤٥﴾ وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ
واسطے تمہارے مثالیں اور تحقیق مکر کیا تھا انھوں نے مکر اپنا اور نزدیک خدا کے ہے

مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿٤٦﴾
مکر اُن کا اور نہ تھا مکر اُن کا کہ ٹل جاویں اس سے پہاڑ ف

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ
پس ہرگز مت گمان کر اللہ تعالٰے کو کہ خلاف کرنے والا ہے وعدے اپنے کو پیغمبروں اپنے سے تحقیق اللہ غالب ہے

ذُو انْتِقَامٍ ﴿٤٧﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ
بدلا لینے والا اس دن کہ بدلی جاوے گی زمین سوائے اس زمین کے

وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿٤٨﴾ وَتَرَى
اور بدلے جاویں گے آسمان اور روبرو ہوں گے سب لوگ واسطے اللہ اکیلے غالب کے اور دیکھے گا

الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَىِٕذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِى الْاَصْفَادِ ﴿٤٩﴾ سَرَابِيْلُهُمْ
گنہگاروں کو اس دن جکڑے ہوئے بیچ زنجیروں کے کرتے ان کے

مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿٥٠﴾ لِيَجْزِىَ اللّٰهُ
گندھک کے ہوں گے اور ڈھانک لے گی منہ ان کے کو آگ تو کہ جزا دیوے اللہ

كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٥١﴾
ہر جی کو جو کچھ کمایا ہے تحقیق اللہ جلد لینے والا ہے حساب کا

هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ
یہ پہنچا دینا ہے واسطے لوگوں کے اور تو کہ ڈرائے جاویں ساتھ اس کے اور تو کہ جانیں سوائے اس کے نہیں کہ

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٥٢﴾ ع ١١ / ١٩
وہی ہے معبود اکیلا اور تو کہ نصیحت پکڑیں صاحب عقلوں کے

ف مکے کے لوگوں نے کئی تدبیریں ٹھہرائی تھیں حضرت کو سب مل کر قتل کریں یا قید کریں یا آپس سے نکال دیں اسی کو فرمایا ہے۔ ۱۲۔منہ رح

سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٩٩ رُكُوْعَاتُهَا ٦

سورۂ حجر مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ننانوے آیتیں اور چھ رکوع ہیں

الٓرٰ ۫ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾
یہ آیتیں ہیں کتاب کی اور قرآن بیان کرنے والے کی

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ ۝٢

بہت وقت دوست رکھیں گے وہ لوگ کہ کافر ہوئے کاش کہ ہوتے مسلمان

ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝٣

چھوڑ دے ان کو کہ کھاویں اور فائدہ اٹھادیں اور غافل کرے ان کو آرزو دراز پس البتہ جانیں گے

وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَعْلُومٌ ۝٤ مَا

اور نہیں ہلاک کی ہم نے کوئی بستی مگر واسطے اس کے لکھا ہوا ہے معلوم نہیں

تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝٥ وَقَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي

آگے نکل جاتی کوئی جماعت وقت اپنے سے اور نہ پیچھے رہ جاتی ہیں اور کہا کافروں نے اے وہ شخص کہ

نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ ۝٦ لَوْ مَا تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ إِنْ

اتارا گیا ہے اوپر اس کے ذکر تحقیق تو البتہ دیوانہ ہے کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس فرشتوں کو اگر

كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝٧ مَا نُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ

ہے تو سچوں سے نہیں اتارتے ہم فرشتوں کو مگر ساتھ حق کے

وَمَا كَانُوا إِذًا مُنْظَرِينَ ۝٨ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ

اور نہ ہوں گے اس وقت ڈھیل دیئے گئے تحقیق ہم نے اتارا ہے ذکر یعنی قرآن اور ہم ہیں واسطے اسکے

لَحَافِظُونَ ۝٩ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِي شِيَعِ الْأَوَّلِينَ ۝١٠

البتہ نگہبان اور البتہ تحقیق بھیجے تھے ہم نے پیغمبر پہلے تجھ سے بیچ امتوں پہلوں کے

وَمَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝١١ كَذَٰلِكَ

اور نہیں آتا تھا ان کے پاس کوئی پیغمبر مگر تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے اسی طرح

نَسْلُكُهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ۝١٢ لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ وَقَدْ خَلَتْ

چلا دیتے ہیں اُسکو یعنی اس انکار کو بیچ دلوں گنہگاروں کے نہیں ایمان لائے ساتھ اس کے اور تحقیق گذر گئی ہے

سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ ۝١٣ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِنَ السَّمَاءِ

عادت پہلوں کی ف۱ اور اگر کھول دیں ہم اُوپر ان کے دروازے آسمان سے

فَظَلُّوا فِيهِ يَعْرُجُونَ ۝١٤ لَقَالُوا إِنَّمَا سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا بَلْ

پس دن کو ہو جاوینگے بیچ اس کے چڑھے ہوئے البتہ کہیں گے سوائے اس کے نہیں کہ مست ہوگئی ہیں آنکھیں ہماری بلکہ

ع ۱ ۱۵ ۱ نَحْنُ قَوْمٌ مَسْحُورُونَ ۝١٥ ع وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا

ہم ایک قوم ہیں سحر کیے ہوئے اور البتہ تحقیق کیے ہم نے بیچ آسمان کے برج

ف۱ یعنی یہ قرآن کسی کے دل میں حق تعالےٰ اسی طرح سناتا ہے کہ ساتھ اس کے انکار چلا آوے نیک راہی اور گمراہی اسی کے اختیار ہے۔ ۱۲۔منہ رحمہ

وَزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾
اور زینت دی ہم نے اُنکو واسطے دیکھنے والوں کے ف۱ اور محفوظ رکھا ہم نے اس کو ہر ایک شیطان راندے گئے سے

اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ وَالْاَرْضَ
مگر جس نے چُرا لیا سُننے کو پس پیچھے لگتا ہے اس کے شعلہ ظاہر ف۲ اور زمین کو

مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ
بچھایا ہم نے اسکو اور ڈالے ہم نے بیچ اس کے پہاڑ اور اگائی ہم نے بیچ اس کے ہر ایک چیز

مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ
وزن والی اور کیں ہم نے واسطے تمہارے بیچ اس کے معیشتیں اور اس کو کہ نہیں تم واسطے اس کے

بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗ
رزق دینے والے ف۳ اور نہیں کوئی چیز مگر نزدیک ہمارے ہیں خزانے اس کے اور نہیں اتارتے ہم اسکو

اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ
مگر ساتھ اندازہ معلوم کے اور بھیجا ہم نے باؤ کو بوجھل کرنے والی پس اتارا ہم نے

السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾
آسمان سے پانی پس پلایا ہم نے تم کو وہ اور نہیں تم اس کو ذخیرہ کرنے والے ف۴

وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا
اور تحقیق ہم جلاتے ہیں اور مارتے ہیں اور ہم وارث ہیں ف۵ اور البتہ تحقیق ہم جانتے ہیں

الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِنَّ
آگے بڑھ جانے والوں کو تم میں سے اور البتہ تحقیق ہم جانتے ہیں پیچھے رہنے والوں کو اور تحقیق

رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع وَلَقَدْ خَلَقْنَا
پروردگار تیرا وہی اکٹھا کرے گا ان کو تحقیق وہ حکمت والا جاننے والا ہے اور البتہ تحقیق پیدا کیا ہم نے

الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ ج وَالْجَآنَّ
آدمی کو بجنے والی مٹی سے جو بنی تھی کیچڑ سڑی ہوئی سے ف۶ اور جنوں کو

خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ
پیدا کیا ہم نے اُن کو پہلے اس سے آگ لوؤں کی سے ف۷ اور جب کہا پروردگار تیرے نے

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ
واسطے فرشتوں کے تحقیق میں پیدا کرنے والا ہوں آدمی کو بجنے والی مٹی سے جو بنی تھی کیچڑ

ف۱ حق تعالیٰ بندوں سے وہ خطاب کرتا ہے جو یہ سمجھیں اُن کے عرف میں آسمان مشرق سے مغرب تک اور مغرب سے مشرق تک بارہ پھانک ہے جیسے خربوزہ وہی بارہ بُرج ہیں اور سورج برس دن میں سب طے کرتا ہے۔ موسم گرمی اور سردی اس سے بدلتا ہے اور گرمی سے مینہ آتا ہے اور مینہ سے دنیا بستی ہے اور رَونق آسمان کی ستارے ہیں ۱۲۔ منہ رح

ف۲ فرشتوں کی مشورت سننے کو شیطان جا لگتے ہیں آسمان کے قریب اُوپر سے انگارے پڑتے ہیں جو کوئی کچھ سُن بھاگا آکر دنیا میں ظاہر کیا ایک سچ میں سو جھوٹ ملا کر وہ ایک بات سچ دیکھی۔ لوگ یقین لائے سو جھوٹ دیکھیں تغافل کیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی جانوروں کی روزیاں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی اگلے برس کے واسطے دنیا کے غبار اور بھاپ اُوپر جمع رہتے ہیں جب باؤ تر چلی بادل ہو گئے پانی کے بھرے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۲ ۱۰ ۲

ف۵ یعنی ہر کوئی مر جاتا ہے اور اس کی کمائی اللہ کے ہاتھ میں رہتی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ مٹی پانی میں تر کی اور خمیر اٹھایا کہ کھن کھن بولنے لگی، وہی بدن ہوا انسان کا اسکی خاصیتیں (باقی صـ۳۱۵ پر)

مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا

سڑی ہوئی سے ف۱ پس جب درست کرلوں میں اسکو اور پھونک دوں بیچ اُس کے روح اپنی سے پس گر پڑو

لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ

واسطے اس کے سجدہ کرنیوالے ف۲ پس سجدہ کیا فرشتوں سب ساروں نے مگر ابلیس نے

اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا

نہ مانا یہ کہ ہو ساتھ سجدہ کرنے والوں کے کہا اے ابلیس کیا ہے واسطے تیرے یہ کہ نہ

تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ

ہوا تو ساتھ سجدہ کرنے والوں کے کہا کہ میں نہیں لائق اس بات کے کہ سجدہ کروں واسطے بشر کے کہ

خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ فَاخْرُجْ

پیدا کیا اس کو مٹی بجنے والی سے جو بنی تھی کیچڑ سڑی ہوئی سے کہا پس نکل

مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ

اس میں سے پس تحقیق تو راندہ ہوا ہے ف۳ اور تحقیق اوپر تیرے لعنت کی دن قیامت

الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ

تک کہا اے پروردگار میرے پس ڈھیل دے مجھ کو اس دن تک کہ زندہ کیے جاویں گے کہا

فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾ قَالَ

پس تحقیق تو ڈھیل دیئے گیوں سے ہے دن وقت معلوم تک کہا

رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ

اے رب میرے بسبب اسکے کہ گمراہ کیا تو نے مجھ کو البتہ زینت دونگا میں واسطے انکے بیچ زمین کے اور البتہ گمراہ کرونگا میں انکو

اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ قَالَ

سب کو مگر بندے تیرے اُن میں سے جو خالص کیے گئے ہیں کہا کہ

هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ

یہ راہ ہے اُوپر میرے سیدھی ف۴ تحقیق بندے میرے نہیں واسطے تیرے

عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنَّ

اُوپر ان کے غلبہ مگر جن نے پیروی کی تیری گمراہوں میں سے اور تحقیق

جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ لِكُلِّ

دوزخ جگہ وعدے اُن کے کی ہے سب کی واسطے اُس کے سات دروازے ہیں، واسطے ہر ایک

ف۱ بشر وہ جو بدن رکھے کہ ہاتھ سے پکڑا جاوے اور روح رکھے ہوشیار اگلے مخلوقات یا حیوان تھے جن کو ہوش نہیں یا فرشتے یا جن تھے جن کا بدن نہ پکڑا جاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اپنی جان یعنی خاص جس میں نمونہ ہے اللہ کی صفات کا علم اور ندّ اور یاد حق کی اور لگاؤ اللہ سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ شاید یہی مراد ہو کہ انگارے پھینکتے ہیں اور نکالا زمین سے کہ انسان بسیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی بندگی اللہ کی سیدھی راہ ہے اور ان پر شیطان قابو نہیں رکھتا۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ ص۳۱۴ سے آگے) اس میں رہ گئیں سختی اور بوجھ اسی طرح گرم باؤ کی خاصیت رہی جن کی پیدائش میں ۱۲۔ منہ رح

ف یعنی لطیف آگ ہوا ملی ہوئی ابلیس بھی اسی قسم میں ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿٤٤﴾ ع اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٤٥﴾

دروازے کے اُن میں سے ایک حصہ ہے قسمت کیا ہوا ف۱ تحقیق پرہیزگار بیچ بہشتوں کے اور چشموں کے ہیں

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ

کہیں گے انکو داخل ہو انمیں ساتھ سلامتی کے امن سے ف۲ اور نکال ڈالا ہم نے جو کچھ بیچ سینوں اُن کے کے تھا

غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٤٧﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا

ناخوشی سے بھائی ہوجاوینگے اُوپر تختوں کے آمنے سامنے ف۳ نہیں لگے گی ان کو بیچ اس کے

نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿٤٨﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ

محنت اور نہیں وہ اس سے نکالے گئے ہوں گے خبر دے بندوں میرے کو یہ کہ

اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿٤٩﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ

تحقیق میں ہی ہوں بخشنے والا مہربان اور یہ کہ تحقیق عذاب میرا وہ ہے عذاب

الْاَلِيْمُ ﴿٥٠﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٥١﴾ اِذْ دَخَلُوْا

درد دینے والا ف۴ اور خبر دے اُن کو مہمانوں ابراہیم کے سے جس وقت داخل ہوئے

عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿٥٢﴾ قَالُوْا لَا

اُوپر اس کے پس کہا انہوں نے کہ سلام کرتے ہیں ہم کہا تحقیق ہم تم سے ڈرتے ہیں ف۵ کہا انہوں نے مت

تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿٥٣﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓي

ڈر تحقیق ہم خوشخبری دیتے ہیں تجھ کو ساتھ لڑکے علم والے کے کہا کیا بشارت دی تم نے مجھ کو اُوپر

اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿٥٤﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ

اس بات کے کہ لگا ہے مجھ کو بڑھاپا پس ساتھ کس چیز کے بشارت دیتے ہو مجھ کو ف۶ کہا انہوں نے بشارت دیتے ہیں ہم تجھ کو ساتھ حق کے

فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿٥٥﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ

پس مت ہو ناامیدوں سے کہا اور کون ناامید ہوتا ہے رحمت

رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّاۗلُّوْنَ ﴿٥٦﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٧﴾

پروردگار اپنے کی سے مگر گمراہ ف کہا پس کیا ہے مہم تمہاری اے بھیجے ہوئے

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٥٨﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ اِنَّا

لِشَايْءٍ اِنِّىْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۡ وَاذْكُرْ
کسی چیز کو کہ البتہ کرنے والا ہوں میں یہ کل کو مگر یہ کہ چاہے اللہ اور یاد کر
رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓي اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ
پروردگار اپنے کو جب بھول جاوے اور کہہ شتاب ہے یہ کہ ہدایت کرے مجھ کو رب میرا طرف نزدیک
مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ
زیادہ کی اس سے بھلائی میں ف۴ اور رہے وہ بیچ غار اپنے کے تین سو برس
وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ
اور زیادہ رہے نو برس کہہ اللہ خوب جانتا ہے اس مدت کو کہ رہے وہ واسطے اسی کے ہے علم غیب آسمانوں کا
وَالْاَرْضِ ۭ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۡ
اور زمین کا کیا خوب دیکھنے والا ہے ساتھ اسکے اور کیا خوب سننے والا ہے نہیں واسطے اُن کے سوائے اس کے کوئی دوست

ف۱ ایک ان میں روپیہ لے کر گیا شہر کو وہاں سب چیز اوپری دیکھی اس مدت میں کئی قرن بدل گئے شہر کے لوگ اس روپے کا سکہ دیکھ کر حیران ہوئے کہ کس بادشاہ کا نام ہے اور کس عہد کا ہے جانا کہ اس شخص نے گڑا مال پایا قدیم کا آخر بادشاہ تک پہنچا اس نے پوچھکر سب احوال معلوم کیا اور اس وقت شہر میں دو مذہب کے لوگ تھے، ایک آخرت میں جینے کے قائل اور دوسرے منکر جھگڑا پڑ رہا تھا بادشاہ منصف تھا، چاہتا تھا ایک طرف کی کوئی سند ہاتھ لگے، تو دوسروں کو سمجھا دیوے۔ اللہ نے یہ سند بھیج دی بادشاہ آپ جا کر غار میں سب کو دیکھ آیا۔ ہر ایک سے احوال سن آیا اس شہر کے سب لوگ یقین لائے آخرت پر کہ یہ قصہ بھی دوسری بار جینے سے کم نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ٥/١٥

ف۲ یعنی اصحاب کہف کا دین و مذہب اللہ کو معلوم ہے کہ فقط توحید پر قائم تھے اور کسی نبی کی شریعت پکڑنے نہیں پائے مگر جو لوگ ان کی خبر پاکر معتقد ہوئے اور پاس مکان زیارت بنایا وہ نصارٰی تھے اصحابِ کہف سب لوگوں کو رخصت کر کر پھر سو گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی ان باتوں میں جھگڑنا کچھ حاصل نہیں رکھتا۔ ابن عباس رض نے کہا کہ وہ

(باقی ص۳۵۵ پر)

وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ
اور نہیں شریک کرتا بیچ حکم اپنے کے کسی کو ف اور پڑھ جو کچھ وحی کی گئی ہے طرف تیری کتاب

رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾
پروردگار تیرے سے نہیں کوئی بدلنے والا باتوں اسکی کو اور ہرگز نہ پاوے گا تو سوائے اس کے جگہ پناہ کی

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ
اور روک رکھ جان اپنی کو ساتھ ان لوگوں کے کہ پکارتے ہیں پروردگار اپنے کو صبح کو اور شام کو

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ
چاہتے ہیں رضا مندی اسی کی اور نہ پھر جاویں دو نو آنکھیں تیری اُن سے ارادہ کرے تو بناؤ زندگانی

الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ
دنیا کا اور مت کہا مان اس شخص کا کہ غافل کیا ہے ہم نے دل اس کے کو یاد اپنی سے اور پیروی کی اُسنے خواہش اپنی

وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۡ قف فَمَنْ شَآءَ
کی اور ہے کام اُسکا حد سے نکلا ہوا ف۲ اور کہہ حق ہے پروردگار تمہارے کی طرف سے پس جو کوئی چاہے۔

فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ
پس ایمان لاوے اور جو کوئی چاہے پس کفر کرے تحقیق تیار کر رکھی ہے ہم نے واسطے ظالموں کے آگ کہ گھیر لیا ہے

بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي
ان کو پردوں اس کے نے اور اگر فریاد کریں فریاد کو پہنچے جاوینگے ساتھ پانی کے مانند تانبے گلے ہوئے کی کہ بھون

الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ڈالتا ہے مونہوں کو بُرا پینا ہے اور بُری ہے وُہ آگ فائدہ اٹھانے میں تحقیق وہ لوگ کہ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ ۚ اُولٰٓئِكَ
اور کام کیے اچھے تحقیق ہم نہیں ضائع کرتے ثواب اُسکا کہ اچھا کرتا ہے عمل یہ لوگ

لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ
واسطے ان کے ہیں باغ ہمیش رہنے کے چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں گہنا پہنائے جاوینگے بیچ اس کے

اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ
کنگن سونے کے سے اور پوشاک پہنیں گے کپڑے سبز لاہی کے

وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَاۗىِٕكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ
اور تافتے کے تکیہ کیے ہوئے بیچ اس کے اُوپر تختوں کے اچھا ہے ثواب

ف۱ جتنی مدّت وہ سو کر جاگے تھے تاریخ والے کئی طرح بتاتے تھے۔ سب سے ٹھیک وہی جو اللہ تعالٰے بتا دے یہاں تک قصّہ ہو چکا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ ایک کافر حضرت کو سمجھانے لگا کہ اپنے پاس رذالوں کو نہ بیٹھنے دو کہ سردار تم پاس بیٹھیں رذالہ کہا غریب مسلمانوں کو اور سردار دولتمند کافروں کو اسی پر یہ آیت آئی۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۳۵۴ سے آگے) سات ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے پہلی دو باتوں کو رجم دیکھا نشانہ کہا اور اس کو نہیں کہا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ اصحاب کہف کا قصّہ تاریخ کی کتابوں میں نادرات میں لکھا تھا ہر کسی کو خبر کہاں ہو سکتی کافروں نے یہود کے سکھانے سے حضرت کو پوچھا آزمانے کو حضرت نے وعدہ کیا کہ کل بتا دوں گا۔ اس بھروسے پر کہ جبرئیلؑ آویں گے تو پوچھ دوں گا جبرئیلؑ نہ آئے اٹھارہ دن تک حضرت نہایت غمگین ہوئے آخر یہ قصّہ لے کر آئے اور پیچھے یہ نصیحت کہ اگلی بات پر وعدہ نہ کرے بغیر انشاء اللہ اگر ایک وقت بھول جاوے تو پھر یاد کر کر کہہ لیوے اور فرمایا کہ امید رکھ کہ تیرا درجہ اللہ اس سے زیادہ کرے۔ یعنی کبھی نہ بھولے۔

۱۲۔ منہ رح

ع ۹ / ۱۶

وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا
اور اچھی ہے بہشت فائدہ اٹھانے میں ف۱ اور بیان کر واسطے ان کے مثال دو مردوں کی کہ کیے ہم نے واسطے ایک کے انمیں سے
جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿٣٢﴾
دو باغ انگوروں سے اور گھیرا ہم نے ان دونو کو ساتھ کھجوروں کے اور کی ہم نے درمیان ان دونو کے کھیتی ف۲
كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْئًا وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا
دونو باغوں نے دیا میوہ اپنا اور نہ کم کیا اس میں سے کچھ اور پھاڑ دی ہم نے درمیان ان دونو کے
نَهَرًا ﴿٣٣﴾ وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهِ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَنَا أَكْثَرُ
نہر اور تھا واسطے اس کے میوہ پس کہا اس نے واسطے ہم نشین اپنے کے اور وہ سوال وجواب کرتا تھا اس سے میں زیادہ تر
مِنكَ مَالًا وَأَعَزُّ نَفَرًا ﴿٣٤﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهُ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ
ہوں تجھ سے مال میں اور زیادہ عزت والا ہوں آدمیوں کو ف۳ اور داخل ہوا باغ اپنے میں اور وہ ظلم کرنے والا تھا جان اپنی پر
قَالَ مَا أَظُنُّ أَن تَبِيدَ هَٰذِهِ أَبَدًا ﴿٣٥﴾ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً
کہا کہ میں نہیں گمان کرتا یہ کہ ہلاک ہووے یہ باغ کبھی اور نہیں گمان کرتا میں قیامت کو قائم ہونے والا
وَلَئِن رُّدِدتُّ إِلَىٰ رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنقَلَبًا ﴿٣٦﴾ قَالَ لَهُ
اور اگر پھیرا گیا میں طرف پروردگار اپنے کی البتہ پاؤں گا میں بہتر اس سے جگہ پھر جانے کی ف۴ کہا واسطے اسکے
صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِن تُرَابٍ ثُمَّ
ہم نشین اسکے نے اور وہ جواب سوال کرتا تھا اس سے آیا کفر کرتا ہے تو ساتھ اس شخص کے کہ پیدا کیا ہے تجھ کو مٹی سے پھر
مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ رَجُلًا ﴿٣٧﴾ لَّٰكِنَّا هُوَ اللَّهُ رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ
منی سے پھر تندرست کیا تجھ کو مرد لیکن میں کہتا ہوں کہ وہ ہے اللہ رب میرا اور نہیں شریک لاتا میں
بِرَبِّي أَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْلَا إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللَّهُ لَا
ساتھ رب اپنے کے کسی کو اور کیوں نہ جس وقت کہ داخل ہوا تو بیچ باغ اپنے کے کہا تو نے جو چاہا خدا نے نہیں
قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ ۚ إِن تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنكَ مَالًا وَوَلَدًا ﴿٣٩﴾
قوت مگر ساتھ اللہ کے اگر دیکھتا ہے تو مجھ کو کمتر آپ سے مال میں اور اولاد میں
فَعَسَىٰ رَبِّي أَن يُؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّن جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا
پس شتاب ہے رب میرا یہ کہ دیوے مجھ کو بہتر باغ تیرے سے اور بھیجے اوپر اس کے عذاب
مِّنَ السَّمَاءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا ﴿٤٠﴾ أَوْ يُصْبِحَ مَاؤُهَا غَوْرًا فَلَن
آسمان سے پس ہو جاوے زمین پھسلنی یا ہو جاوے پانی اس کا خشک پس ہرگز نہ

ف۱ حضرت نے فرمایا سونا اور ریشمی کپڑا مردوں کو ملنا ہے بہشت میں جو کوئی یہاں پہنے یہ چیزیں وہاں نہ پہنے۔۱۲۔منہ رح

ف۲ پہلے وقت میں ایک شخص مالدار مرگیا دو بیٹے رہے برابر مال بانٹ لیا ایک نے زمین خرید کی دو طرف میووں کے باغ لگائے بیچ میں کھیتی اور ندی کاٹ لا کر ان میں ڈالی کہ مینہ نہ ہو تو بھی نقصان نہ آوے اور عمدہ جگہ بیاہ کیا، اولاد ہوئی اور نوکر رکھے تدبیر دنیا درست کر کر آسودہ گذران کرنے لگا. دوسرے نے سب مال اللہ کی راہ میں خرچ کیا آپ قناعت سے بیٹھ رہا۔۱۲۔منہ رح

ف۳ مال تو اللہ تعالیٰ کی نعمت تھی پر اترانے سے اور کفر بکنے سے آفت آئی۔۱۲۔منہ رح

ف۴ منکر لوگ جانتے ہیں کہ جیسے دنیا میں عیش کرتے ہیں ساتھ گناہوں کے وہی بات ہوگی آخرت میں سو ہرگز ہونا نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ
کر سکے تو واسطے اس کے طلب کرنا اور گھیرا گیا میوہ اس کا پس فجر اٹھا ملتا تھا ہتھیلیاں اپنی اوپر

اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ
اس چیز کے کہ خرچ کیا تھا بیچ اس کے اور وہ گرے ہوئے تھے اوپر چھتوں اپنی کے اور کہتا تھا اے کاش کہ میں نہ

اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ
شریک لایا ہوتا ساتھ رب اپنے کے کسی کو ف۱ اور نہ ہوئی واسطے اسکے کوئی جماعت مدد دیوے اس کو سوائے

اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ هُوَ خَيْرٌ
اللہ کے اور نہ ہوا بدلہ لینے والا اس جگہ حکم چلانا واسطے اللہ کے ہے ثابت وہ بہتر ہے

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ
ثواب دینے میں اور بہتر ہے انجام لانے میں اور بیان کر واسطے اُن کے مثال زندگانی دنیا کی مانند پانی کے

اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا
کہ اتارا ہم نے اس کو آسمان سے پس مل گئی ساتھ اس کے روئیدگی زمین کی پس ہو گیا چورہ چورہ

تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ
اڑاتی ہیں اس کو بادیں اور ہے اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ف۳ مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ
اور بیٹے آرائش ہیں زندگانی دُنیا کی اور باقی رہنے والیاں نیکیاں بہتر ہیں نزدیک

رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى
پروردگار تیرے کے ثواب میں اور بہتر ہیں آرزو رکھنے میں ف۴ اور جس دن کہ چلا دینگے ہم پہاڑوں کو اور دیکھے گا تو

الْاَرْضَ بَارِزَةً وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾
زمین کو صاف نکلی ہوئی اور اکٹھا کریں گے ہم اُن کو پس نہ چھوڑینگے ہم اُن میں سے کسی کو

وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ
اور روبرو لائے جاوینگے اُوپر پروردگار تیرے کے صف باندھ کر تحقیق آئے تم ہمارے پاس جیسا پیدا کیا ہم نے تم کو پہلی

مَرَّةٍ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ
بار بلکہ گمان کیا تھا تم نے یہ کہ نہ کریں گے ہم واسطے تمہارے وعدہ گاہ ف۵ اور رکھی جاوے گی کتاب

فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا
پس دیکھے گا تو گنہگاروں کو ڈرتے اس چیز سے کہ بیچ اس کے ہے اور کہیں گے اے وائے ہم کو

ف۱ رسولؐ نے فرمایا کہ، جب آدمی کو اپنے گھر بار میں آسودگی نظر آوے تو یہی لفظ کہے ماشاءاللہ لاقوۃ الّا باللہ کہ ٹوک نہ لگے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ آخر اس کے باغ پر وہی ہوا جو اس نیک کی زبان سے نکلا۔ رات کو آگ لگ گئی آسمان سے سب جل کر ڈھیر ہو گیا۔ مال خرچ کیا پونجی بڑھانے کو وہ اصل بھی کھو بیٹھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۲/۱۷ ۵

ف۳ یعنی جب چاہے پھر جل جاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ رہنے والی نیکیاں' یہ کہ علم سکھا جاوے جو جاری رہے یا نیک رسم چلا جاوے یا مسجد، کنوآں، سرائے، باغ، کھیت وقف کر جاوے یا اولاد کو تربیت کر کر صالح چھوڑ جاوے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یہ اللہ تعالےٰ ان کی تنبیہ کو فرما دے گا اور جیسا بنایا تھا پہلی بار یہ بھی ہے کہ بدن میں کچھ زخم و نشان نہ رہے گا۔ ختنہ بھی نہ رہے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ
کیا ہے واسطے اس کتاب کے نہیں چھوڑتی چھوٹی بات کو اور نہ بڑی بات کو مگر گن لیا ہے اس کو
وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا ع ۶ ۵ ۱۸
اور پاویں گے جو کچھ کیا تھا حاضر اور نہیں ظلم کرتا پروردگار تیرا کسی کو ف۱ اور جس وقت کہا ہم نے
لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ
فرشتوں کو سجدہ کرو آدم کو پس سجدہ کیا انہوں نے مگر ابلیس نے نہ کیا تھا
الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَاۗءَ
جن سے پس نافرمانی کی اس نے حکم پروردگار اپنے کی سے کیا پس پکڑتے ہو تم اسکو اور اولاد اس کی کو دوست
مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۭ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿۵۰﴾ مَآ
سوائے میرے اور وہ واسطے تمہارے دشمن ہے برا ہے واسطے ظالموں کے بدلا ف۲ نہیں
اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۠ وَمَا
شاہد کیا تھا میں نے ان کو وقت پیدا کرنے آسمانوں کے اور زمین کے اور نہ وقت پیدا کرنے جانوں انکی کے اور نہیں
كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَاۗءِيَ
میں پکڑنے والا گمراہ کرنے والوں کو بازو اپنا یعنی مددگار اور جس دن کہے گا پکارو شریکوں میرے کو
الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ
جو دعویٰ کرتے تھے تم پس پکاریں گے ان کو پس نہ جواب دیں گے ان کو اور کریں گے ہم درمیان ان کے
مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ
مہلکہ ف۳ اور دیکھیں گے گنہگار آگ کو پس گمان کریں گے یہ کہ وہ گرنے والے ہیں اس میں اور نہ
يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ ع ۷ ۶ ۱۹
پاویں گے اس سے جگہ پھر جانے کی اور البتہ تحقیق طرح طرح سے بیان کیا ہم نے بیچ اس قرآن کے واسطے لوگوں کے
مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ
ہر مثال سے اور ہے آدمی زیادہ سب چیز سے جھگڑنے میں اور نہ منع کیا لوگوں کو
اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ
اس سے کہ ایمان لاویں جب آئی ان کے پاس ہدایت اور بخشش مانگیں رب اپنے سے مگر یہ کہ
تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَمَا
آوے ان کے پاس عادت پہلوں کی یا آوے ان کے پاس عذاب سامنے ف۴ اور نہیں

ف۱ رب جو کرے سو ظلم نہیں سب اسی کا مال ہے پر ظاہر میں جو ظلم نظر آوے وہ بھی نہیں کرتا بے گناہ دوزخ میں نہیں ڈالتا اور نیکی ضائع نہیں کرتا جو کوئی کہے گناہ ہیں ہمارا کیا اختیار سو بات نہیں اپنے دل سے پوچھ لے جب گناہ پر دوڑتا ہے اپنے قصد سے دوڑتا ہے اور جو کوئی کہے قصد بھی اسی نے دیا سو قصد دونوں طرف لگ سکتا ہے اور جو کہے اسی نے ایک طرف لگا دیا۔ سو بندے کے دریافت سے باہر ہے بندے سے معاملت ہے اس کی سمجھ پر بندہ بھی پکڑے گا، اسی کو جو اس سے بدی کرے نہ کہے کہ اس کا کیا قصور اللہ نے کروایا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی اللہ کے بدلے شیطان پکڑا، اس کی اولاد ہی ہیں، جتنے بت پوجے جاتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی خندق آگ سے بھری۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی کچھ اور انتظار نہیں رہا مگر یہی کہ پہلوں کی طرح ہلاک ہوں یا قیامت کا عذاب آنکھوں سے دیکھیں۔ ۱۲۔ منہ رح

نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ
بھیجتے ہم پیغمبروں کو مگر خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے اور جھگڑا کرتے ہیں وہ لوگ جو

كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ ۖ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا
کافر ہوئے ساتھ باطل کے تو کہ پھسلادیں ساتھ اسکے حق کو اور پکڑا انہوں نے نشانیوں میری کو اور اس چیز کو

أُنْذِرُوا هُزُوًا ﴿٥٦﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ
کہ ڈرائے گئے ساتھ اسکے ٹھٹھا اور کون شخص ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ نصیحت دیا گیا ساتھ نشانیوں پروردگار اپنے کی پس منہ پھیر لیا

عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً
اُن سے اور بھول گیا جو آگے بھیجا ہاتھوں اس کے نے تحقیق کیا ہے ہم نے اوپر دلوں اُن کے کے پردہ

أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِنْ تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ
اس سے کہ سمجھیں اس کو اور بیچ کانوں اُن کے بوجھ ہے اور اگر بلاوے تو ان کو طرف ہدایت کی

فَلَنْ يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٥٧﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ ۖ لَوْ
پس ہرگز نہ راہ پاوینگے اس وقت کبھی اور پروردگار تیرا بخشنے والا رحمت والا ہے اگر

يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۚ بَلْ لَهُمْ مَوْعِدٌ
پکڑے ان کو بسبب اس چیز کے کہ کماتے ہیں البتہ جلد لاوے واسطے انکے عذاب بلکہ واسطے اُن کے وعدہ ہے

لَنْ يَجِدُوا مِنْ دُونِهِ مَوْئِلًا ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ
کہ نہ پاویں گے سوائے اس کے پناہ اور یہ بستیاں کہ ہلاک کیا ہم نے اُن کو

لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَوْعِدًا ﴿٥٩﴾ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ
جب ظلم کیا انہوں نے اور کیا ہم نے واسطے ان کے کے وعدہ گاہ ف۱ اور جب کہا موسٰے نے

لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّىٰ أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾
واسطے جوان اپنے کے کہ نہ ٹلوں گا میں یہاں تک کہ پہنچوں میں جگہ ملنے دو دریا کی یا چلا جاؤں برسوں تلک ف۲

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي
پس جب پہنچے دونوں جگہ ملنے کی درمیان ان دونو کے بھول گئے مچھلی اپنی پس پکڑی اس نے راہ اپنی بیچ

الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ
دریا کے خشک ف۳ پس جب گذر گئے اس سے کہا واسطے جوان اپنے کے دے ہم کو کھانا ہمارا صبح کا البتہ تحقیق

لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هَٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ
ملے ہم اس سفر اپنے سے رنج کو ف۴ کہا کیا دیکھا تم نے جب جگہ پکڑی تھی ہم نے طرف پتھر کی

ف۱ اوپر ذکر ہوا تھا کہ کافر اپنی دنیا پر مغرور مفلس مسلمانوں کو ذلیل سمجھ کر حضرت سے چاہتے تھے کہ ان کو پاس نہ بٹھاؤ تو ہم بیٹھیں اسی پر دو بھائیوں کی کہاوت بیان کی اور ابلیس کا خراب ہونا اپنے غرور سے اب قصہ فرمایا موسٰی اور خضر کا کہ اللہ کے لوگ اگر بہتر بھی ہوں تو آپ کو کسی سے بہتر نہیں کہتے رسول نے فرمایا کہ موسٰے علیہ السلام اپنی قوم میں نصیحت فرماتے تھے ایک شخص نے پوچھا کہ یا موسٰے تم سے زیادہ بھی کسی کو علم ہے۔ کہا مجھ کو معلوم نہیں یہ بات تحقیق تھی پر اللہ تعالٰے کی خوشی تھی کہ یوں کہتے مجھ سے بندے اللہ کے بہت ہیں سب کی خبر اسی کو ہے تب وحی آئی کہ ایک بندہ ہمارا ہے دو دریا کے ملاپ پاس اس کو علم زیادہ ہے تجھ سے موسٰی علیہ السلام نے دعا کی مجھ کو اُس کی ملاقات میسر ہو حکم ہوا کہ ایک مچھلی تل کر ساتھ لو، تو جہاں مچھلی گم ہو وہاں وہ ملے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ٨ ٦ ٢٠

ف۲ یہ جوان فرمایا یوشع علیہ السلام کو حضرت موسٰی کے خادم خاص تھے پیچھے ان کے روبرو پیغمبر ہوئے اور ان کے بعد خلیفہ ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ وہاں پہنچ کر حضرت موسٰے سو رہے اور یوشع دریا سے وضو کرنے لگے وہ تلی مچھلی زندہ ہو کر دریا (باقی صفحہ ٣٦٠ پر)

فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ ۚ وَمَا أَنْسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ ۚ وَاتَّخَذَ

پس تحقیق میں بھول گیا مچھلی کو اور نہ بھلادی مجھ کو وہ مچھلی مگر شیطان نے یہ کہ ذکر کروں اسکا اور پکڑی اس نے

سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا (٦٣) قَالَ ذَٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلَىٰ

راہ اپنی بیچ دریا کے عجب کہا یہی ہے جو کچھ تھے ہم چاہتے پس پھر آئے دونو اُوپر

آثَارِهِمَا قَصَصًا (٦٤) فَوَجَدَا عَبْدًا مِنْ عِبَادِنَا آتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِنْ

نشانیوں پاؤں اپنے کے نقش دیکھتے پس پایا ایک بندے کو بندوں ہمارے سے کہ دی تھی ہم نے اس کو رحمت

عِنْدِنَا وَعَلَّمْنَاهُ مِنْ لَدُنَّا عِلْمًا (٦٥) قَالَ لَهُ مُوسَىٰ هَلْ أَتَّبِعُكَ

نزدیک اپنے سے اور سکھلایا تھا ہم نے اسکو اپنے پاس سے علم ف۱ کہا واسطے اسکے موسےٰ نے کیا پیروی کروں میں تیری

عَلَىٰ أَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا (٦٦) قَالَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ

اُوپر اس کے کہ سکھاوے تو مجھ کو اس چیز سے کہ سکھایا گیا ہے تو کچھ بھلائی کہا تحقیق تو ہرگز نہ کر سکے گا ساتھ

صَبْرًا (٦٧) وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَىٰ مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا (٦٨) قَالَ سَتَجِدُنِي

میرے صبر اور کیونکر صبر کرے گا تو اُوپر اس چیز کے کہ نہیں گھیرا تو نے اسکو سمجھ سے کہا البتہ پاویگا تو مجھ کو

إِنْ شَاءَ اللَّهُ صَابِرًا وَلَا أَعْصِي لَكَ أَمْرًا (٦٩) قَالَ فَإِنِ اتَّبَعْتَنِي

اگر چاہا اللہ نے صبر کرنے والا اور نہ نافرمانی کرونگا میں واسطے تیرے کسی حکم کی کہا پس اگر پیروی کرے تو میری

فَلَا تَسْأَلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتَّىٰ أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا (٧٠) ع فَانْطَلَقَا وقفة

پس مت سوال کیجو مجھ سے کسی چیز سے یہاں تک کہ شروع کروں میں واسطے تیرے اُس کا مذکور پس چلے دونو

حَتَّىٰ إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا ۖ قَالَ أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا

یہاں تک کہ جب سوار ہوئے بیچ کشتی کے پھاڑا اس کو کہا کیا پھاڑا تو نے اسکو تو کہ ڈبا دیوے لوگوں اُسکے کو

لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا (٧١) قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ

البتہ تحقیق لایا تو ایک چیز بھاری ف۲ کہا کیا نہ کہا تھا میں نے یہ کہ تو ہرگز نہ کر سکے گا ساتھ میرے

صَبْرًا (٧٢) قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي

صبر کہا مت پکڑ مجھ کو ساتھ اس چیز کے کہ بھول گیا میں اور مت ڈال اوپر میرے کام میرے سے

عُسْرًا (٧٣) فَانْطَلَقَا وقفة حَتَّىٰ إِذَا لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ قَالَ أَقَتَلْتَ

تنگی یعنی دشواری ف۳ پس چلے دونو یہاں تک کہ جب ملے ایک لڑکے سے پس مار ڈالا اُس کو کہا کیا مار ڈالا تو نے

نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا (٧٤)

جان پاک کو بغیر بدلے جان کے البتہ تحقیق لایا تو چیز بُری ف۴

ف۱ وہ بندہ خضر تھا مل کر سبب پوچھا آنے کا موسیٰ نے سبب بتایا خضر نے کہا تم کو اللہ نے تربیت فرمائی پر بات یوں ہے کہ اللہ کا ایک علم مجھ کو ہے تجھ کو نہیں ایک تم کو ہے مجھ کو نہیں ایک چڑیا دکھادی دریا میں سے پانی پیتی کہا سارا علم سب خلق کا اللہ کے علم میں سے اتنا ہے جتنا دریا میں سے چڑیا کے منہ میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جب ناؤ پر چڑھنے لگے ناؤ والوں نے خضر کو پہچان کر مفت چڑھا لیا اس احسان کے بدلے یہ نقصان اور تعجب لگا لیکن کنارے کے قریب توڑی لوگ نہ ڈوبے توڑی یہ کہ ایک تختہ نکال ڈالا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یہ پہلا پوچھنا حضرت موسےٰ سے بھول کر ہوا، اور دوسرا اقرار کرنے کو اور تیسرا رخصت کو۔ ۱۲ منہ رح

ع ۹ ۱۱ ۲۱

ف۴ ستھری یعنی بے گناہ جبتک لڑکا بالغ نہ ہو اس پر کچھ گناہ نہیں۔ ایک گاؤں پاس لڑکے کھیلتے تھے ایک لڑکے کو مار ڈالا اور چل کھڑے ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ ص۳۵۹ سے آگے)

میں نکل پڑی اور پانی میں بیٹھ گئی، وہاں طاق سا کھلا رہ گیا، اُن کو دیکھ کر تعجب آیا چاہا کہ جب موسےٰ جاگیں تب ان سے کہوں۔ وہ جاگے تو دونوں آگے چل کھڑے ہوئے کہنا بھول گئے ۱۲ منہ رح

ف۵ حضرت موسیٰ پہلے نہیں تھکے جب مطلب چھوٹ رہا اس چلنے سے تھکے۔ ۱۲۔ منہ رح

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾

کہا کیا نہ کہا تھا میں نے تجھ کو تحقیق تو ہرگز نہ کر سکے گا ساتھ میرے صبر

قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۢ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ

کہا اگر سوال کروں میں تجھ سے کوئی چیز پیچھے اسکے پس مت صحبت میں رکھیو مجھ کو تحقیق پہنچا تو

مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿٧٦﴾ فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨ

میرے پاس سے عذر کو پھر چلے دونو یہانتک کہ جب آئے لوگوں کے پاس ایک گاؤں کے

اسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا

کھانا مانگا لوگوں اسکے سے پس انکار کیا انہوں نے یہ کہ ضیافت کریں انکی پس پائی دونوں نے بیچ اسکے ایک دیوار

يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ

چاہتی تھی یہ کہ ٹوٹ جاوے پس سیدھا کھڑا کر دیا اس کو کہا اگر چاہتا تو البتہ لیتا اوپر اس کے

اَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ

مزدوری ف کہا یہ جدائی ہے درمیان میرے اور درمیان تیرے اب خبر دونگا میں تجھ کو ساتھ حقیقت

مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ

اس چیز کے کہ نہ کر سکا تو اوپر اس کے صبر ف۲ اب پر کشتی پس تھی واسطے فقیروں کے

يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ

محنت کرتے تھے بیچ دریا کے پس ارادہ کیا میں نے یہ کہ عیب ڈال دوں اس میں اور تھا پرے ان کے

مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ

ایک بادشاہ لے لیتا تھا ہر کشتی کو چھین کر اور اب پر لڑکا پس تھے ماں باپ اسکے

مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَاۤ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَاَرَدْنَاۤ

ایمان والے پس ڈرے ہم یہ کہ گرفتار کرے ان کو سرکشی اور کفر میں ف۳ پس ارادہ کیا ہمنے

اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾

یہ کہ بدلہ دیوے اُن کو رب اُن کا بہتر اس سے پاکیزگی میں اور نزدیک تر مہربانی میں ف۴

وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ

اور اب پر دیوار پس تھی واسطے دو لڑکوں یتیم کے بیچ شہر کے اور تھا

تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ

نیچے اس کے گنج واسطے اُن دونوں کے اور تھا باپ ان دونو کا نیک بخت پس ارادہ کیا رب تیرے نے یہ کہ

ف۱ یعنی گاؤں کے لوگوں نے مسافر کا حق نہ سمجھا کہ مہمانی کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اب کے موسےٰ نے جان کر پوچھا رخصت ہونے کو سمجھ لیا کہ یہ علم میرے ڈھب کا نہیں حضرت موسیٰ کا علم وہ تھا جس میں پیروی کرے خلق تو اُن کا بھلا ہو حضرت خضر کا علم وہ کہ دوسرے کو اس کی پیروی بن نہ آوے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اگر وہ بڑا ہوتا تو موذی اور بدراہ ہوتا اس کے ماں باپ اس کے ساتھ خراب ہوتے بعضے آدمی کی بنیاد بُری پڑتی ہے اور بعضے کی بھلی، جیسے ککڑی کھیرا کوئی بیج میٹھا پڑا کوئی کڑوا اگرچہ اصل میں ککڑی کھیرا میٹھا ہے آدمی کی بنیاد بھی اصل میں بہتر ہے بگڑ کر کوئی پھل کڑوا نکلتا ہے اس کا علم اللہ کو ہے۔ پیغمبر نے فرمایا ہر آدمی کی بنیاد مسلمانی پر ہے یہی معنے سمجھنے چاہئیں ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اس ماں باپ کو پیچھے ایک بیٹی ہوئی ایک نبی سے بیاہی گئی اور ایک نبی جنا جس سے ایک اُمت چلی۔ ۱۲۔ منہ رح

يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ
پہنچیں جوانی اپنی کو اور نکالیں گنج اپنا رحمت کر پروردگار اپنے سے

وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ
اور نہیں کیا میں نے یہ کام اپنے حکم سے یہ ہے حقیقت اس چیز کی کہ نہ کر سکا تو اوپر اسکے

صَبْرًا ﴿٨٢﴾ وَيَسْأَلُونَكَ عَن ذِي الْقَرْنَيْنِ قُلْ سَأَتْلُو عَلَيْكُم
صبر ف۱ اور سوال کرتے ہیں تجھ کو ذوالقرنین سے کہہ شتاب پڑھوں گا میں اوپر تمہارے

مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيْءٍ
اس میں سے کچھ مذکور ف۲ تحقیق ہم نے قدرت دی تھی اس کو بیچ زمین کے اور دی تھی ہم نے اس کو ہر چیز سے

سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَأَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ
راہ پس پیچھے چلا ایک راہ کے ف۳ یہاں تک کہ جب پہنچا جگہ ڈوبنے سورج کے

وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ عِندَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا
پایا اس کو ڈوبتا تھا بیچ چشمے کیچڑ کے اور پایا نزدیک اس کے ایک قوم کو ف۴ کہا ہم نے

يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا أَن تُعَذِّبَ وَإِمَّا أَن تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾
اے ذوالقرنین یا یہ کہ عذاب کرے تو ان کو اور یا یہ کہ پکڑے تو بیچ اُن کے بھلائی ف۵

قَالَ أَمَّا مَن ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهُ ثُمَّ يُرَدُّ إِلَىٰ رَبِّهِ فَيُعَذِّبُهُ
کہا اب پر جو شخص ظالم ہے پس البتہ عذاب کریں گے ہم اسکو پھر پھیرا جاویگا طرف رب اپنے کی پس عذاب کریگا

عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَأَمَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُ جَزَاءً
اسکو عذاب بڑا اور اب پر جو شخص کہ ایمان لایا اور عمل کیے اچھے پس واسطے اسکے بطریق جزا کے

الْحُسْنَىٰ ۖ وَسَنَقُولُ لَهُ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾
ہے نیکی اور البتہ کہیں گے ہم اس کو کام اپنے سے آسانی ف۶ پھر پیچھے چلا اور راہ کے ف۷

حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلَىٰ قَوْمٍ لَّمْ
یہاں تک کہ جب پہنچا جگہ نکلنے سورج کی پایا اس کو کہ نکلتا ہے اوپر ایک قوم کے کہ نہیں

نَجْعَل لَّهُم مِّن دُونِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾ كَذَٰلِكَ وَقَدْ أَحَطْنَا بِمَا
کیا ہم نے واسطے ان کے ورے اس سے پردہ ف۸ اسی طرح تھا اور تحقیق گھیر لیا تھا ہم نے ساتھ اس چیز

لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ
کے کہ نزدیک اسکے تھی خبرداری کر ف۹ پھر پیچھے پڑا اور راہ کے یہاں تک کہ جب پہنچا درمیان دو دیوار کے

ع ۱۰ / ۱۲

ف۱ یعنی جو کام خدا کے حکم سے کرنا ضرور ہوا، اس پر مزدوری نہیں یعنی فائدہ آگے قصہ فرمایا۔ ذوالقرنین بادشاہ کا، یہ بھی یہود کے سکھائے سے مکے کے لوگ پوچھتے تھے پیغمبر کے آزمانے کو جیسے اصحاب کہف کا احوال۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ اس بادشاہ کو ذوالقرنین کہتے ہیں اس واسطے کہ دنیا کے دونوں سرے پر پھر گیا تھا مشرق اور مغرب پر بعضے کہتے ہیں یہ لقب سکندر کا بعضے کہتے ہیں کوئی بادشاہ پہلے گذرا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی سرانجام کرنے لگا ایک سفر کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ ذوالقرنین کو شوق ہوا کہ دیکھے دنیا کی بستی کہاں تک بسی ہے سو مغرب کی طرف اس جگہ پہنچا کہ دلدل تھی نہ گذر آدمی کا نہ کشتی کا اللہ کے ملک کی حد نہ پا سکا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ اس کو یہ کہا یعنی دونوں بات کی قدرت دی ہر بادشاہ کو ہر حاکم کو قدرت ملتی ہے چاہے خلق کو ستاوے چاہے اپنی خوبی کا ذکر جاری رکھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ حاکم جو عادل ہو اس کی یہی راہ ہے بُروں کو سزا دے برائی کی اور بھلوں سے نرمی کرے اس نے یہ بات کہی یعنی یہ چال اختیار کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۷ یعنی اور سفر کا سرانجام کیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۸ شاید وہ لوگ جنگلی سے ہوں گے کہ گھر بنانا اور چھت ڈالنا ان میں (باقی ص ۳۶۵ پر)

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿۹۳﴾ قَالُوْا
پایا ورے ان دونوں سے ایک قوم کو کہ نہیں نزدیک تھے کہ سمجھیں بات کو ف۱ کہا انہوں نے

يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ
اے ذوالقرنین تحقیق یاجوج اور ماجوج فساد کرنے والے ہیں بیچ زمین کے

فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿۹۴﴾
پس آیا کردیویں ہم واسطے تیرے کچھ مال اوپر اس بات کے کہ کردیوے تو درمیان ہمارے اور درمیان انکے ایک دیوار ف۲

قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ
کہا جو کچھ قدرت دی ہے مجھ کو بیچ اسکے رب میرے نے بہتر ہے پس مدد کرو میری ساتھ قوت کے کردوں میں درمیان تمہارے

وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿۹۵﴾ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ
اور درمیان انکے دیوار موٹی ف۳ لاؤ میرے پاس ٹکڑے لوہے کے یہانتک کہ جب برابر کردیا درمیان

الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِىْٓ اُفْرِغْ
دونوں پہاڑوں کے کہا پھونکو یعنی دھونکو یہانتک کہ جب کردیا اس کو آگ کہا لے آؤ میرے پاس ڈالوں

عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿۹۶﴾ فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ
اوپر اسکے تانبا گلا ہوا ف۴ پس نہ کرسکیں کہ چڑھ آویں اوپر اس کے اور نہ کرسکیں کہ سوراخ کریں

نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّىْ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ رَبِّىْ جَعَلَهٗ
اس میں ف کہا یہ مہربانی ہے پروردگار میرے کی پس جب آویگا وعدہ پروردگار میرے کا کردیگا اسکو

دَكَّاۗءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّىْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ يَّمُوْجُ
ریزہ ریزہ اور ہے وعدہ رب میرے کا سچ ف۵ اور چھوڑ دیا ہم نے بعض انکے کو اس دن کہ موج مارتے ہیں

فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ
بیچ بعض کے اور پھونکا جاویگا بیچ صور کے پس اکٹھا کرینگے ہم ان کو اکٹھا کرنا اور روبرو لاوینگے ہم دوزخ کو

يَوْمَىِٕذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَا ﴿۱۰۰﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَاۗءٍ
اس دن واسطے کافروں کے روبرو لانا وہ لوگ کہ تھیں آنکھیں انکی بیچ پردے کے

عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ ع اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ
یاد میری سے اور نہیں تھے سن سکتے ف کیا پس گمان کیا ہے ان لوگوں نے

كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَاۗءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ
جو کافر ہوئے یہ کہ پکڑیں بندوں میرے کو سوائے میرے دوست تحقیق ہم نے تیار کیا ہے دوزخ کو

ف۱ یعنی کسی کی بولی ان سے نہ ملتی تھی اور دو آڑ دو پہاڑ تھے اس ملک میں اور یاجوج ماجوج کے ملک میں وہی اٹکاؤ تھے ان پر چڑھائی نہ تھی مگر بیچ میں کھلا تھا ایک گھاٹ اس راستے یاجوج ماجوج آتے اور لوگوں کو لوٹ مار کر چلے جاتے۔ ۱۲۔منہ

ف۲ یعنی آپس میں باچھ ڈال کر کچھ مال جمع کردیں اس کو دیکھا بادشاہ صاحب فوج و اسباب صاحب حکم جانا کہ اس سے یہ کام ہو سکے گا۔ یاجوج ماجوج عرب کی زبان میں نام ہے ایک قوم کا دو دادوں کی اولاد ہیں ایک یاجوج ایک ماجوج نہیں معلوم کہ اس ملک میں ان کا کیا نام تھا ترکوں کے ملک سے لگتے تھے اور قوم میں ترکوں کے بھائی تھے۔ ۱۲۔منہ

ف۳ یعنی مال میرے پاس بہت ہے مگر ہاتھ پاؤں سے ہمارے ساتھ تم بھی محنت کرو۔ ۱۲۔منہ

ف۴ اوّل لوہے کے بڑے بڑے تختے بنائے ایک پر ایک ایک دھرا گیا کہ دو پہاڑوں کے برابر ملا دیا۔ پھر تانبا پگھلا کر اس کے اوپر سے ڈالا وہ درزوں میں بیٹھ کر جم گیا سب مل کر ایک پہاڑ سا ہوگیا۔ ہمارے پیغمبر پاس ایک شخص نے کہا میں سد تک گیا ہوں اور اس کو دیکھا ہے فرمایا اس کی طرح بیان کر اس نے کہا جیسے چارخانہ لنگی، فرمایا تو سچا ہے وہ لوہے کے تختے سیاہ لگتے ہیں اور درزوں میں لکیر تانبے کی سرخ۔ ۱۲۔منہ

ع ۱۱ ۱۹ ۲

(باقی صفحہ ۳۶۴ پر)

لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِيْنَ
واسطے کافروں کے مہمانی کہہ کیا خبر دیویں ہم تم کو ساتھ بہت ٹوٹا پانیوالوں کے عمل میں وہ لوگ کہ

ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ
کھوئی گئی سعی اُن کی بیچ زندگانی دنیا کے اور وہ گمان کرتے ہیں یہ کہ وہ اچھا کرتے ہیں

صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
کام ف یہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا ہے ساتھ نشانیوں پروردگار اپنے کے اور ملاقات اسکی کے پس کھوئے گئے عمل انکے

فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا
پس نہ قائم کرینگے ہم واسطے انکے دن قیامت کے تول ف یہ ہے بدلا ان کا دوزخ بسبب اسکے کہ کفر کیا انہوں نے

وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اور پکڑا نشانیوں میری کو اور پیغمبروں میرے کو ٹھٹھا تحقیق وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا
ہیں واسطے اُن کے بہشتیں فردوس کی مہمانیاں ہمیشہ رہیں گے بیچ انکے نہیں چاہیں گے اس سے

حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ
جگہ بدلنا کہہ اگر ہووے دریا سیاہی واسطے باتوں پروردگار میرے کے البتہ تمام ہوجاوے دریا پہلے اس سے

اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ
کہ تمام ہوں باتیں رب میرے کی اور اگرچہ لاویں ہم برابر اس کے مدد کہہ سوائے اسکے نہیں کہ میں آدمی ہوں

مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ
مانند تمہاری وحی کی جاتی ہے طرف میری یہ کہ معبود تمہارا معبود ایک ہے پس جو کوئی ہے امید رکھتا ملاقات

رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع
رب اپنے کی پس چاہیے کہ عمل کرے عمل اچھے اور نہ شریک لاوے ساتھ عبادت پروردگار اپنے کے کسی کو

## سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۹۸ رکوعاتها ۶

سورۃ مریم مکہ میں نازل ہوئی اس شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے میں اٹھانوے آیتیں اور چھ رکوع ہیں

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿۱﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿۲﴾ اِذْ
یاد کرنا ہے رحمت پروردگار تیرے کا بندے اپنے زکریا کو جس وقت کہ

نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿۳﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ
پکارا اس نے پروردگار اپنے کو پکارنا آہستہ ف کہا اے پروردگار میرے تحقیق میں سست ہوگئی ہیں ہڈیاں میری

ف۱ یعنی جو دوڑ کی سو واسطے دنیا کے اور آخرت ویران رکھی۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ وہ آخرت کو مانتے تھے تو اس کے واسطے کچھ کام نہ کیا۔ پھر ایک پلہ کیا تولے۔ ۱۲۔ منہ

ف۳ یعنی دل میں دعا کی یا پکارا ہو اکیلے مکان میں چھپے پکارا اس واسطے کہ بوڑھی عمر میں بیٹا مانگتے تھے اگر نہ ملے تو لوگ ہنسیں۔ ۱۲۔ منہ

(حاشیہ ص ۳۶۳ سے آگے)

ف۵ ان میں ایسا بادشاہ صاحب عزم و صاحب حکم اس کام پر لگا نہیں اور تھوڑے لوگوں سے ہو نہیں سکتا۔ ۱۲۔ منہ

ف۶ حضرت کے وقت میں روپے برابر سوراخ اس میں پڑ گیا اور حضرت عیسےٰ کے وقت ان کا نکلنا وعدہ ہے سب دنیا کو لڑائی سے عاجز کرینگے آسمان پر تیر چلاویں گے وہ لہو بھرے آویں گے آخر حضرت عیسےٰ کی بددعا سے یکبار سارے مر رہیں گے ذوالقرنین ایسی محکم دیوار پر بھی منتظر تھا کہ آخر یہ بھی فنا ہوگی نہ جیسے وہ باغ والا اپنے باغ پر مغرور۔ ۱۲۔ منہ

ع ۱۲ / ۹ / ۳

ف۷ یہ قیامت کے دن ہوگا جو رب کا وعدہ ہے۔ ۱۲۔ منہ

ف۸ یعنی اپنی عقل کی آنکھ نہ تھی کہ قدرتیں دیکھ کر یقین لاویں اور کسی کی بات نہ سنتے ضد سے کہ سمجھائے سمجھیں۔ ۱۲۔ منہ

وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا وَلَمْ أَكُن بِدُعَائِكَ رَبِّ
اور شعلہ مارا سر نے بڑھاپے کا اور نہ تھا میں بیچ پکارنے تیرے کے اے رب میرے

شَقِيًّا ﴿٤﴾ وَإِنِّي خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِن وَرَائِي وَكَانَتِ
بدنصیب ف اور تحقیق میں ڈرتا ہوں وارثوں اپنے سے پیچھے میرے اور ہے

امْرَأَتِي عَاقِرًا فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا ﴿٥﴾ يَرِثُنِي
عورت میری بانجھ پس بخش تو واسطے میرے اپنے پاس سے ولی ف کہ وارث ہو میرا

وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ﴿٦﴾ يَا زَكَرِيَّا
اور وارث ہو اولاد یعقوب کا اور کر دے اس کو اے رب میرے پسندیدہ ف اے زکریا

إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَىٰ لَمْ نَجْعَل لَّهُ مِن قَبْلُ
تحقیق ہم خوشخبری دیتے ہیں تجھ کو ساتھ ایک لڑکے کے کہ نام اسکا یحیٰی ہے نہیں کیا ہم نے واسطے اس کے پہلے اس

سَمِيًّا ﴿٧﴾ قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَكَانَتِ امْرَأَتِي عَاقِرًا
سے ہم نام کہا اے رب میرے کیونکر ہوگا واسطے میرے فرزند اور ہے عورت میری بانجھ

وَقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ﴿٨﴾ قَالَ كَذَٰلِكَ قَالَ رَبُّكَ
اور تحقیق پہنچا ہوں میں بڑھاپے سے بے حد کو ف کہا اسی طرح کہا پروردگار تیرے نے

هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِن قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ﴿٩﴾
وہ اوپر میرے آسان ہے اور تحقیق پیدا کیا میں نے تجھ کو پہلے اس سے کہ نہ تھا تو کچھ ف

قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّي آيَةً قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ
کہا اے پروردگار میرے کر واسطے میرے نشانی کہا نشانی تیری یہ ہے کہ نہ بولے تو لوگوں سے

ثَلَاثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ﴿١٠﴾ فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِ مِنَ الْمِحْرَابِ
تین رات تندرست پس نکلا اوپر قوم اپنی کے محراب سے

فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ أَن سَبِّحُوا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ﴿١١﴾ يَا يَحْيَىٰ خُذِ
پس اشارت کی طرف ان کی یہ کہ تسبیح کرو صبح کو اور شام کو ف اے یحیٰی پکڑ

الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ وَآتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ﴿١٢﴾ وَحَنَانًا مِّن
کتاب کو ساتھ قوت کے اور دیا ہم نے اس کو حکم لڑکا پن سے ف اور دی مہربانی اپنی

لَّدُنَّا وَزَكَاةً وَكَانَ تَقِيًّا ﴿١٣﴾ وَبَرًّا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُن
طرف سے اور پاکیزگی اور تھا پرہیزگار ف اور خوش سلوک ساتھ ماں باپ اپنے کے اور نہ تھا

ف ٹھیک بڑھاپے کی یعنی بال سفید۔ ١٢۔منہ رح

ف بھائی بند راہ نیک نہ پکڑیں بے ڈر ہوگا۔ ١٢۔منہ رح

ف اللہ نے ان کو قائم مقام ان کا اور اگلے پیغمبروں کا دیا لیکن روبرو ہی قائم مقام ان کے پیچھے نہیں رہا۔ ١٢۔منہ رح

ف انوکھی چیز مانگتے تعجب نہیں آیا جب سنا کہ ہوگا تب تعجب کیا۔ ١٢۔منہ رح

ف یہ فرشتے نے کہا۔ ١٢۔منہ رح

ف منہ سے نہ بول سکے نشان ہوا کہ وہ وقت آیا ١٢۔منہ رح

ف یعنی علم کتاب لوگوں کو سکھانے لگا اپنے باپ کی جگہ زور سے یعنی باپ ضعیف تھے اور یہ جوان۔ ١٢۔منہ رح

ف ایک لڑکے نے ان کو بلایا کھیلنے کو کہا ہم اس واسطے نہیں بنے۔ ١٢۔منہ رح

(بقیہ ص ٣٦٢ سے آگے) دستور نہ ہوگا۔ ١٢۔منہ رح

ف تاریخ والے شاید اس جگہ کچھ اور کہتے ہونگے اور فی الحقیقت اتنا ہے جو فرمادیا۔ ١٢۔منہ رح

ع ۱۵

جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿١٤﴾ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ
سرکش نافرمان ف۱ اور سلام ہے اوپر اس کے جسدن پیدا ہوا اور جس دن مُوا
وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ﴿١٥﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ
اور جسدن اُٹھے گا زندہ ہوکر ف۲ اور یاد کر بیچ کتاب کے مریم کو جب
انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿١٦﴾ فَاتَّخَذَتْ مِنْ
جا پڑی لوگوں اپنے سے مکان شرقی میں ف۳ پس پکڑا
دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا
ورے اُن سے پردہ پس بھیجا ہم نے طرف اس کی روح اپنی کو پس صورت پکڑی واسطے اُسکے آدمی
سَوِيًّا ﴿١٧﴾ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾
تندرست کی ف۴ کہنے لگی تحقیق مَیں پناہ پکڑتی ہوں ساتھ رحمٰن کے تجھ سے اگر ہے تو پرہیزگار
قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾
کہنے لگا سوائے اسکے نہیں کہ مَیں بھیجا ہوا ہوں پروردگار تیرے کا تو کہ بخش جاؤں تجھ کو لڑکا پاکیزہ
قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ
کہا کیونکر ہوگا واسطے میرے لڑکا اور نہیں ہاتھ لگایا مجھ کو کسی آدمی نے اور نہیں مَیں
بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ
بدکار کہا اسی طرح سے کہا پروردگار تیرے نے وہ اُوپر میرے آسان ہے اور تو کہ کریں ہم اسکو
اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتْهُ
نشانی واسطے لوگوں کے اور مہربانی اپنی طرف سے اور ہے کام مقرر کیا ہوا ف۵ پس حاملہ ہوگئی ساتھ اسکے
فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى
پس جا پڑی ساتھ اس کے مکان دُور میں یعنی جنگل میں ف۶ پس لے آیا اس کو درد زہ طرف
جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ
تنے درخت خرما کے کہا اے کاش کہ مَیں مرگئی ہوتی پہلے اس سے اور ہوتی مَیں
نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿٢٣﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ
بھُولی بھُلائی پس پکارا اس کو نیچے اس کے سے یہ کہ مت غم کھا تحقیق کردیا ہے
رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ
پروردگار تیرے نے نیچے تیرے چشمہ ف۷ اور ہلا طرف اپنی تنے کھجور کے کو

ف۱ یعنی آرزو کے لڑکے ایسے ہوتے ہیں وہ نہ تھا ۱۲۔منہ رح

ف۲ اللہ جو بندے پر سلام کہے اس کے معنی یہ کہ اس پر کچھ پکڑ نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی غسل حیض کرنے کو یہی پہلا حیض تھا، تیرہ برس کی عمر تھی یا پندرہ برس کی، کنارے ہوئیں شرم سے وہ مکان مشرق کو تھا، اب نصارٰی قبلہ کرتے ہیں شرق کو۔ ۱۲منہ رح

ف۴ یعنی جوان خوش صورت۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ نشانی لوگوں کو یعنی بن باپ کا، لڑکا پیدا ہوگا اللہ کی قدرت ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۶ یعنی جننے کے وقت ۱۲۔منہ رح

ف۷ آواز دی فرشتے نے اور زمین میں ایک چشمہ پھوٹ نکلا۔ ۱۲۔منہ رح

تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝٢٥ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ
ڈالے گا اوپر تیرے کھجور تازہ پس کھا اور پی اور ٹھنڈی رکھ

عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ
آنکھوں کو پس اگر دیکھے تو آدمیوں میں سے کسی کو پس کہہ تحقیق میں نے نذر کیا ہے

لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ۝٢٦ فَاَتَتْ بِهٖ
واسطے باری تعالیٰ کے روزہ پس ہرگز نہ بولوں گی میں آج کے دن کسی آدمی سے ف۱ پس آئی ساتھ اس کے

قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا ۝٢٧ يٰٓاُخْتَ
قوم اپنی میں گود میں لیے ہوئے اس کو کہنے لگے اے مریم تحقیق لائی تو ایک چیز عجب اے بہن

هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ۝٢٨
ہارون کی نہ تھا باپ تیرا آدمی برائی کا اور نہ تھی ماں تیری بدکار ف۲

فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ۭ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ۝٢٩
پس اشارت کی طرف اس کی کہا انہوں نے کیونکر کلام کریں ہم اس شخص سے کہ ہے بیچ گود کے لڑکا

قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۣ اٰتٰىنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۝٣٠ وَّجَعَلَنِيْ
کہا تحقیق میں بندہ اللہ کا ہوں دی ہے مجھ کو کتاب اور کیا ہے مجھ کو نبی اور کیا ہے

مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۠ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ
مجھ کو برکت والا جہاں ہوں میں اور حکم کیا ہے مجھ کو ساتھ نماز کے اور زکوٰۃ کے جب تک رہوں میں

حَيًّا ۝٣١ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَتِيْ ۡ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا شَقِيًّا ۝٣٢ وَالسَّلٰمُ
جیتا اور خوش سلوک ساتھ ماں اپنی کے اور نہیں کیا مجھ کو سرکش بدبخت اور سلامتی ہو

عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ۝٣٣ ذٰلِكَ
اوپر میرے جسدن پیدا ہوا میں اور جسدن مروں گا میں اور جسدن اٹھوں گا میں زندہ ہوکر یہ ہے

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝٣٤ مَا كَانَ
عیسیٰ بیٹا مریم کا بات حق کی وہ جو بیچ اسکے شک کرتے ہیں نہیں لائق

لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا
واسطے اللہ کے یہ کہ پکڑے اولاد پاکی ہے اس کو جب مقرر کرتا ہے کچھ کام پس سوائے اسکے نہیں

يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝٣٥ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ
کہ کہتا ہے اس کو ہو پس ہو جاتا ہے اور تحقیق اللہ پروردگار میرا ہے اور پروردگار تمہارا پس عبادت کرو اسکو

ف۱ ان کے دین میں یہ منت درست تھی کہ نہ بولنے کا بھی روزہ رکھنے ہمارے دین میں یہ منت درست نہیں۔ ١٢-منہ رح

ف۲ بہن ہارون کی یعنی نبی ہارون کی بہن واسطے کا نام بولتے ہیں قوم کو جیسی عاد و ثمود یعنی اولاد حضرت ہارون میں ١٢-منہ رح

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۳۶﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ
یہ ہے راہ سیدھی پس اختلاف کیا فرقوں نے درمیان اپنے

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۳۷﴾ اَسْمِعْ بِهِمْ
پس وائے ہے واسطے ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے حاضر ہوئے دن بڑے کے سے کیا خوب سنتے ہونگے

وَاَبْصِرْ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾
اور کیا خوب دیکھتے ہونگے جسدن آویں گے ہمارے پاس لیکن ظالم آج کے دن بیچ گمراہی ظاہر کے ہیں

وقف لازم

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ
اور ڈرا ان کو دن پچھتانے کے سے جس وقت مقرر کیا جاویگا کام اور وہ بیچ غفلت کے ہیں اور وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا
نہیں ایمان لانے والے ف تحقیق ہم وارث ہونگے زمین کے اور اس کسی کے کہ اوپر اس کے ہے اور طرف ہماری

يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۵ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا
پھیرے جاویں گے اور یاد کر بیچ کتاب کے ابراہیم کو تحقیق وہ تھا سچا

ع ۲ ۲۵ ۵

نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ
نبی جس وقت کہا اس نے واسطے باپ اپنے کے اے باپ میرے کیوں عبادت کرتا ہے اس چیز کو کہ نہ سنے اور نہ دیکھے

وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا
اور نہ کفایت کرے تجھ سے کچھ اے باپ میرے تحقیق میں تحقیق آیا ہے میرے پاس علم سے جو کچھ

لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْٓ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾ يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ
کہ نہیں آیا تیرے پاس پس پیروی کر میری دکھاؤں گا میں تجھ کو راہ سیدھی اے باپ میرے مت عبادت کر

الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْٓ
شیطان کی تحقیق شیطان ہے واسطے اللہ کے نافرمان اے باپ میرے تحقیق میں

اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ
ڈرتا ہوں یہ کہ لگ جاوے تجھ کو عذاب اللہ کی طرف سے پس ہو جاوے تو شیطان کا

وَلِيًّا ﴿۴۵﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ
دوست ف کہا کیا اعراض کرتا ہے تو معبودوں میرے سے اے ابراہیم البتہ اگر باز نہ آوے گا تو

لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ
البتہ سنگسار کرونگا میں تجھ کو اور چھوڑ جا مجھ کو مدت تک کہا سلام ہے اوپر تیرے البتہ بخشش مانگوں گا میں واسطے تیرے

ف جبتک حشر کا دن ہے دوزخ سے مسلمان نکل نکل بہشت میں جاوینگے تب تک کافر بھی توقع میں ہونگے پھر موت کی مینڈھے کی صورت میں لاکر دوزخ بہشت کے بیچ سب کو دکھا کر ذبح کرینگے اور پکاریں گے کہ بہشتی بہشت میں اور دوزخی دوزخ میں رہ پڑے ہمیشہ کو وہ دن ہے کہ کافر ناامید ہونگے۔ ۱۲۔ منہ

ف یعنی کفر کرے وہاں سے کچھ آفت آوے اور تو مدد مانگنے لگے شیطان سے یعنی بتوں سے اکثر لوگ ایسے ہی وقت شرک کرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ

رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

رب اپنے سے تحقیق وہ ہے ساتھ میرے مہربان ف۱ اور چھوڑ دوں گا میں تم کو اور اس چیز کو کہ پکارتے ہو تم سوائے

اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ڮ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿۴۸﴾

اللہ کے اور پکاروں گا میں رب اپنے کو شتاب کہ نہ ہوں میں ساتھ پکارنے رب اپنے کے بے نصیب

فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗٓ

پس جب چھوڑ دیا ان کو اور اس چیز کو کہ عبادت کرتے تھے وہ سوائے خدا کے دیا ہم نے اس کو

اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا

اسحٰق اور یعقوب اور ہر ایک کو کیا ہم نے نبی ف۲ اور دی ہم نے ان کو رحمت اپنی سے

وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿۵۰﴾ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ز

اور کی ہم نے واسطے ان کے زبان راستی کی بلند ف۳ اور یاد کر بیچ کتاب کے موسےٰ کو

اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ

تحقیق وہ تھا خالص کیا گیا اور تھا پیغمبر نبی ف۴ اور پکارا ہم نے اس کو کنارے

الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿۵۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ

طور کے سے جو بہت برکت والا تھا اور نزدیک کیا ہم نے اسکو باتیں کرتے ہوئے ف۵ اور دیا ہم نے اس کو مہربانی اپنی سے

اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿۵۳﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ

بھائی اس کا ہارون پیغمبر ف۶ اور یاد کر بیچ کتاب کے اسمٰعیل کو تحقیق وہ تھا

صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۴﴾ ج وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ

سچا وعدے کا اور تھا پیغمبر نبی ف۷ اور تھا حکم کرتا اہل اپنے کو

بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿۵۵﴾ وَاذْكُرْ فِي

ساتھ نماز کے اور زکوٰۃ کے اور تھا نزدیک پروردگار اپنے کے پسندیدہ اور یاد کر بیچ

الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾ ق وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا

کتاب کے ادریس کو تحقیق وہ تھا سچا نبی اور چڑھا لیا ہم نے اس کو مکان

عَلِيًّا ﴿۵۷﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ

بلند میں ف۸ یہ لوگ ہیں وہ کہ انعام کیا اللہ نے اوپر ان کے پیغمبروں سے

ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۤ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۡ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ

اولاد آدم کی سے اور ان لوگوں سے کہ چڑھا لیا ہم نے ساتھ نوح کے اور اولاد ابراہیم کی



ف۱ تیری سلامتی رہے یہ رخصت کا سلام ہے معلوم ہوا اگر دین کی بات سے ماں باپ ناخوش ہوں اور گھر سے نکالنے لگیں اور بیٹا بات میٹھی کہہ کر نکل جاوے وہ بیٹا عاق نہیں اور گناہ بخشوانے کو انہوں نے وعدہ کیا تھا جب اللہ کی مرضی نہ دیکھی تب موقوف کیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی اللہ کی راہ میں ہجرت کی، اپنوں سے دور پڑے اللہ نے ان سے بہتر اپنے دیئے اسحٰق کو یہاں اسمٰعیلؑ کا نام نہ فرمایا کہ وہ ان کے پاس نہیں رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۳ ۱۰ ۶

ف۳ یعنی ہمیشہ لوگ ان کی تعریف کرتے رہیں اور ان پر رحمت بھیجتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ جس کو اللہ سے وحی آئی وہ نبی ان میں جو خالص ہیں امت رکھتے ہیں یا کتاب وہ رسول ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ ان سے کلام ہوا بیچ میں فرشتہ نہ تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یعنی انکے ساتھ مددگار ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۷ ایک شخص سے وعدہ کیا تھا کہ جب تک تو آوے میں اسی جگہ رہوں گا، وہ ایک برس نہ آیا وہاں ہی رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۸ لکھا ہے کہ حضرت ادریس پہلے تھے حضرت نوح علیہ السلام سے حساب ستاروں کی چال کا اور سینا کہتے ہیں ان سے سیکھا خلق نے ملک الموت ان سے آشنا تھا ایک بار آزمانے کو اپنی جان بدن سے نکلوائی اور پھر ڈال دی

(باقی صفحہ ۳۷۰ پر)

وَاِسْرَآءِيْلَ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ

اور اسرائیل کی سے اور ان لوگوں سے کہ ہدایت کی ہم نے اور کھینچ لیا ہم نے انکو اپنی طرف جب پڑھی جاتی ہیں اوپر انکے

اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ﴿۵۸﴾ السجدة فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ

نشانیاں رحمٰن کی گر پڑتے ہیں سجدہ کرتے ہوئے اور روتے ہوئے پس جانشین ہوئے پیچھے ان کے بُرے لوگ

اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿۵۹﴾

کہ ضائع کیا انہوں نے نماز کو اور پیروی کی خواہشوں کی پس ملاقات کریں گے غی کی

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل کیا اچھا پس یہ لوگ داخل ہوں گے بہشت میں

وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْئًا ﴿۶۰﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ

اور نہ ظلم کیے جاویں گے کچھ بہشتیں ہمیش رہنے کی وہ جو وعدہ کیا ہے رحمٰن نے بندوں اپنے سے

بِالْغَيْبِ ۗ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿۶۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۗ

ساتھ غیب کے تحقیق ہے وعدہ اس کا لایا ہوا نہیں سنیں گے بیچ اس کے بےہودہ مگر سلام

وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۶۲﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ

اور واسطے انکے ہے رزق انکا بیچ اس کے صبح اور شام ف۱ یہ وہ بہشت ہے کہ وارث کرتے ہیں

مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿۶۳﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا

ہم اسکا بندوں اپنے میں سے اس شخص کو کہ ہے پرہیزگار ف۲ اور نہیں اترتے ہم مگر ساتھ حکم رب تیرے کے ف۳ واسطے اسکے ہے جو

بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿۶۴﴾ ۚ

آگے ہمارے ہے اور جو کچھ پیچھے ہمارے ہے اور جو کچھ درمیان اس کے ہے اور نہیں ہے پروردگار تیرا بھولنے والا ف۳

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۗ

پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا اور اس چیز کا کہ درمیان انکے ہے پس عبادت کر اسی کو اور صبر کر واسطے عبادت اسکی کے

هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿۶۵﴾ ع وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ

کیا جانتا ہے تو واسطے اسکے ہم نام ف۴ اور کہتا ہے آدمی کیا جب مر جاؤں گا میں البتہ

اُخْرَجُ حَيًّا ﴿۶۶﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ

نکالا جاؤں گا میں زندہ کیا نہیں یاد کرتا انسان یہ کہ ہم نے پیدا کیا تھا اس کو پہلے اس سے اور نہ

يَكُ شَيْئًا ﴿۶۷﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ

تھا کچھ پس قسم ہے رب تیرے کی البتہ اکٹھا کرینگے ہم انکو ساتھ شیطانوں کے پھر البتہ حاضر کرینگے ہم ان کو

---

السجدة ۵

ف۱ بک بک نہ سنیں گے اور سلام علیک کی آواز بلند سنیں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ میراث آدم کی کہ اول ان کو بہشت ملی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ایک بار جبرئیل کئی روز نہ آئے جب آئے حضرت نے کہا تم ہر روز کیوں نہیں آتے اللہ تعالٰی نے یہ کلام سکھایا جبرئیل کو کہ جواب یوں کہو کلام ہے اللہ کا جبرئیل کی طرف سے جیسا ایاک نعبد و ایاک نستعین ہم کو سکھایا۔ ہمارے آگے پیچھے کہا آسمان اور زمین کو اترتے ہوئے زمین آگے آسمان پیچھے چڑھتے ہوئے وہ پیچھے یہ آگے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ اللہ کے نام سب اس کی صفت ہیں یعنی کوئی ہے اس صفت کا۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صفحہ ۳۶۹ سے آگے)
اور بہشت کی سیر مانگی، پھر وہاں رہ گئے اللہ کے حکم سے حضرت سے ملے تھے معراج کی رات آسمان پر اور بعضے کہتے ہیں حضرت الیاس کا لقب ہے ادریس یہ بنی اسرائیل میں پیغمبر ہوئے تھے خضر کی طرح یہ بھی زندہ رہ گئے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۴ / ۵ / ۷

حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ

گرد دوزخ کے زانو پر گرے ہوئے ف۱ پھر البتہ کھینچ لیویں گے ہم ہر جماعت سے جو نسا اُن میں سے

عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلٰى

اشد ہے اوپر باری تعالےٰ کے سرکشی میں پھر البتہ ہم خوب جانتے ہیں ان لوگوں کو کہ وہ بہت لائق ہیں

بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا

ساتھ اسکے داخل ہونے میں اور نہیں کوئی تم میں سے مگر گذرنے والا ہے اوپر اسکے ہے اُوپر پروردگار تیرے کے لازم

مَقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا وَنَذَرُ الظّٰلِمِينَ فِيهَا

ادا کیا گیا پھر نجات دیں گے ہم ان کو جو پرہیزگاری کرتے ہیں اور چھوڑ دیں گے ہم ظالموں کو بیچ اس کے

جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا

گرے ہوئے ف۲ اور جب پڑھی جاتی ہیں اُوپر ان کے نشانیاں ہماری ظاہر کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے

لِلَّذِينَ اٰمَنُوا أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَقَامًا وَأَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾

واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں کونسا دو فرقوں میں بہتر ہے جگہ میں اور بہتر ہے مجلس میں ف۳

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِءْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ

اور کتنے ہلاک کیے ہیں ہم نے پہلے اُن سے قرن وہ بہتر تھے اسباب میں اور نمود میں کہہ

مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا حَتّٰى إِذَا رَأَوْا

جو شخص کہ ہے بیچ گمراہی کے پس چاہیے کہ کھینچ لے جاوے اس کو رحمٰن خوب کھینچنا ف۴ یہاں تک کہ جب دیکھیں جو

مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ

وعدہ دیئے جاتے ہیں یا عذاب کا اور یا قیامت کا پس البتہ جانیں گے

هُوَ شَرٌّ مَكَانًا وَأَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيدُ اللّٰهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا

کونسا بدتر ہے مکان میں اور بودا ہے لشکر میں ف۵ اور زیادہ دیتا ہے اللہ ان لوگوں کو کہ راہ پائی ہے

هُدًى وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَخَيْرٌ

راہ پانا اور باقی رہنے والیاں نیکیاں بہتر ہیں نزدیک پروردگار تیرے کے ثواب میں اور بہتر ہیں

مَرَدًّا ﴿٧٦﴾ أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا

پھر آنے میں ف۶ آیا پس دیکھا تو نے اس شخص کو کہ کافر ہوا ساتھ نشانیوں ہماری کے اور کہا البتہ دیا جاؤں گا میں مال

وَوَلَدًا ﴿٧٧﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا

اور اولاد ف۷ کیا جھانک آیا ہے غیب کو یا لیا ہے نزدیک اللہ کے سے عہد ہرگز نہیں یہ

ف۱ مارے دہشت کے کھڑے سے گر پڑیں گے اور چین سے بیٹھ نہ سکیں گے یعنی ہوا گھٹنوں پر گرنا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ بہشت کو راہ نہیں مگر دوزخ کے منہ میں تنور کی شکل دوزخ ہے منہ اس کا دنیا سے بڑا کنارے سے کنارے تک راہ پڑی ہے بال برابر تیز جیسے تلوار اور کانپتے ایمان والے اس پر سے سلامت گذر جاوینگے اور گنہگار گر پڑیں گے پھر موافق عمل کئی روز کے نکلیں گے اور شفاعت سے اور ارحم الراحمین کی مہر سے آخر جس نے کلمہ کہا ہے سچے دل سے سب نکلیں گے اور کافر رہ جاویں گے پھر اس کا منہ بند ہوگا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی دنیا کی رونق میں مقابلہ دیتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی بہکاوے میں جانے دے کیونکہ دنیا جانچنے کی جگہ ہے بھلا برا پاویں گے آخرت میں یہاں نیک و بد بھلائی برائی میں شامل ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ فوج یعنی مددگار کافر اپنا مددگار سمجھتے ہیں بتوں کو اور ایمان والے اللہ کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ یعنی دنیا کی رونق رب کے ہاں کام کی نہیں نیکیاں رہیں گی اور دنیا نہ رہے گی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۷ ایک کافر مالدار ایک لوہار مسلمان کو کہنے لگا تو مسلمانی سے منکر ہو تو تیری مزدوری دوں اس نے کہا اگر تو مرے اور پھر جیوے تو بھی میں منکر نہ ہوں (باقی صـ۳۷۲ پر)

سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَنَرِثُهُ مَا
البتہ لکھیں گے ہم جو کہتا ہے وہ اور لمبا کریں گے ہم اس کو عذاب سے لمبا کرنا اور وارث رہینگے ہم اسکی چیز

يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِيَكُونُوا
کہ کہتا ہے اور آویگا ہمارے پاس اکیلا اور پکڑتے ہیں وہ سوائے اللہ کے معبود تو کہ ہوویں

لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ ع ۵ / ۱۷ / ۸
واسطے انکے عزت ہرگز نہیں یہ البتہ کفر کرینگے ساتھ عبادت انکی کے اور ہووینگے وہ بت اوپر ان کے مخالف

أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا
کیا نہیں دیکھا تونے یہ کہ بھیجا ہم نے شیطانوں کو اوپر کافروں کے بہکاتے ہیں انکو بہکا کر پس مت

تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى
جلدی کر اوپر اُن کے سوائے اس کے نہیں کہ گنتے جاتے ہیں ہم واسطے انکے گنتے جانا اُس دن کہ جمع کرینگے ہم پرہیزگاروں کو طرف

الرَّحْمَٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا
رحمٰن کی مہمان اور ہانکیں گے ہم گنہگاروں کو طرف دوزخ کی پیاسے نہیں

يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾
اختیار پاویں گے شفاعت کا مگر جس نے کہ لیا ہوگا نزدیک اللہ کے عہد ف۲

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ
اور کہا انہوں نے پکڑی ہے اللہ نے اولاد البتہ تحقیق لائے تم ایک چیز بھاری ف۳ نزدیک ہیں

السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ
آسمان کہ پھٹ جاویں اس سے اور پھٹ جاوے زمین اور گر پڑے پہاڑ

هَدًّا ﴿٩٠﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمَٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمَٰنِ أَنْ
کانپ کر اس سے کہ دعویٰ کیا انہوں نے واسطے اللہ کے اولاد کا اور نہیں لائق واسطے رحمٰن کے یہ کہ

يَتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي
پکڑے اولاد نہیں کوئی شخص کہ بیچ آسمانوں اور زمین کے ہے مگر آتا ہے

الرَّحْمَٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ
رحمٰن کے پاس بندہ ہوکر البتہ تحقیق گھیر لیا ہے ان کو اور گن لیا ہے ان کو گن لینے کر اور سب وہ

آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ
آنیوالے ہیں دن قیامت کے اکیلے ہوکر تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے

ف۱ جو بتاتا ہے یعنی مال اور اولاد اس کافر کے دونو بیٹے مسلمان ہوئے ۱۲- منہ رح

ف۲ یعنی جس کو اللہ نے وعدہ دیا وہی سفارش کرے گا۔ ۱۲- منہ رح

ف۳ یعنی بھاری گناہ۔ ۱۲- منہ رح

(بقیہ صہ ۳۷۱ سے آگے) اس نے کہا۔ اگر پھر جیوں گا تو بھی مال اور اولاد وہاں بھی ہوگا۔ تجھ کو مزدوری وہاں دے دوں گا اسی پر یہ فرمایا یعنی وہاں دولت ملتی ہے ایمان سے کافر چاہے کہ یہاں کی دولت وہاں ملے سو نہیں۔ ۱۲- منہ رح

سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ

البتہ کرے گا واسطے ان کے رحمٰن محبت ف۱ پس سوا اس کے نہیں کہ آسان کیا ہے ہم نے اس قرآن کو ساتھ زبان تیری

بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

کے تو کہ بشارت دے ساتھ اسکے پرہیزگاروں کو اور ڈرا دے ساتھ اسکے قوم جھگڑنے والوں کو اور بہت ہلاک کیے ہم نے پہلے اس سے

مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾ ع

قرن کیا دیکھتا ہے تو اُن میں سے کسی کو یا سنتا ہے واسطے ان کے کھٹکا

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتہا ۱۳۵ رکوعاتہا ۸

سورۂ طٰہٰ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے — ایک سو پینتیس آیتیں اور آٹھ رکوع ہیں

طٰهٰ ﴿۱﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿۲﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ

نہیں اتارا ہم نے اوپر تیرے قرآن تو کہ رنج کھینچے مگر نصیحت واسطے اس شخص کے

يَّخْشٰى ﴿۳﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿۴﴾

کہ ڈرتا ہے اتارنے کر اس کی طرف سے کہ جس نے پیدا کیا زمین کو اور آسمانوں بلند کو

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿۵﴾ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى

وہ رحمٰن ہے اوپر عرش کے قرار پکڑا اس نے واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ

الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿۶﴾ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ

زمین کے ہے اور جو کچھ درمیان ان دونو کے ہے اور جو کچھ نیچے گیلی مٹی کے ہے اور اگر پکار کر کہے تو بات

فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿۷﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ

پس تحقیق وہ جانتا ہے چھپے بھید کو اور بہت چھپے کو ف۲ اللہ ہے کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ واسطے اسی کے ہیں نام

الْحُسْنٰى ﴿۸﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿۹﴾ م اِذْ رَاٰ نَارًا

اچھے ف۳ اور کیا آئی ہے تیرے پاس بات موسیٰ کی جس وقت دیکھی اس نے آگ

فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّىْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا

پس کہا واسطے اہل اپنے کے رہ جاؤ تحقیق میں نے دیکھی ہے آگ شاید کہ لے آؤں میں تمہارے پاس

بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿۱۰﴾ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِىَ يٰمُوْسٰى ﴿۱۱﴾ ؕ

اس میں سے انگارا یا پاؤں اوپر آگ کے راہ بتانے والا ف۴ پس جب آیا اس کے پاس پکارا گیا اے موسیٰ

اِنِّىْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۲﴾ ؕ

تحقیق میں ہوں پروردگار تیرا پس اتار ڈال دونو جوتیاں اپنی تحقیق تو بیچ میدان پاک کے ہے کہ نام اس کا طویٰ ہے ف۵

---

ع ۶ / ۱۴ / ۹

ف۱ یعنی ان سے محبت کریگا یا ان کے دل میں اپنی محبت پیدا کرے گا، یا خلق کے دل میں ان کی محبت۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ چھپا جو آہستہ بولے اور اس سے چھپا جو دل میں ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ کافر جب رحمٰن سنتے تو کہتے تم ایک کو ٹھہراؤ کبھی کسی کو پکارتے ہو کبھی کسی کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یہ قصہ سورۂ قصص اور طٰہٰ اور اعراف میں سے پورا معلوم ہوگا جب حضرت موسےٰ مدین سے مصر کو آنے لگے عورت اور بکریاں ساتھ لے کر جنگل میں رات کی سردی میں راہ بھولے اور عورت کو جننے کا درد ہوا۔ دور سے آگ نظر آئی وہ آگ نہ تھی اللہ کا نور تھا ان سے کلام کیا اور نبی کر کر فرعون کی طرف بھیجا پیچھے عورت اپنے باپ کے گھر پہنچ رہی۔ ۱۲۔ منہ رح

نصف

ف۵ وہ میدان آگے سے شاید بزرگ تھا یا اب ہوگیا ان کی پاپوشیں ناپاک تھیں یہود یہ نہیں سمجھے پاک موزہ پاپوش بھی نماز میں اتارتے ہیں۔ ہمارے پیغمبر نے فرمایا۔ تم نماز پڑھو موزے سے پاپوش سے اگر پاک ہوں۔ ۱۲۔ منہ رح

وَأَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوحَىٰ ﴿١٣﴾ إِنَّنِي أَنَا اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا
اور میں نے پسند کیا تجھ کو پس سُن جو کچھ کہ وحی کی جاتی ہے تحقیق میں ہی ہوں اللہ نہیں کوئی معبود مگر

أَنَا فَاعْبُدْنِي وَأَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي ﴿١٤﴾ إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ
میں پس عبادت کر میری اور قائم رکھ نماز کو واسطے یاد میری کے تحقیق قیامت آنے والی ہے

أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَىٰ ﴿١٥﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ
نزدیک ہے کہ چھپا ڈالوں میں اسکو تو کہ بدلا دیا جاوے ہر جی ساتھ اس چیز کے کہ کرتا ہے ف۱ پس نہ بند کرے تجھ کو فکر اس

عَنْهَا مَنْ لَا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَتَرْدَىٰ ﴿١٦﴾ وَمَا تِلْكَ
کے سے وہ شخص کہ نہیں ایمان لاتا ساتھ اسکے اور پیروی کرتا ہے خواہش اپنی کی پس ہلاک ہو جاوے ف۲ اور کیا ہے بیچ داہنے

بِيَمِينِكَ يَا مُوسَىٰ ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ
ہاتھ تیرے کے اے موسٰے کہا کہ یہ ہے عصا میرا تکیہ کرتا ہوں میں اوپر اسکے اور پتے جھاڑتا ہوں

بِهَا عَلَىٰ غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرَىٰ ﴿١٨﴾ قَالَ أَلْقِهَا يَا مُوسَىٰ ﴿١٩﴾
میں ساتھ اسکے اوپر بکریوں اپنی کے اور میرے تئیں بیچ اس کے فائدے ہیں اور کہا ڈال دے اس کو اے موسٰے

فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعَىٰ ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ وقفة
پس ڈال دیا اس کو پس ناگہاں وہ سانپ تھا دوڑتا کہا پکڑ لے اس کو اور مت ڈر

سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ ﴿٢١﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَىٰ جَنَاحِكَ
ابھی پھیر دیں گے ہم اس کو طرح پہلی میں ف۳ اور ملا لے ہاتھ اپنا طرف بازو اپنے کے

تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرَىٰ ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا
نکل آوے گا سفید بغیر برائی کے نشانی اور ف۴ تو کہ دکھلاویں ہم تجھ کو نشانیاں اپنی

الْكُبْرَى ﴿٢٣﴾ اذْهَبْ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ
بڑی سے جا طرف فرعون کی تحقیق اس نے سرکشی کی ہے کہا اے رب میرے کھول دے

لِي صَدْرِي ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِي ﴿٢٧﴾
واسطے میرے سینہ میرا اور آسان کر واسطے میرے کام میرا اور کھول دے گرہ زبان میری سے

يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿٢٨﴾ وَاجْعَلْ لِي وَزِيرًا مِنْ أَهْلِي ﴿٢٩﴾ هَارُونَ
تو کہ سمجھیں بات میری ف۵ اور کر واسطے میرے وزیر اہل میرے سے ہارون

أَخِي ﴿٣٠﴾ اشْدُدْ بِهِ أَزْرِي ﴿٣١﴾ وَأَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي ﴿٣٢﴾
بھائی میرا مضبوط کر ساتھ اس کے قوت میری اور شریک کر اس کو بیچ کام میرے کے ف۶

ف۱ موسٰے علیہ السلام کو بھی پہلے وحی میں نماز کا حکم ہے اور ہمارے پیغمبر کو بھی رَبَّكَ فَكَبِّرْ اور قیامت کو چھپاتا ہوں یعنی وقت قیامت کسی کو نہیں بتاتا۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ نہ روک دے اس سے یعنی قیامت کے یقین لانے سے یا نماز سے جب اللہ نے موسٰے علیہ السلام کو بُرے کی صحبت سے منع کیا تو اور کوئی کیا ہے ۱۲-منہ رح

ف۳ یعنی پھر لاٹھی ہو جائے گی۔ ۱۲-منہ رح

ف۴ بُری طرح یعنی آزار سے سفید نہیں۔ ۱۲-منہ رح

ف۵ سینہ کشادہ کر یعنی جلد خفا نہ ہوں اور زبان لڑکا پن میں جل گئی تھی صاف نہ بول سکتے تھے۔ ۱۲-منہ رح

ع ۲۴ ۱۰

ف۶ ایسے بڑے پیغمبروں کو خلق کی طرف بہت خیال نہیں ہوتا۔ ایک پیشکار چاہیئے کہ خلق کو سمجھاوے ہمارے پیغمبر کے آگے ابوبکرؓ تھے۔ اوّل پیغمبری کے وقت بہت لوگ ان کے سمجھانے سے ایمان لائے۔ ۱۲-منہ رح

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ﴿٣٣﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيرًا ﴿٣٤﴾ إِنَّكَ كُنْتَ بِنَا
تو کہ پاکی بیان کریں ہم تیری بہت اور یاد کریں ہم تجھ کو بہت تحقیق تو ہے ہم کو

بَصِيرًا ﴿٣٥﴾ قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يٰمُوسٰى ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا
دیکھنے والا کہا کہ تحقیق دیا گیا تو سوال اپنا اے موسٰے اور البتہ تحقیق احسان

عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرٰى ﴿٣٧﴾ إِذْ أَوْحَيْنَا إِلٰى أُمِّكَ مَا يُوحٰى ﴿٣٨﴾ أَنِ
کیا تھا ہم نے اوپر تیرے ایک بار اور جس وقت کہ وحی ڈالی ہم نے طرف ماں تیری کے وہ چیز کہ وحی کی جاتی ہے ف١ یہ کہ

اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ
ڈال دے اس کو بیچ صندوق کے پس ڈال دے اس کو بیچ دریا کے پس چاہیئے کہ ڈال دے اس کو دریا

بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً
کنارے پر لے لیوے اس کو دشمن میرا اور دشمن اس کا اور ڈال دی میں نے اوپر تیرے محبت

مِّنِّي ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِي ﴿٣٩﴾ إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ فَتَقُولُ هَلْ
اپنی طرف سے اور تو کہ پرورش کیا جاوے تو اوپر آنکھوں میری کے ف٢ جس وقت کہ چلتی تھی بہن تیری پس کہتی تھی کیا

أَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهُ ۖ فَرَجَعْنٰكَ إِلٰى أُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا
دلالت کروں میں تم کو اوپر اس شخص کے کہ پالے اسکو پس پھیر لائے ہم تجھ کو طرف ماں تیری کے تو کہ ٹھنڈی ہوں آنکھیں اسکی

وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ
اور نہ غم کھاوے اور مارا تھا تو نے ایک جان کو پس نجات دی ہم نے تجھ کو غم سے اور آزمایا ہم نے تجھ کو

فُتُونًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِي أَهْلِ مَدْيَنَ ۚ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى
آزمانا ف٣ پس رہا تو کئی برس بیچ لوگوں مدین کے پھر آیا تو اوپر

قَدَرٍ يّٰمُوسٰى ﴿٤٠﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي ﴿٤١﴾ اذْهَبْ أَنْتَ وَ
اندازے کے اے موسٰے اور پسند کر لیا میں نے تجھ کو واسطے ذات اپنی کے جا تو اور

أَخُوكَ بِاٰيٰتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي ﴿٤٢﴾ اذْهَبَا إِلٰى فِرْعَوْنَ
بھائی تیرا ساتھ نشانیوں میری کے اور مت سستی کرو بیچ ذات میری کے جاؤ تم دونو طرف فرعون کے

إِنَّهُ طَغٰى ﴿٤٣﴾ فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشٰى ﴿٤٤﴾ قَالَا
تحقیق اسنے سرکشی کی پس کہو اس کو بات نرم شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے کہا دونو نے

رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَنْ يَّطْغٰى ﴿٤٥﴾ قَالَ لَا
اے رب ہمارے تحقیق ہم ڈرتے ہیں یہ کہ جلدی کرے اوپر ہمارے یا یہ کہ سرکشی کرے کہا مت

ف١ ان کی ماں کو یہ بات خواب میں کہی اس سے پیغمبر نہ ہوگئیں۔ ١٢۔ منہ رح

ف٢ فرعون اس برس بنی اسرائیل کے بیٹے مارتا تھا جب موسیٰ پیدا ہوئے ماں ڈری کہ فرعون کے پیادے خبر پاویں تو مار ہی ڈالیں اور ماں باپ کو ستاویں کہ ظاہر کیوں نہ کیا تب خواب میں یہ دیکھا صندوق نہر میں ڈال دیا وہ فرعون کے باغ میں پہنچا اس کی بی بی نے اٹھایا ان کا نام آسیہ وہ تھیں بنی اسرائیل میں کی پھر فرعون کو بھی دیکھ کر محبت آئی اپنا بیٹا کر کر پالا۔ ١٢۔ منہ رح

ف٣ یہ سارا قصہ سورۂ قصص میں ہے۔ ١٢۔ منہ رح

تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿۴۶﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا
ڈرو تحقیق میں ہوں ساتھ تمہارے سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں پس جاؤ اس کے پاس پس کہو تحقیق ہم دونو بھیجے ہوئے ہیں

رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ
رب تیرے کے پس بھیج ساتھ ہمارے بنی اسرائیل کو اور مت عذاب کر اُن کو تحقیق ہم لائے ہیں تیرے

بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾ اِنَّا قَدْ
پاس نشانی رب تیرے سے اور سلامتی اوپر اس شخص کے ہے کہ پیروی کرے ہدایت کی تحقیق

اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰي مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۴۸﴾ قَالَ فَمَنْ
وحی کی گئی طرف ہماری یہ کہ عذاب اُوپر اس شخص کے ہے کہ جھٹلاوے اور منہ پھیرے کہا فرعون نے پس کون ہے

رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿۴۹﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰي كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ
پروردگار تمہارا اے موسےٰ کہا موسےٰ نے رب ہمارا وہ ہے جس نے دی ہر چیز کو پیدائش اس کی پھر

هَدٰى ﴿۵۰﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿۵۱﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ
راہ دکھائی ف۱ کہا فرعون نے پس کیا ہے حال قرنوں پہلوں کا کہا کہ علم ان کا نزدیک

رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿۵۲﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ
پروردگار میرے کے ہے بیچ کتاب کے نہیں بھٹک جاتا رب میرا اور نہ بھول جاتا ہے ف۲ جس نے کیا واسطے تمہارے

الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ
زمین کو بچھونا اور بنائیں واسطے تمہارے بیچ اس کے راہیں اور اتارا آسمان سے

مَاۗءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا
پانی پس نکالے ہم نے ساتھ اس کے اقسام روئیدگی کے مختلف کھاؤ اور چگاؤ

اَنْعَامَكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۵۴﴾ ع مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ
جانوروں اپنوں کو تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے صاحبوں عقل کے ف۳ اس سے پیدا کیا ہم نے تم کو

وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ
اور بیچ اسکے دوبارہ لے جاوینگے ہم تم کو اور اس ہی سے نکالیں گے ہم تم کو ایک بار اور اور البتہ تحقیق دکھائیں ہم نے

اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا
اس کو نشانیاں اپنی سب پس جھٹلایا اور نہ مانا کہا کیا آیا ہے تو ہمارے پاس تو کہ نکال دیوے ہم کو زمین ہماری سے

بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا
ساتھ جادو اپنے کے اے موسےٰ پس البتہ لاویں گے ہم تیرے پاس جادو مانند اس کی پس مقرر کر درمیان ہمارے

ف۱ یعنی کھانے پینے کا ہوش دیا۔ بچے کو دودھ پینا وہ نہ سکھاوے تو کوئی نہ سکھا سکے۔

ف۲ فرعون شاید دہری مزاج تھا آدمیوں کی پیدائش سمجھتا تھا جیسے برسات کا سبزہ نہ اول کسی نے پیدا کیا آپ ہی پیدا ہو گیا۔ نہ آخر باقی رہا گل کر مٹی ہو گیا جب سنا کہ سب کے سر پر ایک رب ہے تب یہ پوچھا کہ اگلی خلق کہاں گئی بتایا کہ ان کا حساب لکھا ہوا موجود ہے۔ ایک ایک آدمی پھر حاضر ہوگا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یہ اللہ کلام فرماتا ہے دہریوں کی آنکھ کھولنے کو اس کی تدبیریں اور قدرتیں دیکھو اگر عقل سے سمجھ لوگے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲ ۳ ۱۱

وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنْتَ مَكَانًا سُوًى ۝٥٨

اور درمیان اپنے ایک وعدہ گاہ کہ نہ خلاف کریں اس کا ہم اور نہ تو مکان ہموار

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَنْ يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۝٥٩

کہا وعدہ گاہ تمہارا دن زینت کا ہے اور یہ کہ اکٹھے کیے جاویں گے لوگ دن چڑھے ف۱

فَتَوَلَّىٰ فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَىٰ ۝٦٠ قَالَ لَهُمْ مُوسَىٰ وَيْلَكُمْ

پس پھر گیا فرعون پس جمع کیا مکر اپنا پھر آیا کہا واسطے ان کے موسےٰ نے اے وائے تم کو

لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ وَقَدْ خَابَ مَنِ

مت باندھ لو اوپر خدا کے جھوٹ پس فنا کر دیگا تم کو ساتھ عذاب کے اور تحقیق نامراد ہوا جس نے

افْتَرَىٰ ۝٦١ فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَأَسَرُّوا النَّجْوَىٰ ۝٦٢ قَالُوا

جھوٹ باندھا ف۲ پس جھگڑنے لگے کام اپنے میں درمیان اپنے اور چھپایا مصلحت کو کہا انہوں نے

إِنْ هَٰذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيدَانِ أَنْ يُخْرِجَاكُمْ مِنْ أَرْضِكُمْ

تحقیق یہ جادوگر ہیں چاہتے ہیں کہ نکال دیں تم کو زمین تمہاری سے

بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ ۝٦٣ فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ

ساتھ جادو اپنے کے اور لے جاویں راہ تمہاری بہتر کو پس جمع کرو مکر اپنا یعنی تدبیر

ثُمَّ ائْتُوا صَفًّا وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَىٰ ۝٦٤ قَالُوا

پھر آؤ صف باندھ کر اور تحقیق فلاح پائی آج کے دن اس شخص نے کہ غالب آیا کہا انہوں نے

يَا مُوسَىٰ إِمَّا أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّا أَنْ نَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَىٰ ۝٦٥

اے موسےٰ یا یہ کہ تو ڈال دے اور یا ہوں ہم پہلے ڈالنے والے

قَالَ بَلْ أَلْقُوا فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِنْ

کہا بلکہ ڈالو تمہیں پس ناگہاں رسیاں ان کی اور لاٹھیاں ان کی خیال بندھا تھا طرف اس کی

سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ ۝٦٦ فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُوسَىٰ ۝٦٧ قُلْنَا

جادو ان کے سے یہ کہ وہ ڈرتے ہیں پس چھپایا بیچ جی اپنے کے ڈر موسےٰ نے کہا ہم نے

لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعْلَىٰ ۝٦٨ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ

مت ڈر تحقیق تو ہے غالب اور ڈال جو بیچ داہنے ہاتھ تیرے کے ہے نگل جاویگا

مَا صَنَعُوا إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ

اس چیز کو جو بنایا ہے انہوں نے تحقیق جو کچھ بنایا ہے انہوں نے مکر جادوگر کا ہے اور نہیں فلاح پاتا جادوگر جہاں آتا

ف۱ دنگل میں مقابلہ کرنے سے دونوں کو غرض تھی وہ چاہے کہ ان کو ہرا دے سب کے روبرو یہ چاہیں کہ وہ ہارے جشن کا دن سارے مصر کے شہر میں مقرر تھا۔ فرعون کی سالگرہ کا۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ جب فرعون نے ساحر جمع کئے اور سب امیروں کو اسی بات پر اٹھایا تب حضرت موسےٰ نے ہر شخص کو نصیحت کر دی جدا جدا۔ ۱۲۔ منہ

أَتَىٰ ﴿٦٩﴾ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَىٰ ﴿٧٠﴾

ہے پس ڈالے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے کہنے لگے ایمان لائے ہم ساتھ رب ہارون اور موسےٰ کے

قَالَ آمَنتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ

کہا ایمان لائے تم واسطے اس کے پہلے اس سے کہ حکم کروں میں تم کو تحقیق وہ البتہ بڑا تمہارا ہے جس نے سکھایا ہے تم کو

السِّحْرَ ۖ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ وَ

جادو پس البتہ کاٹوں گا میں ہاتھوں تمہارے کو اور پاؤں تمہارے کو خلاف سے اور

لَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا

البتہ سولی دونگا میں تم کو بیچ شاخوں کھجور کے اور البتہ جانوگے تم کونسا ہم میں اشد ہے عذاب میں

وَأَبْقَىٰ ﴿٧١﴾ قَالُوا لَن نُّؤْثِرَكَ عَلَىٰ مَا جَاءَنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ

اور بہت باقی رہنے والا ہے ف۱ کہا انہوں نے ہرگز نہ اختیار کرینگے ہم تجھ کو اوپر اس چیز کے کہ آئی ہے ہمارے پاس دلیلوں سے

وَالَّذِي فَطَرَنَا ۖ فَاقْضِ مَا أَنتَ قَاضٍ ۖ إِنَّمَا تَقْضِي هَٰذِهِ

اور اس شخص کے کہ پیدا کیا اس نے ہم کو پس حکم کر جو کچھ تو حکم کرنے والا ہے سوائے اس کے نہیں کہ حکم کریگا تو بیچ

الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾ إِنَّا آمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطَايَانَا وَمَا أَكْرَهْتَنَا

اس زندگانی دنیا کے تحقیق ہم ایمان لائے ساتھ پروردگار اپنے کے تو کہ بخشے واسطے ہمارے گناہ ہمارے اور وہ چیز کہ زبردستی

عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۗ وَاللَّهُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿٧٣﴾ إِنَّهُ مَن يَأْتِ رَبَّهُ مُجْرِمًا

کی ہے تونے ہم کو اوپر اسکے جادو سے اور اللہ بہت بہتر ہے اور بہت باقی رہنے والا ہے ف۲ تحقیق بات یہ ہے کہ جو کوئی آوے رب اپنے کے پاس گنہگار

فَإِنَّ لَهُ جَهَنَّمَ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ﴿٧٤﴾ وَمَن يَأْتِهِ مُؤْمِنًا

ہو کر پس تحقیق واسطے اسکے دوزخ ہے نہ مرے گا بیچ اس کے اور نہ جیے گا اور جو کوئی آوے اس کے پاس ایمان والا ہو کر

قَدْ عَمِلَ الصَّالِحَاتِ فَأُولَٰئِكَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ الْعُلَىٰ ﴿٧٥﴾ جَنَّاتُ

تحقیق عمل کیے ہوں اچھے یہ لوگ واسطے ان کے درجے ہیں بلند بہشتیں

عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ

ہمیش رہنے کی چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں ہمیش رہنے والے بیچ اُس کے اور یہی ہے بدلا اس شخص

مَن تَزَكَّىٰ ﴿٧٦﴾ وَلَقَدْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِي ع ۳ ۲۲ ۱۲

کا جو پاک ہوا اور البتہ تحقیق وحی کی ہم نے طرف موسےٰ کی یہ کہ رات کو لے چل بندوں میرے کو

فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا لَّا تَخَافُ دَرَكًا

پس مار واسطے ان کے راہ بیچ دریا کے خشک نہ ڈرے گا تو پا لینے سے

ف۱ تمہارا بڑا جس نے جادو سکھایا یہ شاید رب کو کہنے لگا۔ ۱۲-منہ رح

ف۲ زور آوری کردایا کہتے ہیں جادوگر حضرت موسیٰ کے نشان دیکھ کر سمجھ گئے تھے کہ یہ جادو نہیں مقابلہ نہ کریں گے پھر فرعون کی خاطر سے کیا۔ شاید فرعون جو ڈراتا تھا سو ان پر نہ کرسکا، دل میں ڈر گیا موسےٰ کی نشانی سے۔ ۱۲-منہ رح

وَلَا تَخْشٰى ﴿٧٧﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ

اور نہ خطرہ کرے گا پس پیچھے لگا ان کے فرعون ساتھ لشکروں اپنے کے پس ڈھانک لیا ان کو

الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿٧٨﴾ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿٧٩﴾

دریا میں سے اس چیز نے کہ ڈھانک لیا انکو اور گمراہ کیا فرعون نے قوم اپنی کو اور نہ راہ دکھائی

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ

اے بنی اسرائیل تحقیق نجات دی ہم نے تم کو دشمن تمہارے سے اور وعدہ کیا ہم نے تم کو

جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ﴿٨٠﴾

کنارے طور برکت والے کے اور اتارا ہم نے اوپر تمہارے من اور سلویٰ

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ

کھاؤ پاکیزہ اس چیز سے کہ دی ہے ہم نے تم کو اور مت سرکشی کرو بیچ اس کے پس اترے گا

عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿٨١﴾

اوپر تمہارے غصہ میرا اور جو کوئی کہ اترے اوپر اس کے غصہ میرا پس تحقیق گرا وہ ف

وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ

اور تحقیق میں بخشنے والا ہوں واسطے اس شخص کے کہ پھر آیا اور ایمان لایا اور عمل کیے اچھے پھر

اهْتَدٰى ﴿٨٢﴾ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٨٣﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ

راہ پائی اور کیا چیز جلد لے آئی تجھ کو قوم تیری سے اے موسےٰ کہا کہ وہ یہ ہیں

عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿٨٤﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ

اوپر نقش قدم میرے کے اور جلد آیا میں طرف تیری اے رب میرے تو کہ راضی ہو تو کہا پس تحقیق ہم نے

فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى

آزمائش کی ہے قوم تیری کو پیچھے تیرے اور گمراہ کیا ان کو سامری نے پس پھر آیا موسےٰ

اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا

طرف قوم اپنی کے غصے میں غمگین کہا اے قوم میری کیا نہ وعدہ دیا تھا تم کو پروردگار تمہارے نے وعدہ

حَسَنًا ۥ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ

اچھا ف کیا پس لمبا ہوا اوپر تمہارے وقت یا ارادہ کیا تم نے یہ کہ اتر آوے اوپر تمہارے

غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿٨٦﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا

غصہ پروردگار تمہارے کا پس خلاف کیا تم نے وعدے میرے کو کہا انہوں نے نہیں خلاف کیا ہم نے

ف زیادتی نہ کرو یعنی رکھ نہ چھوڑو۔ ١٢۔ منہ رح

ف وعدہ توریت دینے کا حضرت موسےٰ قوم سے تیس دن کا وعدہ کر گئے تھے بہاڑ پر وہاں چالیس دن لگے پیچھے بچھڑا بنا کر پوجنے لگے۔ ١٢۔ منہ رح

مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ

وعدے تیرے کو ساتھ اختیار اپنے کے و لیکن اٹھوائے گئے تھے ہم بوجھ گہنوں قوم فرعون کے سے

فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا

پس پھینک دیا ہم نے اسکو پس اسی طرح ڈالا سامری نے ف۱ پس نکالا واسطے ان کے بچہ گائے کا

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۵ فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾

ایک بدن ہے واسطے اسکے آواز ہے گائے کی پس کہا انہوں نے یہ ہے معبود تمہارا اور معبود موسےٰ کا پس بھول گیا ہے موسےٰ ف۲

اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۵ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا

کیا پس نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ نہیں پھیرتا وہ طرف ان کی جواب اور نہیں اختیار میں رکھتا واسطے ان کے ضرر

وَّلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ ع وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا

اور نہ فائدہ اور البتہ تحقیق کہا تھا واسطے انکے ہارون نے پہلے اس سے اے قوم میری سوائے اس کے

فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾

نہیں کہ آزمائے گئے ہو تم ساتھ اسکے اور تحقیق پروردگار تمہارا رحمٰن ہے پس پیروی کرو میری اور مانو حکم میرا

قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾

کہا انہوں نے ہمیشہ رہیں گے ہم اوپر اس کے معتکف یہاں تک کہ پھر آوے طرف ہماری موسےٰ

قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿٩٢﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ۭ

کہا اے ہارون کس چیز نے منع کیا تجھ کو جس وقت کہ دیکھا تو نے ان کو گمراہ ہوئے اس سے کہ نہ پیروی کرے میری

اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا

کیا پس نافرمانی کی حکم میرے کی کہا اے بیٹے ماں میری کے مت پکڑ ڈاڑھی میری اور نہ

بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

سر میرا تحقیق میں ڈرا یہ کہ کہے تو جدائی ڈال دی درمیان بنی اسرائیل کے

وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾ قَالَ بَصُرْتُ

اور نہ انتظار کیا بات میری کا ف۳ کہا پس کیا ہے حال تیرا اے سامری کہا کہ دیکھا میں نے

بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ

اس چیز کو کہ نہ دیکھا تھا لوگوں نے اس کو پس بھر لی میں نے ایک مٹھی خاک قدم بھیجے ہوئے کے سے

فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ

پس ڈال دیا میں نے اسکو یعنی گائے کے بچے کے پیٹ میں اور اسی طرح اچھا دکھایا مجھ کو جی میرے نے ف۴ کہا پس جا

ف۱ فرعون والوں سے عاریت مانگ کر لیا تھا۔ گہنا کہ وہ یقین جانیں کہ ان کو شادی منظور ہے اس واسطے نکلتے ہیں شہر سے اس بغیر فرعون نکلنے نہ دیتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی موسےٰ بھول گیا کہ اور جگہ گیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ چلتے وقت موسےٰ ہارون کو نصیحت کر گئے تھے کہ سب کو متفق رکھیو اس واسطے انہوں نے بچھڑا پوجنے والوں کا مقابلہ نہ کیا۔ زبان سے سمجھایا وہ نہ سمجھے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۴ ۱۴ ۱۴

ف۴ جس وقت بنی اسرائیل پھٹے دریا میں پیٹھے پیچھے فرعون ساتھ فوج کے بیٹھا جبرائیل بیچ میں ہو گئے کہ ان کو ان تک نہ ملنے دیں سامری نے پہچانا کہ یہ جبرائیل ہیں ان کے پاؤں کے نیچے سے مٹھی بھر مٹی اٹھا لی۔ وہی اب سونے کے بچھڑے میں ڈال دی۔ سونا تھا کافروں کا مال لیا ہوا فریب سے اس میں مٹی پڑی برکت کی حق اور باطل ملکر ایک کرشمہ پیدا ہوا کہ رونق جاندار کی اور آواز اس میں ہو گئی۔ ایسی چیزوں سے بہت بچنا چاہیئے اسی سے بت پرستی بڑھتی ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ وَإِنَّ لَكَ
پس تحقیق واسطے تیرے ہے بیچ زندگانی کے یہ کہ کہا کرے تو نہیں ہاتھ لگانا اور تحقیق واسطے تیرے

مَوْعِدًا لَنْ تُخْلَفَهُ وَانْظُرْ إِلَىٰ إِلٰهِكَ الَّذِي ظَلْتَ
ایک جگہ وعدے کی ہرگز نہ پیچھے چھوڑا جاویگا اس سے اور دیکھ طرف معبود اپنے کے وہ جو ہو گیا تھا

عَلَيْهِ عَاكِفًا لَنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾
اوپر اس کے معتکف ابھی جلاویں گے ہم اسکو پھر اڑادیں گے ہم اس کو بیچ دریا کے اڑا دینا کر ف

إِنَّمَا إِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ
سوائے اس کے نہیں کہ معبود تمہارا اللہ ہے وہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ سما لیا ہے ہر چیز کو

عِلْمًا ﴿٩٨﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ
علم میں اسی طرح بیان کرتے ہیں ہم اوپر تیرے خبروں اس چیز کی سے کہ تحقیق پہلے گذری

وَقَدْ آتَيْنٰكَ مِنْ لَدُنَّا ذِكْرًا ﴿٩٩﴾ مَنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهُ
اور تحقیق دیا ہم نے تجھ کو اپنے پاس سے ذکر جو کوئی منہ پھیرے اس سے پس تحقیق وہ

يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾ خٰلِدِينَ فِيهِ وَسَاءَ لَهُمْ
اٹھاوے گا دن قیامت کے بوجھ ہمیش رہنے والے بیچ اس کے اور برا ہے واسطے اُن کے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ
دن قیامت کے بوجھ اس دن کہ پھونکا جاوے گا بیچ صور کے اور اکٹھا کریں گے

الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَتَخَافَتُونَ بَيْنَهُمْ إِنْ لَبِثْتُمْ
ہم گنہگاروں کو اس دن کیری آنکھوں سے ف۲ آہستہ کہتے ہوں گے درمیان اپنے نہیں رہے تھے تم

إِلَّا عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ
مگر دس دن ف۳ ہم خوب جانتے ہیں اس چیز کو کہ کہتے ہیں جس وقت کہ کہے گا بہتر اُن کا

طَرِيقَةً إِنْ لَبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ
راہ میں نہ رہے تھے تم مگر ایک روز ف۴ اور سوال کرتے ہیں تجھ کو پہاڑوں سے

فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَا
پس کہہ اڑادے گا ان کو رب میرا اڑا دینا کر پس چھوڑ دیوے گا اس زمین کو میدان صاف نہیں

تَرٰى فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ﴿١٠٧﴾ يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ
دیکھے گا تو بیچ اس کے کجی اور نہ اونچان یعنی ٹیلہ اس دن پیچھے چلیں گے پکارنے والے کے

ف۱ دنیا میں اس کو یہی سزا ملی کہ وہ لشکر بنی اسرائیل سے باہر الگ رہتا اگر وہ کسی سے ملتا یا کوئی اس سے دونوں کو تپ چڑھتی اس مارے لوگوں کو دور دور کرتا اور ایک وعدہ ہے کہ خلاف نہ ہوگا شاید عذاب آخرت ہے اور شاید دجال کا نکلنا وہ بھی یہود میں اسی کا فساد پورا کریگا جیسے ہمارے پیغمبر مال بانٹتے تھے۔ ایک شخص نے کہا انصاف سے بانٹو فرمایا اس کی جنس کے لوگ نکلیں گے وہ خارجی نکلے کہ اپنے پیشواؤں پر لگے اعتراض پکڑنے جو کوئی دین کے پیشواؤں پر طعن کرے ایسا ہی ہوا۔ ١٢ منہ رح

ف۲ یعنی اندھے اور شاید انہی نیلی ہوں بدنمائی کے واسطے۔ ١٢- منہ رح

ف۳ یعنی دنیا میں رہنا اتنا نظر آوے گا یا قبر میں رہنا۔ ١٢- منہ رح

٥ ع ١٥ ١٤

ف۴ ہم کو خوب معلوم ہے یعنی چھپے کتنا ہم سے نہیں چھپتا۔ ١٢- منہ رح

لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا
نہیں کجی واسطے اس کے اور نیچی ہو جاویں گی آوازیں واسطے رحمٰن کے پس نہ سنے گا تو مگر
هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ
آواز آہستہ اس دن نہ فائدہ دیگی شفاعت مگر اس کو کہ اذن دیا ہے واسطے اسکے رحمٰن نے
وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
اور پسند کیا ہے واسطے اسکے کہنا ف جانتا ہے جو کچھ آگے ان کے ہے اور جو کچھ پیچھے ان کے ہے
وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ
اور نہیں گھیرتے اس کو علم کر اور ذلیل ہوگئے منہ واسطے زندہ قائم رہنے والے کے
وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ
اور تحقیق نامراد ہوا جن نے اٹھا لیا ظلم اور جو کوئی عمل کرے نیکیوں میں سے
وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾ وَكَذٰلِكَ
اور وہ مومن ہو پس نہیں ڈرے گا ظلم سے اور نہ توڑنے سے ف۲ اور اسی طرح
اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ
اتارا ہے ہم نے اس کو قرآن عربی اور طرح طرح سے بیان کیا ہے ہم نے بیچ اس کے ڈرانے سے تو کہ وہ
يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ
ڈریں یا پیدا کرے واسطے اُن کے یاد پس بہت مرتبہ ہے اللہ بادشاہ
الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰۤى اِلَيْكَ
برحق اور مت جلدی کر ساتھ قرآن کے پہلے اس کے کہ تمام کی جاوے طرف تیری
وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اٰدَمَ
وحی اس کی اور کہہ اے رب میرے زیادہ دے مجھ کو علم ف۳ اور البتہ تحقیق عہد کیا تھا ہم نے طرف آدم کی
مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ ع ۱۱ / ۱۵
پہلے اس سے پس بھول گیا اور نہ پایا ہم نے واسطے اسکے قصد خلاف کا ف۴ اور جب کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے
اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰۤاٰدَمُ
سجدہ کرو واسطے آدم کے پس سجدہ کیا انہوں نے مگر ابلیس نہ مانا پس کہا ہم نے اے آدم
اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ
تحقیق یہ دشمن ہے واسطے تیرے اور واسطے جورو تیری کے پس نہ نکال دیوے تم دونو کو بہشت سے

ف یعنی اس کی سفارش چلے گی۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۲ یعنی اس پر زور نہ ہوگا اللہ کے ہاں انصاف ہے۔ ۱۲ منہ رح
ف۳ جبرئیل جب قرآن لاتے ان کے پڑھنے کے ساتھ آپ بھی پڑھنے لگتے کہ بھول نہ جاویں اس کو پہلے منع فرمایا تھا سورۂ قیامت میں اور تسلی کر دی تھی کہ اس کا یاد رکھوانا اور لوگوں تک پہنچوانا ذمہ ہمارا ہے لیکن بندہ بشر ہے شاید بھول گئے ہوں پھر تقید کیا اور بھولنے پر مثل فرمائی آدم علیہ السلام کی۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۴ وہی جو دانہ کھا لیا بھول گئے یعنی قائم نہ رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَاَنَّكَ لَا
پس محنت میں جاپڑے تو تحقیق واسطے تیرے ہے یہ کہ نہ بھوکا رہے تو بیچ اس کے اور نہ ننگا رہے تو اور یہ کہ نہ

تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ
پیاسا رہے تو بیچ اس کے اور نہ دھوپ کھاوے پس وسوسہ کیا طرف اس کی شیطان نے کہا

يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾
اے آدم آیا دلالت کروں میں تجھ کو اوپر درخت ہمیشہ رہنے کے اور اس بادشاہی کی کہ نہ پرانی ہو

فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا
پس کھایا دونوں نے اس میں سے پس ظاہر ہوگئی انکو شرمگاہ ان دونوں کی اور شروع کیا دونوں نے کہ ٹانکتے تھے اوپر اپنے

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۚ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ ثُمَّ اجْتَبٰهُ
پتوں بہشت کے سے اور نافرمانی کی آدم نے رب اپنے کی پس گمراہ ہوگیا پھر برگزیدہ کیا اس کو

رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا
رب اسکے نے پس پھر آیا اوپر اس کے اور راہ دکھائی کہا اُترو تم اس سے اکٹھے

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ
بعضے تمہارے واسطے بعض کے دشمن ہیں پس اگر آوے تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت

فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ
پس جس نے پیروی کی ہدایت میری کی پس نہ گمراہ ہوگا اور نہ ایذا کھینچے گا ف۱ اور جس نے منہ پھیرا

عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
یاد میری سے پس تحقیق واسطے اس کے معیشت ہے تنگ اور اٹھاوینگے ہم اُس کو دن قیامت کے

اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾
اندھا کہے گا اے رب میرے کیوں اُٹھایا مجھ کو اندھا اور تحقیق تھا میں دیکھنے والا

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾
کہے گا اسی طرح آئی تھیں تیرے پاس نشانیاں ہماری پس بھول گیا تو ان کو اور اسی طرح آج بھلادیا جاویگا تو ف۲

وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۭ وَلَعَذَابُ
اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم اس شخص کو کہ حد سے نکل گیا اور نہ ایمان لایا ساتھ نشانیوں رب اپنے کے اور البتہ عذاب

الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ
آخرت کا بہت سخت ہے اور بہت باقی رہنے والا ہے ف۳ کیا پس نہیں راہ دکھاتا انکو یہ کہ کتنے ہلاک کیے ہیں ہم نے پہلے ان سے

ف۱ ایک دوسرے کے دشمن رہے ان کی اولاد جیسا آپس میں رفاقت کر کر گناہ کیا اس رفاقت کا بدلا یہ ملا کہ اولاد آپس میں دشمن ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ آیتوں کو بھلادیا یعنی عمل نہ کیا اور یقین نہ لایا اور پیغمبر نے فرمایا میری اُمت کے سارے گناہ مجھ کو دکھائے اس سے بڑا گناہ نہ دیکھا کہ قرآن کی کوئی آیت کسی شخص کو یاد ہوئی پھر اس نے بھلادی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی یہ عذاب اندھا ہونے کا حشر میں ہے اور دوزخ میں اور زیادہ۔ ۱۲۔ منہ رح

مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

قرنوں سے کہ چلتے ہیں بیچ گھروں ان کے کے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں

لِّاُولِي النُّهٰى ۝١٢٨ ع وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا ع ١٣ ٧ ١٦

واسطے صاحبوں عقل کے اور اگر نہ ہوتی ایک بات کہ پہلے ہو چکی پروردگار تیرے کی طرف سے البتہ ہوتا عذاب چمٹنے والا

وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ؕ ۝١٢٩ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

اور اگر نہ ہوتا وعدہ مقرر ف١ پس صبر کر اوپر اس چیز کے کہ کہتے ہیں اور تسبیح کر ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ

پہلے نکلنے سورج کے اور پہلے ڈوبنے اس کے سے اور گھڑیوں رات کی سے پس تسبیح کر

وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ۝١٣٠ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا

اور کناروں دن کے سے شاید کہ تو راضی ہو ف٢ اور ہرگز مت لمبی کر دونو آنکھیں اپنی کو طرف اس چیز کی

مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۬ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ

کہ فائدہ دیا ہم نے ساتھ اسکے لوگوں کو ان میں سے آرائش زندگانی دنیا کی تو کہ آزماویں ہم ان کو بیچ اس کے

وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝١٣١ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ

اور رزق پروردگار تیرے کا بہتر ہے اور بہت باقی رہنے والا ہے اور حکم کر لوگوں اپنوں کو ساتھ نماز کے اور صبر کر

عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْــَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝١٣٢

اوپر اس کے نہیں سوال کرتے ہم تجھ سے رزق ہمیں رزق دیتے ہیں تجھ کو اور عاقبت واسطے پرہیزگاروں کے ہے ف٣

وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا

اور کہا انہوں نے کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس کوئی نشانی رب اپنے سے کیا نہیں آئی انکے پاس دلیل اس چیز کی کہ

فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝١٣٣ وَلَوْ اَنَّاۤ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ

بیچ کتابوں پہلی کے ہے ف٤ اور اگر ہم ہلاک کرتے ان کو ساتھ عذاب کے پہلے اس سے

لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ

البتہ کہتے اے پروردگار ہمارے کیوں نہ بھیجا تو نے طرف ہماری پیغمبر پس پیروی کرتے ہم نشانیوں تیری کی

قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ۝١٣٤ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ

پہلے اس سے کہ ذلیل ہوتے اور رسوا ہوتے کہہ کہ ہر ایک انتظار کرنے والا ہے پس انتظار کرو تم

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ۝١٣٥ ع ع ٨ ٧ ١٧

پس البتہ جانو گے تم کون ہیں صاحب راہ سیدھی کے اور کس نے راہ پائی

ف١ آخر وعدہ پر بھینٹ ہوئی مسلمانوں میں اور کافروں میں۔ ١٢۔ منہ رح

ف٢ دن کی حدوں پر یعنی پہر پہر پر وقت ہیں نمازوں کے سوائے پہلے پہر کے اور تو راضی ہوگا یعنی امت کو مدد ہوگی دنیا میں، اور بخشش گناہوں کی آخرت میں تیری سفارش سے۔ ١٢۔ منہ رح

ف٣ اور خاوند غلام سے روزی کماواتے ہیں وہ خاوند بندگی چاہتا ہے روزی آپ دیتا ہے۔ ١٢۔ منہ رح

ف٤ یعنی اگلی کتابوں میں خبر ہے رسول آخر الزماں کی یا یہ معنی کہ پہلے پیغمبروں کی نشانی کفایت ہے یہ پیغمبر بھی انہیں باتوں کا تقید کرتا ہے کوئی بات نئی نہیں کرتا یا یہ نشانی کہ اگلی کتابوں کے موافق قصے بیان کرتا ہے۔ ١٢۔ منہ رح

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ | اٰيَاتُهَا ١١٢ رُكُوْعَاتُهَا ٧

سورۂ انبیاء مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ایک سو بارہ آیتیں اور سات رکوع ہیں

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝١

نزدیک آیا ہے واسطے لوگوں کے حساب ان کا اور وہ بیچ غفلت کے منہ پھیر رہے ہیں

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ

نہیں آتا ان کے پاس کچھ ذکر پروردگار ان کے سے نیا مگر سنتے ہیں اس کو

وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝٢ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ ق

اور وہ کھیلتے ہیں غفلت میں ہیں دل ان کے اور چھپا کر کے مصلحت کی

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ ق هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ

اُن لوگوں نے کہ ظلم کیا تھا نہیں یہ مگر آدمی مانند تمہاری کیا پس آتے ہو

السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝٣ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي

سحر کے پاس اور تم دیکھتے ہو کہا پیغمبر نے پروردگار میرا جانتا ہے بات بیچ

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝٤ بَلْ قَالُوْٓا

آسمان کے اور زمین کے اور وہ ہے سننے والا جاننے والا بلکہ کہا انہوں نے

اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ ۖ

پریشان خیال ہیں بلکہ باندھ لیا ہے اس کو بلکہ وہ شاعر ہے

فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝٥ مَآ اٰمَنَتْ

پس لے آوے ہمارے پاس کوئی نشانی جیسے بھیجے گئے تھے پہلے پیغمبر نہیں ایمان لائی تھی

قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ وَمَآ

پہلے ان سے کوئی بستی کہ ہلاک کیا ہم نے اسکو کیا پس وہ ایمان لاوینگے اور نہیں

اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ

بھیجے ہم نے پہلے تجھ سے مگر مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم طرف ان کی پس سوال کرو ذکر

الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٧ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا

والوں سے اگر ہو تم نہیں جانتے اور نہیں کیا تھا ہم نے انکو ایسا بدن کہ نہ

يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝٨ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ

کھاتے کھانا اور نہ تھے ہمیشہ رہنے والے ف۱ پھر سچا کیا ہم نے اُن سے

ف۱ یعنی موت بھی آئی اُن کو۔ ۱۲۔ منہ رح

الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٩﴾
وعدہ پس نجات دی ہم نے اُن کو اور جس کو چاہا اور ہلاک کیا ہم نے حد سے نکل جانے والوں کو

ع ١١/١ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٠﴾ ع
البتہ تحقیق اتاری ہم نے طرف تمہاری کتاب بیچ اس کے مذکور ہے تمہارا کیا پس نہیں سمجھتے تم

وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا
اور کتنی ہلاک کیں ہم نے بستیاں کہ تھیں ظلم کرنے والیاں اور پیدا کی ہم نے پیچھے ان کے

قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿١١﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿١٢﴾
قوم اور پس جب دیکھا انہوں نے عذاب ہمارا ناگہاں وہ اس میں سے دوڑتے تھے

لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ
مت دوڑو اور پھر جاؤ طرف اس جگہ کی کہ آرام دیئے گئے تھے بیچ اسکے اور گھروں اپنے کی

لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿١٣﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤﴾
تو کہ تم سوال کیے جاؤ ف۱ کہا انہوں نے اے وائے ہم کو تحقیق ہیں تھے ظالم

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا
پس ہمیشہ رہا یہی پکارنا ان کا یہاں تک کہ کردیا ہم نے ان کو جڑ سے کٹے ہوئے

خٰمِدِيْنَ ﴿١٥﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا
بجھے ہوئے اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ درمیان ان دونو

لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ
کے ہے کھیلتے ہوئے اگر ارادہ کرتے ہم یہ کہ لیویں مشغولہ یعنی بچہ البتہ لیتے اسکو اپنے

لَّدُنَّآ ڰ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى
پاس سے اگر ہوتے ہم کرنے والے ف۲ بلکہ پھینکتے ہیں ہم حق کو اوپر

الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا
باطل کے پس توڑتا ہے سر اُسکا پس ناگہاں وہ فنا ہو جاتا ہے اور واسطے تمہارے ولائے ہے اس چیز سے

تَصِفُوْنَ ﴿١٨﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَنْ
کہ بیان کرتے ہو تم ف۳ اور واسطے اسی کے ہے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے اور وہ جو

عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿١٩﴾ ج
نزدیک اسکے ہیں نہیں تکبر کرتے بندگی اس کی سے اور نہیں تھکتے

ف۱ یعنی یہ بات ہونی نہ تھی۔ ۱۲۔منہ
ف۲ کھلونا یعنی بیٹا۔ ۱۲۔منہ
ف۳ یعنی اللہ تعالے غیب سے ایک قدرت کا نمونہ بھیجتا ہے جھوٹ کے مٹانے کو۔ ان کاملو کو تم کہتے ہو خدا کا بیٹا۔ ۱۲۔منہ

يُسَبِّحُونَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُونَ ﴿٢٠﴾ أَمِ اتَّخَذُوا آلِهَةً

پاکی بیان کرتے ہیں رات اور دن نہیں تھکتے کیا مقرر کیے ہیں انہوں نے معبود

مِّنَ الْأَرْضِ هُمْ يُنشِرُونَ ﴿٢١﴾ لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ

زمین میں سے کہ وہ پیدا کرتے ہیں اگر ہوتے بیچ ان دونو کے معبود سوائے اللہ کے

لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿٢٢﴾

البتہ بگڑ جاتے پس پاکی ہے اللہ پروردگار عرش کے کو اس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں

لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ ﴿٢٣﴾ أَمِ اتَّخَذُوا مِن

نہیں سوال کیا جاتا اس چیز سے کہ کرتا ہے اور وہ سوال کیے جاتے ہیں یا پکڑے ہیں

دُونِهِ آلِهَةً ۖ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ ۖ هَٰذَا ذِكْرُ مَن مَّعِيَ

ورے اس سے معبود کہہ کہ لاؤ دلیل اپنی یہ ہے ذکر ان لوگوں کا کہ ساتھ میرے ہیں

وَذِكْرُ مَن قَبْلِي ۗ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ الْحَقَّ ۖ فَهُم

اور ذکر ان لوگوں کا کہ پہلے مجھ سے تھے بلکہ اکثر ان کے نہیں جانتے ہیں حق کو پس وہ

مُّعْرِضُونَ ﴿٢٤﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا

منہ پھیرتے ہیں ف۱ اور نہ بھیجا ہم نے پہلے تجھ سے پیغمبر مگر

نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا

وحی کرتے تھے ہم طرف اُس کی یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر میں پس عبادت کرو مجھ کو اور کہا انہوں نے

اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۗ سُبْحَانَهُ ۚ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ ﴿٢٦﴾

کہ پکڑی ہے رحمٰن نے اولاد پاک ہے وہ بلکہ بندے ہیں عزت دیئے گئے

لَا يَسْبِقُونَهُ بِالْقَوْلِ وَهُم بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ

نہیں آگے چلتے اس سے بات میں اور وہ ساتھ حکم اس کے کے عمل کرتے ہیں جانتا ہے

مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ

جو کچھ کہ آگے ان کے ہے اور جو کچھ کہ پیچھے ان کے ہے اور نہیں شفاعت کرتے مگر واسطے اُسکے

ارْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ﴿٢٨﴾ وَمَن يَقُلْ

جو پسند کرے اور وہ ڈر اس کے سے ڈرنے والے ہیں اور جو کوئی کہے

مِنْهُمْ إِنِّي إِلَٰهٌ مِّن دُونِهِ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ ۚ كَذَٰلِكَ

ان میں سے تحقیق میں معبود ہوں ورے اس سے پس وہ شخص جزا دیتے ہیں ہم اسکو دوزخ اسی طرح

ف۱ پہلے ان معبودوں کا فرمایا جو برابر خدا کے کوئی سمجھے اگر دو حاکم ہوتے تو جہاں خراب ہوتا اب ان کا فرمایا جو خدا کے نائب ٹھہراتے ہیں اس کو مالک کی سند چاہیئے اس بغیر کیونکر نائب ہووے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ٢ / ١٩

نَجْزِي الظّٰلِمِينَ ﴿٢٩﴾ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ
جزا دیتے ہیں ہم ظالموں کو کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ کافر ہوئے یہ کہ آسمان تھے

وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۖ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ
اور زمین تھے ملے ہوئے پس جدا کیا ہم نے ان دونو کو اور کیا ہم نے پانی سے

كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۖ اَفَلَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٠﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ
ہر چیز کو زندہ کیا پس نہیں ایمان لاتے ف۱ اور کیے ہم نے بیچ زمین کے

رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيهَا فِجَاجًا سُبُلًا
پہاڑ ایسا نہ ہو کہ ہل جاوے ساتھ ان کے اور کیے ہم نے بیچ اس کے کشادہ رستے

لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ﴿٣١﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا ۚ
تو کہ وہ راہ پاویں ف۲ اور کیا ہم نے آسمان کو چھت محفوظ

وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُونَ ﴿٣٢﴾ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ الَّيْلَ
اور وہ نشانیوں اس کی سے منہ پھیرنے والے ہیں ف۳ اور وہ ہے جس نے پیدا کیا رات کو

وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَّسْبَحُونَ ﴿٣٣﴾
اور دن کو اور سورج اور چاند ہر ایک بیچ آسمان کے تیرتے ہیں ف۴

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۖ اَفَائِنْ مِّتَّ فَهُمُ
اور نہیں کیا ہم نے واسطے کسی آدمی کے پہلے تجھ سے ہمیشہ رہنا کیا پس اگر تو مر جاوے گا پس یہ

الْخٰلِدُونَ ﴿٣٤﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ
ہمیشہ رہیں گے ف۵ ہر جی چکھنے والا ہے موت کا اور آزماتے ہیں ہم تم کو ساتھ برائی

وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۗ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿٣٥﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِينَ
اور بھلائی کے آزمائش کو اور طرف ہماری پھیرے جاؤ گے اور جس وقت دیکھتے ہیں تجھ کو وہ لوگ کہ

كَفَرُوٓا اِنْ يَّتَّخِذُونَكَ اِلَّا هُزُوًا ۖ اَهٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ
کافر ہوئے نہیں پکڑتے تجھ کو مگر ٹھٹھا کیا یہی ہے جو مذکور کرتا ہے

اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُونَ ﴿٣٦﴾ خُلِقَ
معبودوں تمہارے کا اور وہ ساتھ ذکر اللہ کے وہی کافر ہیں ف۶ پیدا کیا گیا ہے

الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۚ سَاُورِيكُمْ اٰيٰتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ﴿٣٧﴾
آدمی جلدی سے شتاب دکھاؤں گا میں تم کو نشانیاں اپنی پس مت جلدی کرو مجھ سے

ف۱ منہ بند تھے یعنی ایک چیز تھی زمین میں سے نہریں اور کانیں اور سبزی بھانت بھانت نکالی آسمان سے کتنے ستارے ہر ایک کا گھر جُدا اور چال جُدا اور جاندار بنائے یعنی جانور پانی سے یعنی نطفہ سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی ایک ملک کے لوگ دوسرے ملک والوں سے مل سکیں۔ اگر پہاڑ ایسے ڈھب پر پڑتے کہ راہیں بند ہوتیں تو یہ بات کہاں تھی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ بچاؤ کی چھت یعنی کوئی اس کو توڑ نہیں سکتا اور اس کے نمونے تارے اور چال اور رات اور دن۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی اپنی اپنی راہ پڑے ہیں اس سے نہیں ہٹتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ کافر کہتے تھے اس شخص تک ہے یہ دھوم جہاں یہ مرا پھر کچھ نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ نام لیتا ہے ٹھاکروں کا یعنی بُرا کہتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ لَوْ
اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم سچے کاش کہ

يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ
جانیں وہ لوگ جو کافر ہوئے اس وقت کہ نہ روک سکیں گے منہ اپنے سے

النَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ﴿٣٩﴾ بَلْ
آگ اور نہ پیٹھ اپنی سے اور نہ وہ مدد کیے جاویں گے بلکہ

تَأْتِيهِم بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا
آجاویگی ان کے پاس ناگہاں پس بھچکا کردے گی ان کو پس نہ سکیں گے پھیر دینا اس کا اور نہ

هُمْ يُنظَرُونَ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ
وہ ڈھیل دیئے جاوینگے اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیا تھا ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے

فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٤١﴾ ع
پس گھیر لیا ان لوگوں کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے ان میں سے اس چیز نے کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے

قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ ۗ بَلْ هُمْ
کہہ کون نگہبانی کرتا ہے تمہاری رات اور دن اللہ سے بلکہ وہ

عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُم
یاد پروردگار اپنے کی سے منہ پھیرنے والے ہیں کیا واسطے ان کے معبود ہیں کہ منع کرتے ہیں انکو

مِّن دُونِنَا ۚ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم
ورے ہم سے نہیں کر سکتے مدد جانوں اپنی کی اور نہ وہ

مِّنَّا يُصْحَبُونَ ﴿٤٣﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ
ہماری طرف سے رفاقت کیے جاتے ہیں بلکہ فائدہ دیا ہم نے اُن کو اور باپوں ان کے کو یہانتک کہ

طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۗ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ
دراز ہوگئی اُوپر ان کے عمر کیا پس نہیں دیکھتے یہ کہ ہم آتے ہیں زمین پر

نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿٤٤﴾ قُلْ إِنَّمَا
گھٹاتے اُس کو کناروں اس کے سے کیا پس وہ غالب ہیں ف کہہ سوائے اس کے نہیں کہ

ع ۱۰ ۱۶ ۱۴ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿۱۹۱﴾ ع وَإِنَّهُ لَتَنزِيلُ

اور تحقیق پروردگار تیرا وہی ہے غالب مہربان اور تحقیق وہ البتہ اتارا گیا ہے

رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ

پروردگار عالموں کی طرف سے اترا ہے ساتھ اسکے روح الامین یعنی جبرائیل اوپر دل تیرے کے

لِتَكُونَ مِنَ الْمُنذِرِينَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ﴿۱۹۵﴾ وَإِنَّهُ

تو کہ ہو تو ڈرانے والوں سے ساتھ زبان عربی بیان کرنیوالی کے اور تحقیق یہ

لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۹۶﴾ أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً أَن يَعْلَمَهُ

قرآن البتہ مذکور ہے بیچ کتابوں پہلے پیغمبروں کے ف۱ کیا نہیں ہے واسطے اُن کے نشانی یہ کہ جانتے ہیں اسکو

عُلَمٰٓؤُا بَنِي إِسْرَآءِيلَ ﴿۱۹۷﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ

عالم بنی اسرائیل کے اور اگر اتارتے ہم اسکو اوپر بعض

الْأَعْجَمِينَ ﴿۱۹۸﴾ فَقَرَأَهُ عَلَيْهِم مَّا كَانُوا بِهِ مُؤْمِنِينَ ﴿۱۹۹﴾

عجمیوں کے پس پڑھتا اسکو اوپر ان کے نہ ہوتے ساتھ اسکے ایمان لانے والے ف۲

كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ﴿۲۰۰﴾ لَا يُؤْمِنُونَ

اسی طرح چلاتے ہیں ہم اسکو بیچ دلوں گنہگاروں کے نہیں ایمان لاتے

بِهِ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿۲۰۱﴾ فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ

ساتھ اسکے یہانتک کہ دیکھیں عذاب درد دینے والا پس آوے گا انکو عذاب ناگہاں اور وہ

لَا يَشْعُرُونَ ﴿۲۰۲﴾ فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ ﴿۲۰۳﴾ أَفَبِعَذَابِنَا

نہیں سمجھتے ہوں پس کہیں گے کیا ہم ہیں ڈھیل دیئے گئے کیا پس عذاب ہمارے کو

يَسْتَعْجِلُونَ ﴿۲۰۴﴾ أَفَرَأَيْتَ إِن مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِينَ ﴿۲۰۵﴾ ثُمَّ جَآءَهُم

جلدی کرتے ہیں کیا پس دیکھا تونے اگر فائدہ دیں ہم انکو کتنے برس پھر آوے انکے پاس

مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿۲۰۶﴾ مَا أَغْنٰى عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ ﴿۲۰۷﴾

جو کچھ تھے وعدہ دیئے جاتے کیا کفایت کرے گا ان سے جو تھے فائدہ دیئے جاتے

مع ۹ وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ ﴿۲۰۸﴾ ذِكْرٰى وَمَا

اور نہ ہلاک کی ہم نے کوئی بستی مگر واسطے انکے ڈرانے والے تھے نصیحت دیتے ہیں ہم اور نہیں

كُنَّا ظٰلِمِينَ ﴿۲۰۹﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِينُ ﴿۲۱۰﴾

تھے ہم ظالم اور نہیں اُترے ساتھ اس کے شیطان

ف۱ یعنی اس قرآن کی خبر لکھی ہے اگلی کتابوں میں اور اس کا مدعا یہی ہے اکثر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ کافر کہتے تھے کہ قرآن آیا ہے عربی زبان اس نبی کی زبان بھی عربی ہے شاید آپ ہی کہتا ہو، اگر غیر زبان والے پر عربی آتا تو یقین کرتے فرمایا کہ دھوکے والے کا جی کبھی نہیں ٹھہرتا، تب اور شبہ نکالتے کہ کوئی سکھا جاتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَمَا يَنۢبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ﴿٢١١﴾ إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ
اور نہیں لائق واسطے ان کے اور نہیں کر سکتے تحقیق وہ سننے اسکے سے

لَمَعْزُولُونَ ﴿٢١٢﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتَكُونَ
البتہ باز رکھے گئے ہیں پس مت پکار ساتھ اللہ کے معبود اور کو پس ہو جاویگا تو

مِنَ الْمُعَذَّبِينَ ﴿٢١٣﴾ وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ﴿٢١٤﴾
عذاب کیے گیوں سے ف١ اور ڈرا قبیلے اپنے نزدیک والوں کو ف٢

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٢١٥﴾ فَإِنْ
اور نیچا کر بازو اپنا واسطے اس شخص کے کہ پیروی کرتا ہے تیری ایمان والوں میں سے ف٣ پس اگر

عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٢١٦﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى
نافرمانی کریں تیری پس کہہ تحقیق میں بیزار ہوں اس چیز سے کہ کرتے ہو تم ف٤ اور توکل کر اوپر

الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ﴿٢١٧﴾ الَّذِي يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ ﴿٢١٨﴾ وَتَقَلُّبَكَ
اس غالب مہربان کے جو دیکھتا ہے تجھ کو جس وقت کہ اٹھتا ہے تو اور پھرنا تیرا

فِي السَّاجِدِينَ ﴿٢١٩﴾ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٢٢٠﴾ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ
بیچ سجدہ کرنے والوں کے تحقیق وہ ہے سننے والا جاننے والا ف٥ کیا بتلاؤں میں تم کو

عَلَىٰ مَن تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ ﴿٢٢١﴾ تَنَزَّلُ عَلَىٰ كُلِّ أَفَّاكٍ
اوپر کس کے اترتے ہیں شیطان اترتے ہیں اوپر ہر جھوٹ باندھنے والے

أَثِيمٍ ﴿٢٢٢﴾ يُلْقُونَ السَّمْعَ وَأَكْثَرُهُمْ كَاذِبُونَ ﴿٢٢٣﴾ وَالشُّعَرَاءُ
گنہگار کے رکھتے ہیں شیطان کان اپنے اور اکثر ان کے جھوٹے ہیں ف٦ اور شاعروں کی

يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ ﴿٢٢٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ ﴿٢٢٥﴾
پیروی کرتے ہیں گمراہ سب ف٧ کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ وہ بیچ ہر جنگل کے سرگرداں ہوتے ہیں ف٨

وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ ﴿٢٢٦﴾ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
اور یہ کہ وہ کہتے ہیں جو کچھ کہ نہیں کرتے ف٩ مگر وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيرًا وَانتَصَرُوا مِن بَعْدِ مَا
اچھے اور یاد کیا اللہ کو بہت اور بدلہ لیا پیچھے اس سے کہ

ظُلِمُوا ۗ وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ ﴿٢٢٧﴾
ظلم کیے گئے تھے اور شتاب جانیں گے وہ لوگ کہ ظلم کرتے ہیں کونسی جگہ پھر نیکی پھر جاوینگے ف١٠

ف١ یہ فرمایا رسولؐ کو اور سنایا اوروں کو۔ ١٢ منہ

ف٢ جب یہ آیت اتری، حضرت نے سارے قریش کو پکار کر سنا دیا اور اپنی پھوپھی تک اور اپنی بیٹی تک اور چچا تک کہ سنایا کہ اللہ کے ہاں اپنا فکر کرو خدا کے ہاں میں تمہارا کچھ کر نہیں سکتا۔ ١٢ منہ

ف٣ یعنی شفقت میں رکھ ایمان والوں کو اپنے ہوں یا پرائے۔ ١٢ منہ

ف٤ یعنی خلافِ حکم خدا جو کوئی کرے اس سے تو بیزار ہو جا اپنا ہو یا پرایا۔ ١٢ منہ

ف٥ یعنی جب تو تہجد کو اٹھتا ہے اور یاروں کی خبر لیتا ہے کہ یاد میں ہیں یا غافل۔ ١٢ منہ

ف٦ ایک لوگ تھے کاہن کہلاتے کسی شیطان سے دوستی کر رکھتے نذر و نیاز دے کر وہ سب شیطانوں میں مل کر جاتا فرشتوں کی باتیں سننے وہاں انگارے مارتے ہیں جو تارے چھوٹتے نظر آتے ہیں جو ایک دو بات کان میں پڑ آ گئی آ کر اس اپنے دوست پر ڈالی اس نے لوگوں کو بتا دی لوگ اس کے قائل ہوئے جو سچا کاہن ہے سو یہ ہے کہ اور بہت لوگ مکر بناتے ہیں بعضی چیز انسان سے چھپی ہے شیطان پر معلوم ہے جیسے سو پچاس کوس کے احوال یا کسی کے جیب میں کیا ہے یا اس کے دل میں خیال کیا ہے یا اس کے دل میں خیال کیا ہے اور اگلی خبر شیطان کو بھی معلوم نہیں مگر

ع ١١ ٣٦ ١٥

(باقی صہ ٤٥٢ پر)

سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۹۳ رُكُوْعَاتُهَا ۷

سورۂ نمل مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے ترانوے آیتیں اور سات رکوع ہیں

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱﴾ هُدًى

یہ آیتیں ہیں قرآن کی اور کتاب روشن کی ہدایت ہے

وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ

اور خوشخبری واسطے ایمان والوں کے جو لوگ کہ قائم رکھتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں

الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

زکوٰۃ اور وہ ساتھ آخرت کے وہی یقین رکھتے ہیں تحقیق جو لوگ کہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۴﴾

نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے زینت دی ہے ہم نے واسطے انکے عملوں انکے کو پس وہ بھٹکتے ہیں

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ

یہ لوگ وہ ہیں کہ واسطے انکے ہے بُرائی عذاب کی اور وہ بیچ آخرت کے

هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۵﴾ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ

وہ ہیں ٹوٹا پانے والے اور تحقیق تو البتہ سکھایا جاتا ہے قرآن نزدیک

حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ﴿۶﴾ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ؕ

حکمت والے علم والے کے سے یاد کر جسوقت کہا موسےٰ نے واسطے بی بی اپنی کے تحقیق میں نے دیکھی ہے آگ

سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ

شتاب لاؤں گا میں تمہارے پاس اسمیں سے کچھ خبر یا لاؤں گا شعلہ انگارے کا تو کہ تم

تَصْطَلُوْنَ ﴿۷﴾ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِىَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ

سینکو پس جب آیا اس کے پاس پکارا گیا یہ کہ برکت دیا گیا ہے جو کوئی کہ

فِى النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸﴾

بیچ آگ ہے اور جو کوئی کہ گرد اسکے ہے اور پاکی ہے اللہ پروردگار عالموں کے کو ف۱

يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾ وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ

اے موسےٰ بات یہ ہے کہ تحقیق میں ہی ہوں اللہ غالب با حکمت اور ڈالدے عصا اپنا

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ

پس جس وقت کہ دیکھا اس کو ہلتا جاتا ہے گویا کہ وہ سانپ ہے پھر گیا پیٹھ پھیر کر اور نہ پیچھے پھرا پھر پکارا گیا

ف۱ آگ کے اندر اور آس پاس فرشتے مقرب تھے۔ آگ نہ تھی ان کا نور تھا، اور آواز دی غیب سے اللہ تعالیٰ نے۔ ۱۲۔ منہ رح

(بقیہ صـ۴۵۱ـ سے آگے)

ایک دو بات جو فرشتوں سے سنی اور دس بیس ملا لیں اٹکل سے اٹکل جھوٹ پڑے یا سچ سو شیطان نیک بختوں سے بیزار ہے کہ یہ اس کو بُرا جانتے ہیں جھوٹے دغا بازوں سے خوش ہے جو اس کی مرضی موافق ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۷ کافر پیغمبر کو کبھی کاہن بتاتے کبھی شاعر سو فرمایا کہ شاعر کی بات سے کسی کو ہدایت نہیں ہوتی اس کی صحبت میں ہزاروں خلق نیکی پر آتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۸ یعنی جو مضمون پکڑ لیا اسی کو بڑھاتے چلے گئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۹ یعنی جیسے مردانگی کہتے ہیں اور نہیں رکھتے عشق کہتے ہیں جھوٹ بیماری کہتے ہیں جھوٹ۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۱۰ مگر جو کوئی شعر میں اللہ کی یاد کہے یا کفر کی مذمت گناہ کی برائی یا کافر اسلام کی ہجو کریں یہ اس کا جواب دے ویسا شعر عیب نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

یٰمُوْسٰی لَا تَخَفْ اِنِّیْ لَا یَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝۱۰ اِلَّا
اے موسیٰ مت ڈر تحقیق میں نہیں ڈرتے نزدیک میرے پیغمبر ف۱ مگر

مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۱۱
جو کوئی ظلم کرے پھر بدل ڈالے نیکی پیچھے برائی کے پس تحقیق میں بخشنے والا مہربان ہوں ف۲

وَاَدْخِلْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ
اور داخل کر ہاتھ اپنا بیچ گریبان اپنے کے نکلے گا سفید بغیر برائی کے

فِیْ تِسْعِ اٰیٰتٍ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا
بیچ نو نشانیوں کے طرف فرعون کی اور قوم اسکے کی تحقیق وہ تھے قوم

فٰسِقِیْنَ ۝۱۲ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰیٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ
فاسق ف۳ پس جب آئیں ان کے پاس نشانیاں ہماری دکھلانے والیاں کہنے لگے یہ جادو ہے

مُّبِیْنٌ ۝۱۳ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَیْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا
ظاہر اور انکار کیا ان کا اور یقین جان لیا تھا اسکو جی انکے نے ظلم اور تکبر سے

فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ ۝۱۴ وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ
پس دیکھ کیونکر ہوا آخر کام فساد کرنے والوں کا اور البتہ تحقیق دیا ہم نے داؤد کو

وَسُلَیْمٰنَ عِلْمًا وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلٰی
اور سلیمان کو علم اور کہا دونوں نے سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے بزرگی دی ہم کو اوپر

كَثِیْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝۱۵ وَوَرِثَ سُلَیْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ
بہتوں بندوں اپنے ایمان والوں کے اور وارث یعنی قائم مقام ہوا سلیمان داؤد کا اور کہا

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّیْرِ وَاُوْتِیْنَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ
اے لوگو سکھایا گیا ہوں میں بولی جانوروں کی اور دیئے گئے ہیں ہم ہر چیز سے

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِیْنُ ۝۱۶ وَحُشِرَ لِسُلَیْمٰنَ جُنُوْدُهٗ
تحقیق یہ البتہ وہی ہے بزرگی ظاہر ف۴ اور اکٹھے کیے گئے واسطے سلیمان کے لشکر اس کے

مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّیْرِ فَهُمْ یُوْزَعُوْنَ ۝۱۷ حَتّٰۤی اِذَآ
جنوں سے اور آدمیوں سے اور جانوروں سے پس وہ مثل لشکر کھڑے کیے جاتے ہیں یہاں تک کہ

اَتَوْا عَلٰی وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ یّٰٓاَیُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا
جب آئے اوپر میدان چیونٹیوں کے کہا ایک چیونٹی نے اے چیونٹیو داخل ہو

ف۱ اوّل سٹک سی بن گئی تھی پتلی جب فرعون کے آگے ڈالی تو ناگ ہو گئی بڑھ کر۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۲ موسیٰ علیہ السلام سے چوک کر ایک کافر کا خون ہو گیا تھا اس کا ڈر تھا ان کے دل میں ان کو وہ معاف کر دیا۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۳ سورۂ اعراف میں وہ سات نشانیاں ہو چکیں۔ ۱۲۔ منہ رح
ع ۱ ۱۴ ۱۶
ف۴ وارث ہوا یعنی نبی ہوا اور بادشاہ ہوا باپ کی جگہ اور بیٹے تھے وہ اس مقام پر نہ ہوئے اور ہر چیز میں سے دیا یعنی جو چیزیں دنیا میں درکار ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

مَسٰكِنَكُمْ لَا یَحْطِمَنَّكُمْ سُلَیْمٰنُ وَ جُنُوْدُهٗ وَ هُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾
گھروں اپنوں میں نہ کچل ڈالے تم کو سلیمان اور لشکر اس کا اور وہ نہ جانتے ہوں ف۱

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ
پس مسکرایا ہنستا ہوا بات اس کی سے اور کہا اے رب میرے توفیق دے مجھ کو یہ کہ

اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ عَلٰی وَالِدَیَّ وَ اَنْ
شکر کروں میں نعمت تیری کا جو نعمت رکھی ہے تو نے اوپر میرے اور اوپر ماں باپ میرے کے اور یہ کہ

اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ
عمل کروں میں نیک جو پسند کرے تو اس کو اور داخل کر مجھ کو ساتھ رحمت اپنی کے بیچ بندوں اپنوں

الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾ وَ تَفَقَّدَ الطَّیْرَ فَقَالَ مَا لِیَ لَاۤ اَرَى الْهُدْهُدَ
صالحوں کے ف۲ اور خبر لی پرند جانوروں کی پس کہا کیا ہے مجھ کو نہیں دیکھتا میں ہد ہد کو

اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآىٕبِیْنَ ﴿۲۰﴾ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِیْدًا اَوْ
یا ہے وہ غائبوں سے البتہ عذاب کرونگا میں اسکو عذاب سخت یا

لَاۡاَذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ لَیَاْتِیَنِّیْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۱﴾ فَمَكَثَ غَیْرَ
ذبح کروں گا میں اسکو یا لے آوے گا میرے پاس دلیل ظاہر پس دیر کی اس نے

بَعِیْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَ جِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۭ
تھوڑی سی پس کہا کہ میں نے احاطہ کیا اس جگہ کو کہ نہ احاطہ کیا تم نے ساتھ اسکے اور لایا ہوں میں تمہارے پاس ملک سبا

بِنَبَاٍ یَّقِیْنٍ ﴿۲۲﴾ اِنِّیْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَ اُوْتِیَتْ
سے خبر تحقیق ف۳ تحقیق میں نے پایا ایک عورت کو کہ بادشاہی کرتی ہے اور دی گئی ہے

مِنْ كُلِّ شَیْءٍ وَّ لَهَا عَرْشٌ عَظِیْمٌ ﴿۲۳﴾ وَجَدْتُّهَا وَ قَوْمَهَا
ہر چیز سے اور واسطے اسکے ہے تخت بڑا ف۴ پایا میں نے اسکو اور قوم اس کی کو

یَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ زَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ
سجدہ کرتے ہیں سورج کو سوائے خدا کے اور زینت دی ہے واسطے انکے شیطان نے

اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِیْلِ فَهُمْ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾
عملوں ان کے کو پس بند کیا ہے ان کو راہ سے پس وہ نہیں راہ پاتے

اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ
یہ کہ سجدہ کریں واسطے اللہ کے وہ جو نکالتا ہے چھپی چیزوں کو بیچ آسمانوں کے

ف۱ چیونٹی کی آواز کوئی نہیں سنتا ان کو معلوم ہوگئی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ ان کے باپ پر تو ہزاروں احسان تھے اور ماں پر بھی کچھ ہوں گے ایک تو مشہور ہے کہ بڑی پارسا تھی کہتے ہیں وہی تھی جس کا ذکر ہے سورہ صاد میں اس چیونٹی کی بات سمجھ کر ان کو شکر آیا اللہ کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت سلیمان کو اس ملک کا حال مفصل نہ پہنچا تھا۔ اب پہنچا، سبا ایک قوم کا نام ہے ان کا وطن عرب میں تھا یمن کی طرف۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ سب چیزیں ہیں مال و اسباب اور حسن و جمال بھی آگیا اور اس کے بیٹھنے کا تخت ایسا تکلف کا تھا کہ اس وقت کسی بادشاہ پاس نہ تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ﴿٢٥﴾ اللَّهُ لَا

اور زمین کے اور جانتا ہے جو چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو ف۱ اللہ نہیں کوئی

إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۩ ﴿٢٦﴾ قَالَ سَنَنظُرُ أَصَدَقْتَ (السجدة ٧)

معبود مگر وہ پروردگار عرش بڑے کا کہا سلیمان نے اب دیکھیں گے ہم کہ سچ کہا تو نے

أَمْ كُنتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿٢٧﴾ اذْهَب بِّكِتَابِي هَٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ

یا ہے تو جھوٹوں سے لے جا کتاب میری یہ پس ڈال دے اُسکو طرف انکی

ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ ﴿٢٨﴾ قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ

پھر پھر آ انکے پاس سے پس دیکھ کیا جواب دیتے ہیں ف۲ کہا اے سردارو

إِنِّي أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتَابٌ كَرِيمٌ ﴿٢٩﴾ إِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ

تحقیق ڈالی گئی طرف میری کتاب بزرگ ف۳ تحقیق وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور تحقیق وہ ساتھ نام

اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ﴿٣٠﴾ أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ﴿٣١﴾ ع ١٧

اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ہے یہ کہ مت سرکشی کرو اُوپر میرے اور چلے آؤ میرے پاس مسلمان ہوکر ف۴

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي أَمْرِي مَا كُنتُ قَاطِعَةً

کہا اے سردارو جواب دو مجھ کو بیچ کام میرے کے نہیں ہیں فیصل کرتی

أَمْرًا حَتَّىٰ تَشْهَدُونِ ﴿٣٢﴾ قَالُوا نَحْنُ أُولُو قُوَّةٍ وَأُولُو

کسی کام کو یہانتک کہ حاضر ہو تم میرے پاس کہا انہوں نے ہم صاحب قوّت ہیں اور صاحب

بَأْسٍ شَدِيدٍ وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ ﴿٣٣﴾

جنگ سخت ہیں اور حکم طرف تیری ہے پس دیکھ تو کیا حکم کرتی ہے

قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا

کہا بلقیس نے تحقیق بادشاہ جس وقت کہ داخل ہوتے ہیں کسی شہر میں خراب کرتے ہیں اسکو اور کرتے ہیں

أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۖ وَكَذَٰلِكَ يَفْعَلُونَ ﴿٣٤﴾ وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ

عزّت والوں اس کے کو ذلیل اور اسی طرح یہ بھی کریں گے ف۵ اور تحقیق میں بھیجنے والی ہوں

إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا

طرف ان کی تحفہ پس دیکھنی ہوں ساتھ کس چیز کے پھر آتے ہیں بھیجے ہوئے ف۶ پس جب آیا وہ

جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ

بھیجا ہوا سلیمان کے پاس کہا سلیمان نے کیا تم مدد دیتے ہو مجھ کو ساتھ مال کے پس جو کچھ دیا ہے مجھ کو اللہ نے

ف۱ ہدہد کی روزی ہے ریت میں سے کیڑے نکال نکال کھانا ہے نہ دانا کھاوے نہ میوہ آپ کو اللہ کی اسی قدرت سے کام ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی آپ کو معلوم نہ کروا لیکن وہاں کا ماجرا دیکھ آ۔ ہدہد لے گیا بلقیس جہاں اکیلی سوتی تھی۔ روزن میں سے جاکر اس کی چھاتی پر رکھ دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ کہتے ہیں سنہرے کاغذ پر لکھا تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ ان کو دین حق سکھانا منظور تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی یہ بادشاہ بھی ایسا ہی کریں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ چاہا کہ ان بادشاہ کا شوق دریافت کرے کس چیز پر ہے مال یا خوبصورت آدمی یا نادر اسباب سب قسم کی چیزیں بھیجی تھیں۔ ۱۲۔ منہ رح

خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِرْجِعْ
بہتر ہے اس چیز سے کہ دیا ہے تم کو بلکہ تم ہی ساتھ تحفہ اپنے کے خوش ہوتے ہو پھر جا ایلچی
اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ
طرف اُن کی پس البتہ آوینگے ہم اُن پر ساتھ لشکروں کے نہ مقابلہ ہو سکے گا انکو ساتھ ان لشکروں کے اور البتہ نکال دینگے ہم
مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ
اُن کو اس شہر سے ذلیل کر کر اور وہ رُسوا ہوں گے ف۱ کہا سلیمان نے اے سردارو کونسا تم میں سے لے آتا ہے
يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ
میرے پاس تخت اس کا پہلے اس سے کہ آویں میرے پاس مسلمان ہو کر ف۲ کہا
عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ
ایک دیو نے جنوں میں سے میں لے آؤں گا تمہارے پاس اس کو پہلے اس سے کہ اُٹھو تم
مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ
جگہ اپنی سے اور تحقیق میں اُوپر اسکے البتہ زور آور ہوں باامانت ف۳ کہا اس شخص نے کہ نزدیک اسکے
عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ
تھا علم کتاب سے میں لے آؤں گا تمہارے پاس اسکو پہلے اس سے کہ پھر آوے طرف تمہاری
طَرْفُكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ
نظر تمہاری پس جب دیکھا اسکو ٹھہرا ہوا نزدیک اپنے کہا یہ ہے فضل
رَبِّيْ ڣ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ
پروردگار میرے کے سے تو کہ آزماوے مجھ کو کہ شکر کرتا ہوں میں یا کفر کرتا ہوں میں اور جو کوئی شکر کرے پس سوائے اسکے نہیں شکر
لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا
کرتا ہے واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی ناشکری کرے پس تحقیق پروردگار میرا بےپرواہ ہے کرم کرنیوالا ف۴ کہا بدل ڈالو
لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا
واسطے اس کے تخت اس کا کہ دیکھیں ہم آیا راہ پاتی ہے یا ہوتی ہے ان لوگوں سے کہ نہیں
يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ۭ قَالَتْ
راہ پاتے ف۵ پس جب آئی بلقیس کہا گیا کیا اسی طرح کا ہے عرش تیرا کہا بلقیس نے
كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿۴۲﴾
گویا کہ یہ وہی ہے اور دیئے گئے تھے ہم علم پہلے اس سے اور ہوئے تھے ہم مسلمان ف۶

ف۱ اور کسی پیغمبر نے اس طرح کی بات نہیں فرمائی ان کو حق تعالیٰ کی سلطنت کا زور تھا جو یہ فرمایا۔
ف۲ کافر جو اپنے ایمان میں نہیں اس کا مال زبردستی سے حلال ہے جب وہ مسلمان ہوا پھر حلال نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۳ اپنی جگہ سے اسکو پھر ایک عرصہ لگتا اور معتبر اس واسطے کہا کہ اس میں جواہر لگے تھے بیش قیمت۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۴ یعنی ظاہر کے اسباب سے نہیں آیا، اللہ کا فضل ہے کہ میرے رفیق اس درجے کو پہنچے جن سے کرامت ہونے لگی پھر آوے آنکھ یعنی کسی طرف دیکھنے سے پھر اپنی طرف دیکھے اور اس کے پاس ایک علم تھا کتاب کا یعنی اللہ کے اسما اور کلام کی تاثیر کا وہ شخص آصف تھا، ان کا وزیر۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۵ روپ کا بدلنا یہ کہ وہ جڑاؤ کا تھا، اس کا جڑاؤ اکھاڑ کر اور قرینے سے جڑا اور بلقیس کی عقل آزمائی تھی اور اپنا معجزہ دکھانا۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۶ یعنی اس معجزہ کی حاجت نہ تھی۔ ۱۲۔ منہ رح

وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ

اور بند کیا اس کو اس چیز نے کہ تھی عبادت کرتی سوائے خدا کے تحقیق وہ تھی

مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿٤٣﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ

قوم کافروں سے کہا گیا واسطے اس کے داخل ہو محل میں پس جب دیکھا اسکو

حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۚ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ

گمان کیا اس کو گہرا پانی اور کھول دیا دونو پنڈلیوں اپنی سے کہا سلیمان نے تحقیق یہ محل ہے

مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ۬ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ

منڈھا ہوا شیشے سے کہا بلقیس نے اے پروردگار میرے تحقیق میں نے ظلم کیا جان اپنی کو

وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ

اور مطیع ہوئی ساتھ سلیمان کے واسطے پروردگار عالموں کے ف۱ اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے

اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ

طرف ثمود کی بھائی ان کے صالح کو یہ کہ عبادت کرو اللہ کو پس ناگہاں وہ

فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ

دو فرقے تھے آپس میں جھگڑتے تھے ف۲ کہا اے قوم میری کیوں جلدی کرتے ہو تم

بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

ساتھ برائی کے پہلے بھلائی کے کیوں نہیں بخشش مانگتے اللہ سے تو کہ

تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٦﴾ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ

رحم کیے جاؤ کہا انہوں نے بدشگون دیکھا ہم نے تجھ کو اور ان لوگوں کو کہ ساتھ تیرے ہیں کہا حضرت صالح نے

عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ

کہ شگون بد تمہارا نزدیک خدا کے ہے بلکہ تم ایک قوم کو ہو کہ گرفتار کیے جاتے ہو ف۳ اور تھے بیچ شہر کے

تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿٤٨﴾

نو شخص کہ فساد کرتے تھے بیچ زمین کے اور نہ اصلاح کرتے تھے

قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ

کہا انہوں نے کہ قسم کھاؤ آپس میں ساتھ اللہ کے البتہ شب خون ماریںگے ہم اسکو اور گھر والوں اسکے کو پھر البتہ کہیں گے ہم واسطے وارثوں

مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَمَكَرُوْا

اسکے کے کہ نہ حاضر تھے ہم وقت ہلاک اہل اسکے کے اور ہم البتہ سچے ہیں اور مکر کیا انہوں نے

ف۱ دیوان خانے میں بیٹھے تھے حضرت سلیمان اس میں پتھروں کی جگہ شیشے کا فرش تھا دور سے لگتا پانی لہراتا اس نے پنڈلیاں کھولیں پانی میں پیٹھنے کو حضرت سلیمان نے پکارا کہ یہ شیشوں کا فرش ہے پانی نہیں اس کو اپنی عقل کا قصور اور ان کی عقل کا کمال معلوم ہوا، سمجھی کہ دین میں بھی جو یہ سمجھے ہیں سو ہی صحیح ہے حضرت سلیمان نے سنا تھا کہ اس کی پنڈلیوں پر بال ہیں، بکری کی طرح اس طرح معلوم کر لیا کہ سچ تھے اس کی دوا تجویز کی نورہ کہتے ہیں وہ پری کے پیٹ سے پیدا ہوئی تھی یہ اثر اس کا تھا۔ ۱۲۔منہ رح

ع ۳ / ۱۳ / ۱۸

ف۲ یعنی ایک ایمان والے اور ایک منکر جیسے مکہ کے لوگ پیغمبر کے آئے سے جھگڑنے لگے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی کفر کی شامت سے تم پر سختی پڑی ہے کہ دیکھیں سمجھتے ہو یا نہیں۔ ۱۲۔منہ رح

مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ
ایک مکر اور مکر کیا ہم نے بھی ایک مکر اور وہ نہیں جانتے تھے پس دیکھ کیوں کر

كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۱﴾
ہوا آخر کام مکر ان کے کا یہ کہ ہلاک کیا ہم نے انکو اور قوم انکی کو سب کو

فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً
پس یہ ہیں گھر ان کے خالی بسبب اسکے کہ ظلم کیا تھا انہوں نے تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے

لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾
واسطے اس قوم کے کہ جانتے ہیں ف۲ اور نجات دی ہم نے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور تھے پرہیزگاری کرتے

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ
اور لوط کو جسوقت کہا اس نے واسطے قوم اپنی کے کیا کرتے ہو تم بے حیائی اور تم

تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَىِٕنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ
دیکھتے ہو ف۳ کیا آتے ہو تم مردوں کے پاس شہوت سے سوائے

النِّسَاۗءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ
عورتوں کے بلکہ تم ایک قوم ہو کہ جہل کرتے ہو پس نہ تھا جواب

قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ
قوم اس کی کا مگر یہ کہ کہا انہوں نے نکال دو لوگوں لوط کے کو بستی اپنی سے

اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا
تحقیق وہ ایک لوگ ہیں کہ ستھرائی کرتے ہیں پس نجات دی ہم نے اسکو اور اہل اسکے کو مگر

امْرَاَتَهٗ ۡ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ
عورت اسکی کو کہ مقرر کیا تھا ہم نے اسکو پیچھے رہنے والوں سے اور برسایا ہم نے اوپر ان کے

مَّطَرًا ۚ فَسَاۗءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾ ع قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ
ایک مینہ پس برا تھا مینہ ڈرائے گیوں کا ف۴ کہہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے

وَسَلٰمٌ عَلٰي عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۭ ءٰۗاللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا
اور سلام اوپر بندوں اس کے کے جن کو برگزیدہ کیا کیا اللہ بہتر ہے یا جس کو کہ

يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ ط
شریک لاتے ہیں ف۵

ف۱ یعنی ان کے ہلاک ہونے کے اسباب پورے ہوتے تھے جب تک شرارت حد کو نہ پہنچے، تب تک عذاب نہیں آتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی یہی حال ہے ان کافروں کا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی دیکھتے ہو کہ کیسا برا کام ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ حضرت سلیمانؑ کے قصے میں فرمایا ہم لادیں گے لشکر جن کا سامنا نہ کر سکیں گے وہی بات ہوئی رسول میں اور مکے والوں میں اور حضرت صالح پر نو شخص متفق ہوئے کہ رات کو پڑیں اللہ نے ان کو بچایا اور ان کو کھپایا اور مکے کے لوگ بھی یہی چاہ چکے لیکن نہ نا جس رات حضرت نے ہجرت کی۔ مکے کافر حضرت کا گھر گھیر بیٹھے تھے کہ صبح کو اندھیرے میں نکلیں تو سب مل کر مار ڈالیں حضرت نکل گئے ان کو نہ سوجھا اور قوم لوطؑ نے چاہا کہ شہر سے نکال دیں یہ بھی چاہ چکے اللہ نے آپ سے نکلنا بتا دیا، اور اسی میں کام بنا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ اللہ کی تعریف اور پیغمبر پر سلام بھیج کر اگلی بات شروع کرنی لوگوں کو سکھا دی۔ ۱۲۔ منہ رح

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً
آیا کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں کو اور زمین کو اور اتارا واسطے تمہارے آسمان سے پانی

فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا
پس اگائے ہم نے ساتھ اسکے باغ رونق والے نہ قدرت تھی تم کو یہ کہ اگاؤ

شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿٦٠﴾ اَمَّنْ
درختوں انکے کو آیا ہے کوئی معبود ساتھ اللہ کے بلکہ وہ ایک قوم ہیں کہ پھر جاتے ہیں راہ راست آیا کس نے

جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا
کیا ہے زمین کو ٹھکانا اور کیں درمیان اسکے نہریں اور کیے واسطے اس کے

رَوَاسِیَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ
پہاڑ اور کیا درمیان دو دریا کے پردہ آیا ہے کوئی معبود ساتھ اللہ کے

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ ﴿٦١﴾ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا
بلکہ اکثر ان کے نہیں جانتے آیا کون ہے کہ قبول کرتا ہے دعا مضطر کی جس وقت

دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ
کہ پکارتا ہے اسکو اور کھولدیتا ہے برائی اور کرتا ہے تم کو جانشین زمین کا آیا ہے کوئی معبود

مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ ﴿٦٢﴾ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِیْ ظُلُمٰتِ
سوائے اللہ کے تھوڑے سے نصیحت پکڑتے ہو آیا کون ہے کہ راہ دکھاتا ہے تم کو بیچ اندھیروں

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَیْ رَحْمَتِهٖ ؕ
جنگل کے اور دریا کے اور کون بھیجتا ہے ہاؤں کو خوشخبری دینے والی آگے رحمت اسکی کے

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ؕ ﴿٦٣﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا
کیا ہے کوئی معبود ساتھ اللہ کے بہت بلند ہے اللہ اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں یا کون پہلی بار کرتا ہے

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ
پیدائش پھر دوبارہ کریگا اسکو اور کون رزق دیتا ہے تم کو آسمان سے اور زمین سے

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٦٤﴾
کیا ہے کوئی معبود ساتھ اللہ کے کہہ لاؤ تم دلیل اپنی اگر ہو تم سچے

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ
کہہ نہیں جانتا کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے غیب کو مگر اللہ

وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝٦٥ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ قف
اور نہیں جانتے کہ کس وقت اٹھائے جاوینگے بلکہ مختلف ہوا ہے علم انکا بیچ آخرت کے

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا قف بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ۝٦٦ ع وَ ع ۵/۸ ۱
بلکہ وہ بیچ شک کے ہیں اس سے بلکہ وہ اس سے اندھے ہیں ف اور

قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا
کہا ان لوگوں نے کہ کافر ہوئے کیا جسوقت ہو جاوینگے ہم مٹی اور باپ ہمارے کیا ہم

لَمُخْرَجُوْنَ ۝٦٧ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ لا
البتہ نکالے جاوینگے البتہ تحقیق وعدہ دیئے گئے ہیں ہم اس بات کا ہم اور باپ ہمارے پہلے اس سے

اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٦٨ قُلْ سِيْرُوْا فِي
نہیں یہ مگر کہانیاں پہلوں کی کہہ سیر کرو بیچ

الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝٦٩ وَلَا
زمین کے پس دیکھو کہ کیونکر ہوا آخر کام گنہگاروں کا اور مت

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝٧٠
غمگین ہو اوپر ان کے اور مت ہو بیچ تنگی کے اس چیز سے کہ مکر کرتے ہیں

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٧١ قُلْ
اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم سچے کہہ

عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝٧٢
شتاب ہے یہ کہ لگی ہو پیچھے تمہارے بعضی وہ چیز کہ جلدی کرتے ہیں

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ صاحب فضل ہے اوپر لوگوں کے و لیکن بہت ان کے

لَا يَشْكُرُوْنَ ۝٧٣ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ
نہیں شکر کرتے اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ جانتا ہے جو کچھ پوشیدہ کرتے ہیں سینے انکے

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝٧٤ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
اور جو کچھ کہ ظاہر کرتے ہیں اور نہیں کوئی چیز پوشیدہ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے

اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝٧٥ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى
مگر بیچ کتاب بیان کرنیوالی کے ہے تحقیق یہ قرآن بیان کرتا ہے اوپر

ف یعنی عقل دوڑا کر تھک گئے، آخرت کی حقیقت نہ پائی، کبھی شک کرتے ہیں کبھی منکر ہوتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ أَكۡثَرَ ٱلَّذِي هُمۡ فِيهِ يَخۡتَلِفُونَ ۝٧٦ وَإِنَّهُۥ

بنی اسرائیل کے اکثر اس چیز کا کہ وہ بیچ اسکے اختلاف کرتے ہیں ف۱ اور تحقیق یہ

لَهُدٗى وَرَحۡمَةٞ لِّلۡمُؤۡمِنِينَ ۝٧٧ إِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِي بَيۡنَهُم

قرآن البتہ ہدایت ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے تحقیق رب تیرا فیصل کرے گا درمیان انکے

بِحُكۡمِهِۦۚ وَهُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡعَلِيمُ ۝٧٨ فَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِۖ إِنَّكَ عَلَى

ساتھ حکم اپنے کے اور وہی ہے غالب جاننے والا پس توکل کر اوپر اللہ کے تحقیق تو اوپر

ٱلۡحَقِّ ٱلۡمُبِينِ ۝٧٩ إِنَّكَ لَا تُسۡمِعُ ٱلۡمَوۡتَىٰ وَلَا تُسۡمِعُ ٱلصُّمَّ

حق ظاہر کے ہے تحقیق تو نہیں سناتا مُردوں کو اور نہیں سناتا بہروں کو

ٱلدُّعَآءَ إِذَا وَلَّوۡاْ مُدۡبِرِينَ ۝٨٠ وَمَآ أَنتَ بِهَٰدِي ٱلۡعُمۡيِ عَن

پکارنا جس وقت کہ پھر جاویں پیٹھ پھیر کر اور نہیں تو راہ دکھانیوالا اندھوں کو

ضَلَٰلَتِهِمۡۖ إِن تُسۡمِعُ إِلَّا مَن يُؤۡمِنُ بِـَٔايَٰتِنَا فَهُم مُّسۡلِمُونَ ۝٨١

گمراہی انکی سے نہیں سناتا تو مگر اس شخص کو کہ ایمان لاتا ہے ساتھ نشانیوں ہماری کے پس وہ مطیع ہیں

وَإِذَا وَقَعَ ٱلۡقَوۡلُ عَلَيۡهِمۡ أَخۡرَجۡنَا لَهُمۡ دَآبَّةٗ مِّنَ ٱلۡأَرۡضِ

اور جسوقت آن پڑے گی بات اوپر اُن کے نکالیں گے ہم واسطے انکے ایک جانور زمین سے

تُكَلِّمُهُمۡ أَنَّ ٱلنَّاسَ كَانُواْ بِـَٔايَٰتِنَا لَا يُوقِنُونَ ۝٨٢ وَيَوۡمَ نَحۡشُرُ

بولے گا اُن سے یہ کہ لوگ تھے ساتھ نشانیوں ہماری کے نہیں یقین لاتے ف۲ اور جسدن کہ اٹھاویں گے ہم

مِن كُلِّ أُمَّةٖ فَوۡجٗا مِّمَّن يُكَذِّبُ بِـَٔايَٰتِنَا فَهُمۡ يُوزَعُونَ ۝٨٣

ہر ایک اُمت میں سے جماعت ان لوگوں سے کہ جھٹلاتے تھے نشانیوں ہماری کو پس وہ فرقے فرقے اکٹھے کیے جاوینگے ف۳

حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءُو قَالَ أَكَذَّبۡتُم بِـَٔايَٰتِي وَلَمۡ تُحِيطُواْ

یہانتک کہ جب آویں گے کہے گا حق تعالے کیا جھٹلاتے تھے تم نشانیوں ہماری کو اور نہیں گھیرا تھا تم نے

بِهَا عِلۡمًا أَمَّاذَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ ۝٨٤ وَوَقَعَ ٱلۡقَوۡلُ عَلَيۡهِم

ان کو علم کر آیا کیا کرتے تھے تم اور آن پڑیگی بات اوپر اُن کے

بِمَا ظَلَمُواْ فَهُمۡ لَا يَنطِقُونَ ۝٨٥ أَلَمۡ يَرَوۡاْ أَنَّا جَعَلۡنَا ٱلَّيۡلَ

بسبب ظلم ان کے کے پس وہ نہ بول سکیں گے کیا نہیں دیکھا انہوں نے یہ کہ کی ہم نے رات

لِيَسۡكُنُواْ فِيهِ وَٱلنَّهَارَ مُبۡصِرًاۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٖ

تو کہ آرام پکڑیں بیچ اسکے اور دن کو دکھلانے والا تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں

ف۱ بعضے قصے ان کے ہاں کئی طرح روایت تھے اس میں اسی طرح فرمایا جو صحیح تھا اکثر عقیدے اکثر مٹلے اس میں اس طرف اشارے کو دیئے ان پر معلوم ہوا کہ صحیح وہی تھا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ قیامت سے پہلے صفا پہاڑ مکے کا پھٹے گا۔ اس میں سے ایک جانور نکلے گا۔ لوگوں سے باتیں کریگا کہ اب قیامت نزدیک ہے اور سچے ایمان والوں کو اور چھپے منکروں کو جدا جدا کردے گا نشان دے کر۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۶ ۱۶ ۲

ف۳ یعنی ہر گناہ والے ایک جتھا ہوں گے۔ ۱۲۔ منہ رح

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ
واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں اور جس دن کہ پھونکا جاویگا بیچ صور کے پس ڈر جاویگا
مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ
جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور جو کوئی بیچ زمین کے ہے مگر جس کو چاہا اللہ نے
وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً
اور سب آوینگے آگے اس کے ذلیل ف۱ اور دیکھے گا تو پہاڑوں کو گمان کرتا ہے تو اُنکو جمے ہوئے
وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ
اور وہ چلے جاتے ہیں مانند گذرنے بادلوں کے کاریگری اللہ کی جس نے محکم کیا ہر
شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌ ۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ
چیز کو تحقیق وہ خبردار ہے ساتھ اسچیز کے کہ کرتے ہو ف۲ جو کوئی لاوے نیکی پس واسطے اسکے
خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿٨٩﴾ وَمَنْ جَآءَ
ہے بہتر اس سے اور وہ ڈر سے اس دن امن میں ہیں اور جو کوئی لاوے
بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا
برائی پس ڈالے جاوینگے منہ اُن کے بیچ آگ کے نہیں جزا دیئے جاؤگے تم مگر
مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ
جو کچھ کہ تھے تم کرتے سوائے اس کے نہیں کہ حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ عبادت کروں پروردگار اس
الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ۫ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ
شہر کے کو یعنی مکہ جس نے حرمت دی اسکو اور واسطے اسکے ہے ہر چیز اور حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ ہوں میں
مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩١﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى
مسلمانوں سے اور یہ کہ پڑھوں میں قرآن پس جس نے راہ پائی
فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا
پس سوائے اس کے نہیں ہے کہ راہ پاتا ہے واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی گمراہ ہوا پس سوائے اسکے نہیں کہ
مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿٩٢﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
میں ڈرانے والوں سے ہوں اور کہہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے البتہ دکھلاویگا تم کو نشانیاں اپنی
فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٣﴾ ع
پس پہچانوگے تم اُن کو اور نہیں پروردگار تیرا غافل اسچیز سے کہ کرتے ہو تم

ع ١١ ٣

ف۱ ایک بار صور پھونکے گا جس سے سب خلق مر جاوینگے دوسرا پھونکے گا تو جی اٹھیں گے اس کے بعد جو پھونکے گا تو گھبرا جاویں گے اور پھونکے گا تو بیہوش ہو جاویں گے اور پھونکے گا تو ہوشیار ہو جاوینگے صور پھونکنا بہت بار ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ یہ ہوگا قیامت میں جیسے سورہ طٰہٰ میں فرمایا ہے۔ ينسفها ربي نسفا۔ ۱۲۔منہ رح

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اٰيَاتُهَا ۸۸ رُكُوْعَاتُهَا ۹

سورۂ قصص مکہ میں نازل ہوئی ۔ شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے ۔ اسمیں اٹھاسی آیتیں اور نو رکوع ہیں

طٰسٓمّٓ ۝١ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝٢ نَتْلُوْا عَلَيْكَ

یہ آیتیں ہیں کتاب بیان کرنے والی کی پڑھتے ہیں ہم اوپر تیرے

مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝٣

کچھ قصے موسیٰ کے سے اور فرعون کے سے ساتھ حق کے واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ف۱

اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا

تحقیق فرعون نے تکبر کیا تھا بیچ زمین کے اور کیا تھا لوگوں اسکے کو فرقے مختلف

يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ

ضعیف جانتا تھا ایک گروہ کو اُن میں سے ذبح کرتا تھا بیٹوں ان کے کو اور زندہ رہنے دیتا

نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٤ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ

عورتیں اُن کی تحقیق وہ تھا مفسدوں سے ف۲ اور ارادہ کرتے تھے ہم یہ کہ

عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً

احسان کریں ہم اوپر ان لوگوں کے کہ ناتواں کیے گئے تھے بیچ زمین کے اور کریں انکو پیشوا دین میں

وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٥ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ

اور کریں ان کو وارث ملک کے اور قدرت دیں انکو بیچ زمین کے اور دکھلاویں

فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝٦

فرعون کو اور ہامان کو اور لشکروں انکے کو ان کے ہاتھ سے جو کچھ تھے وہ ڈرتے ف۳

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ

اور وحی کی ہم نے طرف ماں موسیٰ کی یہ کہ دودھ پلائے جا اسکو پس جب ڈرے تو اُوپر اسکے

فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ

پس ڈالدے اسکو بیچ دریا کے اور مت ڈر اور مت غم کھا تحقیق ہم پھیر لانیوالے ہیں اسکو

اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٧ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ

طرف تیری اور کرنے والے ہیں ہم اس کو پیغمبروں سے ف۴ پس اٹھا لیا اسکو لوگوں

فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ؕ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ

فرعون کے نے تو کہ ہو واسطے ان کے دشمن اور کڑھانیوالا تحقیق فرعون اور ہامان

ف۱ یعنی مسلمان لوگ اپنا حال قیاس کریں۔ ظالموں کے مقابلہ میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ بیٹے ذبح کرتا کہ یہ قوم بڑھ نہ جاویں کہ زور پکڑیں یعنی بنی اسرائیل ۱۲۔ منہ رح

ف۳ ہامان وزیر تھا فرعون کا ظلم میں اس کا شریک۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یہ ان کی ماں کے دل میں پڑ گیا یا خواب میں دیکھا ہر گذر کے پیادے ڈھونڈ ڈھونڈ لاتے اور مارتے جس کے ہاں بیٹا ہوتا۔ ۱۲۔ منہ رح

وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۸ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ

اور لشکر اس کے تھے خطا کرنے والے ف۱ اور کہا عورت فرعون کی نے

قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ؕ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ

ٹھنڈک آنکھوں کی ہے یہ واسطے میرے اور واسطے تیرے مت مارو اسکو شاید کہ نفع دے ہم کو

اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۹ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ

یا کرلیں گے اس کو بیٹا اور وہ نہ سمجھتے تھے ف۲ اور ہو گیا دل

اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَاۤ اَنْ

ماں موسےٰ کی کا خالی صبر سے تحقیق نزدیک تھی کہ البتہ ظاہر کردیوے اسکو اگر نہ باندھ

رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۱۰ وَقَالَتْ

رکھتے ہم اوپر دل اسکے کے ہمت تو کہ ہو ایمان والوں سے اور کہا اس نے

لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۫ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا

واسطے بہن موسےٰ کے پیچھے پیچھے چلی جا اسکے پس دیکھتی تھی اسکو دور سے اور وہ نہ

يَشْعُرُوْنَ ۱۱ ۙ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ

جانتے تھے اور حرام کردیا ہم نے اوپر اسکے دودھ دائیوں کا پہلے اس سے پس کہا اسنے

هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰۤى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ

کیا دلالت کروں میں تم کو اوپر ایک گھر والوں کے کہ پالیں اس کو واسطے تمہارے اور واسطے اسکے بہت

نٰصِحُوْنَ ۱۲ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ

خیر خواہ ہیں ف۳ پس پھیر لائے ہم اسکو طرف ماں اسکی کے تو کہ ٹھنڈی رہیں آنکھیں اُسکی اور نہ غم کھاوے

وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۱۳ ع

اور تو کہ جانے کہ تحقیق وعدہ اللہ کا حق ہے و لیکن اکثر ان کے نہیں جانتے ف۴

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ

اور جب پہنچا جوانی اپنی کو اور پُورا ہوا دیا ہم نے اس کو حکم اور علم اور اسی طرح

نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۱۴ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ

جزا دیتے ہیں ہم احسان کرنیوالوں کو اور اندر آیا بیچ شہر کے اُوپر وقت

غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۫

غفلت کے لوگوں اس کے سے پس پائے بیچ اس کے دو مرد کہ لڑتے تھے

ف۱ ایک لکڑی کے صندوق میں ڈال کر ان کو بہا دیا نہر میں وہ بہتا چلا گیا فرعون کے محل میں اس کی عورت نے ان کو اٹھا لیا پالنے کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ خبر نہیں کہ بڑا ہو کر کیا کرے گا لیکن جانا کہ بنی اسرائیل میں کسی نے خوف سے ڈالا ہے پر ایک لڑکا نہ مارا تو کیا ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ فرعون کی عورت تھی بنی اسرائیل میں کی۔ حضرت موسےٰ کے چچا کی بیٹی اس لفظ سے پہچان گئی کہ لڑکا ان کا ہے، اور جب ان کو لے پالا تو دائیاں ڈھونڈھیں کسی کا دودھ انہوں نے نہ پیا۔ ناچار ہو گئی تھی تب ان کی ماں کو بلایا اس کا دودھ پینے لگے اس کو حوالہ کیا پالنے کو ایک دینار روز کر دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی وعدہ اللہ کا پہنچ رہتا ہے۔ بیچ میں بڑے بڑے پھیر پڑ جاتے ہیں اس میں بہت لوگ بے یقین ہوتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۳ ۱

هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ

یہ ایک قوم اس کی سے اور یہ دوسرا دشمن اس کے سے پس فریاد کی اس نے کہ قوم

مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى

اس کی سے تھا اوپر اس شخص کے کہ دشمن اسکے سے تھا پس مکہ مارا اسکو موسےٰ نے پس تمام کی زندگی

عَلَيْهِ ۖ ف قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ

اوپر اسکے کہا کہ یہ حرکت شیطان کی ہوئی تحقیق وہ دشمن ہے گمراہ کرنے والا

مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ

ظاہر ف کہا اے رب میرے تحقیق میں نے ظلم کیا جان اپنی کو پس بخش مجھ کو پس بخش دیا

لَهٗ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ

اس کو تحقیق وہ بخشنے والا مہربان ہے کہا اے رب میرے اس واسطے کہ انعام کیا تونے

عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ

اوپر میرے پس ہرگز نہ ہونگا میں پشتیبان گنہگاروں کا ف پس فجر کو اٹھا بیچ شہر کے

خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ

ڈرتا ہوا خبر لیتا پس ناگہاں وہ شخص کہ جس نے مدد مانگی تھی اس سے کل

يَسْتَصْرِخُهٗ ۭ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾

پکارتا ہے اس کو کہا واسطے اسکے موسےٰ نے تحقیق تو البتہ گمراہ ہے ظاہر ف

فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ

پس جب قصد کیا یہ کہ پکڑے اس شخص کو کہ وہ دشمن تھا ان دونو کا

قَالَ يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا

کہا اے موسےٰ کیا چاہتا ہے تو یہ کہ مار ڈالے مجھ کو جیسا مار ڈالا تھا تونے ایک جی کو

بِالْاَمْسِ ڰ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ

کل نہیں ارادہ کرتا تو مگر یہ کہ ہو سرکش بیچ زمین کے

وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ

اور نہیں ارادہ کرتا تو یہ کہ ہو صلح کرنیوالوں سے ف اور آیا ایک مرد

مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۡ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ

کنارے شہر کے سے دوڑتا ہوا کہا اے موسےٰ تحقیق یہ سردار

ف۱ جب حضرت موسیٰ جوان ہوئے فرعون کی قوم سے بیزار رہتے ان کے کفر سے اور ان کے ساتھ لگے رہتے بنی اسرائیل وہی دو شخص لڑتے دیکھے ظالم تھا فرعونی اس کو مارا تھا ادب دینے کو اس کی اجل آگئی۔ یہ پچتائے کہ بے قصد خون ہوگیا اور ان کی ماں کا گھر تھا شہر سے باہر جہاں سب بنی اسرائیل رہتے تھے حضرت موسےٰ کبھی وہاں جاتے کبھی فرعون کے گھر آتے اور فرعون کی قوم ان کی دشمن تھی کہ غیر قوم کا شخص ہے ایسا نہ ہو کہ زور پکڑلے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ شاید اس فریادی کی بھی کچھ تقصیر تھی اور بخشنا انہوں نے جانا الہام سے پیغمبر لوگ نبوّت سے پہلے ولی تو ہوتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی روز ظالموں سے الجھتا ہے اور مجھ کو لڑواتا ہے راہ دیکھتے یہ کہ خون والے فرعون پاس فریاد لے گئے ہیں، دیکھیے کس پر ثابت ہو اور مجھ سے کیا سلوک کریں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ ہاتھ ڈالنا چاہا اس ظالم پر بول اٹھا مظلوم جانا کہ زبان سے مجھ کو غصہ کیا ہاتھ بھی مجھ پر چلادیں گے وہ کل کا خون چھپا رہا تھا کہ کس نے کیا آج اس کی زبان سے مشہور ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

يَأْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾
مصلحت کرتے ہیں بیچ تیرے تو کہ مار ڈالیں تجھ کو پس نکل تحقیق میں واسطے تیرے خیرخواہوں سے ہوں ف۱
فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ
پس نکلا اس شہر سے ڈرتا ہوا خبر لیتا ہوا کہا اے رب میرے نجات دے مجھ کو
الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ ع وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ
قوم ظالموں کی سے اور جب متوجّہ ہوا طرف مدین کے کہا
عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ
نزدیک ہے پروردگار میرا یہ کہ دکھلاوے مجھ کو راہ سیدھی ف۲ اور جب آیا اُوپر پانی
مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ وَوَجَدَ
مدین کے پائی اوپر اس کے ایک جماعت لوگوں کی کہ پلاتے تھے پانی ف۳ اور پائیں
مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا قَالَتَا
ورے اُن سے دو عورتیں کہ ہٹاتی تھیں بکریوں اپنی کو کہا کیا ہے حال تمارا کہا ان دو نے کہ
لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا
نہیں پلاتیاں ہم پانی یہاں تک کہ پھیرلے جاویں چرواہے اور باپ ہمارا بوڑھا ہے بڑا ف۴ پس پانی پلایا واسطے انکے
ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ
پھر پھر گیا طرف سائے کی پس کہا اے رب میرے تحقیق میں واسطے اس چیز کے کہ اتاری تو نے طرف میری
خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ
بھلائی سے محتاج ہوں ف۵ پس آئی اسکے پاس ایک ان دونوں میں سے چلتی تھی شرماتی
قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ط
کہا تحقیق باپ میرا بلاتا ہے تجھ کو تو کہ دیوے تجھ کو مزدوری اسکی کہ پانی پلایا تو نے واسطے ہمارے
فَلَمَّا جَآءَهُ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ قَالَ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ
پس جب آیا موسےٰ اسکے پاس اور بیان کیا اوپر اس کے قصّہ کہا مت ڈر نجات پائی تو نے
مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ
قوم ظالموں کی سے کہا ایک نے ان دونو میں سے اے باپ ہمارے نوکر رکھ لے اسکو
اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّيْ
تحقیق بہتر جس کو نوکر رکھے تو زور آور ہے غالب امانت والا ف۶ کہا کہ تحقیق میں

ع ۲ ۸ ۵

ف۱ یہ سنایا ہمارے رسول کو کہ یہ بھی وطن سے نکلیں، جان کے خوف سے کافر سب اکٹھے ہوئے تھے کہ ان پر مل کر چوٹ کریں۔ اسی رات نکلے ہجرت کر کر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ واقف نہ تھے راہ سے اللہ نے اسی راہ پر ڈال دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ مصر سے دس دن کی راہ سے وہاں پہنچے بھوکے پیاسے لوگ پانی پلاتے تھے بکریوں کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ وہ حیا سے کنارے کھڑی تھیں بکریاں ایک طرف لے کر اور ان کو قوت نہ تھی کہ بھاری ڈول نکالیں اوروں سے بچا پانی پلانیاں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ عورتوں نے پہچانا کہ چھاؤں پکڑتا ہے مسافر ہے دور سے آیا تھکا بھوکا جا کر اپنے باپ سے کہا ان کو درکار تھا کوئی مرد ہو نیک بخت کہ بکریاں تھالے اور بیٹی بھی بیاہ دیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۶ زور دیکھا ڈول نکالنے سے اور امانتدار دیکھا بے طمع ہونے سے ۱۲۔ منہ رح

أُرِيدُ أَنْ أُنكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ عَلَى أَن تَأْجُرَنِي
چاہتا ہوں یہ کہ نکاح کردوں تجھ سے ایک کو دو بیٹیوں اپنی سے جو یہ ہیں اس پر کہ نوکری کرے تو میری

ثَمَانِيَ حِجَجٍ ۖ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِندِكَ ۖ وَمَا أُرِيدُ
آٹھ برس پس اگر پورا کردے تو دس برس پس وہ نزدیک تیرے سے ہے اور نہیں ارادہ کرتا

أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ ۚ سَتَجِدُنِي إِن شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿٢٧﴾
میں یہ کہ محنت ڈالوں اوپر تیرے البتہ پاوے گا تو مجھ کو اگر چاہا ہے اللہ نے صالحوں سے

قَالَ ذَٰلِكَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ ۖ أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا
کہا کہ یہ ہے قرار درمیان میرے اور درمیان تیرے جونسی دو مدتوں میں سے پورا کروں میں پس نہیں

عُدْوَانَ عَلَيَّ ۖ وَاللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ﴿٢٨﴾ فَلَمَّا قَضَىٰ
زیادتی اوپر میرے اور اللہ اوپر اس چیز کے کہ کہتے ہیں ہم کارساز ہے ف پس جب تمام کی

مُوسَى الْأَجَلَ وَسَارَ بِأَهْلِهِ آنَسَ مِن جَانِبِ الطُّورِ
موسیٰ نے مدت اور لے چلا بی بی اپنی کو دیکھی جانب طور کے سے

نَارًا قَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّي آتِيكُم
آگ کہا بی بی اپنی کو تھم جاؤ تم تحقیق میں نے دیکھی ہے آگ شاید کہ لے آؤں میں اس

مِّنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ ﴿٢٩﴾ فَلَمَّا
پاس سے خبر یا چنگاری آگ کی تو کہ تم سینکو پس جب

أَتَاهَا نُودِيَ مِن شَاطِئِ الْوَادِ الْأَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ
آیا اسکے پاس پکارا گیا کنارے میدان برکت والے کے سے بیچ زمین

الْمُبَارَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ أَن يَا مُوسَىٰ إِنِّي أَنَا اللَّهُ رَبُّ
مبارک کے طرف درخت کی سے یہ کہ اے موسیٰ تحقیق میں ہوں اللہ پروردگار

الْعَالَمِينَ ﴿٣٠﴾ وَأَنْ أَلْقِ عَصَاكَ ۖ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا
عالموں کا اور یہ کہ ڈالدے عصا اپنا پس جب دیکھا اس کو ہلتا ہے گویا کہ وہ

جَانٌّ وَلَّىٰ مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ ۚ يَا مُوسَىٰ أَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۖ
سانپ ہے پھر چلا پیٹھ پھیر کر اور نہ پیچھے پھر کر دیکھا اے موسیٰ آگے آ اور مت ڈر

إِنَّكَ مِنَ الْآمِنِينَ ﴿٣١﴾ اسْلُكْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ
تحقیق تو امن والوں سے ہے پیٹھا ہاتھ اپنا بیچ گریبان اپنے کے نکل آوے گا

ف ہمارے حضرت بھی وطن سے نکلے سو آٹھ برس پیچھے آکر مکہ فتح کیا اگر چاہتے اسی وقت شہر خالی کرواتے کافروں سے لیکن اپنی خوشی سے دس برس پیچھے کافروں سے پاک کیا ان بزرگ کا نام نہیں فرمایا۔ قرآن میں اور توریت میں نام کچھ اور ہے اور مشہور ہے کہ حضرت شعیب پیغمبر تھے۔ ۱۲۔ منہ رح

۳ ع ۷ ۶

بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ز وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ
سفید بغیر برائی کے اور ملا لے طرف اپنی بازو اپنے کو

الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ
ڈر سے پس یہ دو دلیلیں ہیں پروردگار تیرے سے طرف فرعون کی اور سرداروں اسکے کی

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ
تحقیق وہ ہیں قوم فاسق ف کہا اے رب میرے تحقیق مارڈالا ہے میں نے اُن میں سے

نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۳۳﴾ وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ
ایک شخص کو پس ڈرتا ہوں میں یہ کہ مار ڈالیں مجھ کو اور بھائی میرا جو ہارون ہے وہ بہت فصیح ہے مجھ سے

لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ ز اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ
زبان میں پس بھیج اس کو ساتھ میرے مدد دینے والا کہ مانے مجھ کو تحقیق میں ڈرتا ہوں یہ کہ

يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ
جھٹلاویں مجھ کو کہا البتہ محکم کریں گے ہم بازو تیرا ساتھ بھائی تیرے کے اور کریں گے

لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚۛ بِاٰيٰتِنَآ ۚۛ اَنْتُمَا وَمَنِ
واسطے تمہارے غلبہ پس نہیں پہنچ سکیں گے لوگ طرف تمہاری ساتھ نشانیوں ہماری کے تم اور جو کوئی

اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ
پیروی کرے تم دونوں کی غالب ہو پس جب آیا ان کے پاس موسے ساتھ نشانیوں ہماری کے ظاہر

قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا
کہا انہوں نے نہیں ہے یہ مگر جادو باندھ لیا ہوا اور نہیں سنا ہم نے

بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ
یہ بیچ باپوں اپنے پہلوں کے اور کہا موسے نے پروردگار میرا خوب جانتا ہے

بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ
اس شخص کو کہ لایا ہے ہدایت نزدیک اس کے سے اور اس شخص کو کہ ہو گی واسطے اسکے پچھاڑی اس

الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا
گھر کی تحقیق نہیں فلاح پاتے ظالم اور کہا فرعون نے اے

الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ج فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ
سردارو نہیں جانتا میں واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اپنے پس آگ جلا واسطے میرے اے ہامان

ف بازو ملا ڈر سے یعنی سانپ کا ڈر جاتا رہے۔ ۱۲-منہ رح

معارف ۱۱

عَلَى الطِّينِ فَاجْعَلْ لِّي صَرْحًا لَّعَلِّي أَطَّلِعُ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ

اُوپر مٹی کے پس تیار کر واسطے میرے ایک محل تو کہ میں چڑھ جاؤں جھانکوں طرف معبود موسےٰ کی

وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ مِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿۳۸﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُودُهُ فِي

اور تحقیق میں گمان کرتا ہوں اس کو جھوٹوں سے ف۱ اور تکبّر کیا اس نے اور لشکروں اسکے نے بیچ

الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ ﴿۳۹﴾

زمین کے نا حق اور گمان کیا انہوں نے یہ کہ وہ طرف ہماری نہیں پھیرے جاوینگے

فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ

پس پکڑا ہم نے اسکو اور لشکروں اسکے کو پس ڈال دیا ہم نے انکو بیچ دریا کے پس دیکھ کیونکر

كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿۴۰﴾ وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ

ہوا آخر کام ظالموں کا اور کیا ہم نے اُن کو پیشوا کہ بلاتے تھے

إِلَى النَّارِ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يُنصَرُونَ ﴿۴۱﴾ وَأَتْبَعْنَاهُمْ

طرف آگ کی اور دن قیامت کے نہ مدد دیئے جاوینگے اور پیچھے لائے ہم اُن کے

فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ هُم مِّنَ

بیچ اس دنیا کے لعنت اور دن قیامت کے وہ بُرائی

الْمَقْبُوحِينَ ﴿۴۲﴾ ع وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ مِن بَعْدِ مَا

کیے گیوں سے ہیں اور البتہ تحقیق دی ہم نے موسےٰ کو کتاب پیچھے اس کے کہ

أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ الْأُولَىٰ بَصَائِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى

ہلاک کیے ہم نے قرن پہلے دلیلیں واسطے لوگوں کے اور ہدایت

وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ

اور مہربانی تو کہ وہ نصیحت پکڑیں ف۲ اور نہ تھا تو طرف غربی طور کے

إِذْ قَضَيْنَا إِلَىٰ مُوسَى الْأَمْرَ وَمَا كُنتَ مِنَ الشَّاهِدِينَ ﴿۴۴﴾

جسوقت کہ فیصل کیا ہم نے طرف موسیٰ کی حکم اور نہ تھا تو حاضروں سے ف۳

وَلَٰكِنَّا أَنشَأْنَا قُرُونًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنتَ

و لیکن پیدا کیے ہم نے قرن پس دراز ہوئی اُوپر ان کے عمران کی اور نہ تھا تو

ثَاوِيًا فِي أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَلَٰكِنَّا كُنَّا

رہنے والوں مدین کے سے پڑھا کرتا اوپر اُن کے آیتیں ہماری و لیکن ہیں ہم

وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ
اور خیرات دینے والیاں اور روزہ رکھنے والے اور روزہ رکھنے والیاں اور نگہبانی کرنے والے

ف۱ یہ بڑے درجہ کا لازمہ ہے نیکی کا ثواب دونا اور برائی کا عذاب دونا پیغمبر کو بھی فرمایا۔ اذ قناک ضعف الحیوۃ ۔ ۱۲۔ منہ

ف۲ یہ ایک ادب سکھایا کہ کسی مرد سے بات کہو تو اس طرح کہو جیسے ماں کہے بیٹے کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی کفر کے وقت بے پردہ پھرتی تھیں عورتیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یہ خطاب ہے ازواج کو اور داخل ہیں حضرت کے سب گھر والے۔ ۱۲۔ منہ رح

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ
شرمگاہ اپنی کی اور نگہبانی کرنے والیاں اور یاد کرنے والے اللہ کو بہت اور یاد کرنے والیاں

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝۳۵ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ
تیار کیا ہے اللہ نے واسطے اُنکے بخشش اور ثواب بڑا ف۱ اور نہیں ہے لائق واسطے کسی مرد مسلمان کے

وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ
اور نہ عورت مسلمان کے جس وقت کہ مقرر کرے خدا اور رسول اس کا کوئی کام یہ کہ ہووے واسطے انکے

الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ
اختیار کام اپنے سے اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ کی اور رسول اسکے کی پس تحقیق

ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ؕ۝۳۶ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ
گمراہ ہوا گمراہی ظاہر ف۲ اور جس وقت کہ کہتا تھا تو واسطے اس شخص کے کہ نعمت رکھی ہے اللہ نے اوپر اسکے

وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَ
اور نعمت رکھی ہے تو نے اوپر اسکے تھام رکھ اوپر اپنے بی بی اپنی کو اور ڈر خدا سے اور

تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ
چھپاتا تھا تو بیچ جی اپنے کے جو کچھ کہ اللہ ظاہر کرنے والا ہے اسکا اور ڈرتا تھا تو لوگوں سے اور اللہ

اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ
بہت لائق ہے اسکا کہ ڈرے تو اس سے پس جب ادا کرلی زید نے اس سے حاجت بیاہ دیا ہم نے تجھ سے اس کو تو کہ

لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا
نہ ہووے اوپر ایمان والوں کے تنگی بیچ بی بیوں لے پالکوں انکے کے جب

قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝۳۷ مَا كَانَ عَلَى
ادا کرلیں اُن سے حاجت اور ہے حکم خدا کا کیا گیا ف۳ نہیں ہے اوپر

النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ
نبی کے کچھ تنگی بیچ اس چیز کے کہ مقرر کی ہے اللہ نے واسطے اسکے راہ مقرر کی اللہ نے بیچ ان لوگوں کے

خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۝۳۸ۙ الَّذِيْنَ
کہ گذرے پہلے اس سے اور ہے کام اللہ کا اندازے پر مقرر کیا ہوا وہ لوگ

يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا
کہ پہنچاتے ہیں پیغام خدا کا اور ڈرتے ہیں اس سے اور نہیں ڈرتے کسی سے مگر

ف۱ حضرت کی ایک بی بی نے کہا تھا کہ قرآن میں سب ذکر ہے مردوں کا عورتوں کا کہیں نہیں، اس پر یہ آیت اتری۔ نیک عورتوں کی خاطر کو نہیں تو حکم مردوں پر کہا سو عورتوں پر بھی آیا ہر بار جدا کہنے کی حاجت نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت زینب رسول خدا کی پھوپھی کی بیٹی اور قوم میں اشراف حضرت نے چاہا کہ ان کو نکاح کردیں زیدؓ بن حارث سے، یہ زید اصل عرب تھے ظالم پکڑے گیا۔ لڑکپن میں شہر مکے میں بکے حضرت نے مول لیا دس برس کی عمر میں ان کے باپ بھائی خبر پاکر آئے مانگنے کو حضرت دینے پر راضی ہوئے، یہ گھر جانے پر راضی نہ ہوئے حضرت کی محبت سے پھر حضرت نے ان کو بیٹا کر لیا اسلام سے پہلے اس وقت کے رواج کے موافق حضرت زینب اور ان کا بھائی راضی نہ ہوئے اس پر یہ آیت اتری پھر راضی ہوئے اور نکاح کر دیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت زینب زید کے نکاح میں آئیں تو وہ اُن کی آنکھوں میں حقیر لگتا مزاج کی موافقت نہ ہوئی جب لڑائی ہوتی تو زید حضرت سے آکر شکایت کرتے اور کہتے میں اسے چھوڑتا ہوں حضرت منع کرتے کہ میری خاطر سے اس نے تجھ کو قبول کیا اب چھوڑ دینا دوسری ذلت ہے جب (باقی صفحہ ۵۱۹ پر)

اللّٰهَ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ

اللہ سے اور بس ہے اللہ کفایت کرنیوالا ف نہیں ہے محمد صلے اللہ علیہ وسلم باپ کسی کا مردوں تمہارے میں سے

وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ

و لیکن پیغمبر خدا کا ہے اور ختم کرنیوالا تمام نبیوں کا اور ہے اللہ ہر چیز کو

عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾

جاننے والا ف اے لوگو جو ایمان لائے ہو یاد کرو اللہ کو یاد کرنا بہت

وَّ سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِیْ يُصَلِّیْ عَلَيْكُمْ

اور پاکی بیان کرو اس کی صبح اور شام وہی ہے جو رحمت بھیجتا ہے اوپر تمہارے

وَ مَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ كَانَ

اور فرشتے اس کے تو کہ نکالے تم کو اندھیروں سے طرف روشنی کی اور ہے

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۖۚ وَ اَعَدَّ

ساتھ ایمان والوں کے مہربان دعا ان کی جسدن ملاقات کریں گے اس سے سلام ہے ف اور تیار کیا ہے

لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

واسطے اُن کے ثواب بزرگ ف اے نبی تحقیق ہم نے بھیجا ہے تجھ کو گواہ

وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾

اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور پکارنے والا طرف اللہ کی ساتھ حکم اسکے کے اور چراغ روشن

وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَ لَا

اور خوشخبری دے ایمان والوں کو ساتھ اسکے کہ واسطے انکے ہے اللہ کی طرف سے فضل بڑا ف اور مت

تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ دَعْ اَذٰىهُمْ وَ تَوَكَّلْ عَلَى

کہا مان کافروں کا اور منافقوں کا اور چھوڑ دے ایذا دینا اُن کا اور توکل کر اوپر

اللّٰهِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ

اللہ کے اور کفایت ہے اللہ کام بنانے والا اے لوگو جو ایمان لائے ہو جس وقت کہ نکاح کرو تم

الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ

ایمان والیوں کو پھر طلاق دو تم اُن کو پہلے اس سے کہ ہاتھ لگاؤ ان کو پس نہیں واسطے تمہارے

عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَ سَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا

اوپر ان کے گنتی دِنوں کی کہ گنو اس کو پس کچھ فائدہ دو اُن کو اور رخصت کرو ان کو رخصت کرنا

ف۱ یعنی پیغمبر کو ایک کام کرنا جو شرع میں روا ہو گیا مضائقہ رہتا ہے ہمیشہ پیغمبروں کو اس کے سوا کسی کا ڈر نہیں رہا یا یہ کہ بعضے حکم ہمیشہ پیغمبروں کو خاص رہے ہیں جیسے عورتوں کی گنتی حضرت داؤد علیہ السلام کو سو عورتیں تھیں اور کوئی اپنی حد سے زیادہ کرے تو گناہ ہے اور جن کو روا ہوا ان کو خاص بعضے حکم اس سے ہیں کہ خدا کے خلاف حکم نہیں کرتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۵ ۶ ۲

ف۲ حضرت کی اولاد یا لڑکے گذر گئے یا بیٹیاں رہیں کوئی مرد ہوا نہیں یعنی کسی کو اس کا بیٹا نہ جانو مگر رسول اللہ کا ہے اس حساب سے سب اس کے بیٹے ہیں اور پیغمبروں پر مہر ہے اس کے بعد کوئی پیغمبر نہیں یہ بڑائی اس کو سب پر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی اللہ ان پر سلام بھیجے گا اور آپس میں بھی یہی دعا ہے اور ہو گی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ سب اُمتوں سے برتر یہی اُمت ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

33

جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ
اچھا ف۱ اے نبی تحقیق ہم نے حلال کیں واسطے تیرے بی بیاں تیری وہ جو
اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ
دیا ہے تو نے مہر اُن کا اور جن کا کہ مالک ہوا ہے داہنا ہاتھ تیرا اس چیز سے کہ پھیر لایا ہے اللہ
عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ
اوپر تیرے یعنی طرف تیری مال کفار سے اور بیٹیاں چچاؤں تیرے کی اور بیٹیاں پھوپھیوں تیری کی بیٹیاں ماموں تیرے کی اور بیٹیاں
خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ؗ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ
خالاؤں تیری کی وہ جو وطن چھوڑ آئی ہیں ساتھ تیرے اور حلال کی عورت ایمان والی اگر بخش دیوے
نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً
یعنی بغیر مہر کے جان اپنی واسطے نبی کے اگر ارادہ کرے نبی یہ کہ نکاح کرے اس کو خالص
لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ
واسطے تیرے یعنی واسطے اپنے سوائے مسلمانوں کے تحقیق جان لیا ہے ہم نے جو کچھ مقرر کیا ہے ہم نے اوپر اُن کے
فِيْۤ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ
بیچ حق بی بیوں ان کی کے اور بیچ حق اس چیز کے کہ مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ ان کے تو کہ نہ ہو اوپر تیرے
حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۰﴾ تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ
تنگی اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف۲ ڈھیل دیوے تو جس کو چاہے
مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْۤ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ
اُن میں سے اور جگہ دیوے طرف اپنی جس کو چاہے اور جس کو بلوا بھیجے تو ان میں سے کہ
عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ
ایک کنارے کر دیا تھا اسکو پس نہیں گناہ اوپر تیرے یہ بہت نزدیک ہے اس بات سے کہ ٹھنڈی رہیں آنکھیں انکی
وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَاۤ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
اور نہ غم کھاویں اور راضی رہیں ساتھ اس چیز کے کہ دیتا ہے تو ان کو ساریاں اور اللہ جانتا ہے
مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿۵۱﴾ لَا يَحِلُّ
جو کچھ بیچ دلوں تمہارے کے ہے اور ہے اللہ جاننے والا تحمل والا ف۳ نہیں حلال
لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَاۤ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ
واسطے تیرے عورتیں پیچھے اُن کے اور نہ یہ کہ بدل ڈالے تو اُن سے اور بی بیاں

ف۱ بغیر صحبت ہوئے جو مرد چھوڑ دے عورت کو اگر اس کا مہر بندھا تھا تو آدھا دے اگر نہ بندھا تھا تو کچھ فائدہ دے یعنی ایک جوڑہ پوشاک اور اسی وقت چاہے تو اور نکاح کرے عدت نہیں اور اگر خلوت ہوئی گو صحبت نہ ہوئی تو مہر بھی پورا دینا اور عدت بھی بٹھانا یہ مسئلہ یہاں فرمایا حضرت کے ازواج کے ذکر میں شاید اس واسطے کہ حضرت نے ایک عورت نکاح کی تھی جب اسکے نزدیک گئے کہنے لگی اللہ تجھ سے پناہ دے حضرت نے اس کو جواب دیا کہ تو نے بڑے کی پناہ پکڑی اس پر یہ حکم فرمایا ہوا اور خطاب فرمایا ایمان والوں کو تا معلوم ہو کہ پیغمبر کا خاص حکم نہیں سب مسلمانوں پر یہی حکم ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جو عورتیں تیری ہیں جن کا مہر دیا یعنی اب نکاح میں ہیں خواہ قریش سے ہوں اور مہاجر ہوں یا نہ ہوں یہ حلال ہیں اور ماموں چچا کی بیٹیاں یعنی قریش میں کی بشرطِ ہجرت کے اگر ہجرت نہ کی تو حلال نہیں اور جو عورت بخشے نبی کو اپنی جان یعنی بن مہر آپ کو نیاز کرے یہ خاص پیغمبر کو ہے اور مسلمانوں پر وہی حکم ہے اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ بن مہر نکاح نہیں خواہ ذکر میں آیا، خواہ پیچھے ٹھہرا لیا خواہ نہ ٹھہرایا تو جو قوم کا مہر ہے سو لازم آیا حضرت کی بیبیاں دس مشہور ہیں حضرت خدیجہ اوّل تھیں

(باقی صفحہ ۵۲۰ پر)

وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ۭ وَكَانَ
اور اگرچہ خوش لگے تجھ کو حسن اُن کا مگر جن کے مالک ہوگئے ہیں داہنے ہاتھ تیرے اور ہے

ع ۶ ۱۲ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا
اللہ اوپر ہر چیز کے نگہبان ف اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت

تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ
داخل ہو بیچ گھروں پیغمبر کے مگر یہ کہ اذن دیا جاوے واسطے تمہارے طرف کھانے کی ، نہ

نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ
انتظار کرنے والے پکنے اسکے کے ولیکن جب بلائے جاؤ تم پس داخل ہو پس جب کھا چکو

فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ
پس منتشر ہوجاؤ اور مت بیٹھے رہو جی لگا رہنے والے واسطے باتوں کے تحقیق یہ کام ہے

يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ
ایذا دیتا ہے نبی کو پس شرماتا ہے تم سے اور اللہ نہیں شرماتا حق بات سے

وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْــَٔـلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ ۭ
اور جس وقت مانگا چاہو اُن سے کچھ اسباب پس مانگ لو اُن سے پیچھے پردے کے سے

ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا
یہ بہت پاک کرنے والا ہے واسطے دلوں تمہارے کے اور دلوں انکے کے اور نہیں لائق واسطے تمہارے یہ کہ ایذا دو

رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ
رسول خدا کے کو اور نہ یہ کہ نکاح کرو بی بیوں اس کی کو پیچھے اس کے کبھی

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْــــًٔا اَوْ
تحقیق یہ ہے نزدیک اللہ کے بڑا گناہ اگر ظاہر کرو تم کچھ چیز یا

تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ
پوشیدہ کرو اسکو پس تحقیق اللہ ہے ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ف نہیں گناہ

عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَاۗىِٕهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗىِٕهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ
اوپر ان کے بیچ باپوں انکے کے اور نہ بیچ بیٹوں انکے کے اور نہ بیچ بھائیوں انکے کے اور نہ

اَبْنَاۗءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَاۗىِٕهِنَّ
بیچ بیٹوں بھائیوں ان کے کے اور نہ بیچ بیٹوں بہنوں انکے کے اور نہ بیچ بی بیوں اُن کی کے

ف یعنی جتنی قسمیں کہہ دیں اس سے زیادہ حلال نہیں اور جو ہیں ان کو بدلنا نہیں حلال یہ ضرور ہیں اور ہاتھ کا مال حضرت کی دو حرم مشہور ہیں یا تین ایک ماریہ جن کے شکم سے فرزند ہوئے ابراہیم ایک ریحانہ یا شمعون یا دونوں حضرت عائشہؓ نے فرمایا یہ منع آخر کو موقوف ہوا سب عورتیں حلال ہوگئیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف یہ اللہ تعالےٰ نے ادب سکھائے مسلمانوں کو کبھی کھانے کو حضرت کے گھر میں جمع ہوتے تو پیچھے باتیں کرنے لگ جاتے حضرت کا مکان آرام کا وہی تھا شرم سے نہ فرماتے کہ اُٹھ جاؤ ان کے واسطے اللہ نے فرمادیا اور اس آیت میں حکم ہوا پردے کا کہ مرد حضرت کے ازواج کے سامنے نہ جاویں مسلمانوں کی عورتوں پر یہ حکم واجب نہیں اگر عورت سامنے ہو کسی مرد کے سب بدن کپڑوں میں ڈھکا تو گناہ نہیں اگر نہ سامنے ہو تو بہتر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۗ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ
اور نہ بیچ اس چیز کے کہ مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ انکے اور ڈرو اے عورتو اللہ سے تحقیق اللہ ہے

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿٥٥﴾ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ
اوپر ہر چیز کے حاضر ف۱ تحقیق اللہ اور فرشتے اسکے درود بھیجتے ہیں

عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا
اوپر نبی کے اے لوگو جو ایمان لائے ہو درود بھیجو اوپر اسکے اور سلام بھیجو

تَسْلِيمًا ﴿٥٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ
سلام بھیجنا ف۲ تحقیق جو لوگ کہ ایذا دیتے ہیں اللہ کو اور رسول اسکے کو لعنت کی ہے انکو اللہ نے

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُهِينًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ
بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور تیار کیا ہے واسطے انکے عذاب رسوا کرنیوالا اور وہ لوگ کہ

يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ
ایذا دیتے ہیں مسلمانوں کو اور مسلمان عورتوں کو بغیر اسکے کہ برا کیا ہو انہوں نے پس تحقیق

احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا ﴿٥٨﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ
اٹھایا انہوں نے بہتان اور گناہ ظاہر ف۳ اے نبی کہہ واسطے بی بیوں اپنی کے

وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ
اور بیٹیوں اپنی کے اور بی بیوں مسلمانوں کی کے نزدیک کرلیں اوپر اپنے بڑی

جَلَابِيبِهِنَّ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَنْ يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ
چادریں اپنی یہ بہت نزدیک ہے اس سے کہ پہچانی جاویں پس نہ ایذا دی جاویں اور ہے

اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٥٩﴾ لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ
اللہ بخشنے والا مہربان ف۴ البتہ اگر نہ باز رہیں گے منافق اور وہ لوگ کہ

فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ
بیچ دلوں ان کے کے بیماری ہے اور بدخبر اڑانے والے بیچ شہر کے البتہ پیچھے لگاوینگے ہم تجھ کو

بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلًا ﴿٦٠﴾ مَلْعُونِينَ ۛ
ان کے پھر نہ ہمسایہ رہیں گے تیرے بیچ اسکے مگر تھوڑے دنوں لعنت مارے

أَيْنَمَا ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلًا ﴿٦١﴾ سُنَّةَ اللَّهِ فِي
جہاں پائے جاویں پکڑے جاویں اور قتل کیے جاویں خوب قتل کرنا عادت خدا کی بیچ

ف۱ اپنی عورتوں کا اور ہاتھ کے مال کا ذکر ہو چکا، سورۂ نور میں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یہ حکم ادا ہوتا ہے نماز میں السّلامُ علیک ایہا النبی اللہم صلّ علیٰ محمّد اللہ سے رحمت مانگنی اپنے پیغمبر پر اور ان کے گھرانے پر بڑی قبولیت رکھتی ہے ان پر ان کے لائق رحمت اترتی ہے اور دس رحمتیں اترتی ہیں، مانگنے والے پر جتنا چاہے اتنا حاصل کرے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یہ منافق تھے کہ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرتے رسول کی یا ان کی زوجہ پر طوفان لگایا۔ سورۂ نور میں ان کے کلام ذکر ہو چکے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۷

ف۴ پہچانی پڑیں کہ لونڈی نہیں بی بی ہے صاحب ناموس یا بدذات نہیں نیک بخت ہے تو بدنیت لوگ اس سے نہ الجھیں گھونگھٹ اس کا نشان رکھا یہ حکم بہتری کا ہے آگے فرمادیا اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

معانقہ ۱۲

الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ ۖ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ﴿٦٢﴾
ان لوگوں کے کہ گذرے پہلے اُن سے اور ہرگز نہ پاویگا تو واسطے عادت اللہ کے بدل ڈالنا ف۱

يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ ۚ
سوال کرتے ہیں تجھ کو لوگ قیامت سے کہہ سوائے اسکے نہیں کہ علم اسکا نزدیک اللہ کے ہے

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيبًا ﴿٦٣﴾ إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ
اور کیا چیز معلوم کرواتی ہے تجھ کو شاید کہ قیامت ہو نزدیک ف۲ تحقیق اللہ نے لعنت کی ہے

الْكَافِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا ﴿٦٤﴾ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَّا
کافروں کو اور تیار کیا ہے واسطے انکے دوزخ ہمیش رہیں گے بیچ اسکے ہمیشہ نہ پاوینگے

يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ
بیچ اس کے دوست اور نہ مدد دینے والا جسدن کہ پھیرے جاوینگے منہ اُن کے

فِي النَّارِ يَقُولُونَ يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا ﴿٦٦﴾
بیچ آگ کے کہیں گے اے کاش کہ ہم نے فرمانبرداری کی ہوتی اللہ کی اور فرمانبرداری کی ہوتی رسول کی

وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا
اور کہیں گے لے رب ہمارے تحقیق ہم نے فرمانبرداری کی ہے سرداروں اپنے کی اور بڑوں اپنے کی پس گمراہ کر دیا انہوں نے

السَّبِيلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ
ہم کو راہ سے لے رب ہمارے دے ان کو دوگنا عذاب سے اور لعنت کر ان کو

لَعْنًا كَبِيرًا ﴿٦٨﴾ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا
لعنت بڑی اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت ہو مانند ان لوگوں کی کہ ایذا دی

مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا ۚ وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا ﴿٦٩﴾
انہوں نے موسیٰ کو پس پاک کیا اُسکو اللہ نے اس چیز سے کہ کہتے تھے اور تھا وہ نزدیک اللہ کے آبرو والا ف۳

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٧٠﴾
اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور کہو بات سیدھی

يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَن يُطِعِ
سنوار دے گا واسطے تمہارے عمل تمہارے اور بخشے گا واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور جو کوئی کہا مانے گا

اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ﴿٧١﴾ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ
اللہ کا اور رسول اُسکے کا پس وہ مُراد کو پہنچا مراد کو پہنچنا بڑا تحقیق روبرو کیا تھا ہم نے امانت کو

ف۱ جو لوگ بدنیت تھے مدینے میں عورتوں کو چھیڑتے ٹوکتے اور جھوٹی خبریں اڑاتے مخالفوں کے زور کی اور مسلمانوں کے نیچے کی ان کو یہ فرمایا اور توریت میں بھی تقید ہے کہ مفسدوں کو اپنے بیچ سے باہر کر دو۔ ۱۲- منہ رح

ف۲ شاید یہ بھی منافقوں نے ہتھکنڈا پکڑا ہوگا کہ جس چیز کا جواب نہیں وہی سوال کریں بار بار اس پر یہاں ذکر کر دیا۔ ۱۲- منہ رح

ف۳ بعضے مفسد حضرت موسیٰ کو تہمت لگانے لگے کہ حضرت ہارون کو جنگل میں لے جا کر مار آئے تا شریک ریاست نہ رہیں پھر ان کا جنازہ آسمان سے نظر آیا اور ان کی آواز آئی کہ میں اپنی موت سے مرا ہوں اور کتنوں نے کہا کہ یہ جو چھپ کر نہاتے ہیں ان کے بدن میں کچھ عیب ہے بدن کی سفیدی یا خصیہ پھولا۔ ایک روز حضرت موسیٰ اکیلے نہانے لگے کپڑے رکھے ایک پتھر پر وہ پتھر کپڑے لے کر بھاگا حضرت موسیٰ عصا لے کر اس کے پیچھے دوڑے جہاں سب لوگ دیکھتے تھے کھڑا ہو گیا سب نے ننگے دیکھ لیا بے عیب پھر اس پتھر کو کئی عصا مارے آہیں نقش پڑ گیا۔ ۱۲- منہ رح

ع ۸ ۱۰ ۵

عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا

اُوپر آسمانوں کے اور زمین کے اور پہاڑوں کے پس انکار کیا سب نے یہ کہ اٹھاویں اسکو

وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا

اور ڈر گئے اس سے اور اٹھا لیا اُس کو انسان نے تحقیق وہ تھا بے باک

جَهُوْلًا ۙ﴿۷۲﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

نادان ف ۱ تو کہ عذاب کرے اللہ منافق مردوں کو اور منافق عورتوں کو اور شرک کرنیوالوں کو

وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ

اور شرک کرنے والیوں کو اور پھر آوے اللہ ساتھ رحمت کے اُوپر ایمان والوں کے اور ایمان والیوں کے

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾ ع

اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان

سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۵۴ رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۂ سبا مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — چوّن آیتیں اور چھ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

سب تعریف واسطے اللہ کے وُہ جو واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱﴾ يَعْلَمُ

اور واسطے اس کے ہے سب تعریف بیچ آخرت کے اور وہی ہے حکمت والا باخبر ف۲ جانتا ہے

مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ

جو کچھ کہ داخل ہوتا ہے بیچ زمین کے اور جو کچھ کہ نکلتا ہے اس میں سے اور جو کچھ کہ اترتا ہے

السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ﴿۲﴾

آسمان سے اور جو کچھ کہ چڑھتا ہے بیچ اسکے اور وہی ہے مہربان بخشش کرنیوالا ف۳

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى

اور کہا اُن لوگوں نے کہ کافر ہوئے ہیں نہ آوے گی ہمارے پاس قیامت کہہ کہ یوں نہیں قسم ہے

وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ

رب میرے کی البتہ آوے گی تمہارے پاس جاننے والا غیب کا نہیں پوشیدہ اس سے برابر ایک بھنگے

ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ

کے بیچ آسمانوں کے اور نہ بیچ زمین کے اور نہ چھوٹا اس سے

ف۱ یعنی اپنی جان پر ترس نہ کھایا امانت کیا پرائی چیز رکھنی اپنی خواہش کو روک کر زمین و آسمان میں اپنی خواہش کچھ نہیں یا ہے تو وہی ہے جس پر قائم ہیں آسمان کی خواہش پھر نا زمین کی خواہش ٹھہرنا انسان میں خواہش اور ہے اور حکم خلاف اسکے اس پرائی چیز کو برخلاف اپنے جی کے تھامنا بڑا زور چاہتا ہے اس کا انجام یہ کہ منکروں کو قصور پر پکڑنا اور ماننے والوں کا قصور معاف کرنا اب بھی یہی حکم ہے کسی کی امانت کوئی جان کر ضائع کرے تو بدلا ہے اور بے اختیار ضائع ہو تو بدلا نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۹ ۵ ۶

ف۲ دنیا میں ظاہر اور کسی کی بھی تعریف ہوتی ہے کہ وہ پردہ ہے اللہ کے فعل کا آخرت میں پردہ نہیں جو ہے سو اسی کی طرف سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ زمین میں پیٹھتے ہیں جانور کیڑے اور مینہ نکلتا ہے سبزہ کھیتی آسمان سے اترتا ہے۔ مینہ قرآن تقدیر چڑھتا ہے عمل اور دعا اور روح مردے کی اور سب بستی اس کی رحمت سے ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝٣ لِّيَجْزِىَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور نہ بڑا مگر بیچ کتاب بیان کرنیوالی کے ہے تو کہ بدلا دیوے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝٤
اور کام کیے اچھے یہ لوگ واسطے انکے بخشش ہے اور رزق باکرامت ف۱

وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِىْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ
اور جن لوگوں نے سعی کی بیچ نشانیوں ہماری کے عاجز کرنیوالے ہوکر یہ لوگ واسطے انکے عذاب ہے

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝٥ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ
سخت قسم سے درد دینے والا اور جانتے ہیں وہ لوگ کہ دیئے گئے ہیں علم وہ جو

اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ
اتارا گیا ہے طرف تیری پروردگار تیرے سے وہ ہے حق اور راہ دکھاتا ہے طرف راہ

الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝٦ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ
غالب تعریف کیے گئے کی ف۲ اور کہا ان لوگوں نے کہ کافر ہوئے کیا راہ بتادیں ہم تم کو

عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ
اوپر اس شخص کے کہ خبر دیتا ہے تم کو جب ریزہ ریزہ ہوجاؤ گے تم نہایت ریزہ ریزہ ہوجانا تحقیق البتہ

لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝٧ ۚ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ
تم بیچ پیدائش نئی کے ہو کیا باندھ لیا ہے اُسنے اُوپر اللہ کے جھوٹ یا اس کو

جِنَّةٌ ۭ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ
جنون ہے بلکہ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے بیچ عذاب کے

وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝٨ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
اور گمراہی دور کے ہیں کیا پس نہیں دیکھا انہوں نے طرف اس چیز کی کہ آگے ان کے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ
اور جو کچھ پیچھے ان کے ہے آسمان سے اور زمین سے اگر چاہیں ہم دھسا دیویں

بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ ۭ
ساتھ ان کے زمین کو یا ڈال دیں اوپر اُن کے ٹکڑا آسمان سے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝٩ ۧ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا ع ۱ ۹ ۷
تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے ہر بندے رجوع کرنیوالے کے اور البتہ تحقیق دی ہم نے

ف۱ یعنی قیامت اس واسطے آنی ضرور ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اس واسطے قیامت آنی ہے کہ جن کو یقین تھا وہ آنکھوں سے دیکھ لیں۔ ۱۲ منہ رح

دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ
داؤد کو اپنی طرف سے بزرگی اے پہاڑو رجوع سے تسبیح کرو ساتھ اسکے اور اڑتے جانور اور نرم کیا ہم نے واسطے

الْحَدِیْدَ ۝۱۰ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِی السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا
اس کے لوہا یہ کہ بنا زرہیں پوری اور اندازہ رکھ ایک دوسرے کے پرونے میں اور عمل کرو

صَالِحًا ۭ اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝۱۱ وَلِسُلَیْمٰنَ الرِّیْحَ غُدُوُّهَا
اچھے تحقیق میں ساتھ اسکے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہوں ف۱ اور واسطے سلیمان کے مسخر کیا باؤ کو کہ صبح کی سیر اسکی

شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَیْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ
ایک مہینہ کی راہ اور شام کی سیر اسکی ایک مہینے کی راہ اور بہایا ہم نے واسطے اسکے چشمہ گلے ہوئے تانبے کا اور

الْجِنِّ مَنْ یَّعْمَلُ بَیْنَ یَدَیْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ یَّزِغْ
جنوں میں سے ایک لوگ تھے کہ خدمت کرتے تھے آگے اسکے ساتھ حکم رب اسکے کے اور جو کوئی کجی کرے

مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ ۝۱۲ یَعْمَلُوْنَ
ان میں سے حکم ہمارے سے چکھاویں گے ہم اس کو عذاب دوزخ کے سے ف۲ بناتے تھے

لَهٗ مَا یَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِیْبَ وَتَمَاثِیْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ
واسطے اسکے جو کچھ چاہتا تھا قلعوں سے اور ہتھیاروں سے اور تصویریں اور لگن مانند تالابوں کی

وَقُدُوْرٍ رّٰسِیٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِیْلٌ مِّنْ
اور دیگیں ایک جگہ دھری رہنے والیں عمل کرو اے آل داؤد کی واسطے شکر کے اور تھوڑے ہیں

عِبَادِیَ الشَّكُوْرُ ۝۱۳ فَلَمَّا قَضَیْنَا عَلَیْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ
بندوں میرے سے شکر کرنے والے پس جب مقرر کیا ہم نے اوپر اسکے موت کو نہ خبردار کیا ان کو

عَلٰی مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَاۗبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا
اوپر موت اس کی کے مگر کیڑے نے گھن کے کہ کھاتا تھا عصا اس کا پس جب

خَرَّ تَبَیَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ الْغَیْبَ مَا
گر پڑا جانا جنوں نے یہ کہ اگر ہوتے جانتے غیب کو نہیں

لَبِثُوْا فِی الْعَذَابِ الْمُهِیْنِ ۝۱۴ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِیْ مَسْكَنِهِمْ
رہتے بیچ عذاب ذلیل کرنیوالے کے ف۳ البتہ تحقیق تھی واسطے قوم سبا کے بیچ گھروں انکے کے

اٰیَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ یَّمِیْنٍ وَّشِمَالٍ ۥ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ
نشانی دو باغ داہنے طرف سے اور بائیں طرف سے کھاؤ رزق پروردگار اپنے کے سے

ف۱ حضرت داؤد جو تھے دن جنگل میں نکلتے اپنے گناہ پر روتے اور زبور پڑھتے خوش آواز اس کے اثر سے پہاڑ بھی ساتھ پڑھتے اور روتے اور جانور پاس آ بیٹھ کر اسی طرح آواز کرتے اس مجلس میں لوگوں کے بہت جنازے نکلتے اور کڑیوں کی زرہ پہلے انہیں سے نکلی کہ کشادہ رہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ حضرت سلیمان کا تخت تھا جس پر سب لشکر چلتا باؤ اس کو لے چلتی شام سے یمن اور یمن سے شام آدھے دن میں لے پہنچتی اور پگھلے تانبے کا چشمہ اللہ نے نکال دیا یمن کی طرف اس کو سانچوں میں ڈال کر جن باسن بناتے بہت بڑے لشکر کے موافق کھانا پکتا اور بٹتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ حضرت سلیمان جنوں کے ہاتھ سے بیت المقدس بنواتے تھے جب معلوم کیا کہ میری موت پہنچی، جنوں کو عمارت کا نقشہ بتا کر آپ شیشے کے مکان میں در بند کر کر بندگی میں مشغول ہوئے بعد وفات کے برس دن تک جن بناتے رہے کہ پوری بن چکی جس عصا پر ٹیک کر کھڑے تھے گھن کے کھانے سے گرا تب سب پر وفات معلوم ہوئی اور جن جو آدمیوں پاس دعویٰ کرتے تھے علم غیب کا قائل ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿١٥﴾ فَاَعْرَضُوْا

اور شکرو واسطے اس کے شہر ہے پاکیزہ اور پروردگار ہے بخشنے والا ف پس منہ پھیر لیا انہوں نے

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ

پس بھیجی ہم نے اوپر انکے رو زور کی اور بدل دیا ہم نے انکو بدلے دو باغوں انکے کے دو باغ

ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿١٦﴾

میووں والے بدمزہ اور جھاؤ اور کچھ بیر سے تھوڑے ف۲

ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿١٧﴾

یہ بدلا دیا ہم نے انکو بسبب اسکے کہ کفر کیا انھوں نے اور نہیں جزا دیتے ہم مگر ناشکر کو

وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى

اور کیا تھا ہم نے درمیان انکے اور درمیان ان گاؤں کے کہ برکت دی ہم نے بیچ اُنکے بستیاں

ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا

ظاہر اور مقرر کر دی تھیں ہم نے بیچ انکے سرائیں اترنے کی چلو بیچ اسکے راتوں کو اور دنوں کو

اٰمِنِيْنَ ﴿١٨﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

امن سے ف۳ پس کہا انہوں نے اے رب ہمارے دُوری ڈال درمیان سفروں ہمارے کے اور ظلم کیا انھوں نے جانوں اپنی کو

فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

پس کر دیا ہم نے اُن کو باتیں اور ٹکڑے ٹکڑے کیا ہم نے انکو نہایت ٹکڑے ٹکڑے کرنا تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانیاں ہیں

لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿١٩﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ

واسطے ہر صبر کرنے والے شکر کرنیوالے کے ف۴ اور البتہ تحقیق سچا کیا اوپر ان کے ابلیس نے گمان اپنا

فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ

پس پیروی کی اس کی مگر ایک فرقے نے ایمان والوں سے ف۵ اور نہیں تھا واسطے اسکے اوپر اُن کے

مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا

کچھ غلبہ مگر تو کہ ظاہر کریں ہم اس شخص کو کہ ایمان لاتا ہے ساتھ آخرت کے جُدا اس شخص سے کہ وہ اس آخرت سے

فِيْ شَكٍّ ۭ وَرَبُّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿٢١﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ

بیچ شک کے ہے اور پروردگار تیرا اوپر ہر چیز کے نگہبان ہے کہہ کہ پکارو تم ان لوگوں کو کہ

زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ

گمان کرتے ہو تم ان کو سوائے خدا کے نہیں مالک ہوتے برابر ایک ذرّہ کے بیچ آسمانوں کے

ف۱ بلقیس جو سبا کی بادشاہ تھی ملک یمن میں اپنے دیس کو خوب بسا گئی تھی، پانی جھیلوں کا سب سمیٹ کر ایک جگہ روکا اور پرے نیچے تین کھڑکیاں رکھیں اونچی اور نیچی زمینوں کے واسطے سارے برس مینہ کا پانی موجود رہتا جا چاہتے خرچ کرتے خوب سرسبز آباد ملک ہوا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جب اللہ نے چاہا کہ عذاب بھیجے گھونس پیدا ہوئی اس پانی کے بند میں اسکی جڑ کرید ڈالی۔ ایک بار پانی نے زور کیا بند کو توڑ دیا وہ پانی عذاب کا تھا سرخ رنگ جس زمین پر پھر گیا کام سے جاتی رہی پیچھے وہ قوم ویران ہو کر جدا جدا ہو گئی اور کچھ جو رہے ان باغوں کے بدلے یہ چیزیں پانے لگے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ برکت والی بستیاں یعنی ملک شام ان کے ملک سے شام تک راہ امن کی آباد بستیاں پاس پاس سفر تھا جیسے سیر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ آرام میں مستی پر آئی لگے تکلیف مانگنے کہ جیسے اور ملکوں کی خبر سنتے ہیں سفروں میں پانی نہیں ملتا، آبادی نہیں ملتی ویسا ہم کو بھی ہو، یہ بڑی ناشکری ہوئی، چیر کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا یعنی متفرق ہو گئے کسی کسی ملک میں۔ ۱۲۔ منہ

ع ۲ / ۱۲ / ۸

ف۵ پہلے دن ابلیس نے کہا تھا لاحتنکن ذریتہ، الا قلیلاً ویسے ہی نکلے۔ ۱۲۔ منہ رح

وَلَا فِي الْأَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهُ مِنْهُمْ مِّنْ
اور نہ بیچ زمین کے اور نہیں واسطے انکے بیچ ان دونو کے کچھ ساجھا اور نہیں واسطے اسکے ان میں سے کوئی
ظَهِيرٍ ﴿٢٢﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ ۚ حَتَّىٰ
پشتیبان اور نہیں فائدہ دیتی شفاعت نزدیک اسکے مگر واسطے اُس شخص کے کہ اذن دیوے وہ واسطے اسکے وہ
إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ۖ قَالُوا الْحَقَّ ۚ
منتظر رہتے ہیں حکم اسکے کے یہانتک کہ جب دُور کیا جاتا ہے اضطراب دلوں انکے سے کہتے ہیں آپسمیں کیا کہا پروردگار تمہارے نے کہتے ہیں کہ کہا حق
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٢٣﴾ قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَ
اور وہ بلند ہے بڑا ف۱ کہہ کہ کون رزق دیتا ہے تم کو آسمانوں سے اور
الْأَرْضِ ۖ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَىٰ هُدًى أَوْ فِي ضَلٰلٍ
زمین سے کہہ کہ اللہ اور ہم یا تم البتہ اُوپر ہدایت کے ہیں یا بیچ گمراہی
مُّبِينٍ ﴿٢٤﴾ قُلْ لَّا تُسْأَلُونَ عَمَّا أَجْرَمْنَا وَلَا نُسْأَلُ عَمَّا
ظاہر کے ف۲ کہہ اے محمد نہیں پوچھے جاؤگے تم اس چیز سے کہ گناہ کرتے ہیں ہم اور نہ پوچھے جاوینگے ہم اس چیز سے کہ
تَعْمَلُونَ ﴿٢٥﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۖ
کرتے ہو تم کہہ کہ جمع کرے گا ہم سب کو رب ہمارا پھر حکم کرے گا درمیان ہمارے ساتھ حق کے
وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ ﴿٢٦﴾ قُلْ أَرُونِيَ الَّذِينَ أَلْحَقْتُمْ بِهِ
اور وہ ہے حکم کرنے والا جاننے والا کہہ کہ دکھاؤ مجھ کو اُن لوگوں کو کہ ملا دیا ہے تم نے ساتھ خدا کے
شُرَكَاءَ ۖ كَلَّا ۚ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٧﴾ وَمَا أَرْسَلْنٰكَ
شریک مقرر کرکر ہرگز نہیں بلکہ وہ ہے اللہ غالب حکمت والا اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو
إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيرًا وَّنَذِيرًا وَّلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا
مگر کافی واسطے سب لوگوں کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا ولیکن بہت لوگ نہیں
يَعْلَمُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿٢٩﴾
جانتے ، اور کہتے ہیں کہ کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم سچے
قُلْ لَّكُمْ مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا
کہہ کہ واسطے تمہارے وعدہ ہے ایک دن کا نہیں پیچھے رہوگے اس سے ایک گھڑی اور نہ
تَسْتَقْدِمُونَ ﴿٣٠﴾ ع وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ — ع ٩ الربع
آگے بڑھوگے اور کہا ان لوگوں نے کہ کافر ہوئے ہرگز نہ ایمان لاوینگے ہم ساتھ اِس قرآن کے

ف۱ یعنی اللہ تعالیٰ کے ہاں سفارش عوام چاہتے ہیں اولیاء سے وہ انبیاؑ سے وہ فرشتوں سے فرشتوں کا یہ حال ہے جو فرمایا جب اُوپر سے اللہ کا حکم اُترتا ہے آواز آتی ہے جیسے پتھر پر زنجیر فرشتے ڈر سے تھرتھراتے ہیں جب تسکین آئی اور کلام اُتر چکا ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کیا حکم ہوا اوپر والے بتاتے ہیں نیچے کھڑوں کو جو اللہ کی حکمت کے موافق ہے اور آگے سے قاعدہ معلوم ہے وہی حکم ہوا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی دونوں فرقے تو سچ نہیں کہتے ایک مقرر سچا ہے ایک مقرر جھوٹا ہے تو لازم ہے کہ سوچو اور سچی بات پکڑو اس میں ان کا جواب ہے جو اس زمانے میں بعضے لوگ کہتے ہیں دونوں فرقے ہمیشہ سے چلے آئے ہیں کیا ضرور ہے جھگڑنا۔ ۱۲ منہ رح

وَلَا بِالَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ
اور نہ ساتھ اس چیز کے کہ آگے اسکے ہے اور کاش کہ دیکھے تو جبکہ ظالم کھڑے کیے جاوینگے

عِندَ رَبِّهِمْ ۚ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ الْقَوْلَ يَقُولُ الَّذِينَ
نزدیک پروردگار اپنے کے پھیریں گے بعضے ان کے طرف بعض کی بات کو کہیں گے وہ لوگ کہ

اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لَوْلَا أَنتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ ﴿۳۱﴾ قَالَ
ناتواں کیے گئے تھے واسطے ان لوگوں کے جو تکبر کرتے تھے اگر نہ ہوتے تم البتہ ہوتے ہم ایمان والوں سے کہیں گے

الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ
وہ لوگ کہ تکبر کرتے تھے واسطے ان کے جو ناتواں کیے گئے تھے کیا ہم نے بند کیا تھا تم کو

الْهُدَىٰ بَعْدَ إِذْ جَاءَكُم ۖ بَلْ كُنتُم مُّجْرِمِينَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الَّذِينَ
ہدایت سے پیچھے اسکے کہ آئی تمہارے پاس بلکہ تھے تم قوم گنہگار اور کہیں گے وہ لوگ

اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ
جو ضعیف کیے گئے تھے واسطے ان لوگوں کے کہ تکبر کرتے تھے بلکہ مکر کرتے تھے تم رات کو اور دن کو جسوقت

تَأْمُرُونَنَا أَن نَّكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَندَادًا ۚ وَأَسَرُّوا
کہ تم حکم کرتے تھے ہم کو یہ کہ کفر کریں ہم ساتھ اللہ کے اور مقرر کریں ہم واسطے اللہ کے شریک اور چھپاویں گے

النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ وَجَعَلْنَا الْأَغْلَالَ فِي أَعْنَاقِ
پشیمانی جسوقت کہ دیکھیں گے عذاب اور کردیں گے ہم طوق بیچ گردنوں

الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۳۳﴾ وَمَا
اُن لوگوں کے کہ کافر ہوئے نہیں جزا دیئے جاوینگے مگر جو کچھ کہ تھے وہ عمل کرتے اور نہیں

أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا بِمَا
بھیجا ہم نے بیچ کسی بستی کے کوئی ڈرانیوالا مگر کہا دولتمندوں اسکے نے تحقیق ہم ساتھ اس چیز

أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿۳۴﴾ وَقَالُوا نَحْنُ أَكْثَرُ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا
کے کہ بھیجے گئے ہو تم ساتھ اس کے کافر ہیں اور کہا انہوں نے ہم زیادہ تر ہیں مال میں اور اولاد میں

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿۳۵﴾ قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن
اور نہیں ہم عذاب کیے گئے کہہ کہ تحقیق پروردگار میرا کھولتا ہے رزق کو واسطے

يَشَاءُ وَيَقْدِرُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۳۶﴾ ع وَمَا
جس کے چاہتا ہے اور بند کرتا ہے ولیکن بہت لوگ نہیں جانتے اور نہیں

ع ۶ ۱۰

(بقیہ صفحہ ۵۰۸ سے آگے)
بار بار قضیہ ہوا۔ حضرت کے دل میں آیا کہ اگر ناچار زید چھوڑے گا تو زینب کی دلجوئی بغیر اسکے نہیں کہ میں نکاح کروں لیکن منافقوں کی بدگوئی سے اندیشہ کیا کہ کہیں گے اپنے بیٹے کی جورو گھر میں رکھی حالانکہ لے پالک کو حکم بیٹے کا نہیں کسی بات میں اللہ تعالٰے نے حضرت زینب کی خاطر رکھی، بعد طلاق کے حضرت کے نکاح میں دے دیا۔ اللہ کے فرمانے ہی سے نکاح بندھ گیا، ظاہر میں نکاح کی حاجت نہ ہوئی جیسے اب کوئی مالک اپنی لونڈی غلام کا نکاح باندھ دے غرض تمام کر لی۔ یعنی، چھوڑ دی۔ ۱۲۔ منزح

اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِیْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓی اِلَّا
مال تمہارے اور نہ اولاد تمہاری وہ جو نزدیک کرے تم کو نزدیک ہمارے نزدیک کرکر مگر

مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا
جو شخص کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس یہ لوگ واسطے انکے ہے جزا دوگنی بسبب اسکے جو کیا انہوں نے

وَهُمْ فِی الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِیْنَ یَسْعَوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا
اور وہ بیچ بالاخانوں کے نڈر ہیں اور جو لوگ کہ سعی کرتے ہیں بیچ نشانیوں ہماری کے

مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓئِكَ فِی الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّیْ
واسطے عاجز کرنے کے یہ لوگ بیچ عذاب کے حاضر کیے جاویں گے کہہ کہ تحقیق پروردگار میرا

یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَیَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ
کھولتا ہے رزق کو واسطے جس کے چاہتا ہے بندوں اپنے سے اور تنگ کرتا ہے واسطے اسکے اور جو کچھ خرچ کرتے

مِّنْ شَیْءٍ فَهُوَ یُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ﴿۳۹﴾ وَیَوْمَ یَحْشُرُهُمْ
ہو تم کسی چیز سے پس وہ بدلا دیتا ہے اس کا اور وہ بہتر رزق دینے والا ہے اور جس دن کہ جمع کریگا ان کو

جَمِیْعًا ثُمَّ یَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِیَّاكُمْ كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾
اکٹھے پھر کہے گا واسطے فرشتوں کے کیا یہ تم کو تھے عبادت کرتے

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِیُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ
کہیں گے پاکی ہے تجھ کو تو کارساز ہمارا ہے سوائے ان کے بلکہ وہ تھے عبادت کرتے

الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَالْیَوْمَ لَا یَمْلِكُ بَعْضُكُمْ
جنوں کو اکثر ان کے ساتھ جنوں کے ایمان رکھتے ہیں پس آج کے دن نہ اختیار میں رکھے گا بعض تمہارا

لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ
واسطے بعضوں کے نفع کو اور نہ ضرر کو اور کہیں گے ہم واسطے ان لوگوں کے کہ ظلم کرتے تھے چکھو عذاب

النَّارِ الَّتِیْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ
آگ کا وہ جو تھے تم اس کو جھٹلاتے اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر انکے نشانیاں ہماری ظاہر

قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ یُّرِیْدُ اَنْ یَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ یَعْبُدُ
کہتے ہیں نہیں یہ مگر ایک مرد ہے کہ چاہتا ہے یہ کہ بند کرے تم کو اس چیز سے کہ تھے عبادت کرتے

اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًی ؕ وَقَالَ الَّذِیْنَ
باپ تمہارے اور کہتے ہیں نہیں یہ مگر جھوٹ باندھ لیا ہوا اور کہا ان لوگوں نے کہ

(بقیہ ص۵۱۵ سے آگے)
انکے بعد سب نکاح میں آتیاں نو بیبیاں رہیں وفات کے بعد حضرت عائشہ حضرت حفصہ حضرت سودہ بنت زمعہ حضرت ام سلمہ حضرت زینب حضرت ام حبیبہ حضرت جویریہ حضرت میمونہ حضرت صفیہ پچھلی تین قریشی نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ کسی مرد کو جو کئی عورتیں ہوں اس پر واجب ہے باری سے سب پاس رہنا برابر حضرت پر یہ واجب نہ رکھا اس واسطے کہ عورتیں اپنا حق نہ سمجھیں تو جو دیں راضی ہوکر قبول کریں پر حضرت نے فرق نہیں کیا سب کی باری برابر رکھی ہے ایک حضرت سودہ رض نے اپنی باری بخش دی تھی حضرت عائشہ رض کو۔ ۱۲۔ منہ رح

كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ﴿٤٣﴾ وَمَا

کافر ہوئے واسطے حق کے جس وقت کہ آیا انکے پاس نہیں یہ مگر جادو ظاہر اور نہیں

آتَيْنَاهُمْ مِنْ كُتُبٍ يَدْرُسُونَهَا وَمَا أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ قَبْلَكَ

دیں ہم نے ان کو کتابیں کہ پڑھتے ہوں ان کو اور نہیں بھیجا ہم نے طرف ان کی پہلے تجھ سے

مِنْ نَذِيرٍ ﴿٤٤﴾ وَكَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ

کوئی ڈرانے والا ف۱ اور جھٹلایا تھا اُن لوگوں نے کہ پہلے ان سے تھے اور نہیں پہنچے یہ دسویں حصے کو

ع ٥ ٩ ١١ مَا آتَيْنَاهُمْ فَكَذَّبُوا رُسُلِي فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿٤٥﴾ قُلْ إِنَّمَا

اس چیز سے کہ دیا تھا ہم نے انکو پس جھٹلایا انہوں نے پیغمبروں میرے کو پس کیونکر ہوا تھا عذاب میرا کہہ سوائے اس کے نہیں

أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ أَنْ تَقُومُوا لِلَّهِ مَثْنَىٰ وَفُرَادَىٰ ثُمَّ

کہ نصیحت کرتا ہوں میں تم کو ساتھ ایک بات کے یہ کہ کھڑے ہو واسطے اللہ کے دو دو اور ایک ایک پھر

تَتَفَكَّرُوا مَا بِصَاحِبِكُمْ مِنْ جِنَّةٍ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ

فکر کرو نہیں یار تمہارے کو کچھ جنون نہیں وہ مگر ڈرانے والا ہے

لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ﴿٤٦﴾ قُلْ مَا سَأَلْتُكُمْ مِنْ أَجْرٍ

واسطے تمہارے آگے عذاب سخت کے کہہ جو کچھ مانگا ہو میں نے تم سے کچھ بدلا

فَهُوَ لَكُمْ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿٤٧﴾

پس وہ واسطے تمہارے ہے نہیں بدلا میرا مگر اوپر اللہ کے اور وہ اوپر ہر چیز کے حاضر ہے

قُلْ إِنَّ رَبِّي يَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿٤٨﴾ قُلْ جَاءَ

کہہ تحقیق پروردگار میرا ڈالتا ہے حق کو جاننے والا ہے غیبوں کا ف۲ کہہ کہ آیا

الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ ﴿٤٩﴾ قُلْ إِنْ ضَلَلْتُ

حق اور نہ پہلی بار پیدا کرتا معبود باطل اور نہ دوبارہ کرتا ہے کہہ کہ اگر گمراہ ہو جاؤں میں

فَإِنَّمَا أَضِلُّ عَلَىٰ نَفْسِي وَإِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوحِي إِلَيَّ

پس سوائے اس کے نہیں کہ گمراہ ہوتا ہوں میں اوپر جان اپنی کے اور اگر راہ پاؤں میں پس ساتھ اس چیز کے کہ وحی کی ہے طرف میری

رَبِّي إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ ﴿٥٠﴾ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ فَزِعُوا فَلَا فَوْتَ

رب میرے نے تحقیق وہ سننے والا ہے نزدیک اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت کہ یہ گھبرا دینگے پس نہیں بھاگ سکیں گے

وَأُخِذُوا مِنْ مَكَانٍ قَرِيبٍ ﴿٥١﴾ وَقَالُوا آمَنَّا بِهِ وَأَنَّىٰ لَهُمُ

اور پکڑے جاویں گے مکان نزدیک سے اور کہیں گے ایمان لائے ہم ساتھ اسکے اور کہاں ممکن ہے واسطے انکے

ف۱ یعنی چاہیئے غنیمت جانیں۔ ۱۲۔ منہ ح

ف۲ یعنی اوپر سے اتارتا ہے۔ ۱۲۔ منہ ح



التَّنَاوُشُ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ ﴿٥٢﴾ وَقَدْ كَفَرُوا بِهِ مِن قَبْلُ
پکڑنا مکان دور سے ف۱ اور تحقیق کافر ہوئے تھے ساتھ اسکے پہلے اس سے

وَيَقْذِفُونَ بِالْغَيْبِ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ ﴿٥٣﴾ وَحِيلَ بَيْنَهُمْ
اور پھینکتے تھے گمان بن دیکھے مکان دور سے اور پردہ ڈالا گیا درمیان انکے

وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِم مِّن قَبْلُ ط
اور درمیان اس چیز کے کہ چاہتے تھے جیسا کیا گیا ساتھ پیشواؤں انکے کے پہلے اس سے

إِنَّهُمْ كَانُوا فِي شَكٍّ مُّرِيبٍ ﴿٥٤﴾ ع ۶ ۹ ۱۲
تحقیق وہ تھے بیچ شک اضطراب میں ڈالنے والے کے

سُورَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | آياتها ۴۵ رکوعاتها ۵

سورۂ فاطر مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے — پینتالیس آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

الْحَمْدُ لِلَّهِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَاعِلِ الْمَلَائِكَةِ
سب تعریف واسطے اللہ کے ہے پیدا کرنیوالا آسمانوں کا اور زمین کا کرنے والا فرشتوں کا

رُسُلًا أُولِي أَجْنِحَةٍ مَّثْنَىٰ وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ ۚ يَزِيدُ فِي
پیغام لانے والے پروں والے دو دو اور تین تین اور چار چار زیادہ کرتا ہے بیچ

الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١﴾ مَّا
پیدائش کے جس کو چاہتا ہے تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۲ جو کچھ کہ

يَفْتَحِ اللَّهُ لِلنَّاسِ مِن رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۖ وَمَا يُمْسِكْ
کھول دیوے اللہ واسطے لوگوں کے رحمت سے پس نہیں بند کرنیوالا واسطے اسکے اور جو کچھ بند کرلیوے

فَلَا مُرْسِلَ لَهُ مِن بَعْدِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢﴾ يَا أَيُّهَا
پس نہیں چھوڑ دینے والا واسطے اس کے پیچھے اس کے اور وہ غالب ہے حکمت والا اے

النَّاسُ اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ ۚ هَلْ مِنْ خَالِقٍ
لوگو یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے کیا ہے کوئی پیدا کرنے والا

غَيْرُ اللَّهِ يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ
سوائے خدا کے کہ رزق دیوے تم کو آسمان سے اور زمین سے نہیں کوئی معبود مگر وہ

فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٣﴾ وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ
پس کہاں سے پھیرے جاتے ہو اور اگر جھٹلاویں تجھ کو پس تحقیق جھٹلائے گئے ہیں پیغمبر

ف۱ یعنی ایمان لانے کا وقت نہ رہا۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۲ بڑھاتا ہے یعنی چار سے زیادہ پر ہیں بعضوں کے جبرئیل کے چھ سو ۶۰۰ ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

مِّنْ قَبْلِكَ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٤﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ

پہلے تجھ سے اور طرف اللہ کی پھیرے جاتے ہیں سب کام اے لوگو

إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۖ وَلَا

تحقیق وعدہ اللہ کا سچا ہے پس نہ فریب دے تم کو زندگانی دنیا کی اور نہ

يَغُرَّنَّكُمْ بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿٥﴾ إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوهُ

فریب دے تم کو ساتھ اللہ کے فریب دینے والا تحقیق شیطان واسطے تمہارے دشمن ہے پس پکڑو اس کو

عَدُوًّا ۚ إِنَّمَا يَدْعُو حِزْبَهُ لِيَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿٦﴾

دشمن سوائے اس کے نہیں کہ پکارتا ہے گروہ اپنے کو تو کہ ہوویں رہنے والوں دوزخ کے سے

الَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

جو لوگ کافر ہیں واسطے ان کے عذاب ہے سخت اور جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے

الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿٧﴾ أَفَمَنْ زُيِّنَ لَهُ سُوءُ ع ١/٧ ١٣

اچھے واسطے انکے بخشش ہے اور ثواب بڑا کیا پس وہ شخص کہ زینت دیا گیا واسطے اسکے برا

عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَنًا ۖ فَإِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ

عمل اُس کا پس دیکھا اس کو اچھا پس تحقیق اللہ گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور راہ دکھاتا ہے جس کو

يَشَاءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ

چاہتا ہے پس نہ جاتا رہے جی تیرا اوپر اُن کے افسوس سے تحقیق اللہ جاننے والا ہے

بِمَا يَصْنَعُونَ ﴿٨﴾ وَاللَّهُ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا

ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں اور اللہ وہ شخص ہے کہ بھیجتا ہے باؤں کو پس اٹھاتی ہیں بادلوں کو

فَسُقْنَاهُ إِلَىٰ بَلَدٍ مَيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ

پس ہانک لاتے ہیں ہم اسکو طرف شہر مردے کی پس زندہ کیا ہم نے ساتھ اس کے زمین کو پیچھے موت اس کی کے

كَذَٰلِكَ النُّشُورُ ﴿٩﴾ مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ

اسی طرح قبروں سے نکلنا ہے جو شخص کہ چاہتا ہے عزت پس واسطے اللہ کے ہے عزت

جَمِيعًا ۚ إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ

ساری طرف اسی کی چڑھتے ہیں کلمات پاکیزہ اور عمل نیک

يَرْفَعُهُ ۚ وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ

بلند کرتا ہے اس کو اور جو لوگ کہ مکر کرتے ہیں برائیوں کے واسطے اُن کے عذاب ہے سخت

وَمَكْرُ أُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُورُ ﴿١٠﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ
اور مکر اُن کا وہی ہلاک ہوویگا ف۱ اور اللہ نے پیدا کیا تم کو مٹی سے پھر

نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثٰى وَلَا تَضَعُ
نطفے سے پھر کیے واسطے تمہارے جوڑے اور نہیں اٹھاتی کوئی عورت اور نہیں جنتی

إِلَّا بِعِلْمِهٖ ۚ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ إِلَّا
مگر ساتھ علم اسکے کے اور نہیں عمر دیا جاتا کوئی عمر دیا گیا اور نہ کم کیا جاتا ہے عمر اس کی سے مگر

فِي كِتٰبٍ ۚ إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ ﴿١١﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ
بیچ کتاب کے لکھا ہوا ہے تحقیق یہ اُوپر اللہ کے آسان ہے ف۲ اور نہیں برابر ہوتے دو دریا

هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ ۖ
یہ جو ہے شیریں ہے پیاس کھونے والا آسانی سے گذرنیوالا ہے گلے میں سے پانی اُسکا اور یہ کھاری ہے کڑوا

وَمِنْ كُلٍّ تَأْكُلُونَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۚ
اور ہر ایک سے کھاتے ہو تم گوشت تازہ اور نکالتے ہو گہنا کہ پہنتے ہو اس کو

وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ
اور دیکھتا ہے تو کشتیاں بیچ اس کے کہ پھاڑتی ہیں پانی کو تو کہ ڈھونڈو فضل اس کے سے اور تو کہ تم

تَشْكُرُونَ ﴿١٢﴾ يُولِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ
شکر کرو ف۳ داخل کرتا ہے رات کو بیچ دن کے اور داخل کرتا ہے دن کو بیچ رات کے

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِي لِأَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ ذٰلِكُمُ
اور مسخر کیا ہے سورج کو اور چاند کو ہر ایک چلتے ہیں وقت مقرر تک یہی ہے

اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۚ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِهٖ مَا يَمْلِكُونَ
اللہ پروردگار تمہارا واسطے اسی کے ہے بادشاہی اور جس کو پکارتے ہو تم سوائے اس کے نہیں مالک ایک چھلکے

مِنْ قِطْمِيرٍ ﴿١٣﴾ إِنْ تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوا
کھجور کی گٹھلی کے ف۴ اگر پکارو تم اُن کو نہ سنیں گے پکارنا تمہارا اور اگر سنیں گے

مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ ۖ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ ۚ وَلَا
نہیں جواب دیں گے تم کو اور دن قیامت کے کفر کریں گے ساتھ شرک تمہارے کے اور نہ

يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ ﴿١٤﴾ ع يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ إِلَى
خبر دیگا تجھ کو مانند حق تعالیٰ خبردار کی ف۵ اے لوگو تم محتاج ہو طرف

ع ۲

ف۱ یعنی عزت اللہ کے ہاتھ ہے تمہارے ذکر اور بھلے کام چڑھتے جاتے ہیں جب اپنی حد کو پہنچیں گے تب بدی پر غلبہ کرینگے کفر دفع ہوگا اسلام کو عزت ہوگی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی ہر کام سچ سچ ہوتا ہے جیسے آدمی بنتا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی کفر اور اسلام برابر نہیں خدا کفر کو مغلوب ہی کرے گا اگرچہ تم کو دونوں سے فائدہ ملے گا مسلمانوں سے قوت دین اور کافروں سے جزیہ خراج گوشت میٹھے کھاری دونوں سے نکلتا ہے یعنی مچھلی اور گہنا یعنی موتی مونگا اور جواہر اکثر کھاری سے اور کبھی میٹھے سے بیر جو فرمایا گہنا جو پہنتے ہو معلوم ہوا جواہر نرا پہننا مردوں کو حرام نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی رات دن کی طرح کبھی کفر غالب ہے کبھی اسلام اور سورج چاند کی طرح ہر چیز کی مدت بندھی دیر سویر نہیں ہوتی پھر اس میں سے اللہ کی وحدانیت نکلی قطمیر کہتے ہیں چھلکے کو جو کھجور کی گٹھلی پر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۵ یعنی اللہ سے زیادہ احوال کون جانے وہی فرماتا ہے کہ یہ شریک غلط ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿١٥﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ
اللہ کی اور اللہ وہی ہے بے احتیاج تعریف کیا گیا اگر چاہے لے جاوے تم کو اور لے آوے

بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿١٦﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿١٧﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ
پیدائش نئی اور نہیں یہ اُوپر اللہ کے مشکل اور نہیں بوجھ اُٹھاتا کوئی

وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ
بوجھ اٹھانیوالا دوسرے کا اور اگر پکارے کوئی جان بوجھ والی طرف بوجھ اپنے کی نہ اٹھایا جاوے گا اس سے

شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۭ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ
کچھ اور اگر ہووے صاحب قرابت سوائے اس کے نہیں کہ ڈراتا ہے ان لوگوں کو جو ڈرتے ہیں پروردگار اپنے سے

بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ۭ
بن دیکھے اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو کوئی ستھرائی کرے پس سوائے اسکے نہیں کہ ستھرائی کرتا ہے واسطے

وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿١٨﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿١٩﴾ وَلَا
جان اپنی کے اور طرف اللہ کی ہے پھر جانا اور نہیں برابر ہوتا اندھا اور دیکھنے والا اور نہ

الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿٢٠﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿٢١﴾ وَمَا يَسْتَوِي
اندھیرا اور نہ روشنی اور نہ سایہ اور نہ دھوپ اور نہیں برابر ہوتے

الْاَحْيَاۗءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ
زندے یعنی عالم اور نہ مردے یعنی جاہل تحقیق اللہ سنا دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور نہ تو

بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿٢٢﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿٢٣﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ
سنانے والا ان شخصوں کو کہ بیچ قبروں کے ہیں نہیں تو مگر ڈرانے والا ف۱ تحقیق ہم نے بھیجا ہے تجھ کو

بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا
ساتھ حق کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور نہیں کوئی اُمت مگر گذرا بیچ اسکے

نَذِيْرٌ ﴿٢٤﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ
ڈرانے والا ف۲ اور اگر جھٹلاویں تجھ کو پس تحقیق جھٹلایا ہے اُن لوگوں نے کہ پہلے اُن سے تھے

جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿٢٥﴾
آئے تھے انکے پاس پیغمبر اُن کے ساتھ دلیلوں کے اور ساتھ چھوٹی کتابوں کے اور کتاب روشن کے

٣ ع ١٢ ١٥ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٢٦﴾ ۧ اَلَمْ تَرَ اَنَّ
پھر پکڑا میں نے ان لوگوں کو کہ کافر ہوئے پس کیونکر ہوا عذاب میرا کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ

ف۱ یعنی سب خلق برابر نہیں جن کو ایمان دینا ہے انہی کو ملے گا تو بہتیری آرزو کرے تو کیا ہوتا ہے اور یہ جو فرمایا نہ اندھیرا نہ اجالا یعنی نہ اندھیرا برابر اجالے کے نہ اجالا برابر اندھیرے کے اور فرمایا تو نہیں سناتا قبر میں پڑوں کو اور حدیث میں ہے کہ مُردوں سے سلام علیک کرو وہ سنتے ہیں اور بہت جگہ مردے کو خطاب کیا ہے اُس کی حقیقت یہ کہ مُردے کی روح سنتی ہے اور قبر میں پڑا ہے دھڑ وہ نہیں سُن سکتا۔ ١٢۔منہ رح

ف۲ ڈرانے والا خواہ نبی ہو خواہ نبی کی راہ پر۔ ١٢۔منہ رح

34

اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا

لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ
واسطے ان کے عذاب ہے سخت اور اگر کشادہ کرتا اللہ رزق واسطے سب بندوں اپنے کے

لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ
البتہ سرکشی کرتے بیچ زمین کے و لیکن اتارتا ہے ساتھ اندازے کے جو کچھ چاہتا ہے تحقیق وہ

بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ
ساتھ بندوں اپنے کے خبردار ہے دیکھنے والا اور وہی ہے جو اتارتا ہے مینہ

ف۱ یعنی قرآن پہنچانے پر نیگ نہیں چاہتا مگر قرابت کی دوستی یعنی میں تمہارا بھائی ہوں ذات کا مجھ سے بدی نہ کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی اللہ اپنے اوپر کیوں جھوٹ بولنے دے دل کو بند کر دے مضمون نہ آوے جس کو باندھے اور چاہے تو کفر کو مٹا دے بن پیغام بھیجے مگر وہ اپنی باتوں سے دین ثابت کرتا ہے اس واسطے نبی پر کلام بھیجتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی نبی پیغام پہنچاتا ہے اور بندوں کو سب معاملت اپنے رب سے ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۸﴾
پیچھے اس کے کہ نا اُمید ہوئے اور پھیلاتا ہے رحمت اپنی اور وہی ہے دوست تعریف کیا گیا

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا
اور نشانیوں اسکی سے ہے پیدا کرنا آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ پھیلایا ہے بیچ اُنکے

مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ وَمَآ
جانوروں سے اور وہ اُوپر اکٹھا کرنے انکے کے جسوقت چاہے گا قادر ہے اور جو کچھ کہ

ع ۳ / ۱۰ / ۴

اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا
پہنچتی ہے تم کو مصیبت سے پس بسبب اسچیز کے ہے کہ کمایا ہاتھوں تمہارے نے اور معاف کرتا ہے

عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۖ وَمَا لَكُمْ
بہت چیزوں سے ف۱ اور نہیں تم عاجز کرنے والے بیچ زمین کے اور نہیں واسطے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ
تمہارے سوائے اللہ کے کوئی دوست اور نہ مدد دینے والا اور نشانیوں اسکی سے کشتیاں ہیں چلنے والیاں

فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ
بیچ دریا کے مانند پہاڑوں کے اگر چاہے تھما رکھے باؤ کو پس ہو جائیں

رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ
تھمیں ہوئیں اوپر پیٹھ اسکی کے تحقیق بیچ اُس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے ہر صبر کرنیوالے

شَكُوْرٍ ﴿۳۳﴾ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۴﴾
شکر کرنیوالے کے یا ہلاک کرے اُن کو بسبب اسکے کہ کمایا ہے اور معاف کرے بہتوں سے

وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾
اور تو کہ جانیں وہ لوگ کہ جھگڑتے ہیں بیچ نشانیوں ہماری کے نہیں واسطے انکے جگہ بھاگنے کی ف۲

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ
پس جو کچھ دیئے گئے ہو تم کسی چیز سے پس فائدہ ہے زندگانی دنیا کا اور جو کچھ نزدیک

اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾
اللہ کے ہے بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے اور اُوپر پروردگار اپنے کے توکل کرتے ہیں

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا
اور وہ لوگ کہ بچتے ہیں بڑے گناہوں سے اور بے حیائیوں سے اور جس وقت کہ

ف۱ یہ خطاب عاقل بالغ لوگوں کو ہے گنہگار ہوں یا نیک مگر نبی نہیں داخل اور لڑکے انکے واسطے کچھ اور ہوگا اور سختی دنیا کی بھی آگئی اور قبر کی اور آخرت کی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جو لوگ ہر چیز اپنی تدبیر سے سمجھتے ہیں اس وقت عاجز ہو جاوینگے ۱۲۔ منہ رح

غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ۳۷ وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا
غصے ہوتے ہیں وہی بخش دیتے ہیں اور وہ لوگ کہ قبول کیا انہوں نے واسطے پروردگار اپنے کے اور قائم رکھتے

الصَّلٰوةَ وَأَمْرُهُمْ شُورٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
ہیں نماز کو اور کام اُن کا مشورت ہے درمیان انکے اور اس چیز سے کہ دی ہے ہم نے اُن کو

يُنْفِقُونَ ۳۸ وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُونَ ۳۹
خرچ کرتے ہیں ف۱ اور واسطے ان لوگوں کے کہ جب پہنچتی ہے انکو چڑھائی وہ بدلا لیتے ہیں ف۲

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ
اور بدلا برائی کا برائی ہے مانند اس کی پس جس شخص نے معاف کیا اور صلح کی پس ثواب اس کا

عَلَى اللّٰهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِينَ ۴۰ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ
اوپر اللہ کے ہے تحقیق وہ نہیں دوست رکھتا ظالموں کو اور البتہ جس نے بدلا لیا پیچھے

ظُلْمِهِ فَأُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيلٍ ۴۱ إِنَّمَا السَّبِيلُ
مظلوم ہونے اپنے کے پس یہ لوگ نہیں اوپر ان کے راہ ملامت کی سوائے اس کے نہیں کہ راہ

عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ
اوپر ان لوگوں کے ہے کہ ظلم کرتے ہیں لوگوں پر اور سرکشی کرتے ہیں بیچ زمین کے نا

الْحَقِّ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۴۲ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ
حق یہ لوگ واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا اور البتہ جس نے صبر کیا اور بخش دیا

إِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۴۳ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهُ ع ۴ ۱۴ ۵
تحقیق یہ ہمت کے کاموں سے ہے اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس نہیں واسطے

مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْ بَعْدِهِ وَتَرَى الظّٰلِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ
اسکے کوئی دوست پیچھے اُس کے اور دیکھے گا تو ظالموں کو جس وقت دیکھیں گے عذاب

يَقُولُونَ هَلْ إِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيلٍ ۴۴ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُونَ
کہیں گے کیا ہے طرف پھر جانے کی راہ اور دیکھے گا تو انکو حاضر کیے جاوینگے

عَلَيْهَا خٰشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُونَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ
اوپر اسکے عاجزی کرتے ہوئے ذلت سے دیکھتے ہوں گے نظر چھپی سے

وَقَالَ الَّذِينَ اٰمَنُوا إِنَّ الْخٰسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا
اور کہیں گے وہ لوگ کہ ایمان لائے تحقیق زیاں پانے والے وہی شخص ہیں کہ ٹوٹا دیا

ف۱ مشورہ سے کام کرنا پسند ہے دین کا ہو یا دنیا کا۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۲ یعنی کافروں سے جہاد کرتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِينَ
جانوں اپنی کو اور لوگوں اپنوں کو دن قیامت کے خبردار ہو تحقیق ظالم
فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ ﴿٤٥﴾ وَمَا كَانَ لَهُم مِّنْ أَوْلِيَاءَ يَنصُرُونَهُم
بیچ عذاب ہمیشہ رہنے والے کے ہیں اور نہیں ہے واسطے انکے کوئی دوست کہ مدد دیوے اُن کو
مِّن دُونِ اللَّهِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن سَبِيلٍ ﴿٤٦﴾
سوائے اللہ کے اور جس کو گمراہ کرے اللہ پس نہیں واسطے اس کے کوئی راہ
اسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ
قبول کرو واسطے رب اپنے کے پہلے اس سے کہ آوے وہ دن اللہ کی طرف سے کہ نہیں
مِنَ اللَّهِ ۚ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَإٍ يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن
اُسکو کوئی پھیرنے والا نہیں واسطے تمہارے جگہ پھر جانے کی اس دن اور نہیں واسطے تمہارے
نَّكِيرٍ ﴿٤٧﴾ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ
انکار پس اگر منہ پھیر لیویں پس نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو اوپر اُنکے نگہبان
إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنسَانَ مِنَّا
نہیں اُوپر تیرے مگر پہنچا دینا اور تحقیق ہم جب چکھاتے ہیں آدمی کو اپنی طرف سے
رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ
رحمت خوش ہو جاتا ہے ساتھ اسکے اور اگر پہنچتی ہے ان کو برائی بسبب اسکے کہ آگے بھیجا ہے
أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَانَ كَفُورٌ ﴿٤٨﴾ لِّلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ
ہاتھوں انکے نے پس تحقیق آدمی ناشکر گذار ہے واسطے اللہ کے ہے بادشاہی آسمانوں کی
وَالْأَرْضِ ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ يَهَبُ لِمَن يَشَاءُ إِنَاثًا
اور زمین کی پیدا کرتا ہے جو کچھ چاہتا ہے دیتا ہے جس کو چاہے بیٹیاں
وَيَهَبُ لِمَن يَشَاءُ الذُّكُورَ ﴿٤٩﴾ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا ۖ
اور دیتا ہے جس کو چاہے بیٹے یا ملا دیتا ہے ان کو بیٹے اور بیٹیاں
وَيَجْعَلُ مَن يَشَاءُ عَقِيمًا ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ﴿٥٠﴾ وَمَا
اور کر دیتا ہے جس کو چاہتا ہے بانجھ تحقیق وہ جاننے والا قادر ہے اور نہیں
كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِن وَرَاءِ
طاقت کسی آدمی کو کہ بات کرے اس سے اللہ مگر جی میں ڈالنے کر یا پیچھے

حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ

پردے کے سے یا بھیجے فرشتہ پیغام لانیوالا پس جی میں ڈال دیوے ساتھ حکم اسکے کے جو کچھ چاہتا ہے تحقیق وہ

عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا

بلند رتبہ حکمت والا ہے ف۱ اور اسی طرح وحی کی ہم نے طرف تیری رُوح کو حکم اپنے سے نہ

كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ

جانتا تھا تو کیا ہے کتاب اور نہ ایمان و لیکن کیا ہم نے اُس کو

نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ

نور ہدایت کرتے ہیں ہم ساتھ اُسکے جس کو چاہتے ہیں بندوں اپنے سے اور تحقیق تو البتہ ہدایت کرتا ہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي

طرف راہ سیدھی کی راہ اللہ کی وہ ہے کہ واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾ ع ۵/۱۰ ۶

آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے خبردار ہو طرف اللہ کی پھیرے جاتے ہیں سب کام

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۸۹ رکوعاتہا ۷

سورۃ زخرف مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — انانوے آیتیں اور سات رکوع ہیں

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا مع ۱۱

حٰم قسم ہے کتاب بیان کرنیوالی کی تحقیق کیا ہے ہم نے اس کو قرآن عربی

لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ

تو کہ تم سمجھو اور تحقیق وہ بیچ لوح محفوظ کے نزدیک ہمارے بلند قدر

حَكِيْمٌ ﴿۴﴾ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا

حکمت بھرا ہے کیا پس ماریں ہم تم سے ذکر کی کروٹ یعنی پھیر لیویں اس واسطے کہ ہو تم قوم

مُّسْرِفِيْنَ ﴿۵﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶﴾ وَمَا

حد سے نکلی ہوئی ف۲ اور کتنے بھیجے ہیں ہم نے نبی بیچ پہلوں کے اور نہ

يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۷﴾ فَاَهْلَكْنَآ

آتا تھا انکے پاس کوئی نبی مگر تھے ساتھ اسکے ٹھٹھا کرتے پس ہلاک کیے ہم نے

اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾ وَلَئِنْ

اشد اُن سے پکڑ میں اور گذر گئی ہے مثال پہلوں کی اور البتہ

ف۱ حضرت موسیٰ سے کلام ہوئے ہیں پردہ کے پیچھے سے۔۱۲۔منہ رح

ف۲ یعنی اس سبب سے کہ تم نہیں مانتے کیا بھیجنا موقوف کریں گے حکم کا۔۱۲۔منہ رح

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ
اگر پوچھے تو اُن سے کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں کو اور زمین کو البتہ کہیں گے پیدا کیا ہے انکو

الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۙ﴿۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ
عزت والے علم والے نے جس نے کیا واسطے تمہارے زمین کو بچھونا اور کیں

لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۚ﴿۱۰﴾ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ
واسطے تمہارے بیچ اسکے راہیں تو کہ تم راہ پاؤ ف۱ اور جس نے اتارا

السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ
آسمان سے پانی ساتھ اندازے کے پس زندہ کیا ہم نے ساتھ اسکے شہر مردے کو اسی طرح

تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَالَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ
نکالے جاؤ گے تم اور جس نے پیدا کیں قسمیں ساری اور کی واسطے تمہارے

مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۙ﴿۱۲﴾ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ
کشتیوں سے اور چارپایوں سے وہ چیز کہ سوار ہوتے ہو تو کہ چڑھ بیٹھو تم اوپر پیٹھوں اسکی کے

ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا
پھر یاد کرو تم نعمت پروردگار اپنے کی جسوقت کہ سوار ہو تم اوپر اسکے اور کہو

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۙ﴿۱۳﴾
پاک ہے وہ شخص جس نے مسخر کیا واسطے ہمارے اسکو اور نہ تھے ہم واسطے اسکے طاقت پانیوالے

وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ۭ
اور تحقیق ہم طرف رب اپنے کی پھر جانیوالے ہیں ف۲ اور مقرر کیا انہوں نے واسطے حق تعالیٰ کے بندوں اسکے سے ایک جزو یعنی اولاد

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ۭ﴿۱۵﴾ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ
تحقیق آدمی البتہ ناشکر گذار ہے ظاہر کیا پکڑیں اللہ تعالیٰ نے اسچیز سے کہ پیدا کی ہیں

بَنٰتٍ وَّاَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا
بیٹیاں اور برگزیدہ کیا تم کو ساتھ بیٹوں کے اور جسوقت خبر دیا جاتا ہے ایک ان کا ساتھ اسچیز کے

ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ
کہ بیان کیا ہے واسطے خدا کے مثال ہو جاتا ہے منہ اس کا کالا اور وہ

كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ
غم سے بھرا ہوا ہوتا ہے کیا جو شخص کہ پالا جاتا ہے بیچ گہنے کے اور وہ بیچ جھگڑے کے

ف۱ یعنی جہاں تک انسان بستے ہیں آپس میں مل سکیں ایک دوسرے تک راہ پاویں۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ف۲ اس سفر سے آخرت کا سفر یاد کرو حضرتؐ سوار ہوتے تو یہی تسبیح کہتے۔ ۱۲۔ منہ رحمہ

ع ۷/۱۵

غَيْرُ مُبِيْنٍ ⑱ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ
ظاہر نہیں ہوتا اور مقرر کیا انہوں نے فرشتوں کو وہ جو بندے اللہ کے ہیں

اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُوْنَ ⑲
عورتیں کیا حاضر ہوئے تھے وقت پیدا ہونے اُنکے کے البتہ لکھی جاوے گی گواہی اُن کی اور سوال کیے جاوینگے ف۱

وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ
اور کہا انہوں نے اگر چاہتا اللہ نہ عبادت کرتے ہم ان کو نہیں ان کو ساتھ اس بات کے

مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ⑳ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا
کچھ علم نہیں وہ مگر اٹکل کرتے ف۲ کیا دی ہے ہم نے اُن کو کتاب

مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ㉑ بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ
پہلے اس سے پس وہ ساتھ اسکے محکم پکڑ رہے ہیں ف۳ بلکہ کہا انہوں نے تحقیق پایا ہم نے

اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ㉒ وَكَذٰلِكَ
باپوں اپنوں کو اُوپر ایک راہ کے اور تحقیق ہم اُوپر نشان قدموں اُنکے کے راہ پانیوالے ہیں اور اسی طرح

مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ
نہیں بھیجے ہم نے پہلے تجھ سے بیچ کسی بستی کے ڈرانے والے مگر کہا تھا

مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ
دولتمندوں انکے نے تحقیق پایا ہم نے باپوں اپنوں کو اُوپر ایک راہ کے اور تحقیق ہم اُوپر نقش قدم اُنکے کے

مُّقْتَدُوْنَ ㉓ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ
پیروی کرنیوالے ہیں کہا پیغمبر انکے نے اگرچہ آیا ہوں میں تمہارے پاس بہت راہ بتانیوالے کے اس چیز سے کہ پایا تم نے

عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ㉔ فَانْتَقَمْنَا
اُوپر اسکے باپوں اپنوں کو کہا انہوں نے تحقیق ہم ساتھ اس چیز کے کہ بھیجے گئے ہو تم کافر ہیں پس بدلا لیا ہم نے

مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ㉕ ع وَاِذْ قَالَ
اُن سے پس دیکھ کیونکر ہوا آخر کام جھٹلانے والوں کا اور جس وقت کہا

النصف ع ۲ ۱۰ ۸

اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ㉖ اِلَّا
ابراہیم نے واسطے باپ اپنے کے اور قوم اپنی کے تحقیق میں بیزار ہوں اس چیز سے کہ عبادت کرتے ہو تم مگر

الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ㉗ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً
اس شخص سے کہ جس نے پیدا کیا مجھ کو پس تحقیق وہ شتاب ہدایت کریگا مجھ کو ف۴ اور کیا اُس کو بات باقی رہنے والی

ف۱ یہ جو فرمایا کہ بندے رحمٰن کے ہیں یعنی بیٹیاں نہیں اور معلوم ہوا کہ فرشتے اگرچہ نہ مرد نہ عورت پر بولی مردانی بولتے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ خبر نہیں یعنی یہ تو سچ ہے کہ بن چاہے خدا کے کوئی چیز نہیں پر اس کا بہتر ہونا نہیں نکلتا اسی نے قوت بھی پیدا کیا اور زہر بھی، زہر کون کھاتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی بہتر ہونا اس طرح ثابت ہوتا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یہاں یہ قصہ اس پر کہا کہ تمہارے پیشوانے باپ کی راہ غلط دیکھ کر چھوڑ دی تم بھی وہی کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

فِي عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ
بیچ اولاد اس کی کے تو کہ وہ پھر آویں بلکہ فائدہ دیا میں نے ان کو اور باپوں اُنکے کو

حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢٩﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمُ
یہاں تک کہ آیا اُن کے پاس حق اور رسول بیان کرنے والا اور جب آیا اُن کے پاس

الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ
حق کہا انھوں نے یہ جادو ہے اور تحقیق ہم ساتھ اس کے کافر ہیں اور کہا انھوں نے کیوں نہ اتارا گیا

هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿٣١﴾ اَهُمْ
یہ قرآن اُوپر ایک مرد بڑے کے ان دونو بستیوں میں سے یعنی مکہ اور طائف ف۱ کیا یہ

يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۭ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ
قسمت کرتے ہیں رحمت پروردگار تیرے کی کو ہم نے بانٹی ہے درمیان انکے معیشت ان کی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ
بیچ زندگانی دنیا کے اور بلند کیا ہم نے بعضے انکے کو اُوپر بعض کے درجوں میں

لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ
تو کہ پکڑیں بعضے ان کے بعضوں کو محکوم اور مہربانی پروردگار تیرے کی بہت بہتر ہے

مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً
اس چیز سے کہ جمع کرتے ہیں ف۲ اور اگر نہ ہوتا یہ خطرہ کہ ہوجاویں سب لوگ اُمت ایک

لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ
البتہ کرتے ہم واسطے ان لوگوں کے کہ کفر کرتے ہیں ساتھ اللہ کے واسطے گھروں انکے کے چھتیں چاندی کی

وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا
اور سیڑھیاں کہ اوپر انکے چڑھتے اور واسطے گھروں اُنکے کے دروازے اور تخت کہ

عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿٣٤﴾ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ
اوپر اُن کے تکیہ کرتے اور سونا دیتے اور نہیں یہ سب مگر فائدہ

۳ ع ۱۰ ۹ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٥﴾ ع وَمَنْ
زندگانی دنیا کا اور آخرت نزدیک پروردگار تیرے کے واسطے پرہیزگاروں کے ہے ف۳ اور جو

يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ
کوئی شب کوری کرے یادِ خدا کی سے مقرر کرتے ہیں واسطے اسکے شیطان پس وہ واسطے اسکے

ف۱ یعنی مکے اور طائف کے کسی سردار پر۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ اللہ نے روزی دینا کی تو ان کی تجویز پر نہیں بانٹی پیغمبری کیونکر دے ان کی تجویز پر۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی کافر کو اللہ نے پیدا کیا تو اس کو آرام دے آخرت میں تو عذاب ہے دنیا ہی میں آرام ملنا مگر ایسا ہو تو سب وہی کفر پکڑ لیں۔ ۱۲۔منہ رح

قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ
ہم نشین ہوتا ہے اور تحقیق وہ البتہ بند کرتے ہیں ان کو راہ سے اور گمان کرتے ہیں
اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِىْ
یہ کہ وہ راہ پانے والے ہیں یہاں تک کہ جب آویگا ہمارے پاس کہے گا اے کاش کہ درمیان میرے
وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ
اور درمیان تیرے دوری ہوتی دو مشرق کی پس بُرا ہم نشین ہے تو ف۱ اور ہرگز نہ نفع کرے گا
الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَفَاَنْتَ
آج جس وقت ظلم کیا تم نے یہ کہ تم بیچ عذاب کے شریک ہو ف۲ کیا پس تو
تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِى الْعُمْىَ وَمَنْ كَانَ فِىْ ضَلٰلٍ
سناتا ہے بہروں کو یا راہ دکھاتا ہے اندھوں کو اور اُن کو جو ہیں بیچ گمراہی
مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ لا
ظاہر کے پس اگر لے جاویں ہم تجھ کو پس تحقیق ہم اُن سے بدلہ لینے والے ہیں
اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِىْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾
یا دکھلادیں ہم تجھ کو وہ جو وعدہ دیتے ہیں ہم انکو پس تحقیق ہم اُوپر اُن کے قادر ہیں
فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِىْٓ اُوْحِىَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ
پس محکم پکڑ اس چیز کو کہ وحی کی گئی ہے طرف تیری تحقیق تو اُوپر راہ
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ
سیدھی کی ہے اور تحقیق یہ ذکر ہے واسطے تیرے اور واسطے قوم تیری کے اور البتہ
تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ
سوال کیے جاؤگے تم اور سوال کر اُن سے کہ بھیجا ہم نے پہلے تجھ سے پیغمبروں ہمارے سے
اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ ع وَلَقَدْ ع ۴ ۱۰
کیا مقرر کیے ہیں ہم نے سوائے اللہ کے معبود اور کہ عبادت کیے جاویں ف۳ اور البتہ تحقیق
اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ
بھیجا ہم نے موسےٰ کو ساتھ نشانیوں اپنی کے طرف فرعون کی اور سرداروں اسکے کے پس کہا
اِنِّىْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ
تحقیق میں بھیجا ہوا ہوں پروردگار عالموں کی طرف سے پس جب آیا انکے پاس ساتھ نشانیوں ہماری کے

ف۱ یعنی دنیا میں شیطان کے مشورے پر چلتا ہے اور وہاں اس کی صحبت سے پچھتادے گا اس طرح کا شیطان کسی کو جن ملتا ہے کسی کو آدمی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی کافر کہیں گے خوب ہوا کہ انہوں نے ہم کو عذاب میں ڈلوایا یہ بھی نہ بچے۔ لیکن اس کو کیا فائدہ اگر دوسرا بھی پکڑا گیا۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی کسی دین میں شرک روا نہیں رکھا۔ اور پوچھ دیکھ یعنی جس وقت ان کی ارواح سے ملاقات ہو یا ان کے احوال کتابوں سے تحقیق کر۔ ۱۲۔ منہ رح

إِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُونَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرِيهِم مِّنْ آيَةٍ إِلَّا هِيَ

ناگہاں وہ اُن سے ہنستے تھے اور نہ دکھاتے تھے ہم انکو کوئی نشانی مگر وہ کہ

أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا ۖ وَأَخَذْنَاهُم بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤٨﴾

بڑی تھی بہن اپنی سے اور پکڑا ہم نے ان کو ساتھ عذاب کے تو کہ وہ پھر آویں

وَقَالُوا يَا أَيُّهَ السَّاحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ

اور کہا انہوں نے اے جادوگر پکار واسطے ہمارے پروردگار اپنے کو ساتھ اس چیز کے کہ مقرر کر رکھی ہے نزدیک تیرے

إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِذَا هُمْ

تحقیق ہم البتہ راہ پر آویں گے پس جب کھول دیا ہم نے اُن سے عذاب ناگہاں وہ

يَنكُثُونَ ﴿٥٠﴾ وَنَادَىٰ فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ

پھر جاتے ہیں عہد سے اور پکارا فرعون نے بیچ قوم اپنی کے کہا اے قوم میری

أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ وَهَٰذِهِ الْأَنْهَارُ تَجْرِي مِن تَحْتِي ۖ

کیا نہیں واسطے میرے ملک مصر کا اور یہ نہریں ہیں چلتی ہیں نیچے میرے سے

أَفَلَا تُبْصِرُونَ ﴿٥١﴾ أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ

کیا پس نہیں دیکھتے تم ف۱ بلکہ میں بہتر ہوں اس شخص سے کہ وہ ذلیل ہے

وَلَا يَكَادُ يُبِينُ ﴿٥٢﴾ فَلَوْلَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ مِّن ذَهَبٍ

اور نہیں نزدیک کہ صاف بیان کرے ف۲ پس کیوں نہ ڈالے گئے اوپر اسکے کنگن سونے کے

أَوْ جَاءَ مَعَهُ الْمَلَائِكَةُ مُقْتَرِنِينَ ﴿٥٣﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهُ

یا آویں ساتھ اسکے فرشتے پرا باندھ کر ف۳ پس سبک کر دیا اُن سے قوم اپنی کو

فَأَطَاعُوهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿٥٤﴾ فَلَمَّا آسَفُونَا

پس کہا مان گئے اُس کا تحقیق وہ تھے قوم فاسق پس جب غصے میں لائے وہ ہم کو

انتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٥٥﴾ فَجَعَلْنَاهُمْ سَلَفًا

بدلہ لیا ہم نے اُن سے پس ڈبو دیا ہم نے ان کو سب کو پس کیا ہم نے ان کو پیشوا

ع ۵ ۱۱ ۱۱ وَمَثَلًا لِّلْآخِرِينَ ﴿٥٦﴾ وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا

اور مثال واسطے پچھلوں کے اور جب بیان کیا گیا بیٹا مریم کا مثال ناگہاں

قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ﴿٥٧﴾ وَقَالُوا أَآلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ ۚ

قوم تیری اس سے تالیاں بجاتے ہیں ف۴ اور کہتے ہیں معبود ہمارے بہتر یا وہ

ف۱ اس گرد و پیش کے ملکوں میں مصر کا حاکم بڑا ہوتا تھا اور نہریں اسی نے بنائی تھیں نیل دریا کا پانی اپنے باغ میں لایا کاٹ کر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ کہا حضرت موسے علیہ السلام کو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ وہ آپ کنگن پہنتا تھا جو امیر کے مکلف اور جس امیر پر مہربان ہوتا سونے کے کنگن پہناتا تھا اور اس کے سامنے فوج کھڑی ہوتی تھی پرا باندھ کر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۴ یعنی قرآن میں ان کا ذکر آوے تو اعتراض کرتے ہیں کہ ان کو بھی خلق پوجتے ہیں انہیں کیوں خوبی سے یاد کرتے ہو اور ہمارے پوجوں کو بُرا کہتے ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾
نہیں بیان کرتے اسکو واسطے تیرے یہ بات مگر جھگڑنے کو بلکہ وہ قوم ہیں جھگڑالو
اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ
نہیں وہ مگر ایک بندہ کہ انعام کیا ہے ہم نے اوپر اسکے اور کیا ہم نے اس کو نمونہ قدرت اپنی کا
اِسْرَآءِيْلَ ؕ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ
واسطے بنی اسرائیل کے اور اگر چاہتے ہم البتہ کرتے ہم تم سے فرشتے کہ بیچ زمین کے
يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ
جانشین ہوتے ف۱ اور تحقیق وہ البتہ علامت قیامت کی ہے پس مت شک لاؤ ساتھ اسکے اور پیروی کرو میری
هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ
یہ ہے راہ سیدھی ف۲ اور نہ بند کرے تم کو شیطان تحقیق وہ واسطے تمہارے
عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ
دشمن ہے ظاہر اور جب آیا عیسے ساتھ دلیلوں ظاہر کے کہا کہ تحقیق
جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ
لایا ہوں میں واسطے تمہارے حکمت اور تو کہ بیان کردوں میں واسطے تمہارے بعضی وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہو تم
فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ
بیچ اسکے پس ڈرو اللہ سے اور کہا مانو میرا تحقیق اللہ وہ ہے پروردگار میرا اور پروردگار تمہارا
فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ
پس عبادت کرو اس کو یہ ہے راہ سیدھی پس اختلاف کیا فرقوں نے
مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾
درمیان اپنے سے پس وائے ہے واسطے ان لوگوں کے کہ ظلم کرتے ہیں عذاب دن درد دینے والے کے سے ف۳
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا
نہیں انتظار کرتے مگر قیامت کا یہ کہ آوے انکے پاس ناگہاں اور وہ نہیں
يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا
سمجھتے ہوں دوست اس دن بعضے اُن کے بعضوں کے دشمن ہونگے مگر
الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ؑ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ ع ۶ ۱۱ ۱۲
پرہیزگار ف۴ اے بندو میرے نہیں ڈر اوپر تمہارے آج کے دن اور نہ تم غمگین ہوگے

ف۱ یعنی عیسےٰ میں آثار فرشتوں کے سے تھے۔ اس سے معبود نہیں ہوتا اگر چاہیں تو تمہاری نسل سے ایسے لوگ پیدا کریں۔ ۱۲۔منہ رح
ف۲ حضرت عیسےٰ کا آنا نشان ہے قیامت کا۔ ۱۲۔منہ رح
ف۳ یہود انکے منکر ہوئے اور نصاریٰ قائل ہوئے پھر نصاریٰ پیچھے کئی فرقے ہوئے کوئی خدا کا بیٹا بتاویں کوئی خدا کو تین جگہ کوئی اور کچھ کہیں۔ ۱۲۔منہ رح
ف۴ اس دن دوست سے دوست بھاگے گا کہ اس کے سبب سے میں نہ پکڑا جاؤں۔ ۱۲۔منہ رح

اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِاٰیٰتِنَا وَ کَانُوۡا مُسۡلِمِیۡنَ ﴿۶۹﴾ اُدۡخُلُوا الۡجَنَّۃَ
جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ نشانیوں ہماری کے اور تھے مسلمان داخل ہو بہشت میں

اَنۡتُمۡ وَ اَزۡوَاجُکُمۡ تُحۡبَرُوۡنَ ﴿۷۰﴾ یُطَافُ عَلَیۡہِمۡ بِصِحَافٍ
تم اور بی بیاں تمہاری کہ بناؤ کردلئے جاؤ گے لیے پھریں گے اُوپر انکے طباق

مِّنۡ ذَہَبٍ وَّ اَکۡوَابٍ ۚ وَ فِیۡہَا مَا تَشۡتَہِیۡہِ الۡاَنۡفُسُ وَ تَلَذُّ
سونے کے اور آبخورے اور بیچ اسکے جو کچھ چاہیں اس کو جی اور لذت پکڑیں

الۡاَعۡیُنُ ۚ وَ اَنۡتُمۡ فِیۡہَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۷۱﴾ وَ تِلۡکَ الۡجَنَّۃُ الَّتِیۡۤ
آنکھیں اور تم بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے ہو اور یہ ہے وہ بہشت جو

اُوۡرِثۡتُمُوۡہَا بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۷۲﴾ لَکُمۡ فِیۡہَا فَاکِہَۃٌ کَثِیۡرَۃٌ
وارث کیے گئے ہو تم اسکے بسبب اسچیز کے کہ تھے تم کرتے واسطے تمہارے بیچ اس کے ہے میوہ بہت

مِّنۡہَا تَاۡکُلُوۡنَ ﴿۷۳﴾ اِنَّ الۡمُجۡرِمِیۡنَ فِیۡ عَذَابِ جَہَنَّمَ
اس میں سے کھاتے ہو تم ف تحقیق گنہگار بیچ عذاب دوزخ کے

خٰلِدُوۡنَ ﴿۷۴﴾ لَا یُفَتَّرُ عَنۡہُمۡ وَ ہُمۡ فِیۡہِ مُبۡلِسُوۡنَ ﴿۷۵﴾ وَ مَا
ہمیش رہنے والے ہیں نہ سست کیا جاویگا اُن سے اور وہ بیچ اس کے ناامید ہیں اور نہیں

ظَلَمۡنٰہُمۡ وَ لٰکِنۡ کَانُوۡا ہُمُ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۷۶﴾ وَ نَادَوۡا یٰمٰلِکُ
ظلم کیا ہم نے انکو و لیکن تھے وہی ظالم اور پکاریں گے کہ اے مالک

لِیَقۡضِ عَلَیۡنَا رَبُّکَ ؕ قَالَ اِنَّکُمۡ مّٰکِثُوۡنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدۡ جِئۡنٰکُمۡ
چاہیے کہ موت ڈالدے اُوپر ہمارے پروردگار تیرا کہے گا وہ مالک تحقیق تم ہمیش رہنے والے ہو ف۲ تحقیق لائے ہیں ہم تمہارے

بِالۡحَقِّ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَکُمۡ لِلۡحَقِّ کٰرِہُوۡنَ ﴿۷۸﴾ اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا
پاس حق و لیکن بہت تمہارے واسطے حق کے ناخوش رکھنے والے ہیں کیا مقرر کیا ہے انہوں نے کچھ کام

فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ﴿۷۹﴾ اَمۡ یَحۡسَبُوۡنَ اَنَّا لَا نَسۡمَعُ سِرَّہُمۡ وَ
پس تحقیق ہم مقرر کرنیوالے ہیں ف۳ کیا گمان کرتے ہیں یہ کہ ہم نہیں سنتے آہستہ بولنا ان کا اور

نَجۡوٰىہُمۡ ؕ بَلٰی وَ رُسُلُنَا لَدَیۡہِمۡ یَکۡتُبُوۡنَ ﴿۸۰﴾ قُلۡ اِنۡ
مشورت کرنا اُنکا یوں نہیں بلکہ اور بھیجے ہوئے ہمارے پاس ان کے لکھتے ہیں ف۴ کہہ اگر

کَانَ لِلرَّحۡمٰنِ وَلَدٌ ٭ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الۡعٰبِدِیۡنَ ﴿۸۱﴾ سُبۡحٰنَ
ہوتی واسطے رحمٰن کے اولاد پس میں پہلا عبادت کرنیوالا ہوں پاکی ہے

ف۱ یعنی چُن چُن کر ۱۲۔منہ رح

ف۲ مالک نام ہے فرشتے کا جو دوزخ کا داروغہ ہے کہتے ہیں ہزار برس چلاویں گے تب وہ ایک جواب دیگا ناامیدی کا فیصل کرچکے، یعنی مار ڈال چکے عذاب کرکر۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ کافروں نے مِل کر مشورہ کیا کہ تمہارے تغافل سے اس نبی کی بات بڑھی اب سے جو اس دین میں آدے اس کے ناتے والے اس کو مار مار کر الٹا پھیرو اور جو شہر میں اوپری آدے اس کو پہلے سنادو کہ اس شخص کے پاس نہ بیٹھے سو اللہ نے ٹھہرایا ان کا خراب کرنا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ ہر آدمی کے ساتھ فرشتے رہتے ہیں ہر کام اس کا لکھتے ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا
پروردگار آسمانوں کے کو اور زمین کے کو پروردگار عرش کے کو اس چیز سے کہ
يَصِفُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى
بیان کرتے ہیں پس چھوڑ دے اُن کو بحث کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ
يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿٨٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ
ملیں اپنے اُس دن سے کہ وعدہ دیئے جاتے ہیں اور وہی ہے جو
فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿٨٤﴾
بیچ آسمانوں کے معبود ہے اور بیچ زمین کے معبود ہے اور وہ حکمت والا ہے جاننے والا
وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
اور بہت برکت والا ہے وہ جو واسطے اسکے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ درمیان انکے ہے
وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٥﴾ وَلَا يَمْلِكُ
اور نزدیک اسکے ہے علم قیامت کا اور طرف اس کی پھیرے جاؤگے اور نہیں اختیار میں رکھتے
الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ
وہ لوگ کہ پکارتے ہیں سوائے اس کے شفاعت کرنا مگر وہ شخص کہ گواہی دے
بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ
ساتھ حق کے اور وہ جانتے ہیں ف اور اگر پوچھے تو ان سے کس نے پیدا کیا اُن کو
لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٨٧﴾ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ
البتہ کہیں گے اللہ نے پس کہاں سے پھیرے جاتے ہیں اور بہت کہا کرتا ہے پیغمبر اے رب میرے تحقیق
هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ وقف لازم
یہ قوم ہیں کہ نہیں ایمان لاتے ف پس منہ پھیر لے اُن سے اور کہہ
سَلٰمٌ ۭ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾ ع ۷ ۲۲ ۱۴
سلامتی مانگتے ہیں (شر تمہارے سے) پس البتہ جان لیویں گے

ف یعنی اتنی سفارش کر سکتے ہیں کہ جس نے کلمۂ اسلام کہا ان کی خبر میں اس کی گواہی دیتے ہیں بغیر کلمۂ اسلام کسی کے حق میں نہیں کہہ سکتے سو اتنی سفارش بھی نیک کریں گے۔ ۱۲۔منہ رح

ف اس کی قسم ہے، یعنی اس پر رحم کرتا ہے ۱۲۔منہ رح

سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ ۴۴ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — آیاتہا ۵۹ رکوعاتہا ۳
سورۂ دخان مکہ میں نازل ہوئی اسمیں شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے انسٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں
مع ۱۲ حٰمٓ ﴿١﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ
حٰمٓ قسم ہے کتاب بیان کرنے والی کی تحقیق اتارا ہم نے اس قرآن کو بیچ رات

مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝٣ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ
برکت والی کے تحقیق ہم ہیں ڈرانے والے ف۱ بیچ اس کے فیصل کیا جاتا ہے ہر کام

حَكِيْمٍ ۝٤ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝٥
حکمت والا ف۲ حکم کر نزدیک ہمارے سے تحقیق ہم ہیں بھیجنے والے ف۳

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝٦ رَبِّ
رحمت کر پروردگار تیرے کی طرف سے تحقیق وہ سننے والا جاننے والا ہے پروردگار

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝٧
آسمانوں اور زمین کی طرف سے اور جو کچھ درمیان انکے ہے اگر ہو تم یقین لانے والے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ
نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے پروردگار تمہارا اور پروردگار باپوں تمہارے

الْاَوَّلِيْنَ ۝٨ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝٩ فَارْتَقِبْ
پہلوں کا بلکہ وہ بیچ شک کے ہیں کھیلتے پس منتظر رہ

يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝١٠ يَّغْشَى النَّاسَ ؕ
اس دن کا کہ لاویگا آسمان دھواں ظاہر ڈھانک لیوے گا لوگوں کو

هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝١١ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا
یہ ہے عذاب درد دینے والا اے پروردگار ہمارے کھولدے ہم سے عذاب تحقیق ہم

مُؤْمِنُوْنَ ۝١٢ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ
مسلمان ہیں کہاں ہے واسطے انکے نصیحت پکڑنا اور تحقیق آیا انکے پاس پیغمبر

مُّبِيْنٌ ۝١٣ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝١٤ اِنَّا
بیان کرنیوالا پھر پھر گئے اس سے اور کہنے لگے سکھلایا ہوا ہے دیوانہ ف۴ تحقیق ہم

كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۝١٥ يَوْمَ نَبْطِشُ
کھولنے والے ہیں عذاب تھوڑا سا تحقیق تم پھر کفر کرنے والے ہو ف۵ جسدن پکڑیں گے ہم

الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝١٦ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ
پکڑنا بڑا تحقیق ہم بدلہ لینے والے ہیں ف۶ اور البتہ تحقیق آزمایا تھا ہم نے پہلے ان سے

قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝١٧ اَنْ اَدُّوْۤا اِلَيَّ
قوم فرعون کی کو اور آیا تھا انکے پاس رسول باکرامت یہ کہ حوالے کردو طرف میری

ف۱ یعنی ہمیشہ دستور رہا ہے رات برکت کی شب قدر ہے۔ جیسے اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ میں فرمایا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۲ جدا ہوتا ہے یعنی لوح محفوظ میں سے جدا کر کر اس کام والوں کو لکھ دیتے ہیں۔ ۱۲۔منہ رح

ف۳ یعنی فرشتوں کو ہر کام پر۔ ۱۲۔منہ رح

ف۴ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے دھوئیں کا مذکور ہے کہ اس وقت سمجھانا کام نہیں آتا۔ قیامت میں یہ دھواں گھیرے گا نیک آدمی کو زکام سا ہوگا اور بد کو سر میں چڑھے گا بیہوش ہوکر گر پڑے گا۔ ۱۲۔منہ رح

ف۵ یعنی عادت یونہی ہے۔ ۱۲۔منہ رح

ف۶ یعنی آخرت کا عذاب نہیں ٹلتا۔ ۱۲۔منہ رح

عِبَادَ اللّٰهِ ۖ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۸﴾ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى
بندوں اللہ کے کو تحقیق میں واسطے تمہارے پیغمبر ہوں امانت والا ف۱ اور یہ کہ نہ سرکشی کرو اوپر

اللّٰهِ ۚ اِنِّیْۤ اٰتِیْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۹﴾ وَاِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ
اللہ کے تحقیق میں لانے والا ہوں تمہارے پاس دلیل ظاہر اور تحقیق میں نے پناہ پکڑی ہے ساتھ پروردگار اپنے

وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾
اور پروردگار تمہارے کے اس سے کہ سنگسار کرو تم مجھ کو ف۲ اور اگر نہیں یقین لاتے ساتھ میرے پس ایک کنارے ہو جاؤ مجھ سے ف۳

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ
پس دعا مانگی رب اپنے سے تحقیق یہ قوم ہیں گنہگار پس لے چل بندوں میرے کو

لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۗ اِنَّهُمْ
رات کو تحقیق تم پیچھا کیے جاؤ گے اور چھوڑ دے دریا کو خشک تحقیق وہ

جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ
لشکر ہیں کہ غرق کیے جاویں گے بہت کچھ چھوڑ گئے باغوں سے اور چشموں سے اور کھیتیوں سے

وَّمَقَامٍ كَرِیْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِیْهَا فٰكِهِیْنَ ﴿۲۷﴾ كَذٰلِكَ
اور مقام پاکیزہ سے اور آرام کی چیز کہ تھے وہ بیچ اسکے عیش کرتے اسی طرح

وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَیْهِمُ السَّمَآءُ وَ
اور وارث کیا ہم نے انکا قوم اور کو ف۴ پس نہ روئے اوپر انکے آسمان اور

الْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِیْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّیْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ
زمین اور نہ ہوئے وہ ڈھیل دیئے گئے ف۵ اور البتہ تحقیق نجات دی ہم نے بنی اسرائیل کو

مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِیْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ عَالِیًا
عذاب رسوا کرنے والے سے فرعون کی طرف سے تحقیق وہ تھا سرکش

مِّنَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى
حد سے نکل جانیوالا اور البتہ تحقیق پسند کر لیا ہے ہم نے انکو اوپر علم کے اوپر

الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَیْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰیٰتِ مَا فِیْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِیْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ
عالموں کے ف۶ اور دی ہم نے ان کو نشانیوں سے وہ چیز کہ تھی بیچ اس کے آزمائش ظاہر ف۷ تحقیق

هٰۤؤُلَآءِ لَیَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِیَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ
یہ کافر البتہ کہتے ہیں نہیں یہ مگر موت ہماری پہلی اور نہیں ہم

ف۱ یعنی بنی اسرائیل کو رخصت کرو۔ ۱۲ منہ رح
ف۲ شاید وہ ڈراتے ہوں گے اس سے۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۳ یعنی اپنی قوم کو لے جاؤں تم راہ نہ روکو۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۴ یعنی بنی اسرائیل کو جیسے سورۂ شعرا میں ہے معلوم ہوتا ہے فرعون کے غرق ہوئے پیچھے بنی اسرائیل کا دخل ہوا مصر میں۔ ۱۲۔ منہ رح
ف۵ حدیث میں فرمایا۔ مسلمان کے مرنے پر روتا ہے دروازہ آسمان کا جس سے اس کی روزی اترتی اور زمین جہاں وہ نماز پڑھتا۔ ۱۲۔ منہ رح
ع ۱ / ۲۹ / ۱۴
ف۶ یعنی اگرچہ ان میں برائیاں بھی معلوم تھیں ۱۲۔ منہ رح
ف۷ یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے۔ ۱۲۔ منہ رح

بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾ اَهُمْ خَيْرٌ
پھر جلائے گئے پس لے آؤ باپوں ہمارے کو اگر ہو تم سچے کیا وہ بہتر ہیں

اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ كَانُوْا
یا قوم تبع کی اور جو لوگ کہ پہلے ان سے تھے ہلاک کیا ہم نے انکو تحقیق وہ تھے

مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا
گنہگار ف۱ اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ درمیان انکے ہے

لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا
کھیلتے ہوئے نہیں پیدا کیا ہم نے انکو ساتھ حق کے و لیکن اکثر اُن کے نہیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ ۙ
جانتے تحقیق دن جُدا کرنے کا وعدہ ہے اُن کا سب کا

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ ۙ
جسدن کہ نہ کفایت کریگا کوئی دوست کسی دوست سے کچھ اور نہ وہ مدد دیئے جاوینگے

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ ع اِنَّ شَجَرَتَ
مگر جس کو رحمت کی اللہ نے تحقیق وہ غالب ہے مہربان تحقیق درخت

الزَّقُّوْمِ ۙ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ ۛ كَالْمُهْلِ ۛ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾
زقوم کا کھانا ہے گنہگار کا مانند تانبے گلے ہوئے کے جوش کرتا ہے بیچ پیٹوں کے

كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ۖ ق
جیسا جوش کرتا ہے گرم پانی پکڑو اس کو پس گھسیٹو اس کو بیچوں بیچ دوزخ کے

ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ؕ ذُقْ ۚ اِنَّكَ
پھر ڈالو اُوپر سر اسکے کے عذاب گرم پانی سے چکھ تو

اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾
تو ہے عزت والا بزرگی والا ف۲ تحقیق یہ ہے وہ چیز کہ تھے تم ساتھ اسکے شک لاتے


اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾ ۙ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ ۚ
تحقیق پرہیزگار بیچ مقام امن والے کے ہیں بیچ بہشتوں کے اور چشموں کے

يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾ ۚ ۙ كَذٰلِكَ
پہنیں گے لاہی اور تافتے سے آمنے سامنے اسی طرح رہیں گے

ف۱ تبع بادشاہ تھا یمن کا سب قوم اسکی بت پرست اس کو یقین آیا توریت پر اپنی قوم کے سامنے آزمایا کہ سچا دین کونسا بڑی آگ لگائی دو حبر یہود کے توریت بغل میں لے کر اس میں گھس گئے نہ جلے دو بُت پرست بُت کو بغل میں لے کر چلے جلنے لگے اُلٹے بھاگے اس کی قوم اس کی دشمن ہوئی آخر خراب ہوئے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۲ / ۱۲ / ۱۵ ثلثہ

ف۲ وہ آپ کو دنیا میں ایسا ہی سمجھتا تھا۔ ۱۲۔ منہ رح



وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ
اور بیاہ دیویں گے ہم انکو ساتھ گوریوں اچھی آنکھوں والیوں کے — منگا لیویں گے — بیچ اسکے — ہر ایک — میوہ — ساتھ

اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى
امن کے — نہیں چکھیں گے — بیچ اس کے — موت — مگر — موت — پہلی

وَوَقٰهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ذٰلِكَ
اور بچایا ان کو — عذاب — آگ کے سے — فضل کر — پروردگار تیرے سے — یہ

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ
ہی ہے — مراد پانا — بڑا — پس سوائے اسکے نہیں کہ آسان کیا ہم نے اسکو اوپر زبان تیری کے — تو کہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع ۱۷/۱۶
نصیحت پکڑیں — پس منتظر رہ — تحقیق وہ بھی — منتظر ہیں

سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتہا ۳۷ رکوعاتہا ۴
سورۂ جاثیہ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — سینتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ
حٰم — اتارنا — کتاب کا — اللہ — غالب — حکمت والے کی طرف سے — تحقیق

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ وَفِيْ خَلْقِكُمْ
بیچ — آسمانوں — اور زمین کے — البتہ نشانیاں ہیں واسطے ایمان والوں کے — اور بیچ پیدائش تمہاری کے

وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ وَاخْتِلَافِ
اور اس چیز سے کہ پھیلاتا ہے جانوروں سے — نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ یقین لاتے ہیں — اور بیچ آنے جانے

الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ
رات کے — اور دن کے — اور اس چیز کے کہ اتارا ہے اللہ نے — آسمان سے — رزق سے

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ
پس زندہ کیا ساتھ اسکے — زمین کو — پیچھے موت اس کی کے — اور بیچ پھیرنے — باؤں کے

اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۵﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ
نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ سمجھتے ہیں — یہ — نشانیاں ہیں — اللہ کی کہ پڑھتے ہیں ہم انکو — اوپر تیرے

بِالْحَقِّ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾
ساتھ حق کے — پس ساتھ کس — بات کے — پیچھے — اللہ کے — اور نشانیوں اسکی کے — ایمان لاویں گے

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ⑦ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ

وائے ہے واسطے ہر جھوٹ باندھنے والے گنہگار کے کہ سنتا ہے نشانیوں اللہ کی کو پڑھی جاتی ہیں اوپر اسکے پھر

يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ⑧

اُستادگی کرتا ہے تکبر کرتا ہوا گویا کہ نہیں سنا ان کو پس خبر دے اسکو ساتھ عذاب درد دینے والے کے

وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ

اور جب جانتا ہے نشانیوں ہماریوں میں سے کوئی چیز پکڑتا ہے اس کو ٹھٹھا یہ لوگ واسطے انکے ہے

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑨ مِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ

عذاب رسوا کرنے والا پیچھے سے ان کے دوزخ ہے اور نہ کفایت کرے گا اُن سے

مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَاۗءَ ۚ

جو کچھ کہ کمایا ہے انہوں نے کچھ اور نہ جن کو پکڑا سوائے خدا کے دوست

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑩ هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ

اور واسطے ان کے عذاب ہے بڑا یہ ہے ہدایت اور جو لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ نشانیوں

رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ⑪ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ

رب اپنے کے واسطے انکے عذاب ہے گاڑھی قسم سے درد دینے والا اللہ وہ شخص ہے جس نے مسخر کیا واسطے تمہارے

الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ

دریا کو تو کہ چلیں کشتیاں بیچ اس کے ساتھ حکم اسکے کے اور تو کہ ڈھونڈو فضل اس کے سے

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑫ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اور تو کہ تم شکر کرو اور مسخر کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ

الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ⑬

زمین کے ہے سارا اپنی طرف سے تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں

قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ

کہہ واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے یہ کہ بخش دیویں واسطے ان لوگوں کے کہ نہیں امید رکھتے دنوں خدا کے کی

لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ⑭ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

تو کہ جزا دے ہر قوم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے کماتے ف۱ جو کوئی کام کرے اچھے

فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ۡ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ⑮

پس واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی برائی کرے پس اوپر اسکے ہے پھر طرف پروردگار اپنے کے پھیرے جاؤ گے

ف۱ معاف کریں یعنی آپ بدلے کا فکر نہ کریں اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیں۔ ۱۲ منہ ح

ع ۱ / ۱۱ / ۱۷

وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ

اور البتہ تحقیق دی ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب اور حکم اور پیغمبری

وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِينَ ﴿١٦﴾

اور رزق دیا ہم نے انکو پاکیزہ چیزوں سے اور بزرگی دی ہم نے انکو اوپر عالموں کے

وَآتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَمَا اخْتَلَفُوٓا إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا

اور دی ہم نے انکو دلیلیں ظاہر بات دین کی سے پس نہ اختلاف کیا انہوں نے مگر پیچھے اسکے کہ

جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ

آیا ان کے پاس علم سرکشی سے درمیان اپنے تحقیق پروردگار تیرا حکم کرے گا درمیان انکے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٧﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ

دن قیامت کے بیچ اس چیز کے کہ تھے بیچ اسکے اختلاف کرتے پھر کیا ہم نے تجھ کو قائم

عَلٰى شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَ الَّذِينَ

اوپر شریعت کے یعنی راہ کشادہ کی امر دین سے پس پیروی کر اسکی راہ کی اور مت پیروی کر خواہشوں ان لوگوں کی جو کہ

لَا يَعْلَمُونَ ﴿١٨﴾ إِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَإِنَّ

نہیں جانتے تحقیق وہ ہرگز نہ کفایت کرینگے تجھ کو اللہ سے کچھ اور تحقیق

الظّٰلِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَآءُ بَعْضٍ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ ﴿١٩﴾

ظالم بعضے ان کے دوست ہیں بعض کے اور اللہ دوست ہے پرہیزگاروں کا

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوقِنُونَ ﴿٢٠﴾

یہ نصیحتیں ہیں واسطے لوگوں کے اور ہدایت اور رحمت واسطے اس قوم کے کہ یقین لاتے ہیں

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ أَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ

کیا گمان کرتے ہیں وہ لوگ کہ کرتے ہیں برائیاں یہ کہ کردیں ہم ان کو مانند اُن لوگوں کی کہ

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ

ایمان لائے اور کام کیے اچھے برابر ہو زندگی اُن کی اور موت اُن کی بُرا ہے

مَا يَحْكُمُونَ ﴿٢١﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ع ۲ ۱۰ ۱۸

جو کچھ حکم کرتے ہیں اور پیدا کیا اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو ساتھ حق کے

وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٢﴾

اور تو کہ جزا دیا جاوے ہر جی ساتھ اس چیز کے کہ کمایا اس نے اور وہ نہ ظلم کیے جاوینگے

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ
کیا پس دیکھا تو نے اس شخص کو کہ پکڑا ہے اُسنے معبود اپنا خواہش اپنی کو اور گمراہ کیا اسکو اللہ نے اُوپر علم کے

وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ
اور مہر رکھی اُوپر کانوں اسکے کے اور دل اسکے کے اور کر دیا اُوپر بینائی اسکی کے پردہ پس کون

يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَقَالُوْا مَا هِىَ اِلَّا
ہدایت کریگا اس کو پیچھے اللہ کے کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے تم اور کہا انہوں نے نہیں زندگانی مگر

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَاۤ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ
زندگانی دنیا کی مرتے ہیں ہم اور جیتے ہیں ہم اور نہیں ہلاک کرتا ہم کو مگر زمانہ

وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِذَا
اور نہیں واسطے ان کے ساتھ اسکے کچھ علم نہیں وہ مگر گمان کرتے ہیں ف۱ اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا
پڑھی جاتی ہیں اُوپر انکے نشانیاں ہماری ظاہر نہیں ہے دلیل ان کی مگر یہ کہ کہتے ہیں

ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ
لے آؤ باپوں ہمارے کو اگر ہو تم سچے کہہ اللہ ہی زندہ کرے گا تم کو

ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ
پھر مارے گا تم کو پھر اکٹھا کریگا تم کو طرف دن قیامت کے نہیں شک

فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ ع وَلِلّٰهِ مُلْكُ
بیچ اسکے و لیکن بہت لوگ نہیں جانتے اور واسطے اللہ کے ہے بادشاہی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ
آسمانوں کی اور زمین کی اور جسدن کہ قائم ہوگی قیامت اس دن زیان پاویں گے

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰۤى
جھوٹے اور دیکھے گا تو ہر ایک امت کو زانو پر گری ہوئی ف۲ ہر اُمت پکاری جاویگی

اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا
طرف اعمالنامے اپنے کے آج جزا دیئے جاؤ گے تم جو کچھ تھے تم کرتے ف۲ یہ ہے کتاب ہماری

يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾
بولتی ہے اوپر تمہارے ساتھ حق کے تحقیق ہم لکھتے تھے جو کچھ تھے تم کرتے

ف۱ یعنی زمانہ نام ہے دہر کا وہ کچھ کام کرنیوالا نہیں مگر کسی اور چیز کو کہتے ہیں جو معلوم نہیں ہوتی اور دنیا میں تصرف اس کا چلتا ہے پھر اللہ ہی کو کیوں نہ کہیں، ایسے معنی پر حدیث میں آیا کہ دہر اللہ ہے اس کو برا نہ کہیے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ زانو پر بیٹھے عاجزی کرنے کو اور دفتر وہی اعمال جو لکھے گئے ہیں ۱۲۔ منہ رح

۳ ع ۵ ۱۹

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ
پس جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس داخل کریگا ان کو رب اُن کا
فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۳۰ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ
بیچ رحمت اپنی کے یہ ہے وہ مراد پانا ظاہر اور جو لوگ کہ کافر ہوئے
اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا
کہا جاویگا کیا پس نہ تھیں آیتیں میری پڑھی جاتیں اوپر تمہارے پس تکبر کیا تم نے اور تھے تم قوم
مُّجْرِمِيْنَ ۳۱ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا
گنہگار اور جب کہا جاتا ہے تحقیق وعدہ اللہ کا سچ ہے اور قیامت نہیں
رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا
شک بیچ اسکے کہتے تھے تم نہیں جانتے ہم کیا ہے قیامت نہیں گمان کرتے ہم مگر
ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ۳۲ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا
گمان تھوڑا اور نہیں ہم یقین لانے والے اور ظاہر ہوئیں واسطے ان کے برائیاں اس چیز کی کہ
عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۳۳ وَقِيْلَ
تھے کرتے اور گھیر لیا ان کو اس چیز نے کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے اور کہا جاویگا
الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ
آج بھول جاوینگے ہم تم کو جیسا بھول گئے تم ملاقات ہماری اس دن کی کو اور جگہ تمہاری
النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۳۴ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ
آگ ہے اور نہیں واسطے تمہارے کوئی مدد دینے والا ف یہ بسبب اسکے ہے کہ پکڑا تھا تم نے
اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا
نشانیوں اللہ کی کو ٹھٹھا اور فریب دیا تم کو زندگانی دنیا کی نے پس آج نہ
يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۳۵ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ
نکالے جاوینگے اس سے اور نہ وہ عذر قبول کیے جاوینگے ف۲ پس واسطے اللہ کے ہے سب تعریف پروردگار
السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۳۶ وَلَهُ الْكِبْرِيَاۗءُ
آسمانوں کا اور پروردگار زمین کا پروردگار عالموں کا اور واسطے اسی کے ہے بزرگی
ع ۱۱ / ۲۰ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۠ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۳۷ ع
بیچ آسمانوں کے اور زمین کے اور وہی ہے غالب حکمت والا

ف بھلادیں گے یعنی تم پر مہربانی نہ کرینگے۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ دنیا کے جینے پر بہکے جانا کہ جیسے ہم دنیا میں مسلمان اور کافر مقابل ہیں وہاں بھی ہمارا یہی زور چلے گا۔ ۱۲۔ منہ رح

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳۵ رُكُوْعَاتُهَا ۴

سورۂ احقاف مکہ میں نازل ہوئی اسمیں — شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے — پینتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

حٰمٓ ۝١ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝٢ مَا

حٰمٓ اتارنا کتاب کا ہے اللہ عزت والے حکمت والے کی طرف سے نہیں

خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ

پیدا کیا ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ درمیان انکے ہے مگر ساتھ حق کے اور وقت

مُّسَمًّى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝٣ قُلْ

مقرر کے اور جو لوگ کہ کافر ہوئے اس چیز سے کہ ڈرائے جاتے ہیں منہ پھیرنے والے ہیں کہہ

اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ

کیا دیکھا تم نے اس چیز کو کہ پکارتے ہو تم سوائے اللہ کے دکھلاؤ مجھ کو کیا پیدا کیا ہے انہوں نے

الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِى السَّمٰوٰتِ ۖ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ

زمین سے یا واسطے انکے ساجھا ہے بیچ آسمانوں کے لے آؤ میرے پاس کتاب پہلے اس سے

اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٤ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ

یا کچھ نقل علم کی سے اگر ہو تم سچے اور کون شخص ہے بہت گمراہ اس شخص

يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

سے کہ پکارتا ہے سوائے اللہ کے اس شخص کو کہ نہ جواب دیگا اس کو قیامت کے دن تک

وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝٥ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا

اور وہ پکارنے ان کے سے غافل ہیں اور جس وقت اکٹھے کیے جاوینگے لوگ ہونگے وہ بت

لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝٦ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ

واسطے انکے دشمن اور ہونگے عبادت انکی کو انکار کرنے والے اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر انکے

اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا

نشانیاں ہماری ظاہر کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے واسطے حق کے جب آیا ان کے پاس یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٧ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۖ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا

جادو ہے ظاہر کیا یہ کہتے ہیں کہ باندھ لیا ہے اسکو کہہ اگر باندھ لیا ہے میں نے اسکو پس نہیں

تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ۖ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۖ

